عالمی خفیہ طاقتوں کے ثمرات
غنڈوں کی حکومت
حصہ دوم
اوراق پبلشرز

عددوں کی حکومت

حصہ دوم

ارشادِ باری

وَاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا

(سورۃ جن آیت ۲۸)

ہم نے ہر شے کو عدد میں شمار کیا ہوا ہے۔

اَحْصٰی کے معنی شمار کرنے اور محفوظ کرنے کے ہیں۔

فہرست مضامین

پہلا باب

دوسرا باب

تیسرا باب

فصل سوم

چوتھا باب

پانچواں باب

حرف اول

۱۹۳۶ء سے رسالہ روحانی دنیا میں متواتر علم اعداد کے متعلق لکھنا شروع کیا۔ تو بہت سے ناظرین اس علم کی صداقت پر انگشت بدنداں رہ گئے۔ بعض صرف نام اور تاریخ پیدائش کے مفروضہ اعداد کے اثرات کے سچ ہونے کی وجہ ہی اس کے معتقد ہو گئے۔ اور بعض نے خود اپنی سابقہ زندگی پر اعداد کا اطلاق کیا اور تجربہ کیا۔ بعض لوگوں نے طرح طرح کے سوالات کرنے شروع کر دیئے۔ مثلاً

(۱) اعداد کے اثرات کی جو تشریح آپ کرتے ہیں۔ یہ آپ نے کہاں سے حاصل کیں (۲) علم الاعداد کی ابتداء کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے۔ کب اور کہاں اس علم کا آغاز ہوا؟ (۳) کیا قانون ممکنات کا اعداد کے مفروضہ اثرات پر اطلاق نہیں ہوتا؟

ان میں سے پہلا سوال میری ذات سے تعلق رکھتا تھا۔ اس سوال کا مقصد مجھ سے ایک طرح کا اقبال بیان کرانا تھا۔ تو اس کے متعلق میں صرف اتنا کہوں گا۔ کہ علم الاعداد کے متعلق میری وضاحتیں کتب قدیم کے مسلسل لاتعداد آدمیوں کے نقشہ اعداد تیار کر کے ان کے نتائج سے حاصل شدہ تجربات پر انحصار رکھتی ہیں۔ علم الاعداد کے گذشتہ زمانہ میں یورپ میں بھی بعض ماہر گزرے ہیں۔ جن کے خیالات کا میں نے مطالعہ کیا ہے۔ کسی بھی علم کے ماہر بایں ہمہ شاید ایک ہی نتیجہ پر پہنچتے ہیں۔ ہر عالم اپنے تجربہ کی بنا پر علیحدہ علیحدہ نتائج اخذ کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ موٹی موٹی باتیں ایسی ہوتی ہیں۔ جو بنیادی طور پر یکساں ہوتی ہیں۔ اب یہ علیحدہ بات ہے کہ مختلف تجربات کے بعد کوئی کسی قسم کی تشریح قبول کرتا ہے۔ اور کوئی کسی قسم کی۔ میں نے مختلف ماہرین کی آراء کو تجربہ کی کسوٹی پر دیکھا ہے۔ اپنے غور و فکر سے حاصل شدہ تجربے اور ماہرین کے مفروضہ میں اگر اختلاف پایا ہے تو مختلف نقشوں کو اثرات مرتب کر کے دیکھ لیا ہے کہ کون سی تشریح صحیح ثابت ہو رہی ہے یا ہوگی۔

دوسرا سوال ہے کہ علم الاعداد کی ابتداء کیسے ہوئی۔ بعض لوگ اس کو فیثا غورث کی تعلیم خیال کرتے ہیں جو اپنے وقت کا مشہور ماہر علم ہندسہ اور سائنسدان ہو گزرا ہے۔ یہ مفروضہ سب سے پہلے اسی نے قائم کیا تھا کہ زمین گول ہے جو دوسرے سیاروں کے ساتھ ایک مرکز کے گرد خلا میں چکر کاٹ رہی ہے۔ اسے علم الاعداد کا پیشرو کہا جائے تو درست ہوگا۔ لیکن وہ علم الاعداد کا بانی نہیں تھا۔ اس سے پیشتر ہندوؤں کے ویدوں میں اس کا ذکر ہے۔ چینیوں کے لٹریچر میں بھی اس علم کا ذکر ہے۔ مصری اس میں بہت قابل تھے۔ فیثا غورث نے اسے یورپ میں رائج کیا عربوں نے اسے تکمیل تک پہنچایا۔

اس دوسرے سوال کے متعلق قابل یقین حد تک جواب دینا مشکل ہے۔ یہ کہنا کہ علم الاعداد کی ابتداء مشرق میں ہوئی مکمل جواب نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ مشرق علم الغیب کے متعلق تمام قسم کی تعلیموں کا مخزن تھا اور ہے بھی۔ مغربی سائنسدان اس وقت بہت حیران ہوتے ہیں۔ جب وہ دیکھتے ہیں کہ زمانہ قدیم کے بہت سے مصری

چینی اور عربی فلاسفروں کے مفروضات بالکل درست تھے۔ اور تو اور اب تو مادہ پرست بھی ان قدیم حقیقتوں کے قائل ہوتے جا رہے ہیں۔ اگرچہ ان کے ذرائع تحقیق بالکل مختلف اور ترقی یافتہ ہیں۔ لیکن وہ پھر مایوس ہوتے ہیں۔ جب وہ دیکھتے ہیں کہ ان کا مفروضہ قدیم فلاسفر صدیوں پیشتر دریافت کر چکے تھے۔

اعداد بطور علامات

دراصل تمام اعداد شروع شروع میں علاماتی معنے رکھتے تھے۔ جو رفتہ رفتہ فراموش ہوتے گئے۔ جیسا کہ آج کل صفر کا عدد ہے۔ اکیلا صفر آج کوئی بھی معنی نہیں رکھتا۔ لیکن درحقیقت ہر ایک عدد ایک خاص امر کی علامت تھا۔ صفر ابتدائی دور میں خدائی علامت سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے کہ یہ سب کچھ ہے۔ نہ اس کا آغاز ہے نہ انجام۔ ان اعداد کا وہ ابتدائی اور روحانی مفہوم رفتہ رفتہ فراموش ہوتا گیا۔ اور دنیاوی استعمال میں ہی اعداد زور پکڑتے گئے۔ درحقیقت اعداد کو مادی چیزوں پر استعمال کرنے کے ہم اس قدر عادی ہو چکے ہیں۔ کہ ان کے اصل معانی ہمیں قدیم فلسفہ کے وہم و خیال معلوم ہوتے ہیں۔ یہ بات ہم بالکل بھول جاتے ہیں کہ جو کچھ اعداد کے متعلق ہم جانتے ہیں وہ انہیں قدیم فلاسفروں سے سیکھا گیا ہے۔ اور انہوں نے ہی ان کا استعمال کرنا سکھایا ہے۔

فیثا غورث نے بہت سارے اعداد کو علیحدہ علیحدہ طور پر اس قسم کے ماحول سے منسوب کیا ہے۔ جو انہیں ایک دوسرے کے متضاد بنا دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر نمبر ۲ کو اس نے بے ترتیبی۔ گڑبڑ اور تخریبی عدد بیان کیا ہے۔ ۵ کے بارے میں اس نے کہا کہ یہ سب کچھ ہے۔ ۷ کے عدد کے متعلق اس نے کہا ہے کہ یہ عدد نہایت مقدس ہے۔ بھلائی اور برائی دونوں لحاظ سے شدید ہے۔ وغیرہ وغیرہ

اس قسم کی وضاحت میں ہمیں سب سے پہلے اُن روایات کی جھلک نظر آتی ہے۔ جو علیحدہ علیحدہ طور پر ان نمبروں سے وابستہ ہیں۔ فیثا غورث نمبر ۲ کو بے ترتیبی اور گڑبڑ کی علامت سمجھتا ہے۔ لیکن ہم اسے انعکاس اور غور و خوض سے منسوب کرتے ہیں۔ یعنی ایسا عدد جو اپنے گرد و پیش کے حالات اور واقعات کے رنگ میں رنگا ہوا ہو۔ جس آدمی کا عدد ۲ ہو۔ اس کے بارے میں ہم یہ کہتے ہیں کہ وہ اتنی جلدی اپنے ماحول سے متاثر ہو جاتا ہے کہ اس پر مبیح الدماغی کے فقدان کا احتمال ہو سکتا ہے۔ اس کی زندگی اجتماع متدین بن جاتی ہے۔ ۵ کے بارے میں فیثا غورث لکھتا ہے کہ یہ ہر چیز ہے۔ لیکن آج یہ بوقلموں اور تجربات کا مظہر خیال کیا جاتا ہے۔ اور اسے سیمابی عدد کہتے ہیں۔ جو زندگی کے ہر پہلو کا اظہار کرتا ہے البتہ ۷ کا عدد آج بھی طلسماتی اور مقدس خیال کیا جاتا ہے۔ اس کی قدریں نہیں بدلیں۔ اس میں ستارہ زحل کی خاصیت کا دخل ہے۔ اکثر ماہرین علم اعداد و نجوم اس سے متفق ہیں کہ یہ عدد بھلائی یا برائی دونوں لحاظ سے شدید ہے۔

زمانہ بدلتا گیا۔ زمانہ حال کا انسان اعداد کو مختلف خصوصیات کا مظہر تسلیم کرنے سے انکاری ہے۔ ان اعداد کے متعلق قدیم روایات خوش قسمتی سے مفقود نہیں ہو سکیں اور بعد کی تحقیق نے ان ڈھانچوں کو موجودہ اشکال میں ڈھال دیا۔

اب رہا تیسری قسم کا اعتراض کہ کیا قانونِ ممکنات کا اطلاق اعداد کے مفروضہ تاثرات پر نہیں ہوتا؟ تو سنیئے

ایک آدمی کہتا ہے کہ ۲۳ کا عدد اس کے لئے مسعد ثابت ہوا ہے۔ وہ اپنی سابقہ زندگی پر نظر دوڑاتا ہے۔ تو وہ دیکھتا ہے کہ ۲۳ سال کی عمر میں اس کی شادی ہوئی۔ ۲۳ تاریخ کو اس کے ہاں پہلا بچہ پیدا ہوا۔ جس سال کا مجموعہ اعداد ۲۳ ہو اس میں بہت خوش قسمت رہا۔ کیا اس قسم کی تمام باتیں مفروضہ ہیں؟ کیا یہ محض اتفاق ہے۔ کہ ڈکٹیٹروں کا عدد ۲ ہی ہے۔ جیسا کہ ہٹلر، مسولینی، جنرل فرانکو، نپولین کا عدد ۲ ہے۔ ذرا سوچئے خاص خاص اعداد خاص جگہوں میں کیوں بار بار آشکار ہوتے ہیں۔ اور کیوں ان سے وابسطہ واقعات کے نتائج یکسانیت لئے ہوئے ہوتے ہیں۔

مزید ثبوت کے لئے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے ان اعداد کا ذکر کرتا ہوں جو تاریخی شہادتیں ہیں۔ ان کا مطالعہ کر کے خود ہی سوچئے۔ کہ خاص اعداد کا بار بار اعادہ کیوں ہوتا ہے؟ اور کیا ان شہادتوں کی بنا پر اسے مفروضہ قرار دے سکتے ہیں؟

حضورؐ پاک کے دادا کا انتقال بوقت عمر ۸ سال ۲ ماہ ۱۰ دن

سفر شام ——— بوقت عمر ۱۲ سال ۲ ماہ ۱۰ دن

حضرت خدیجتہ الکبریٰ سے نکاح بوقت عمر ۲۵ سال ۲ ماہ ۱۰ دن

پہلی جنگ غزوہ ودان کی ضرورت بعد از ہجرت ایک سال ۲ ماہ ۱۰ دن

وفات آنحضرت صلعم بعد از ہجرت ۱۰ سال ۲ ماہ

اب نو کے عدد کو ملاحظہ کریں۔

اکیاون برس ۹ ماہ کی عمر میں معراج ہوا۔

ہجرت کے ۹ ماہ ۱۰ دن بعد حضرت عائشہ رسولؐ کے گھر میں آئیں۔ حالانکہ نکاح عرصہ سے ہو چکا ہوا تھا۔

ہجرت کے ۹ ماہ میں غزوہ بدر ہوا۔

ہجرت کے ۲ سال ۹ ماہ ۱۰ دن بعد غزوہ بنی النضیر ہوا۔

ہجرت کے ۶ سال ۹ ماہ بعد آپ نے عمرہ قضا ادا کیا۔

ہجرت کے ۶ سال ۹ ماہ بعد مکہ معظمہ فتح ہوا۔

اور دیکھئے! حضورؐ کی پیدائش کا دن پیر۔ ہجرت کا دن پیر اور وفات کا دن پیر تھا۔ حضورؐ کے اسم مبارک محمدؐ کے عدد مفرد ۲ ہیں۔ مکہ جائے پیدائش کے عدد ۲ ہیں۔ کیا یہ سب محض اتفاق ہے؟ یا قدرت کے کسی حسابی نظام کے تحت تھا؟ ہم بجائے خود اس امر واقعہ پر روشنی ڈالنے سے قاصر ہیں۔ اگر ان باتوں کی وجوہات جاننے کی استطاعت ہم میں ہوتی۔ تو کائنات کے وسیع علم میں ہماری معلومات بہت وسیع ہوتیں۔ ایک سائنسدان کا قول ہے کہ کرہ ارض ایک عظیم ریاضی دان کا شاہکار ہے اور ریاضی کی شکل میں اپنے آپ کا اظہار کر رہا ہے۔ اس لئے تاوقتیکہ ہمارے پاس بہتر ثبوت فراہم ہو سکیں۔ سوال کرنے والے اصحاب سے گزارش کروں گا۔ وہ اس امر پر یقین کریں کہ علم الاعداد سائنس نہیں۔ بلکہ حقیقی سائنس ہے۔ آزمائش اس کی بہترین کسوٹی ہے۔ ہزار ہا سال کا پرانا علم ہے۔ ہماری معلومات علم الاعداد کے بارے میں بہت کم ہیں۔ لیکن ہماری معلومات کے نقائص کی وجہ سے علم الاعداد کی صداقت پر

نہیں کیا جا سکتا۔ یہ علم پیش گوئی کے ایسے طریقے بیان کرتا ہے۔ جو بھروسہ کئے جانے کے قابل ہیں اور انجام کار درست ثابت ہوتے ہیں۔ تجربہ کے لئے آئندہ کے باب حاضر ہیں۔

ہمارا فرض ہے کہ اس علم کی تحقیقات اور رازہائے سربستہ کے انکشاف کے لئے اپنے دل و دماغ کو وقف کر دیں۔ جوں جوں اس علم کے بارے میں سوچا جاتا ہے۔ اور تجربے کئے جاتے ہیں تو بعض نئے حقائق کا انکشاف ہوتا ہے۔ آپ ایک علیحدہ نوٹ بک رکھیں۔ اپنے متعلق اور اپنے حلقۂ واقفیت کے لوگوں کے متعلق بہتر واقفیت حاصل کر کے نوٹ کریں اور آنے والے ابواب کی مختلف معلومات سے کام لیتے ہوئے تجربات کریں۔

کاش البرنی

پہلا باب

آپ کے نمبر کیا بتاتے ہیں

اگرچہ ہم یقین کریں یا نہ کریں۔ ہماری زندگی پر خاص نمبر بہت اثر رکھتے ہیں۔ یہ نمبر ہماری زندگی کے نشیب و فراز اور مستقبل پر نمایاں روشنی ڈالتے ہیں۔

دراصل انسانی حالات پر نمبر عجیب قابو رکھتے ہیں۔ یہ نمبر غائبانہ طور پر اس طرح اثر انداز ہوتے ہیں جس طرح ریڈیو اسٹیشن سے ارد گرد کے مقامات پر ان دیکھی لہریں بکھر جاتی ہیں۔ اور چونکہ ہماری زندگی حوادث کا مجموعہ ہے۔ لہذا اچھائی اور برائی کے لئے نمبروں کا مطالعہ اہم ہے۔

چنانچہ خاص نمبر وہ ہیں۔ جن کا ہم سے بالواسطہ تعلق ہے اور جو ہمارے نام اور تاریخ پیدائش کے نمبر ہیں۔ ان نمبروں کا ہمارے کام۔ پیشہ اور ہماری حرکات کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

نام کا نمبر

ایک اور ۹ کے درمیان جو نمبر ہوتے ہیں۔ وہ بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان کے خاص معنی ہوتے ہیں۔ اور ان کا ہم پہ خاص قابو ہوتا ہے۔

حروفِ ابجد خاص خاص نمبروں کے حامل ہوتے ہیں۔ ان نمبروں کو شمار کر کے ہم اپنی زندگی تجارت، اور شغل کے متعلق رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اور پیش گوئی بھی کر سکتے ہیں۔ اس طرح ہر قسم کے عدد سے مشورہ لے کر زندگی کی کامیابیوں کو حاصل کر سکتے ہیں۔

اردو ابجد کا ذکر تفصیل سے حصہ اول میں کیا گیا ہے۔ تاہم حوالہ کے لئے دوبارہ درج کی جاتی ہے۔

ا۔ ی۔ ق، غ ———— ۱

ب۔ پ۔ ک۔ گ۔ ر۔ ڑ ———— ۲

ج۔ چ۔ ل۔ ش ———— ۳

د۔ ڈ۔ م۔ ت ———— ۴

ہ۔ ن۔ ث ———— ۵

و۔ س۔ خ ———— ۶

ز۔ ع۔ ذ ———— ۷

ح۔ ف۔ ض ———— ۸

ط۔ ص۔ ظ ———— ۹

اس علم میں کوئی بھی نمبر ۹ سے زیادہ نہ بڑھے گا۔ اگر زیادہ ہو تو ہم اسے مفرد کریں گے۔ مثلاً محمد جعفر کے اعداد نکالیں۔ محمد کے ۲۰ اور جعفر کے ۲۰ ہوں گے۔ کل ۴۰ ہو گئے۔ ۴۰ کا مفرد ۰+۴=۴ ہوا۔ بس محمد جعفر کا عدد ۴ ہے۔

انگریزی نام رکھنے والوں کی ابجد ذیل میں درج کی جاتی ہے۔ حصہ اول میں جو ابجد دی گئی تھی اس سے اس جدول کے اعداد مختلف ہیں۔ اس کتاب میں یہی ابجد کام دے گی۔

A—1	F—5	K—3	P—7	U—5	Z—6
B—3	G—8	L—2	Q—4	V—3	
C—4	H—9	M—1	R—6	W—7	
D—4	I—7	N—5	S—9	X—1	
E—2	J—6	O—8	T—2	Y—8	

خاص قسم کے نمبروں کی تشریح حصہ اول میں کر دی گئی ہے کہ وہ کیا اور کیسے کام آتے ہیں۔ اب ان کی تفصیل علیحدہ علیحدہ دی جائے گی۔

یاد رکھیں کہ وہ افراد جن کے نام اردو، عربی، فارسی ترکیب سے رکھے جاتے ہیں۔ ان کو انگریزی حروف تہجی کام نہ دیں گے۔ اس طرح جن لوگوں کے نام مذہباً یا ملاقاتی تعلقات کی وجہ سے انگریزی زبان کے رکھے جاتے ہیں ان کو اردو حروف تہجی کے اعداد کام نہ دیں گے۔ البتہ نمبروں کی خاصیت تبدیل نہ ہو گی۔

نام کیا ہے؟

نام خاص خصوصیت کا حامل ہوتا ہے۔ اس سے کسی کی شخصیت کا علم ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ "گلاب" کا نام لیں تو ہمارے ذہن میں اس کی خوبصورتی اور خوشبو کا خاص تصور آ جاتا ہے۔ اسی طرح ہمارے نام ان اندرونی خوبیوں کے آئینہ دار ہوتے ہیں، جو آئندہ زندگی میں اپنے اپنے وقت اور مواقع پر ظاہر ہوتی رہتی ہیں۔ حقیقتاً ہماری شخصیت کی اچھائیاں، برائیاں اور نیکیاں نام کے اندر چھپی ہوئی ہوتی ہیں اور یہی نام ہماری زندگی پر اثر انداز ہوتا رہتا ہے۔ جو خاص نمبروں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ یہ عدد جو زندگی کے ساتھ وابستہ ہو چکا ہے۔ دوستی، دشمنی، کامیابی، ناکامی، شادی محبت۔ فتح و جیت پر پوشیدہ طور پر اثر انداز ہوتا ہے۔

آپ اپنے نام کے اعداد لیں۔ ان کا مفرد نمبر لیں تو وہ عدد معلوم ہو گا۔ جو زندگی پر حاوی ہے۔ پھر اس نمبر کی خصوصیات کا مطالعہ کریں۔ تو آپ کو اپنے اندر ایک اور چھپا ہوا انسان نظر آئے گا۔ یعنی ان پوشیدہ خوبیوں اور خصوصیات کا علم ہو گا۔

جن پر کبھی توجہ نہیں دی۔ اور اُن کمزوریوں کا علم ہوگا۔ جن کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خوبیاں اجاگر نہیں ہوتیں اور کمزوریاں جڑ پکڑتی جاتی ہیں۔ اور جب ان پوشیدہ امور کا پتہ چلتا ہے تو درحقیقت مقصدِ حیات ہاتھ آجاتا ہے۔ کہ ہم کیا ہیں۔ اور ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟

آپ کا نام وہی شمار ہوگا۔ جس سے آپ عام طور پر پکارے جاتے ہیں۔ اس سے آپ کی زندگی کا چکر معلوم ہوگا۔ اگر آپ تخلص سے مشہور ہیں اور خاص و عام حتیٰ کہ شادی بیاہ میں بھی نام استعمال کیا گیا ہے۔ تو وہی آپ کی زندگی کا دور معلوم کرنے کے لئے کام دے گا۔

اس کا یہ مطلب بھی لیا جاسکتا ہے کہ اگر آپ کی فطرت کے مطابق آپ کا نام نہیں تو اسے بدل بھی سکتے ہیں یا اسی نام میں مناسب تبدیلی کر کے موافق نمبروں میں اسے بدل سکتے ہیں۔ بچے کا نام رکھتے وقت یا بڑے ہو کر نام تبدیل کرتے وقت یا نام کے ساتھ کوئی اسم شامل کرتے وقت یا تخلص اختیار کرتے وقت سوچ بچار سے کام لینا چاہیئے۔ اگر کچھ دقت محسوس ہو تو پھر اس کتاب سے مدد لیں۔

اب ہم ترتیب وار عددوں کی مقناطیسی قوت کا تذکرہ کرتے ہیں۔ نام کے اعداد۔ حروف۔ تخلص اور نمبروں کی مخصوص فطرت سے کام لینے کے مختلف انداز بیان کئے گئے ہیں۔ ان سے ان پوشیدہ حقائق کا علم ہوگا۔ جو زندگی بنانے میں مددگار ہوں گے۔

شخصیت کا نمبر

شخصیت کا نمبر معلوم کرنے کے لئے وہ نام جس سے آپ کو آپ کے دوست رشتہ دار یا واقف کار پکارتے ہیں۔ استعمال کرنا پڑے گا۔ مثلاً اگر آپ کا نام "اقبال" ہے۔ لیکن آپ کے دوست یا رشتہ دار عموماً بالی کے نام سے پکارتے ہیں۔ تو آپ اپنی شخصیت کا نمبر بالی کے اعداد میں پائیں گے۔ نہ کہ اقبال میں۔ بالی نام آپ کی ملاقاتوں پر بے روک ٹوک اثر کرتا ہے۔ یہ آپ کے ایک رسوخ کا اعتبار ہے۔ یہ نمبر ان لوگوں کے متعلق تعلقات کا اظہار کرے گا۔ جو محبت دوستی یا رشتہ داری سے آپ کے ساتھ وابستہ ہیں۔ آیئے ہم بتائیں کہ شخصیت نمبر کس طرح معلوم کیا جاتا ہے۔

حروفِ تہجی کے نقشہ کو دیکھتے ہوئے آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ "ب" کے ۲ عدد ہیں۔ الف کا ایک ل کے ۳ اور ی کا ایک۔ کل نمبر سات حاصل ہوئے۔ یہ نمبر بالی کا شخصیت نمبر ہے۔

اب اقبال کے نام کے اعداد نکالیں۔ ا۔ ق۔ ب۔ ا۔ ل

۱-۱-۲-۱-۳ = مجموعہ ۸ ہوا۔

یہ اقبال کا ذاتی نمبر ہے۔

اقبال کی صورت میں نمبر ۸ یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ اپنی مجلسی زندگی میں لگاتار رہیگا۔ یہ ایک مستقل حالات کو ظاہر کرنے والا نمبر ہے۔

شخصیت نمبروں کی تفصیل اور خاصیت معلوم کرنے سے پتہ لگے گا کہ بالی اور اقبال کے علیٰحدہ علیٰحدہ اعداد کس

قسم کا اثر ان کے نام پر رکھتے ہیں۔ عین ممکن ہے کہ ان کی شخصیت کا نمبر ان کے ذاتی نمبر میں پوری طرح مناسب ہی رکھتا ہو۔

ایک اور بات نوٹ کرلیں۔ مثلاً ایک شخص کا نمبر ۲ ہے۔ یہ نمبر فتح کی روشن اور متحرک سوچ بچار کی بات ہے۔ زندہ دلی اور اعلیٰ اسپرٹ کے حق میں نہیں ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ بالی ایک ملنسار پارٹیوں کا شائق اور ناچ گانے یعنی خوش دلی کا دلدادہ ہو اس صورت میں اس کے لئے عقلمندی ہوگی کہ وہ اپنے نام کے ہجے بدل ڈالے اور اگر ممکن ہو تو از سر نو نیا نام رکھ لے۔ جو اس کی پسند اور ناپسند پر انحصار رکھتا ہو۔ مثلاً نذیرہ بیگم نام کی لڑکی کا نمبر ۲ ہے۔ اگر یہ نام اعلیٰ اسپرٹ کے حق میں نہیں۔ وہ ہجے بدل دے، اپنے نام میں ذکی بجائے ذ تبدیل کرے۔ یا نام تبدیل کر کے نظیر النساء رکھ لے۔ اس طرح وہ اپنے ذاتی نمبر میں ۲ کا نمبر اختیار کر سکتی ہے۔ جو ہمراز اور ہمدم، ہم نشینی کا ہے۔ اور اس نوجوان کی توجہ جس کو وہ اپنا دل دے چکی ہو۔ مبذول کرنے اور فتح پانے کے لئے بہت سرعت سے مدد کرے گا۔ کسی طرح بھی نمبر ۲ چاہنے والوں کو دور پھینکنے پر مائل نہ ہوگا۔ جس طرح کہ ۹ عدد کی خاصیت ہے۔

اسی طرح اگر کسی کا نام علم دین ہے جس کے عدد ۶ ہیں۔ ۶ عدد اگر اس کے موافق نہیں تو ہجے میں تبدیلی کرے۔ علم الدین لکھ سکتا ہے۔ اس طرح اس کا نمبر ایک ہو جائے گا۔ یا موافق عدد حاصل کرنے کے لئے نام بھی بدل سکتا ہے۔ اب ہم اعداد کی شخصی اور ذاتی خاصیتوں کا اظہار کرتے ہیں۔

شخصیت نمبر کے اعداد کی خاصیتیں

نمبر ۱: یہ نمبر نہایت اچھے مجلسی آداب رکھنے پر دلالت کرتا ہے۔ اس نمبر کا حامل نہایت نرم دل شائستہ اطوار ہوگا۔ اور اس کے دوست اسے قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ اس شخص کے دوست اس کے دلدادہ ہوں گے۔ اور اس کے دشمنوں کے دل میں جذبہ انتقام بہت کم ہوگا۔ اس کے دوستوں کا حلقہ بہت وسیع ہوگا محبت کے سلسلے میں یہ شخص بہت کامیاب رہے گا اور اس کا محبوب اس سے شدید طور پر محبت کرے گا۔

نمبر ۲: یہ نمبر نہایت رومانی شخصیت پر دلالت کرتا ہے۔ اگر یہ اس شخص میں کوئی اور صفت نہ ہو تو اپنی عادتِ گفتار اور حرکات سے دوستوں کو مسخر کرے گا۔ اس طرح اس کے دوست بہت پیدا ہو جائیں گے۔ ممکن ہے کہ ایسے آدمی میں چند ایک نقائص بھی ہوں۔ لیکن اس کی صفات اور طریقے سب پر غالب رہیں گے اور باوجود کسی نقص ظاہر ہونے کے بھی دوست اس کی طرف کھنچتے چلے آئیں گے۔ اس کی زندگی ہر لحاظ سے کامیاب رہے گی۔

نمبر ۳: یہ نمبر خوشی اور مسرت کا حامل ہے۔ یہ شخص نہایت سخی طبیعت کا ہوگا۔ اور ہمیشہ خوش رہنے کا عادی ہوگا۔ ایسے لوگ غم کو اپنے قریب نہ آنے دیں گے۔ بلکہ اپنی ہنسی اور مزاح سے دوسروں کے غم بھی غلط کر دیں گے اور بڑے سے بڑے غم کو بھی قہقہوں میں اڑا دیں گے۔ ان کے مزاج میں شرمیلا پن ہوگا اور اپنے شرمیلے ہونے کی وجہ سے اور لوگوں میں خلط ملط ہونے کی کوشش نہ کریں گے تو لوگ اپنے آپ ان کی طرف راغب ہوں گے۔ اور وہ

لوگ جوان کی دوستی کے حلقے سے باہر ہوں گے۔ وہ بھی ان کے مداح ہوں گے محبت کے معاملے میں یہ شخص نہایت کامیاب رہیں گے اور ان کا محبوب نہایت خوش رہے گا۔

نمبر ۴: اس نمبر کے حامل سوسائٹی میں زیادہ مقبول نہیں ہوں گے۔ کیونکہ ان کا مقولہ یہ ہوگا۔ دوستی سے مقدم کاروبار ہے۔ یہ آدمی ہمیشہ اپنے کاروبار کو دوستی پر ترجیح دیں گے۔ اور بہت سے اچھے دوستوں کو محض اس لئے خیرباد کہہ دیں گے کہ ان کے ملنے سے اس کے کاروبار میں خلل اندازی ہوتی ہے۔ اور ان کا وقت ضائع ہوتا ہے۔ یہ آدمی سوتے جاگتے اپنے کام کے متعلق ہی سوچتے رہیں گے۔ چنانچہ وہ آدمی جو فطرتاً شرمیلی طبع کا ہے۔ اس کے لئے یہ نمبر قطعی طور پر موزوں اور مددگار نہیں ہے۔ محبت کے معاملے میں اس کا انتخاب بالکل غلط ہوگا۔ اور انجام بالکل غیر متوقع اس سلسلہ میں یہ آدمی سخت طبیعت کا مالک ہوگا۔

نمبر ۵: یہ نمبر ذاتی جاذبیت کا حامل ہے اور فطری طور پر خوشی و مسرت کا۔ جو سائٹی میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ چنانچہ نمبر ۵ کے اثر سے بہت سے دوست پیدا ہو جائیں گے اور آسانی سے دل فتح کئے جا سکتے ہیں۔ لیکن نمبر ۵ کی ظاہراً طور پر یہ حالت ہوگی اور اندرونی طور پر مطالعہ کیا جائے تو نمبر ۵ شریر فطرت کا آدمی ہوگا ان کی گرم جوشی جو پہلی بار ملنے سے دل میں گھر کرے گی۔ وہ دیرپا نہ ہوگی اور تھوڑی دیر کے بعد جو انجام ہوگا۔ وہ شکستہ دلوں کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

نمبر ۶: یہ نمبر وفاداری اور انکساری کا ہے۔ اس نمبر کا حامل نہایت نرم اور مددگار دل کا مالک ہوگا۔ جو کسی چھوٹے آدمی کے خودساختہ افسانے پر بھی پگھل کر موم ہو جائے۔ یہ دوسروں کی مدد کرنے کے لئے اپنی ہمت سے باہر ہو جائے گا اس کی محبت بے لوث، جذبات سادہ، اور محسوسات قطعی طور پر شریفانہ ہوں گے۔ اس کی زندگی دینے لئے نہیں بلکہ دوسروں کے وقف ہوگی۔

نمبر ۷: یہ نمبر زیادہ سماجی زندگی کا حامل نہیں۔ یہ نمبر زیادہ ان کے موافق ثابت ہوگا۔ جو طبعاً خاموش ہوں یا زیادہ اپنی سوسائٹی ہی میں رہیں اور جو اپنی لگن میں مست رہیں۔ اگرچہ اس نمبر میں یہ اہلیت نہیں کہ یہ نئے دوست بنانے میں مدد دے سکے۔ تاہم یہ چند اُن دوستوں کا دیر تک وفادار رہے گا۔ جن سے اسے انتہائی عقیدت ہے۔ اس کے دوست کم ہوں گے۔ لیکن دیرپا۔ اس نمبر کا حامل چالبازیوں سے قطعی طور پر دور ہوگا۔ یہ عجز و نیاز کو اپنا شیوہ سمجھے گا۔ چاہے اسے کتنی بڑی قیمت دینا پڑے۔

نمبر ۸: نمبر ۷ کی طرح یہ نمبر بھی زیادہ چالاکی پر دلالت نہیں کرتا۔ لیکن اس نمبر کا حامل کمزور طبیعت کا مالک نہیں ہوگا۔ اس کی قوتِ ارادی مضبوط ہوگی اور وہ جو بات دل میں ٹھان لیں گے اس پر قائم رہیں گے۔ اس نمبر میں یہ اہلیت ہے کہ وہ اپنی قوتِ ارادی کے بل بوتے پر اپنی محبوبہ کا بھی دل فتح کر سکتا ہے۔ وہ اپنے دوستوں کی صلاح و مشورہ کے برعکس چلتے ہوئے محبت کرے گا اور ان کی صلاح کے برخلاف شادی کرے گا۔ لیکن اس کی شادی کامیاب رہے گی۔ اور وہ شادی کے بعد حقیقی مسرت حاصل کرے گا۔ عموماً اس شخص کے دوست چالباز اور مکار ہوں گے

نمبر ۹: نمبر ۹ زیرِ اثر آدمی اپنے جذبات میں انتہا پسند ہوگا محبت کے سلسلے میں اس کے جذبات قوی اور

شدید ہوں گے۔ اور وہ کبھی اس شخص سے خوش نہیں رہیں گے جو ہلکی طبیعت کے اور متلون مزاج ہوں گے۔ ان کے دوست آسانی سے پیدا ہو جائیں گے۔ کیونکہ نمبر ۹ شخصی جاذبیت کا بھی حامل ہے۔ ان کا فیصد اکثر اور ان کے جذبات باہمت ہوں گے اور اگر انہیں زندگی کا ساتھی بھی نمبر ۹ مل جائے تو دونوں مل کر طوفان اٹھا سکتے ہیں۔

آپ شخصیت نہیں بدل سکتے

مگر نام بدل سکتے ہیں

شخصیت ایسی چیز ہے۔ جس کے اثر سے آپ دوسروں کو متاثر کر سکتے ہیں۔ اپنے اندر دوست نہ بنا سکنے کی کمزوریوں کو دور کر سکتے ہیں۔ اور اپنی شخصیت سے دوسروں پر بڑے اچھے اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ اپنے احساسات کی مکمل ترجمانی کر کے دوستوں کو دشمن بنا سکتے ہیں۔ خیر مقدم کرنے والوں، تقاریب منعقد کرنے والوں، سیاست دانوں، سکول ٹیچروں اور عوام کو متاثر کر سکتے ہیں۔ تاریخ پیدائش سے جس طرح کام لیا جاتا ہے۔ نام کے عدد سے بھی لیا جا سکتا ہے۔ آپ کا نام ٹریڈمارک ہے۔ اب یہ معلوم کرنا ہوگا۔ کہ آپ کا نام آپ کی پیدائش کے نمبر سے ہم آہنگ ہے یا نہیں۔ نام اور عدد پیدائش کے اس رشتہ کو عددوں کے ذریعہ معلوم کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ دونوں نمبر مخالف ہیں تو یاد رکھیں۔ زندگی ایک بوجھ بن کر رہ جائے گی۔ اگر ہر دو نمبر ایک ہی ہیں۔ یا موافق ہیں۔ تو مقبولیت اور مال کی کامیابیاں آسان تر ہو جائیں گی۔

اب آپ یہ معلوم کریں کہ تاریخ پیدائش اپنے اثرات میں کسی ستارہ سے متعلق ہے اور وہ کیا اثر رکھتی ہے۔

تاریخ پیدائش سے شخصیت

۱۔ **شمس:** جو تاریخ پیدائش کی نمائندگی کرتا ہے۔ جو ان تاریخوں کو پیدا ہوئے ہوں۔ یکم، ۱۰، ۱۹ اور ۲۸ جو اعلیٰ شخصیتوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

۲۔ **قمر:** یہ ایسے افراد کی پیدائش کی نمائندگی کرتا ہے۔ جو ۲، ۱۱، ۲۰، ۲۹ کو پیدا ہوئے ہوں۔ یہ لوگ حلیم الطبع ہوتے ہیں۔

۳۔ **مشتری:** یہ ایسے افراد کی نمائندگی کرتا ہے جو ۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰ کو پیدا ہوئے ہوں۔ ان کی طبع خوش مزاج اور زندہ دل ہوتی ہے۔

۴۔ **یورنس**: یہ ایسے افراد کی نمائندگی کرتا ہے جو ۴، ۱۳، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔ یہ لوگ عمل قوت رکھنے والے ہوتے ہیں۔

۵۔ **عطارد**: یہ ایسے افراد کی نمائندگی کرتا ہے جو ۵، ۱۴، ۲۳ کو پیدا ہوئے ہوں یہ تغیر پذیر طبع کے مالک ہوں گے۔

۶۔ **زہرہ**: یہ ایسے افراد کی نمائندگی کرتا ہے۔ جو ۶، ۱۵، ۱۴، ۲۴ کی تاریخوں کو پیدا ہوئے ہوں۔ یہ طبعی لحاظ سے مشہور شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔

۷۔ **رنپ چون**: یہ ایسے افراد کی نمائندگی کرتا ہے جو ۷، ۱۶، ۲۵ کی تاریخوں کو پیدا ہوئے ہوں یہ لوگ دھوکہ باز اور فریبی ہوتے ہیں۔

۸۔ **زحل**: یہ ایسے افراد کی نمائندگی کرتا ہے جو ۸، ۱۷، اور ۲۶ کو پیدا ہوئے ہوں۔ ان کی طبیعت ترشروئی اور سختی کی طرف مائل ہوتی ہے۔

۹۔ **مریخ**: یہ ایسے افراد کی زندگی کی نمائندگی کرتا ہے۔ ۹، ۱۸، ۲۷ کو پیدا ہوئے ہوں۔ یہ لوگ طبعی طور سرگرم عمل ہوتے ہیں۔

کیا آپ کا نام آپ کی شخصیت کیلئے موزوں ہے؟

بعض لوگوں کا ایک نام ہوتا ہے۔ بعض کا پکارنے کا نام یا پیار کا نام یا تخلص ہوتا ہے۔ اس وقت آپ کو اپنا نام معہ دوسرے ناموں کے لے کر عدد حاصل کرنا ہوگا۔ یہ آپ کی مکمل شخصیت کا عدد ہوگا۔ جو ظاہری و خفی نام سے متعلق ہے۔ اس نام میں وہ تمام الفاظ بھی آئیں گے۔ جو آپ کے نام کا حصہ ہوں۔ مثلاً مرزا اسد اللہ خاں غالب سیدہ رضیہ بیگم رجو (رجو اسے پیار سے پکارتے ہیں)

اس نام کو تبدیل کرنے کے لئے کہ آپ کی خواہشات کے مطابق ہو۔ یا تاریخ پیدائش کے نمبر والا ہو۔ آپ کو اختیار حاصل ہے کہ اس میں تبدیلی کر لیں۔ جب اپنا نام معلوم کر لیں تو اس طریقے سے اپنے دوستوں کے نام معلوم کر رشتہ داروں اور شوہر کا۔ کے اعداد جمع کریں تجربات کریں۔ تاکہ حقائق آپ پر واضح ہو جائیں۔

جب یہ معلوم ہو جائے کہ کس طرح میرے نام اثرات تبدیل ہو سکتے ہیں۔ یعنی اگر برے اثرات والا نمبر ہے تو

اچھا بنانے کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کیجئے اور حسب منشاء یا حسب فطرت نام حاصل کر کے اپنی زندگی کو اچھا بنا لیجئے۔

۱۔ یا تو فالتو اعداد جمع کر کے اپنے نام کی قوتِ عمل بڑھا لیں۔

۲۔ یا پھر نمبر کم کر کے موافق نمبر بنا لیں۔

۳۔ نمبروں کی تفصیل معلوم کریں۔

۴۔ اگر نام کے نمبر آپ کی شخصیت کے مطابق نہیں ہیں تو اپنے نام ساتھ دو لفظ بڑھا یا گھٹا کر حسب منشاء نمبر حاصل کر لینا چاہیئے۔ یقیناً یہ آپ کے لئے سود مند طریقہ رہے گا۔ اب ہم ہر نمبر کی تفصیل لکھتے ہیں۔

۱۔ نمبر کی قوت

اس کا ستارہ شمس ہے۔ جو عمل اور قوت کا پتہ دیتا ہے۔ اس لئے نمبر ا کو بنیادی پتھر تصور کیا جاتا ہے جو کسی فرد کی قوت عمل اور خواہشات کا پتہ دیتا ہے۔ لیڈر شپ۔ حکمرانی یا حاکمانہ خصائل، اور قوت پذیری کے ساتھ ساتھ کامیابی کا بھی مظہر ہے۔ چنانچہ آپ نمبر ایک کے حصہ دار ہیں۔ اگر آپ کی پیدائش یکم، ۱۰، ۱۹، اور ۲۸ ہے تو یقیناً شمس کی قوت آپ میں دخل رکھتی ہے۔

آپ کی شخصیت واقعات اور حالات کی آئینہ دار ہے۔ آپ میں قوتِ کارکردگی بدرجہ اتم موجود ہے۔ یہی سبب ہے کہ حاکمانہ صلاحیتوں کی وجہ سے دوسروں پر بڑے عمدہ اثرات مرتب کر سکتے ہیں اور لوگ آپ کے حکم ماننے سے افسوس نہ کریں گے۔ کیونکہ وہ آپ کی شخصیت سے متاثر ہو جائیں گے۔

ایک نمبر آپ کی ہمت اور جذبۂ قوت کو مکمل طور پر واضح اور تفصیل میں پیش کرنے کا منبع ہے اور یہی وجہ ہے کہ آپ دوسروں پر بخوبی قبضہ رکھ سکتے ہیں۔ اپنے ذاتی خواص اور فطری عادت کے تحت بچوں اور جوانوں کی ہمدردی کرنے والے حسب موقع چھوٹوں کو خوشیاں فراہم کرنے میں فخر محسوس ہوگا۔ اور اپنی عادت کے تحت ان کو تحائف اور خورد و نوش سے لطف اندوز کرانے سے گریز نہ کریں گے۔ چنانچہ اس طرزِ عمل سے وہ لوگ آپ کے ہر حکم کو بخوشی قبول کر کے فرمانبرداری کریں گے۔ آپ کمانے والے ہونے کے ساتھ ساتھ اخراجات کے معاملات میں بڑی نرم طبیعت کے مالک ہیں۔ چھوٹے چھوٹے اخراجات کے شمار کرنے کے معاملے میں بڑی بے صبری سے کام لینے والے ہیں۔ آپ فطری طور پر مالی معاملات میں آزادی چاہتے ہیں۔ برعکس اس کے کہ اجتماعی یا اداراتی ذمہ داریوں سے اجتناب کرنے والے ہیں۔ پھر آپ اپنے خیالات کے اظہار کرنے میں بڑے بردبار اور سمجھدار اور سلیقہ شعار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ اپنے خیالات دوسروں پر بڑی عمدگی سے واضح اور ظاہر کر سکتے ہیں۔

۲۔ نمبر کی قوت

اس پر قمر کی حکمرانی ہے۔ جو صاحب حس اور خاندانی اتفاق کا مظہر ہے۔ یہ کسی شخصیت کی اعلیٰ دماغی اور قوتِ

کارکردگی کے متعلق پتہ دیتا ہے ۔ اور یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ بڑی عمدگی سے اپنے خیالات اور اعلیٰ صفائی کی وجہ نتیجہ
باتیں اپنے ہمدردانہ رویہ کی وجہ اپنے خاندان اور رشتہ داروں پر واضح کر سکتے ہیں ۔ ایسے افراد، ہمدرد، غمخوار، مدد
اور ضرورت میں دوسروں کے کام آنے والے ہوتے ہیں ۔ آپ نمبر ۲ کے حصہ دار ہیں ۔ اور اگر آپ چاند کے زیر
پیدا ہوئے ہیں۔ جیسے ۲-۱۱-۲۰-۲۹ تاریخ ہے تو واقعی آپ کے حالات قمر کے زیر اثر ہیں ۔

آپ کی شخصیت اس بات کا پتہ دیتی ہے کہ کسی نتیجہ خیز بات میں اپنی قوتِ عمل کا کافی دخل رکھتے ہیں یہ آپ
کے لئے سود مند بھی ہے پہلے یہ اندازہ کر لینا چاہیئے کہ ماحول آپ کے لئے ایسا کرتے وقت سازگار ہے یا نہیں
چنانچہ آپ کی عقلمندی آپ کو یقیناً صحیح اور ٹھیک راستہ دکھلانے میں مدد دے گی ۔ دوسری بات جو قابل افہام تفہیم
ہے ۔ وہ یہ کہ آپ شدید غلطیوں کا شکار بھی ہو سکتے ہیں ۔ وجہ دراصل یہ ہے کہ آپ جذباتی بھی ہیں اور یہی
کسی بھی وقت کسی شدید غلطی کے مرتکب ہو سکتے ہیں ۔ قبل اس کے کہ آپ اپنے احساسات کو ظاہر کریں ، سوچ
لیا کیجئے ۔ اور یہی غور و خوض آپ کو اچھا سبق سکھا دے گا ۔ اور پھر حالات کے سامنے سینہ سپر ہونے کی قوت کے
مالک بن سکیں گے ۔!

۲ نمبر کی عددی خصوصیت دوستانہ اور رحیمانہ انداز کا پتہ دیتی ہے ۔ اپنی شخصیت سے بڑوں بچوں اور
جانوروں تک کو بھی متاثر کر سکتے ہیں ۔ ہر شخص اور جانور فی الفور آپ کی تابعداری قبول کرنے کو تیار ہو جائیں گے
مگر آپ کی محبت صرف اپنے دوستوں اور اہل خاندان کے لئے ہوگی ۔ آپ کی شہرت آپ کی وفاداری کی وجہ سے
آپ بے مقصد اور بے اصول باتوں سے اپنی شخصیت کو متاثر کر سکتے ہیں ۔ آپ کا اپنا گھر آپ کے لئے ایک
ہے ۔ آپ جذبات اور عادات کے لحاظ سے اس کو مزین کریں گے ۔ اگر آپ کچھ روپیہ خرچ کرنے کی تنار
ہیں تو آسائش اور گھریلو سامان خریدنے میں ضائع نہ کیجئے ۔ آپ خاندان سے محبت کرنے والے ہیں ۔ یہی وجہ
کہ اپنے خاندان ہمسایہ اور دوستوں کے معاملات میں پیش ہوتے ہیں ۔

۲ نمبر آپ کی شخصیت کے متعلق پتہ دیتا ہے کہ آپ صنعت کار ہیں ۔ اور آپ نئے کام میں اپنی قوت
کا بھرپور مظاہرہ کرنے والے ہیں ۔ ایسا پیشہ جو پانی سے متعلق ہو جیسے مشروبات کے کاروبار میں آپ کو فائدہ
والے ہیں ۔ آپ فطری طور پر دریا، سمندر یا جھیل کے کنارے رہنا زیادہ پسند کرتے ہیں ۔ کیونکہ اس سے تمنا
اور کشتی رانی کا شوق پورا ہو سکتا ہے ۔ جو کچھ آپ کے پاس ہے ۔ بلاشبہ آپ کے لئے فائدہ مند ہے ۔ یہ بھی
نتیجہ خیز ہے کہ آپ جو کچھ کرتے ہیں وہ باعث فائدہ اور نفع بخش ہے ۔

۳ نمبر کی قوت

یہ نمبر مشتری کے زیر اثر ہے ۔ جو دولت ، خوش قسمتی ، فیاضی کا پتہ بتا ہے ۔ اس نمبر کے لوگوں کی شخص
نام کے نمبر ایک جیسے ہوں تو یہ اجتماع کامیابی ، خوشیاں اور قناعت پسندی کا پتہ دیتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے
دل اور تجربہ کاری کی وجہ سے وہ اپنے خیالات اور تجلیات کو بخوبی پھیلا سکے ۔ آپ کے ذہن میں جذبہ مساوات

ہمدردی آپ کی امیدوں میں کامیابی کا پیش خیمہ ہے ۔ اگر آپ کی پیدائش ۳، ۱۲، ۲۱، ۳۰ کی تاریخ کو ہوئی ہے
آپ اس نمبر کے زیر اثر ہیں ۔

وہ استعداد عمل جس کی وجہ سے آپ عزت ، اور قوت تمیز قابلِ عزت مقام دلا سکتی ہے ۔ یہی قابلیت آپ
دوستوں میں ممتاز بنا سکتی ہے اور اس کی وجہ سے آپ لوگوں میں مقبول ہو سکتے ہیں ۔ آپ کا بنیادی نظریہ ہی یہی ہے
دوسروں کی مدد کس طرح کرنی چاہیئے ۔ اور اسی وجہ سے لوگوں میں توصیفی نگاہوں سے دیکھے جاتے ہیں ۔

۳ نمبر کی وجہ سے آپ کی کامیابی اور کامرانی محض روشن دماغی سے خود بخود حالات کے تحت پیدا ہو کر مقبول
بنا سکتی ہے ۔ کیونکہ آپ کے نام اور شخصیت کے امتزاج سے جو مقناطیسی قوت پیدا ہوتی ہے ۔ یہ تمام اس کی
ہے ۔ ایک دفعہ عظمت ملی آپ اسے عرصہ دراز تک قابو رکھیں گے ۔ کیونکہ آپ میں یہ قوت موجود ہے کہ کس
لوگوں سے تعلقات قائم رکھے جا سکتے ہیں ۔ اور کس طرح اپنے احساسات کو بروئے کار لایا جا سکتا ہے ۔ یہی
وجہ ہے ۔ جس کی وجہ سے چھوٹے سے چھوٹا اور بڑے سے بڑا آپ کی وفاداری کرے گا ۔

اس سے آپ کو کوئی غرض و غایت نہیں ہونی چاہیئے کہ لوگ کتنے امیر یا دولتمند ہیں یا کتنے غریب اور نادار
آپ کو ان تمام لوگوں میں شہرت حاصل ہوگی ۔ کیونکہ آپ کا نمبر ۳ (جو نام کا ہے یا شخصیت کا) بہر حال یہ ایک
شہرت کا باعث بن سکتا ہے ۔ جو ایمانداری اور اقبال مندی کا پتہ دیتا ہے اس نمبر کی قوت اور تاثیر آپ کو ناامیدی
ناکامیوں کے چنگل سے بچائے رکھے گی ۔

کاروبار میں نمبر ۳ کامیاب اور مثالی حیثیت بخش دے گا ۔ اور آپ کاروبار میں یہ بڑی آسانی سے معلوم کر سکیں
کہ عوام الناس کس چیز کو زیادہ طلب کرتے ہیں ۔ دوسری خاص بات یہ ہے کہ آپ کسی سے دھوکہ بازی کے متعلق
نہیں سوچ سکتے ۔ چنانچہ آپ تعلقات قائم کرتے وقت احتیاط سے کام لیجئے ۔ آپ کے پرکشش احساسات سے
عوام الناس آپ کے قریب تر ہیں ۔ اور یہی وہ خوبی ہے ۔ جس کی وجہ سے آپ دوسروں پر اثر انداز ہو کر بڑی شہرت
کے مالک بن جائیں گے ۔

۴ نمبر کی قوت

اس نمبر پر یورینس کی حکمرانی ہے ۔ جو صاحب عزت اور صاحب خیال اور آزادی کی نشاندہی کرتا ہے ۔
شخصیت میں اگر ۴ نمبر ہو تو یہ بلند شخصیت اعلیٰ خیالی اور دانائی کا پتہ دیتا ہے اور اس کے علاوہ بھی متوقع اور
کمال آفرینی اور موجدانہ صلاحیتوں کا پتہ دیتا ہے ۔ اس کی قوت اور زیادہ ہوتی ہے اگر پیدائش ان تاریخوں میں
ہوئی ہو جو ۴-۱۳-۲۲-۳۱ ہیں ۔

آپ کی شخصیت ان باتوں کا پتہ دیتی ہے ۔ ہر موقع محل کے مطابق آپ اپنے خیالات پیش کر سکتے ہیں ۔ بعض
آپ کے دوست آپ کے خیالات سے متفق ہونے سے ہچکچاتے ہیں ۔ کیونکہ وہ اس بات کو بمشکل تسلیم کریں گے
اس کی حقیقت آپ کے نزدیک نہایت اہم ہے ۔ جیسا آپ دوسروں پر ظاہر کرنا چاہتے ہیں ۔ اور اپنے خیالات سے

ہر ایک کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں۔

نمبر ۴ موجدانہ اور خیال آفرینی کا مالک ہے۔ یہ فطری چیز اور جذبہ ہے کہ آپ کو ایسی باتوں میں دلچسپی لینی چا
جو اس مقصد کے لئے ٹھیک ہوں۔ جب آپ اس کی حقیقت کو تسلیم کر لیں تو پھر آپ کو معمولات کو نظر اندا
نہیں کرنا چاہیئے۔

سابقہ حالات جو کچھ آپ کے ساتھ بیت چکے ہیں۔ ان کی روشنی میں آئندہ کے حالات کا جائزہ لے ک
راستہ منتخب کیجئے۔ آپ بے صبرے بھی ہیں اور پرانے دنوں کی یاد میں کھوئے رہنے سے کچھ نہ ہوگا۔ کیو
محض ایک خوش فہمی ہے تو آپ کو پھر پیچھے لے جائے گی۔ لہٰذا ایسی یادداشتوں سے پیچھا چھڑایئے۔ جو آپ کی
میں رکاوٹ ہوگی۔

آپ اپنے خیالات بدلنے میں بڑے ماہر ہیں اور کسی مخلصانہ مشورہ دینے سے آپ نہیں چوکتے۔ آ
اجتماعی نظریات سے فائدہ اٹھا کر لطف اندوز ہوں گے جو آپ کے لئے یکسانیت بہم پہنچائیں گی۔ آپ اپنی
خاطر کے لئے فرنیچر کی تبدیلی اور مکان کی مختلف رنگوں میں فرحت محسوس کر سکتے ہیں۔ نئی قسم کی خوراک یا نیا لباس آپ
تعریف اور توصیف کا مستحق بنا دے گا۔ جو دوسروں کی فطرت پر اثر انداز ہونے کی وجہ سے ہوگا۔

۵ نمبر کی قوت

۵ نمبر پر عطارد کی حکومت ہے اور یہ ہنرمندی اور ہر فن مولا ہونے کا نشان ہے۔ یہ نمبر اگر نام کا ہو تو متا ثر ک
گفتگو (تقریر) اور بھرپور خیالات کا پتہ دیتا ہے۔ اور یہ بھی تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ یہ نمبر آزادی اور خود مختاری کا
ہے۔ یہ لوگ الفاظوں کے خزائن سے معمور ہوتے ہیں۔ جو انہیں کامیاب زندگی دے دیتے ہیں اور ۵ نمبر
پر یوں ثابت ہو سکتا ہے کہ اگر آپ ۵، ۱۴ اور ۲۳ کو پیدا ہوئے ہوں۔

آپ کی شوخ اور چنچل طبیعت بیرونی حالات سے شاذ و نادر ہی متاثر ہو سکتی ہے۔ کیونکہ آپ کو قدا
تصویر کے دونوں رخ دیکھنے کی ہمت اور قوت دی ہے۔ یہ دوسرا عمل ہے۔ آپ کسی بھی نقطے کو سمجھ کر
کر نظر انداز نہیں کرتے۔ کیونکہ آپ کی تیز نگاہی سے حقائق پوشیدہ نہیں ہوتے۔ آپ کے نظریات جا
اور نتیجہ خیز ہوتے ہیں کہ آپ کسی بھی نظریئے کی افادیت اور معنویت سے بے خبر نہیں رہ سکتے۔ اس
اپنے خیالات سے کسی ناقابلِ فہم بات کو با مقصد بنا سکتے ہیں۔

آپ کے کئی دوست بن سکتے ہیں۔ کیونکہ آپ کا طریقہ گفتگو ہی ایسا ہے اور لوگوں کی طرف دار
کی وجہ سے مقبول عام شخصیت کے مالک ہو سکتے ہیں۔ آپ کی طبع کے لحاظ سے عوامی اجتماعات اور
میں آپ کو اچھی کامرانی ہو سکتی ہے۔ دوسری طرف ایک اچھے سننے والوں میں سے ہیں۔ کیونکہ آپ کی یہ عاد
کہ جب دوسرے تکلیف میں ہوں آپ ان کی ہمت افزائی اور طرف داری کے ساتھ ساتھ نصیحت بھی ک
ہیں۔ یہی وہ خوبی ہے جو آپ کو ہر ماحول میں ڈھال دیتی ہے۔ اور اس وجہ سے آپ لوگوں میں دلچسپی

نمبر ۵ اگر نام کا ہے تو ۵ نمبر شخصیت کا آپس میں جمع کر لیجئے۔ جس کے نتیجے میں آپ تمام مشکلات سے
ہوشیار اور محفوظ ہو جائیں گے۔ اس طرح کسی چیز سے آپ دل برداشتہ ہوئے۔ اس وقت ہی آپ دوسرے کام کی
طرف سے مائل ہو جائیں گے۔ مؤخر الذکر صورت میں آپ بہادر، ہمدرد اور دلچسپ شخصیت کے مالک ہیں۔ جو آپ کو مطالعے
میں لطف اور ذوق مہیا کرے گی۔ اس طرح ریڈیو سننا۔ ٹیلیویژن دیکھنا آپ کے لئے مکمل دلچسپی کا باعث ہے۔

نمبر ۵ کے ڈبل ہونے سے جو فطرت پیش آتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ جلد باز ہیں۔ اگر آپ میں
الزامات نہیں ہیں۔ تو پھر آپ اپنی تمام خوبیوں کی وجہ سے تمام لوگوں میں خاطر خواہ مقام پیدا کر سکتے ہیں۔ کسی
رسالے سے تعلق یا نسبت آپ کو فائدہ نہ دے گا۔ کیونکہ یہ آپ کی بھرتی کے موافق یا طبع کے مطابق نہ ہوگا۔ آپ
اس وقت بے حد لطف محسوس کرتے ہیں۔ جو آپ کا دماغ اور انگلیاں یکساں طور پر مصروف ہوتی ہیں چنانچہ
آپ کی ذہنی اپروچ آپ کو ٹائپنگ۔ کسی ساز کے بجانے میں۔ اور کتابت کی صحت کے لئے ٹیلیگرافی اور ٹیلیفون
بورڈ کا چارج لینے کے لئے فائدہ مند ہیں۔

۶ نمبر کی قوت

نمبر ۶ پر زہرہ کی حکمرانی ہے۔ جو محبت خوشبوؤں اور خوبصورتی کا نشان ہے۔ اگر آپ کے نام یا شخصیت پر یہ
نمبر حاوی ہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انفرادی یا اجتماعی امداد میں آپ کا ذوق اچھا ہے۔ چنانچہ اگر آپ کی پیدائش
۶، ۱۵، ۲۴ کی تاریخوں میں ہوئی تو آپ کا نمبر ۶ ہے۔

۶ نمبر یہ بتاتا ہے کہ آپ معمولی سی کوشش کے بعد اچھی اور معقول کامیابی حاصل کر لیں گے۔ آپ روپے پیسے
کے معاملات میں خصوصاً قسمت کا ساتھ دینے والے ہوتے ہیں۔ کافی خوش قسمت ہیں۔ لیکن آپ کو اپنا نفع کسی کی مہربانی سے
نظر انداز نہیں کر دینا چاہیئے۔ آپ اپنے لئے جو دلچسپیاں پیدا کرتے ہیں۔ اسی طرح دوسروں کے لئے بھی پیدا کیجئے۔
اپنے آپ کو کسی اصول کا مالک بنا کر لوگوں کی بھلائی کیجئے۔

آپ کی شخصیت کا نمبر بھی اگر ۶ ہو تو آپ بڑے زود حس اور غور و خوض کے مالک ہو سکتے ہیں۔ اور کسی
ذمہ داری کا احساس آپ میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ اگر آپ کسی سے ترش روئی سے پیش آئے تو آپ کو مشکلات کا سامنا
بھی ہو سکتا ہے۔ اس لئے آپ کو محتاط ہونا چاہیئے۔ آپ کو اپنے معمولات سے ہٹ کر بھی مناسب اقدام کے لئے
سوچنا چاہیئے۔

۶ نمبر کے لوگ جو کسی تقریب میں شمولیت کرتے ہیں۔ تو وہ ماحول کو فی الفور اپنی خوشیوں کے مطابق ڈھال لیتے
ہیں۔ آپ کی جدت پسندی آپ کو دلکش بنا سکتی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ مخصوص انداز سے آپ اپنی جوش انگیز عادت
سے اپنی شخصیت کو اور با اثر بنا سکتے ہیں۔

آپ اپنی عزت اور مقبولیت پر نازاں رہنے والے ہیں۔ آپ ایک دفعہ وعدہ کرنے کے بعد فی الفور بدل
جانے والے ہیں۔ مالی معاملات میں آپ ایماندار ہیں۔

نمبر ۶ والے سچے اور مخلص دوست ہوتے ہیں۔ بالخصوص اس وقت کہ وہ جب لوگوں کی مدد کرنے والی پوزیشن میں ہوتے ہیں۔ آپ دوسروں کو تحائف بھی اعلیٰ ذوق کی بنا پر دیتے ہیں اور آپ کے تحائف قبول ہوں اور اس کی تعریف سے آپ کو خوشی محسوس ہوتی ہے۔

آپ دوسروں کے لئے فائدہ سوچتے ہیں۔ لیکن آپ کو سوچنا چاہیئے کہ آپ کا جائز حصہ تو آپ کے پاس رہنا چاہیئے۔ حالانکہ آپ ہمدرد قسم کے آدمی ہیں۔ اور آپ مخلص جذبات کے تحت ہی ایسا کر بیٹھتے ہیں اگر آپ کسی کی ہمدردی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو ذرا غور بھی کیجئے۔ کیا یہ ایسا تو نہیں کہ ہر شخص آپ کی طرح مہربان قسم کا

۷ نمبر کی قوت

اس نمبر پر نیپچون کی عملداری ہے جو زود حس اور صاحب ادراک ہونے کی علامت ہے۔ نمبر ۷ ترقی اور اقبال مندی راست پسندی جو روحانی صفت ہے یہ خوبیاں اس میں پائی جاتی ہیں۔ اور یہی باعث ہے کہ وہ انفرادی طور پر میانہ روی اختیار کرتا ہے۔ اس کے معمولات میں ضبط اور نظم ہوتا ہے۔ اس کے اثرات چمکدار دنوں پر ہوتے ہیں اور ایسی شخصیت ان تاریخوں کو پیدا ہوتی ہے جو ۷۔ ۱۶۔ ۲۵ ہیں اس چیز نے آپ کو زود حس بنا دیا ہے۔ جیسے کہ کسی چیز کو آپ کنٹرول نہیں کر سکتے جس چیز سے آپ کو خوف کبھی محسوس ہی نہیں ہوتا تھا۔ یہی وہ عوامل ہیں جو زود حسی کا باعث ہیں۔ اگر آپ میں غلط عادات اور دھوکہ دہی کے خیالات ہوں۔ تو یہ سوسائٹی کو خاصا متاثر کرتے ہیں۔ آپ حسن پرست ہیں اور حس کی وجہ سے آپ نوتنا پسند بن جائیں گے۔ اس طرح جذباتی اور حسن و عشق اور موسیقی سے آپ کے ذہن کو لطف محسوس ہوتا ہے۔ آپ اپنے گھر کو خوبصورت گلدستوں سے مزین رکھنے والے ہیں۔ اور آپ کو اس وقت خوشی محسوس ہو گی۔ جب آپ کے اپنے لمحات باغ میں پھولوں کا نظارہ کرتے ہوئے یا کھیت میں طرح طرح کے ہرے ہرے پودے دیکھ کر گزاریں گے۔

فی الحقیقت، ۷ نمبر کا نام اور سات نمبر کی شخصیت اچھی اور فیاضانہ شخصیت ہے۔ آپ کو اچھے دوستوں کی وجہ سے خاطر خواہ کامیابی حاصل ہو گی۔ اس طرح آپ کو اپنی کامیابیوں سے بھی لطف محسوس ہو گا۔ آپ کی خواہش ہے کہ کوئی تکلیف میں ہو تو اس کی مدد کریں۔ بسا اوقات کوئی بھی آپ کو ضرورت در پیش ہو گی تو آپ خود پسندی کے تحت کسی سے امداد کا نہیں کہیں گے۔ آپ کو دل کی تسلی ممکن حد تک ضرورت کے وقت پوری ہو ہی جاتی ہے۔

۷ نمبر اگر آپ کے نام کا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ غیر معمولی طور پر فلاسفی میں دلچسپی لیتے ہیں۔ آپ ہر ایک کام آسانی سے حل و دخل حاصل کر لیتے ہیں۔ آپ بڑی ہمت سے مشکلات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں جو آپ کے اردگرد کے حالات سے پیدا ہوتے ہیں۔ اگر آپ کے نام اور شخصیت کے نمبر ۷ ہیں تو آپ اپنی فیاضانہ خوبیوں کی وجہ سے شہرت کے مالک بنیں گے۔

۸ نمبر کی قوت

اس نمبر پر زحل کی حکومت ہے جو انصرام و انتظام کا نشان ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ جن کا نمبر ۸ ہے

وہ نہایت محنتی ہوتے ہیں اور مشکلات پر قابو حاصل کرنے کی قوت رکھتے ہیں اور یہ بھی خوبی اس میں موجود ہے کہ ایسے فرد کو ایک لمبی اور طویل کامیابی نصیب ہوتی ہے ۸ نمبر کی قوت صبر و تحمل، ثابت قدم اور قوت برداشت کا نشان ہے۔ یہ نمبر ایسے افراد پر اثر انداز ہوتا ہے جو ۸۔ ۱۷۔ ۲۶ کو پیدا ہوئے ہوں۔

آپ کی خود اعتمادی اور قوت ارادی اس بات کا مکمل ثبوت پیش کرتی کہ آپ صنعت یا کسی گورنمنٹ کے محکمے کے کلیدی عہدہ دار ہوں گے۔ آپ اپنے مقاصد حیات میں کامیاب ہونا جانتے ہیں کہ کس طرح کوئی چیز زندگی کے لئے حاصل کی جا سکتی ہے۔ صبر و تحمل کے عادی ہونے کی وجہ سے بیرونی حالات سے کبھی دل برداشتہ نہ ہوں گے۔ اسی لئے سینہ سپر ہو کر مقابلہ کرنے والے ہیں۔ آپ میں یہ بات بھی موجود ہے کہ بلا وجہ تکالیف اور ذمہ داریوں کو اپنے اوپر لے لیتے ہیں۔

۸ نمبر کی خاصیت یہ ہے کہ آپ بیک وقت کئی ذمہ داریاں قبول کر سکتے ہیں۔ اسی وجہ سے آپ اپنے حلقۂ احباب میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں اور لوگ آپ کے قول و فعل کے اثرات کی وجہ سے آپ کی عزت کرنے پر مجبور ہوں گے اور یہ محض آپ کی چھپی ہوئی قابلیتوں کی وجہ سے ہے۔ جنہیں ضروریات کے تحت بروئے کار لاتے رہتے ہیں۔ یہ دراصل زحل کے اثرات کی وجہ سے ہے۔ اسی وجہ سے آپ ایسے دوست ہیں جو مصیبت میں کام آنے والے ہیں۔ آپ کی رہنمائی سے دوستی اور انسانیت کا لوگ سبق حاصل کریں گے۔

نمبر ۸ جیسے نام پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس طرح پیسے کے معاملے پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ اپنے منصوبوں سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جو آپ کے کامیاب مستقبل کی ضمانت ہے۔ چنانچہ آپ جانتے ہیں کہ کس طرح مستقبل کے کاروبار کے لئے طریقہ اختیار کرنا چاہیئے۔ اور آپ اپنے تعلقات سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آپ دوسروں کو اپنا ثناخواں بنانے میں فخر محسوس کرنے والے ہیں، چنانچہ آپ کو اپنے خیالات کے اظہار میں احتیاط برتنی چاہیئے۔ جو بیحد ضروری ہے۔ کیونکہ آپ کی عزت اور وقار آپ کا ایک اعلیٰ معیارِ حیات ہے۔

نام کے نمبر ۸ میں شخصیت کا نمبر ۸ جمع کیجئے۔ جو آپ کے مشاغل کے متعلق پتہ دیتا ہے۔ آپ کی دلچسپیاں جو مطالعہ سے متعلق ہیں وہ بالخصوص آپ کے روزانہ معمولات میں ہیں۔ کیونکہ اکثر باتیں آپ کے علم پر منحصر ہیں جو آپ نے اپنے طور پر حاصل کرنا ہے۔ چنانچہ آپ مطالعہ سے وہ چیزیں بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ جو آپ یادداشت سے حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ حقیقتاً نمبر ۸ کی فطرت کے عین مطابق ہے۔ چنانچہ آپ کسی بھی چیز پر توجہ مبذول کر کے نتیجہ حاصل کر سکتے ہیں اور یہی طریقہ آپ کو معمولات زندگی سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ خوشیوں سے ہمکنار کرے گا۔ نمبر ۸ کی رفاقت کی وجہ سے آپ ایسی ذہنیت کے مالک ہیں کہ کوئی خیال آپ کے ذہن میں آہستہ سے جاگزیں ہوتا ہے۔ مگر فائدہ اور نتیجہ آپ اپنی تمنا کے مطابق حاصل کر لیتے ہیں۔

نمبر ۹ کی قوت

یہ نمبر مریخ کی عملداری ہے۔ جو صحت اور مضبوطی کا نشان ہے۔ ۸ نمبر نام کا اور ۸ نمبر شخصیت کا جب ہوں تو ایسے نمبر انجنیئرنگ اور کامرس، انڈسٹری میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ یہ نمبر قوت ارادی اور قوت تعمیر پر ا

انداز ہونے والی قوت کے مالک ہوتے ہیں۔ اسں دُہرے نمبر کے اثرات کے تحت یہ لوگ غیر حاضر دماغی کی وجہ سے ڈرپوک اور حاضر دماغی سے نڈر بن جاتے ہیں۔ ان نمبروں کے اثرات پیدائش سے متعلق ہوں تو وہ ان تاریخوں کو پیدا ہوئے ہیں۔ ۸، ۹، ۱۸، ۲۷۔

آپ نمبر ۹ کے زیرِ اثر پیدا ہونے کی وجہ سے لیڈر شپ کے لئے بے حد موزوں ہیں۔ قوتِ بھروسہ سے تمام حالات پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور تمام مشکلات اور صبر آزما پروگرام آپ کی توسط سے کامیاب ہوسکتے ہیں۔ آپ میں تحمل اور قوت کارکردگی موجود ہے۔ آپ کے لئے کوئی مشکل مرحلہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ بعض اوقات آپ کا عمل بے حد مدافعانہ اور غصہ والا ہوتا ہے۔ جو آپ کو اچھے نتیجے دے جاتا ہے۔ آپ کو حالات اور مشکلات لمبا عرصہ پریشان نہیں رکھ سکتیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ معمول سے آغاز سے بڑا اور بامقصد پھل حاصل کر لیتے ہیں۔

۹ نمبر شخصیت کے اگر نام کے ۹ نمبر سے ملا دیئے جائیں تو ایک جرأت آمیز شخصیت پیدا ہوتی ہے۔ آپ ایک ہی لمحہ میں خطیر رقم کسی کو دے دینے کا فیصلہ کر لیتے ہیں۔ اور اسی طرح آپ کو جب غصہ آتا ہے تو اپنے آپ کو قابو رکھ سکنے ہیں قادر ہیں۔ وہ جو آپ کے متعلق جانتے ہیں کہ اگر آپ کے تحفہ کے متعلق نکتہ چینی کی جائے۔ تو آپ کو غصہ آسکتا ہے وہ آپ کی مہربانیوں کو غلط سمجھتے ہوئے ایسا کرتے ہیں ان سے آپ کا ذہن فی الفور متنفر ہو سکتا ہے۔

آپ میں اپنی غلطیوں کو تسلیم کرنے کی عادت بھی نہیں ہے۔ مگر پھر بھی آپ ان حالات سے ایک اچھا اور بامقصد سبق حاصل کر سکتے ہیں۔ جو آپ کی زندگی کو استوار کرنے کا باعث ہوتا ہے۔ ایسے کام جن میں مکمل توجہ اور مصروفیت کی ضرورت ہے۔ وہ آپ کو کافی سود مند رہیں گے۔ اسی لئے آپ کو فوج اور فن حرب میں خاطر خواہ کامیابی نصیب ہو سکتی ہے اور ایسی ملازمت جس میں دیکھ بھال کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ یعنی دوسروں کی نگرانی میں آپ کے سپرد کی جائے۔ تو آپ کو بے حد تکلیف ہوگی یہ محض ذہنی اپچ ہے۔

خاص خاص نمبر

جن کا نام تبدیل کرتے وقت خیال رکھنا چاہیئے

یہ حصہ آپ کی خوش قسمتی کے نمبر کا بھی ہو سکتا ہے۔ مگر یہ صحیح نہیں ہے۔ تاوقتیکہ آپ کو اس کا مکمل طور پر یقین ہو جائے۔ سائنس نے اعداد کے اثرات کو پرکھنے اور نئے تخیلات کا موازنہ کرنے کے بعد وضع کیا ہے کونسا نمبر آپ کی قسمت کے لئے اچھا ہے اور کونسا نہیں۔ ان نمبروں کے تاثرات آپ کی قسمت پر ممکن ہے یا نہیں؟ اس وقت تک جاننا ممکن نہیں۔ جب تک آپ اپنے نمبروں کا تعین مکمل یقین سے نہ کریں۔

آپ کو اپنی خوش بختی کا نمبر کس طرح دیکھنا چاہیئے؟ آپ کے نام کے اعداد آپ کی زندگی کے متوازی دور کہلاتے ہیں۔ مثلاً اگر آپ کے نام کے اعداد اور قسمت کے نمبر ایک جیسے ہوں تو پھر مسئلہ حل ہو چکا ہے۔ کیونکہ وہی نمبر آپ کی قسمت کا نمبر ہوگا۔ مگر جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے کہ آپ کے نام کا نمبر اور قسمت نمبر ایک نہیں تو پھر آپ کو نہایت غور سے ایسے اعداد کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ جو آپ کی قسمت کا نمبر بن سکتے ہیں۔ پہلے پہل آپ کو نام کے نمبر سے آغاز کرنا چاہیئے۔ جو عام طور پر زندگی پر حاوی ہوتا ہے۔ جیسا کہ آپ کبھی ریس کے لئے جاتے ہیں آپ تعین کریں کہ کون سا نمبر آپ کے نام کے نمبر کے برابر جاتا ہے اگر آپ نے عقلمندی کا ثبوت دیا تو یقیناً نتیجہ آپ کے لئے فائدہ مند ہوگا۔ یا پھر آپ کسی قرعہ اندازی میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔ تو آپ کوشش کریں کہ وہ ٹکٹ حاصل کریں جو آپ کے نام کے نمبر سے مل جاتا ہو۔ اگر آپ ایسا ٹکٹ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو یقیناً آپ جیت جائیں گے اور کوشش کیجئے جب کبھی ایسا موقع ہاتھ آئے آپ اس کو اپنے نام کے نمبر کے مطابق ملائیں۔ آپ کا پلہ یقیناً بھاری رہے گا۔ آپ اپنے لئے فائدہ مند نمبر کا تعین کرنے کے لئے غور و خوض سے کام لیں اور اندازہ کریں کہ کونسا نمبر کس وقت تک کسی چیز پر حاوی رہتا ہے۔ پھر اپنے نام کے نمبر کے ساتھ اس کا موازنہ کریں۔ اگر ان کا توازن ایک جیسا نہ ہو تو یقیناً یہ آپ کے لئے سود مند اور نفع بخش نہ ہوگا۔ کیونکہ یہ زندگی اور واقعات پر بے حد اثر انداز ہوتے ہیں۔ اور اگر کوشش کے باوجود بھی کوئی تسلی محسوس نہیں کی اور یہ چاہتے ہیں کہ اپنی زندگی کے لئے مناسب اور اثر انگیز نمبر منتخب کر لیں تو ذرا احتیاط اور سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ اگر یہ محسوس ہوتا ہے کہ زندگی فی الواقع مشکلات اور پریشانیوں کا شکار ہے تو تب اپنے نام کی تبدیلی کے متعلق سوچنا چاہیئے۔ مگر آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ آپ اپنی قسمت کا نمبر تبدیل نہیں کر سکتے۔ کیونکہ وہ تو یوم پیدائش کے اعداد کا مجموعہ ہوتی ہے۔

تبدیلیٔ نام ——— جو آپ کیلئے فائدہ مند ہو

نام تبدیل کرنے کے ساتھ ساری زندگی پر اس کا اثر پڑتا ہے۔ بشرطیکہ نمبروں کا اثر خیالات، مقاصد کے لئے نتیجہ خیز ہو۔ چنانچہ اپنے نام کی تبدیلی کرنے سے پہلے دیکھ لیں کہ کونسا نام ہے جن کے نمبروں کا مجموعہ آپ کی قسمت سے مطابقت رکھتا ہے

اور اُسے آپ خواہش کے مطابق لانا چاہتے ہیں۔ جب آپ کوئی نام منتخب کرلیں تو اس کے حروف کو ملاحظہ کرلیں اور جس لفظ سے پسند کردہ نام میں اضافہ ہوتا ہو اسے تبدیل کردیں یا پھر اگر ممکن ہو تو حذف کردیں جیسا کہ تاج دین کو تاج الدین کرسکتے ہیں۔ تاج کے عدد ۹ ہیں اور تاج الدین کے ۴ ہیں۔ اس طرح آپ کسی نام کو تبدیل کرسکتے ہیں۔ لیکن بعض حالات میں آپ اپنا نام تبدیل نہیں کرسکتے کیونکہ ممکن ہے اس طرح آپ کے پیشے پر یا پھر عام زندگی پر بعض حالات کے تحت اچھے اثرات نہ پڑتے ہوں۔ تو پھر کس طرح ممکن ہے کہ آپ اپنا نام تبدیل کرکے باقسمت بن سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنا موافق نام تبدیل کرلیں گے تو قسمت یقیناً آپ کے ساتھ ہوگی۔ تاہم یہ صرف آپ کی قوت ارادی اور خود مختاری کے اوپر منحصر ہے۔ یہی نمبر آپ کی زندگی کے آنے والے ایام کو خوشگوار بنا سکتے ہیں اور یہی نمبر آپ کی دلی تمنائیں پوری کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر

جب آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ آپ کی قسمت کے اور متوازن نمبر کیا ہیں؟ تو آپ انہیں ضرور دُہرا سکتے ہیں۔ مثلاً آپ ایسا کوئی ثبوت فراہم کرسکتے ہیں جو زندگی کے عام حالات میں عجیب و غریب حالات کا شکار ہوا ہو۔؟ دوبارہ فیصلہ کیجئے! اور دیکھئے! مثلاً کسی کے نام کا نمبر ۲ ہے۔ رہائش کا نمبر بھی ۲ بنتا ہے تو اس کے لئے بے حد مفید اور فائدہ مند ثابت ہوگا۔ میرے نام کا نمبر ۲ ہے۔ ٹیلیفون ۱۰۷۱۷۴ کا نمبر بھی ۲ ہے لہٰذا یہ مفید بات ہے۔ مطالعہ کرنے والے اس حقیقت کو فی الفور سمجھ لیں گے مگر جو لوگ ان باتوں کی خصوصیات نہیں سمجھ سکتے وہ فائدے سے محروم رہ جائیں گے۔ کیونکہ نمبروں کے اثرات سے کوئی زندگی ایسی نہیں جو خالی ہو۔ آپ غور فرمائیں گے تو معلوم ہوگا کہ آپ کے اردگرد نمبروں کی دنیا ہی بسی ہوئی ہے۔ مثلاً آپ کے فون کا نمبر، آپ کے فلاحی کاموں میں نام کا رجسٹریشن نمبر، آپ کی کار کا نمبر جو آپ کو ہر طرف ملیں گے اور یہی زندگیوں پر اثرانداز ہوتے رہتے ہیں۔ اسی طرح ایک سے زیادہ نمبر مفرد کرکے ایک نمبر بنا لیا جاتا ہے۔ عام طور پر ایسے بھی نمبر ہیں۔ جن کی خصوصیات انفرادی حیثیت کی مالک ہیں اور ان نمبروں کی خصوصیات کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیئے۔ قبل اس کے کہ آپ ان کو ایک نمبر کی شکل میں تبدیل کریں۔ حالانکہ عام حالات میں ان کے اثرات کوئی خاص فرق کے حامل نہیں ہوں گے۔ مگر پھر بھی آپ کو عملی طور پر زندگی کے ہر موڑ پر یہ نمبر کارفرما نظر آئیں گے اور آئے دن کی مصروفیات میں ان سے آپ کو یقیناً سابقہ پڑتا رہے گا۔ باوجودیکہ آپ کے نمبر ان سے مختلف اور دوسرے اثرات کے حامل ہیں۔ پھر بھی کیونکہ ان کو افادیت کی خاطر بنا دیا جائے۔ لہٰذا اپنے اعداد کا مفرد نمبر جن دو نمبروں سے بنتا ہے ان کو ضرور دیکھیں، وہ کون سے ہیں؟ اور وہ کہیں مندرجہ ذیل نمبروں میں سے تو نہیں؟ اگر ہیں تو ان دو نمبروں کے مفرد عدد کو اختیار نہ کریں۔

۱۱ - ان حضرات کے لئے جن کے نمبروں کا اسم مجموعہ "۲" ہے ان کے لئے آنے والے خطرات اور مشکلات کے لئے انتباہی حیثیت رکھتا ہے۔ یعنی کوئی اچانک خطرہ درپیش ہے۔

۱۲ - یہ نمبر سادگی اور منکسر المزاجی کا مظہر ہے۔ جن افراد کا نمبر اس سے "۳" بنتا ہے۔ تقریباً وہی اثرات ان پر پڑتے ہیں اور یہ شخص بڑی آسانی سے لوٹا جاسکتا ہے۔

۱۷ - اس عدد کے نمبروں کا مجموعہ "۴" یا "۸" کے لئے مناسب اور مددگار ہے۔ دولت مندی، خوش قسمتی لو کا بیدی

فائدہ مندی لاتا ہے۔

۱۹ - یہ نمبر ایک نمبر کی طرح ہے خوشیوں، اچھائیوں، کامیابیوں کی پیش گوئی کرتا ہے۔

۲۲ - یہ نمبر "۴" والے افراد پر اثرانداز ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ شخص غلط فیصلہ کرنے اور عجلت پسندی کا شکار ہوتا ہے۔

۲۳ - اس نمبر سے جن افراد کا نمبر "۵" ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ شخص اپنے برے چلن کی وجہ سے مشکلات اور بدنامیوں کا شکار ہوسکتا ہے۔

۳۴ - اس نمبر سے جن افراد کا نمبر "۷" بنتا ہے۔ یہ کسی خاص انتباہ کا اشارہ ہے، جو ان کی غلطیوں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

۳۸ - اس نمبر سے جن افراد کا نمبر "۲" ہو ان کے لئے یہ نمبر صحت کے لئے خطرے کا نشان ہے۔ کیونکہ یہ "۲" پر حاوی ہے۔

۴۶ - یہ نمبر ایک "۱" نمبر کی خصوصیات کا حامل ہے۔ لیکن مشکلات کے بعد کامیابیوں کی کنجی تصور ہوسکتا ہے۔

۵۳ - اس نمبر سے جن افراد کا نمبر "۸" بنتا ہو۔ یہ ان پر اثرانداز ہوتا ہے۔ جو کامیابی اور حصول مدعا میں فتحیاب ہونے کا اشارہ ہے۔

۵۹ - اس نمبر سے جن افراد کا نمبر "۵" ہے ان کے لئے اثرانگیزی رکھتا ہے خصوصاً صحت میں نقصان کا اشارہ ہے۔

۶۰ - اس نمبر سے جن افراد کا نمبر "۶" ہے ان پر اس کا اثر ہے لیکن خوش کن، اچھی صحت کی نشانی کا اشارہ ہے۔

۶۳ - اس نمبر سے جن افراد کا نمبر "۹" ہے یہ ان پر اثرانداز ہے اور ان کے لئے باعث انتباہ ہے کہ بے مقصد کام اور تضیع اوقات کی علامت ہے۔

یہ بھی یاد رکھیں۔ آپ کی زندگی نمبروں کے خصائص کی حامل ہوتی ہے۔ لہٰذا ان نمبروں کو نوٹ کرلیں یہ مخصوص نمبر ہیں اور زندگی پر مخصوص اثر ڈالتے ہیں۔ اگر آپ کا تعلق مندرجہ بالا نمبروں میں سے کسی سے ہے۔ تو یقیناً نام بدل لیں یا نام میں تبدیلی کریں۔

عددِ قسمت

یہ نمبر زندگی بھر ہم سے متعلق ہوتا ہے۔ جو یہ تاریخ پیدائش سے حاصل ہوتا ہے چونکہ یہ تاریخ پیدائش سے حاصل ہوتا ہے۔ اور تاریخ پیدائش کبھی نہیں بدلی جاسکتی۔ اس لئے یہ نمبر بھی نہیں بدل سکتا۔ لہٰذا وہ ہمارے کاروباری، شخصی اور روحانی نمبروں سے مختلف اثر رکھتا ہے۔ عددِ قسمت ہمیں شخصیت کے ابتدائی نقوش بتاتا ہے۔ جو کہ پیدائش سے ہمارے ساتھ وابستہ ہوچکے ہوتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ہماری اچھائیوں اور برائیوں کا آئینہ دار ہے۔ یہ نمبر ہمارے

مستقبل کی پیش گوئی نہیں کرتا۔ اس کے مطالعے سے ہم اپنی برائیوں کو دور کر سکتے ہیں اور اچھے عناصر کو ابھار سکتے ہیں اور اس قدرتی عطیئے کو استعمال میں لا سکتے ہیں جس کے استعمال سے ہم ناواقف ہیں۔ اپنی فطری تخلیق کا مطالعہ کرنا ہو تو اس نمبر سے مدد لیں۔

اگر ہم کاروباری نمبر، شخصیت کے نمبر اور روحانی نمبر کو اس میں ملا کر اس کا مطالعہ کریں تو ہم اپنی زندگی کے نقائص کو خود دور کر سکتے ہیں۔ یاد رکھو کوئی چیز بھی انسانی فطرت میں داخل نہیں ہو سکتی۔ بشرطیکہ انسان اس پر اپنا قابو رکھے۔

تاریخ پیدائش کا عدد اس طرح نکالتے ہیں۔ مثلاً میری پیدائش ۲۵ جون ۱۹۱۱ء ہے تو ۲۵+۰۶+۱۹۱۱ء کو اکٹھا کر لیں گے ۱۹۱۱۶۲۵۔ اب ایک سرے سے دوسرے سرے تک نمبروں کو جمع کر دیں۔ ۵+۲+۶+۱+۱+۹+۱=۲۵ حاصل ہوا۔ ۲۵ کا مفرد عدد ۵+۲=۷ ہے۔ پس ۲۵ جون ۱۹۱۱ء کا عدد سات ہے۔ جسے ہم عددِ قسمت قرار دیتے ہیں۔

آپ کی پیدائش کا عدد کیا اظہار کرتا ہے

۱ جس شخص کے مقدر کا یہ عدد ہو وہ ہمیشہ آزادی کا شائق رہے گا۔ اس کے لئے کسی قسم کی پابندیاں ناقابلِ برداشت ہوں گی۔ مزاج میں غرور و تکبر زیادہ ہوگا۔ کسی کی رائے پر عمل نہ کرے گا۔ ہر طرح سے قابلِ اعتماد ہوگا۔ اس میں ذمہ داری سے خدمات دینے کی کافی صلاحیت ہوگی۔ دوسروں پر ہمیشہ حکمرانی کرے گا۔ فطری طور پر شجاع و بہادر ہوگا۔ اسے اکثر امراضِ قلب سے تکالیف پہنچیں گی۔ اور داہنی آنکھ کے مجروح ہونے کا اندیشہ رہے گا۔ جسمانی صحت بالعموم اچھی رہے گی۔ چہرے کا رنگ سرخی مائل ہوگا۔

۲ جس شخص کے مقدر کا یہ عدد ہے وہ عورتوں کے معاملے میں ہمیشہ بدبخت اور بدقسمت ثابت ہوگا۔ اس کی جو چیز چوری جائے وہ کبھی دستیاب نہ ہوگی۔ مزاج میں تلون زیادہ ہوگا اور اس کی وجہ سے ہمیشہ بنے بنائے کام بگڑ جایا کریں گے۔ کسی مقام پر جم کر بیٹھنا نصیب نہ ہوگا۔ ہمیشہ سیاحت و سفر میں رہے اور مالی مفاد کم حاصل ہوں۔

۳ جو شخص اس عدد کے زیرِ اثر ہوگا وہ فیاض اور دریا دل ہوگا۔ اسراف کی بدولت کبھی روپیہ جمع نہ کر سکے گا۔ ہمدردیِ خلائق کا جذبہ ضرورت سے زیادہ بڑھا ہوا ہوگا اور دوسروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے اپنے مفاد کو خاک میں ملا دیا کرے گا۔ مگر اسے دوستوں سے کبھی فائدہ نہ پہنچے گا۔ خیالات میں بلندی ہوگی۔ ہمیشہ امیرانہ زندگی بسر کرنے کا شوق رہے گا۔ اسے اگر لاتعداد روپیہ بھی مل جائے جب اسے وہ اپنی نگاہ میں کم سمجھے گا۔ پیشانی بہت کشادہ ہوگی۔ سر کے بال بہت گھنے ہوں گے۔ مگر جوانی ہی میں گر جائیں گے۔ دانت بڑے اور آنکھیں ابھری ہوئی ہوں گی۔ امراضِ معدہ و جگر سے تکلیفیں پہنچیں گی۔ بعض اوقات موٹاپے کی تکالیف بھی پیدا ہو جائیں گی۔ بحری سفر اور دریاؤں کی تجارت کے لئے سفر منحوس رہے گا۔

۴ جس شخص کا یہ عدد ہوگا۔ وہ اکثر مالی مشکلات میں مبتلا رہے گا۔ طبیعت ضدی، تند خو اور کینہ پرور ہوگی۔ مذہبی تعصبات بڑھے ہوئے ہوں گے۔ دوسروں کو نظرِ حقارت سے دیکھے گا۔ اظہارِ خود کا شوق زیادہ رہے گا۔ خرابیِ خون کی وجہ سے اکثر جسمانی تکالیف رہے گی۔ صحت کمزور ہوگی۔ حکام سے تعلقات ہو جائیں گے۔ سفر میں آرام نہ ملے گا۔

۵ یہ عدد جس شخص کی قسمت پر اثر انداز ہوگا۔ وہ بالعموم دبلا اور طویل القامت ہوگا اور اس کا قد چھوٹا ہو تو اس کی قوت عمل بہت زبردست ہوگی۔ آنکھیں چھوٹی اور بہت چمکدار ہوں گی۔ اس کی تمام شباہت سے یہ معلوم ہوگا کہ یہ شخص بہت تیز اور کاروباری ہے۔ اس کی اشیاء مسروقہ بالعموم دستیاب ہو جایا کریں گی۔ چھوٹے بچوں سے اسے محبت ہوگی۔ ایسا شخص اعصابی اور دماغی امراض میں اکثر مبتلا رہے گا۔ اس کی قوت حافظہ بہت کمزور ہوگی۔ اس کی وجہ سے اکثر مالی نقصانات ہوں گے۔ عمر کے آخری حصے میں لقوہ یا فالج کا اندیشہ ہے۔

۶ جس شخص کی قسمت کا یہ عدد ہو وہ صلح جو، امن پسند اور محبت نواز ہوگا۔ فنونِ لطیفہ سے خاص مناسبت رکھے گا۔ ہمیشہ امن و سکون کی زندگی بسر کرے گا۔ ذرا سی تکلیف بھی اس کے لئے ناقابلِ برداشت ہوگی۔ ہمیشہ عیش و عشرت کے خیالات میں محو رہے گا۔ اپنے اہل و عیال سے محبت ہوگی۔ جسمانی طور پر وہ فربہ اندام ہوگا اور اعضا متناسب ہوں گے۔ سر کے بال بہت ملائم اور بھورے رنگ کے ہوں گے۔ آنکھیں چمکدار، خوشنما اور چہرے کے رنگ کی مناسبت سے ہوں گی۔ شکل و صورت کے اعتبار سے اسے بالعموم خوبصورت کہا جا سکے گا۔ عورتوں کے معاملے میں ایسا شخص ہمیشہ خوش نصیب ہوگا اور اس کے لئے سیاحت منفعت بخش ہوگی۔ امراضِ مخصوصہ اور دردِ گردہ کی شکایت سے اکثر اسے جسمانی تکالیف پہنچیں گی۔

۷ جو شخص اس عدد کے زیرِ اثر ہوگا۔ اس میں خودستائی کا جذبہ زیادہ ہوگا اور ہمیشہ یہ چاہے گا کہ دوسرے اس کی تعریف کریں۔ وہ کبھی ٹھنڈے دل سے کسی شخص کا جائز اعتراض بھی سننے کے لئے تیار نہ ہوگا۔ بالعموم سرکاری یا پبلک دفاتر میں ملازمت پسند نہ ہوگی۔ جسم فربہ اندام ہوگا۔ چہرے کا رنگ زردی مائل اور ہاتھ پیر چھوٹے ہوں گے۔ پیٹ اور سینہ کے امراض میں اکثر مبتلا رہے گا۔ بائیں آنکھ پر ضرب کا اندیشہ ہے۔

۸ صاحبِ عدد بیشتر معاملات میں بدنصیب ہوگا۔ محبت میں خود غرضی اور ریاکاری کا مادہ زیادہ ہوگا اس لئے کوئی شخص اس کا اعتبار نہ کرے۔ احسان فراموشی کو اپنا شیوہ سمجھے گا۔ محسن کے ساتھ دغا کرے گا۔ شکل و صورت کے اعتبار سے بھی سیاہ رنگ اور لاغر اندام ہوگا۔ اس کی جو چیز ضائع ہو جائے گی وہ کبھی دستیاب نہ ہوگی۔ اکثر منحوس خبریں سنا کرے گا۔ زندگی مصائب سے بسر ہوگی۔ لوگ اس کی مدد کرنا چاہیں گے۔ لیکن کسی مدد سے بھی وہ زندگی سدھار نہ سکے گا۔ اس کی بیماریاں اکثر طویل ہوں گی۔ تپ دق کے حملہ کا بالعموم اندیشہ رہے گا۔ آخری حصہ عمر میں مرضِ جنون کا خطرہ بھی رہے گا۔ ایسے شخص کی حالت اگر کچھ بہتر بھی ہو تو وہ بالعموم دعویٰ مسیحیت کرے گا۔

۹ جس شخص کی زندگی کا یہ عدد ہو، وہ جنگجو، تند خو، اور بدمزاج ہوگا۔ لیکن طبیعت کی صفائی اور راست کرداری کی وجہ سے لوگ اسے عزیز سمجھیں گے اور یہی ایک اس میں سب سے بڑی صفت ہوگی۔ حتی الامکان کسی شخص کو نقصان پہنچانا نہ چاہے گا۔ لیکن اس کا انتقامی جذبہ بھی سخت ہوگا۔ اس کے گھر میں آتش زدگی کی اکثر وارداتیں ہوں گی۔ اس کی جو چیز گم ہوگی یا تو اسی وقت مل جائے گی یا پھر کبھی نہ ملے گی۔ ایسے شخص کو ناگہانی حادثات سے تکلیف پہنچنے کا اکثر اندیشہ رہے گا۔ دماغی امراض پھوڑے پھنسیوں اور زخموں کی تکلیف رہے گی۔ چہرے کا رنگ مائل بہ سرخی اور آنکھیں بہت چمکدار ہوں گی۔ قویٰ اچھے ہوں گے۔

پیشہ وارانہ نمبر

یہ نمبر آپ کے کاروبار اور متعلقہ کام کے متعلق اپنی مدد کا اظہار کرتا ہے۔ روزمرہ کے امور بھی اسی نمبر کے ماتحت ہوتے ہیں۔ اگر آپ اپنے مروجہ مشہور نام کے عدد نکالیں یعنی پورا نام استعمال کرنا پڑے گا۔ تو یہ نمبر نکل آئے گا۔ اس نمبر کے حاصل کرنے کے لئے تخلص یا مخفف نام یا ایسے ہی مشہور نام کے اعداد ساتھ لینے ہوں گے۔ یہ وہ نام ہوگا جو اس وقت کاغذات میں استعمال ہوتا ہے۔

مثلاً محمد دین پراچہ، ایک کپڑے کا دکاندار ہے۔ اور اچھا کاروبار رکھتا ہے۔ اگرچہ اور دوسری قسم کا کوئی اس کے کاروبار کو نہیں۔ لیکن وہ خود اس کام کو اپنے لئے تسلی بخش نہیں سمجھتا وہ چاہتا ہے کہ اس کام کو تبدیل کر کے کوئی اور کاروبار شروع کرے، وہ خیال کرتا ہے کہ یہاں بہت بڑی فرم ہے اگر اس میں بطور ایجنٹ کے کام کرے تو زندگی بن سکتی ہے اور زیادہ کامیاب رہ سکتی ہے۔ بعض اوقات اسے یہ خیال اکساتا ہے۔ مگر ملازمت حاصل کرنے میں پُرامید نہیں۔ یہ وقت ہے کہ اس کا پیشہ وارانہ نمبر اسے بتلائیگا کہ کون سا نمبر تمہارے لئے بہتر ہے۔ نیا موقع اچھا ہے یا نہیں، کام ملے گا یا نہیں اور تمہاری محنتوں میں کہاں تک مدد کرے گا۔ یا مقصد براری میں رکاوٹ تو نہ ڈالے گا؟

مثلاً محمد کے عدد ۲ ہیں۔ دین کے ۱۔ پراچہ کے عدد ۴ ہوتے ہیں۔ کل ۲+۱+۴ = ۷ عدد ہوئے۔ محمد دین کی ذات پراچہ ہے۔ اس لئے لوگ اسے اس طرح پہچانتے ہیں۔ محمد دین پراچہ دکاندار کے نام سے مشہور ہے۔ اس لئے پورے نام کے عدد نکالیں گے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ نمبر ۷ کپڑے کی دکانداری کے لئے بہتر ہے یا نہیں اگر نہیں ہے تو واقعی اس کے دل میں یہ خیال ٹھیک پیدا ہوتا ہے کہ کام بدل دینا چاہیئے۔ اگر نمبر ۷ کسی فرم کی ایجنسی کے لئے اچھا ہے تو اسے اس فرم میں کام کرنا چاہیئے۔ اگر نمبر ۷ یہ چاہتا ہے کہ وہ خود کسی بڑی فرم کو لیمیٹڈ کرا کر کام کرے تو فائدہ رہے گا۔ تو اسے ایسا کام کرنا چاہیئے لیکن نمبر ۷ بڑی فرم کے شروع کرنے کے حق میں تو ہے لیکن ایجنٹ بننے کے حق میں نہیں اور اگر محمد دین پراچہ چاہتا ہے کہ صرف ایجنٹ بن کر کام کرے تو اسے نام بدلنا ہی ہوگا۔ اس امر کے لئے یا وہ سارا نام بدل دے یا احمد دین پراچہ کرلے۔ اس طرح کا نمبر ۹ ہو جائے گا۔ یا اپنا متعلقہ نمبر جو اس خاصیت کا ہو، جو ایجنٹ کے کام میں مدد دے۔ تو اسے حاصل کرنے کے لئے اپنا نام یا کوئی حرف تبدیل کر لینا چاہیئے۔ یاد رہے کہ متعلقہ نمبر ضرور کاروبار میں مدد کرتا ہے اور مخالف نمبر ہمیشہ رکاوٹ پیدا کرتا ہے اور زندگی کو ناکام بنا کے رکھ دیتا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا آپ اپنے کام اور کاروبار سے مطمئن ہیں؟

پیشہ وارانہ نمبر کی تلاش کا مقصد یہ ہے کہ آپ کو یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کا نام آپ کے متعلقہ کام یا کاروبار یا ملازمت سے متفق ہے، یا مخالف، اور یقینی طور پر یہ جاننے کے خواہش مند ہوں گے کہ کیا آپ کام اور کاروبار سے مطمئن ہیں؟ یا میرا کام کیسا رہے گا؟ یا میرا نمبر میرے لئے اس کام میں کہاں تک امداد دے گا؟

اس امر کے لئے مشہور نام کا نمبر نکالیں۔ یہ یاد رکھیں کہ متعلقہ نمبر کاروبار میں امداد دیتا رہتا ہے۔

اور مخالف نمبر رکاوٹ ڈالتا ہے۔ اب دو ہی صورتیں ہیں یا تو اپنے نام کے عدد کے مطابق کاروبار اختیار کریں۔ اور اگر کام کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ وہ آپ کی فطرت کا خاصہ بن گیا ہے۔ تو نام تبدیل کر دیں یا نام میں کمی بیشی کر لیں۔ جیسا کہ طبع چاہے یا کسی ماہر علم الاعداد سے مشورہ کریں۔

اب میں ذیل میں نمبروں کی اس تشریح کو بیان کروں گا۔ جو ان کے مخصوص کام اور پیشہ کو ظاہر کرتے ہیں۔

پیشہ وارانہ فطرت

یعنی کام کی نوعیت کے لحاظ سے نمبر جس قسم کی کاروباری یا ملازمتی فطرت یا صلاحیت بخشتے ہیں۔ وہ یہ ہے۔

۱ یہ نمبر مختلف اور بہت سے خود مختارانہ کاموں سے متعلق ہے۔ وہ لوگ جو کسی کام کی PLANING پلاننگ، یا ڈیزائننگ کرنا چاہیں۔ ان کی مدد کرتا ہے۔ کسی نئے کام کو ترتیب دینے یا پایۂ تکمیل تک پہنچانے یا ابتدائی طور پر اسے مکمل کرنے والوں کا یہ نمبر ہے۔ استاد، پروفیسر، لیکچرار، ریسرچ کرنے والے، حساب دان، سائنسدان، موجد، انجینئر یہ تمام کام ان لوگوں کو کرنا چاہیئے جن کا نمبر ایک ہو۔ وہ لوگ جنہوں نے پہلے کوئی نیا کام نہ کیا ہو۔ اور وہ کسی نئی کوشش اور نئے کام کو توجہ اور انہماک سے انجام دینے کے لئے دوڑ دھوپ کریں۔ یا وہ جو اس کوشش میں ہوں کہ کوئی نیا کام کریں۔ وہ سب اسی نمبر کی ذیل میں آتے ہیں۔ مختصر طور پر ایک نمبر ان لوگوں کے لئے ہے۔ جو بنیاد رکھنے والے اور تعمیری کام کرنے والے ہوں۔

۲ یہ نمبر سیاست، چالاکی، ہوشیاری، تدبر اور حیلہ جیسے کاموں کے لئے سب سے بہتر ہے۔ ثالث۔ وسیلہ والے سفارش کرنے والے، جج، سب اسی نمبر سے متعلق ہیں۔ یہ نمبر تمام بڑے نمبروں کو امداد دینے والا ہوتا ہے۔ یا ان لوگوں کے لئے جو نفرتیں رکھتے ہیں۔ یا فائل رکھتے ہیں۔ نمبر ایک والے انکو صحیح اعتماد، انصاف فیصلہ کے لئے رکھتے ہیں۔ یہ نمبر ان لوگوں کو جو صبر، استقلال اور برداشت رکھتے ہیں، تحفہ اور عطیہ دیتے ہیں۔ ہر قسم کے کاروبار اور کمرشیل بزنس والوں کا سرگرم نمبر ہے۔

۳ یہ نمبر بہت ہی سرگرم امداد ان لوگوں کو دیتا ہے۔ جو عوام کی ضروریات کو پورا کرنے والے ہوتے ہیں۔ حرکت اور جنبش اس نمبر میں ہے اور وہ لوگ جو تھیٹر اور اسٹیج پر ایکٹر کا کام کرتے ہیں۔ وہ آدمی یا عورتیں جو چل پھر کر چیزیں بیچتی ہیں، پبلسٹی مین، ایڈورٹائزنگ ایجنٹ، ریڈیو پر گانے یا ایکٹنگ کرنے والے، یا ادیب، وہ لوگ جو کام سے اکتا جانے والے ہوتے ہیں۔ سرگرم اور جوشیلے ہم انہیں نہیں کہہ سکتے۔ لہٰذا وہ لوگ جو کاہل آہستہ چال چلنے والے، ادھر اور دھیمے لیکن ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان کے لئے یہی نمبر ہے۔ یہ لوگ طوعاً کرہاً اور پریشانی یا بدحواسی کے عالم میں یکوزم کے کام کو سرانجام دیتے ہیں۔

۴ یہ نمبر انڈسٹری اور اشیاء بنانے والے کا ہے۔ یہ انجینئر اور تعمیری کام کرنے والوں کی مدد کرتا ہے۔

شہر کے نقشے بنانے والے۔ اہل حرفہ۔ دست کار، مستری، مشینوں اور کارخانوں، فیکٹریوں میں کام کرنے والے پروڈکشن کرنے والے اور ہر قسم کے سامان کو مکمل طور پر تیار کرنے والوں کا یہ نمبر ہے۔ مشکل کام جو عقل مند، صاحب فہم اور واقف کار آدمی ہی کر سکتے ہیں نمبر ۴ کے ماتحت ہیں۔ ثابت قدمی، استقلال اور جرأت جن لوگوں میں ہے نمبر ۴ ان سے متعلق ہے۔ یہ نوٹ کر لیں کہ یہ نمبر آرٹ اور زندہ دلی اور تصورات والوں کی مدد نہیں کرتا۔ افسانہ نویس، شاعر، ادیب اس نمبر کا کامیاب نہ بن سکے گا۔

۵ ایک ضابطہ اور مقررہ کام ROUTINE WORK کرنے والوں کے لئے یہ نمبر اچھا نہیں ہے۔ یہ نمبر ان لوگوں کے لئے ہے جو نئی تجویزوں اور نئے طریقوں سے کام کرنا چاہیں۔ جو موقعوں کے متلاشی ہوں۔ ترقی چاہتے ہوں اور بڑے پیمانہ پر کچھ کریں۔ یہ دلیرانہ اور بہادرانہ قسم کے کاموں کی مدد کرتا ہے۔ ایسے کام جو خطرناک ہوتے ہیں۔ یعنی مہم بازی کے کام اس سے متعلق ہیں۔ علاوہ ازیں وہ لوگ جو ان کاموں کو اپنے لئے پسند نہ کریں۔ اور وہ جو اس کام میں قطعی ناخوش ہوتے ہیں اور اگلی تنخواہ کے انتظار میں دن گزارتے ہیں وہ لوگ جو پراگندہ خاطر اور حیران رہتے ہیں۔ دوسروں کو پریشان کرنے والے، اور جو اپنے ذہن میں توازن نہیں رکھتے۔ یہ سب اس سے متعلق نہیں ہیں۔

۶ یہ نیک گھریلو عورت کے لئے خاص نمبر ہے (اگر کوئی عورت شادی کے بعد اپنا نام و خاوند کا نام ملا کر لیتی ہے تو اس نام سے عدد نکالیں)۔ یہ نمبر ایک دیانت دار اور خدمت گار کا ہے۔ جو شخص بھی اس نمبر کے ماتحت ہو گا وہ اسی قسم کا جذبہ ماتحتانہ اپنے اندر پائے گا۔ نیز یہ نمبر ان لوگوں کا ہے جو کسی ٹرسٹ کا کام کرتے ہیں۔ رفاہ عام کی ذمہ داری سنبھالتے ہیں اور جو اپنی زندگی دوسروں کے لئے وقف کر دیتے ہیں۔ نرسوں کے لئے یہ نمبر بہت امداد کرتا ہے۔ تبلیغی کام کرنے والوں۔ سوشل سروس کے آدمی اس نمبر کے ہوتے ہیں۔ اعتماد، یقین اور ذمہ داری ان لوگوں کے لئے وقف ہوتی ہے۔ یعنی ان پر پورا بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔

۷ یہ نمبر ان لوگوں کا ہے۔ جو اپنا کام بڑے پیمانہ پر کرتے ہیں۔ یہ لوگ دوسروں کی ماتحتی میں کبھی زندگی نہیں گزار سکتے۔ ہمت مردانہ رکھتے ہیں۔ امیدوں میں کسی حد تک کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ اپنے تحائف اپنے لئے اکٹھے کرتے رہتے ہیں۔ مشترک کام کرنے والوں کے لئے یہ نمبر نہیں ہے۔ یہ نمبر صرف ان لوگوں کا ہے جو اپنا راستہ اکیلے بناتے ہیں بغیر کسی کی امداد کے۔

۸ یہ نمبر ہر قسم کے ایگزیکٹو کاموں کے لئے ہے۔ کاروباری انتظام، انڈسٹری یا فائننس جو ان کے ذاتی اعتماد کی بنا پر ہو۔ ان کے موافق ہے۔ خاص طور پر یہ نمبر ان لوگوں کا ہے جو اس کام میں خاص پوزیشن حاصل کر لیں۔ یہ بزنس میں فیصلہ کن ہوتا ہے لیکن وہ ایک غیر متوقع انعام کا خواہاں رہتا ہے۔ یہ نمبر جلدی اور آسانی سے عروج حاصل کرنے کا نہیں ہے۔ نمبر ۸ سخت محنت اور وقت چاہتا ہے۔ بہت سی توقعات کافی عرصہ کے بعد اور مشکلات کے بعد حاصل ہوتی ہیں۔ وہ لوگ جو آسانی سے اور جلدی ہمت ہار بیٹھتے ہیں وہ اس نمبر کے کاموں سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ ان کے لئے تضیع اوقات اور سردردی کا باعث ہوں گے اس نمبر کے کاموں کے

مضبوط قوت ارادی کی سخت ضرورت ہے۔

۹ بزنس کامرس کے کاموں میں نمبر ۹ پرجوش اور سرگرم، ہوشیار اور تیز فہم بناتا ہے۔ ان لوگوں کے لئے جو آرٹ میں دلچسپی لیتے ہیں اور جو ذہنی تخیلات اور سوچ بچار میں خاص لیاقت رکھتے ہیں۔ یہ لوگ بہت ... ہوتے ہیں۔ ریسرچ کر کے ایسی چیز ایجاد کرتے ہیں جو بہت مقبول ہوتی ہے۔ ان آئیڈیل آدمیوں میں اگر جذبہ بھی ہو تو یہ نمبر بہت مدد کرتا ہے۔

کام کی بااختیار پوزیشن حاصل کرنے والوں کا غیبی نمبر

دنیا میں باقوت اور بااختیار لوگ بھی اپنی خوش بختی کا ایک نمبر رکھتے ہیں۔ یہ نمبر اعلیٰ درجہ کی قوت ... رکھتے ہیں۔ یا قوتِ اقتدار کے مالک ہوتے ہیں۔ اکیلے اپنی زندگی بنانے والے ہوتے ہیں خود مختار ہوتے ہیں انفرادی طور پر خاص درجہ کے مالک ہوتے ہیں۔ فارمولے بناتے ہیں اور ان کے عملی اقدام کے لئے خاص ... رکھتے ہیں۔ یہ لوگ کسی بھی قسم کے ایگزیکٹو کاموں یا ڈائریکٹرشپ یا کاروباری سرکردہ پوزیشن کے ... یا آرٹسٹک دنیا کے سرکردہ افراد ہوتے ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے۔

۱ آرٹسٹک، تھیٹریکل یا میدان فروخت کے لیڈر کی حیثیت سے کبھی فیل نہیں ہوتے۔ ڈائریکٹرشپ ... وں کو عملی جامہ پہنانے میں عظیم کردار ثابت ہوتے ہیں۔ آرائش و نمائش کے سلسلے میں ان کی صلاحیت ... قدر ہوتی ہے۔

۲ خوراک، فیشن اور ہوٹل کا کام، ذاتی جائیداد اور گھریلو استعمال کی اشیاء بنانے والوں کے ... کی حیثیت سے بہتر ثابت ہوتے ہیں۔

۳ یہ نمبر عبادت گاہوں، میونسپل کمیٹیوں یا شہری انجمنوں اور کسی پیشہ کو اختیار کرنے کا مشورہ دینے ... وں کے لیڈر کی حیثیت سے بہت مفید ہے، آرٹ گیلری، انجینئرنگ کے صلاح کار اور بچوں کی کھیلوں ... پروگرام بنانے والوں کے لئے موزوں ہے۔

۴ دفتر یا فیکٹری کے کسی بھی قسم کے ایگزیکٹو کاموں کے لئے بہتر ہے۔ ملازموں کے بڑے گروہ کے لیڈر ... اور محلہ کی آرگنائزیشن کی مصروفیات میں حصہ لینے کے لئے بہترین ہے۔ ملازموں کی کسی قسم کی ڈائریکٹر ... پ کے لئے بھی موزوں ہے۔

۵ سیلزمین اور سفری ایجنسیوں کے انچارج بہتر رہتے ہیں۔ ہوائی اور سمندری جہازوں کے امور، جنگلات ... انی اور سمندروں کے ضروری مفاد کے ایگزیکٹو کاموں کے لئے مفید ہیں۔

۶ ٹیلی ویژن پروڈیوسر، ایگزیکٹو آفیسر، ڈائریکٹر یا ٹیکیشن کے لئے بہتر ہے۔ ایڈورٹائزنگ، اکاؤنٹنٹ کے ڈائریکٹر، آرٹ ڈائریکٹر، ہوم کرافٹ اور سلائی کا کام کرنے والی فیکٹریوں کے انچارج مشیر بہتر رہتے ہیں۔

۷ مذہبی کاموں کے لئے ایک اعلیٰ پوزیشن، سوشل یا انتظامی یا قانونی امورات کے انچارج۔ نیز مساجد کے متولی یا مہتمم بہتر رہتے ہیں، سائنسدان اور نیچرلسٹ کے لئے مناسب نمبر ہے۔ ایجادات کرنے والے اور تخلیقی سوچ بچار کرنے والوں کا یہ نمبر ہے۔

۸ قانون دان طبقہ، کارپوریشن والے، بینکرز، جاری سرمایہ کا کونسلر، بجٹ ڈائریکٹر اور بجٹ تیار کرنے والے، اعلیٰ قانونی افراد کے لئے یہ نمبر ہے۔ کیش رجسٹر کے ساتھ متعلق رہنے والے آدمی اپنی قابلیت کا بہتر اظہار کرسکتے ہیں۔ اگر وہ آٹھ نمبر کے ہوں۔

۹ تھیٹر میں کام کرنے والوں۔ ریڈیو اور فلم میں کام کرنے والوں کے لئے بہتر نمبر ہے۔ کالج ایڈمنسٹریشن مقامی عبادت گاہوں کے متعلقہ افراد کا لیڈر ہونا موزوں ہے۔ عمدہ تھیٹر بھی بن سکتا ہے۔ اگر وہ کوشش کرے

ملازمت میں مددگار پوزیشن

اختیار کرنے والوں کا غیبی نمبر

یہ لوگ فطرتاً امداد دینے والے ہوتے ہیں۔ اپنی قابلیت اور ہوشیاری سے کام لیتے ہیں۔ اتحاد کے لئے گرہ لگانے والے ہوتے ہیں۔ ملازمت میں آرگنائزیشن میں حصہ لینے والے جہاں ان کو اپنی شہرت اور نفع ملے کام کرتے ہیں۔ ان تمام نمبروں میں ۲ نمبر مکمل ہے۔ ۲ نمبر پیش آنے والے تجربات میں دلچسپی لینے والے ہوتے ہیں۔ تفصیل ان کی یہ ہے۔

۱ ایگزیکٹو سیکرٹری، اسسٹنٹ منیجر، اسٹور یا ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ، خریداری کرنے والوں کے اسسٹنٹ، اسسٹنٹ چیف۔

۲ ۔بیوی کے لئے بہترین نمبر ہے۔ نرسیں۔ لوگوں کو کسی کام میں مدد دینے کی ملازمت، ایسے لوگ جو کمزور اور ناتواں لوگوں کے تئے ساتھی کا کام دیتے ہیں۔ اس نمبر کے ماتحت ہیں۔

۳ یہ لوگ گھر کے کسی کام کے لئے بہتر ثابت ہوتے ہیں۔ اندرونی کام کے ڈائریکٹر، آیا، گھر کا کام یا بورڈنگ کی انچارج HOUSE MOTHER یا ہوٹلوں کے لئے خوراک کی تفصیل بتانے والے اور آرڈر لینے والے یا والیاں نمبر ۳ کی بہتر ثابت ہوتی ہیں۔

۴ سیکرٹری کے لئے موافق ہے۔ فائل کلرک اور ایسی ملازمتیں جن میں تفصیلی امور کی طرف پوری توجہ

EXECUTIVE

دی جاتی ہو۔ اختیار کریں تو بہتر رہیں گے۔

۵ سفری ساتھی بہترین ہے۔ مہتمم یا مہتمہ یا منتظمہ۔ سمندری لائنوں کے اداروں سے متعلقہ افراد کی فہرست رکھنے والے۔ یہ لوگ ایسی ملازمتوں میں خوش رہتے ہیں جو ان کو سفری سہولتیں دیں۔ یا سفر کرتے رہنے والے لوگوں کے لئے یہ نمبر موزوں ہے۔

۶ تھیٹریکل کسی بھی کام میں مدد دیتا ہے۔ تحریری کام کرنے والوں اور ادیبوں کے سیکرٹری کے لئے موزوں ہے۔ ملٹری ڈیزائنروں کے اسسٹنٹ اور ہیٹ یا ٹوپی بنانے والوں کے لئے موافق ہے۔

۷ مذہبی لیڈر اور پیشوا بننے میں ترقی ہوسکتی ہے۔ مزدوروں کی فہرستیں رکھنے والے لیبر کے اداروں کے سیکرٹری ہونا۔ سائنسدانوں کے مددگار اور کالج کے پروفیسر نمبر ، والے بہتر رہتے ہیں۔

۸ بنک کی معمولی ملازمتوں کے لئے موزوں ہے مکانوں کے دلال اور رفاہِ عامہ کی انجمنوں، مثلاً ریڈ کراس یتیم خانے وغیرہ سے متعلق ہونا فائدہ دیتا ہے۔

۹ ہاتھ اور ناخنوں کی صفائی کرنے والوں کے لئے موزوں ہے۔ توشہ خانہ اور کپڑوں کی منتظمہ کے لئے بہتر ہے۔ وہ لوگ جو سائنس میں دلچسپی لیتے ہیں اور وہ لیبارٹری ٹیکنیشن کے کام کے لئے بہتر ثابت ہوتے ہیں۔ اس نمبر سے متعلق ہیں۔

آرٹ سے تعلق رکھنے والوں کا غیبی نمبر

اگر آرٹ سے تعلق رکھتے ہیں تو کون سا نمبر کس قسم کے آرٹ میں فائدہ دیتا ہے؟ یہ ذیل سے معلوم ہوگا۔

یہ لوگ ذاتی وقار اور خود اعتمادی سے کام لینے والے ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے اعلیٰ کامیابیوں کے لئے خوش قسمت ثابت ہوتے ہیں۔ جو کچھ بھی آرٹسٹک یا تھیٹریکل آرٹ سے ان کو معلوم ہو وہ ان کی ظاہری زندگی کا حصہ بن جاتا ہے۔ گھر اور خاندان کو بہت پسند کرتے ہیں۔ محبت ان کے لئے ہوائی چیز ہے۔ جذبہ محبت کا نظریہ یہ رکھتے ہیں کہ خوش رہو اور خوش رکھو۔

آرٹ کے نقطہ نظر سے ۶ کا نمبر کامل ہے۔ بہرحال یہ لوگ ذیل کے میدان میں اچھا کام یا روزگار حاصل کرسکتے ہیں۔

۱ آرٹسٹک اور قوتِ تخلیق میں طوفان پیدا کرسکتے ہیں۔ تھیٹر یا پینٹنگ میں نمایاں شہرت حاصل کرسکتے ہیں۔ یا فلم پروڈیوسر یا فلم ڈائریکٹر اپنے نئے تخیل سے حیران کن تخلیقی کام کر جاتے ہیں۔

۲ بیرونی سجاوٹ کے لئے اچھا ذہن رکھتے ہیں، فرنیچر، فیبرک ڈیزائنر، غذائی ضروریات کے کاموں میں کام آتے ہیں۔ دعوتوں کا انتظام خوب کرتے ہیں۔ فیشن کے ڈیزائن میں نئے تخیل پیش کرتے ہیں۔

۳ اس شخص کے لئے آرٹسٹک دنیا کے تمام دروازے کھلے ہوتے ہیں۔ صرف دو نمبر کے گروپ ہو[illegible]
ہیں۔ ۳ - ۶ ، اور ۳ - ۹ ، یہ پرانے طریقہ کو کبھی نہیں دہراتے۔ ہر وقت اچھوتا تخیل لاتے ہیں۔ بہتر[illegible]
تخلیقی ذہن کے مالک ہوتے ہیں۔

۴ آرکیٹکٹ اور ڈرافسمین اس نمبر کے ماتحت کامیاب رہتے ہیں۔ اخراجات کا تخمینہ لگانے وا[illegible]
پبلشنگ اداروں میں بک کیپنگ کرنے والے بہتر رہتے ہیں۔ پینٹ اور چاک کے استعمال سے جزئیات کی باریکیو[illegible]
تک کام کرنے والے کے موافق ہے۔

۵ سفری تھیٹر نائٹ کلب کے آرٹسٹوں کے لئے اور ان آرٹسٹوں کے لئے بھی موزوں ہے جو بیرونی مقا[illegible]
پر آرٹ کا مظاہرہ کرتے ہیں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ہوائی جہازوں کے ڈیزائنر اور بوٹ (BOAT) بنانے وا[illegible]
کے لئے بہتر ہے۔

۶ یہ بھی ایک اعلیٰ آرٹسٹک نمبر ہے۔ یہ لوگ عملی ہوتے ہیں اور روپیہ کو بچاتے ہیں اور تجوری میں بند کر[illegible]
جاتے ہیں۔ یہ نمبر تھیٹر والوں کے لئے موزوں ہے۔

۷ موسیقی جاننے والوں کے لئے بہتر ہے اور ان لوگوں کے لئے موزوں ہے جو لائبریری میں کام کر[illegible]
فوٹوگرافر کے ہاں اس نمبر کے لوگ کام کریں تو کامیاب رہیں گے۔

۸ پوسٹر کے ڈیزائن بنانے والے اور پبلک اظہار نمائش کے لئے پبلسٹی ڈیزائن کے لئے خوب کام کر[illegible]
ہیں۔ عظیم کمپنیوں اور بلڈنگوں کے اندرونی ڈیزائن بنانے والے، لوہے کا کام کرنے والے اور لکڑی کا کام
کرنے والوں کے لئے بھی یہ نمبر مفید ہے۔ یعنی جالیاں یا اور ڈیزائن بنانے والے۔

۹ یہ ایک اور موافق نمبر ہے جو نفسیاتی اور روحانی ماہرین کے لئے بہترین ہے سو وہ اس میں کماتے ہیں
ہسپتالوں میں کام کرنے والے اور سمندری جہازوں میں کام کرنے والوں کے لئے موافق ہے۔ لوہار اور قصا[illegible]
اور ڈینٹسٹ بھی بہتر رہتے ہیں۔

روحانی نمبر

روحانی نمبر وہ ہے جسے آپ مونوگرام نمبر بھی کہہ سکتے ہیں۔ جو نام کے ابتدائی حروف سے حاصل ہوتا [illegible]
اس نمبر کی مطابقت پر آپ کی خوشی اور زندگی میں کامیابی کا دارومدار ہے۔ اس سے آپ کی روزمرہ زندگی کی [illegible]
ناہمواری کا پتہ چلتا ہے۔ اس سے ہم یہ بھی معلوم کر سکتے ہیں کہ کیا ہم غم اور مصیبت کو خندہ پیشانی سے برداشت
کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں؟

روحانی نمبر ہماری زندگی کی دشواریوں کو حل کرنے کا واحد طریقہ ہے۔ اگر آپ فطرتاً خاموش اور سنجیدہ ہیں تو آپ
زندگی میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ اگر آپ کا روحانی نمبر آپ کی خوشی اور دلچسپی پر دلالت کرے تو آپ کی [illegible]

فطرت قدم قدم پر آپ کے روحانی نمبر کی مطابقت چاہے گی۔ اس طرح ایک خوش باش اور ہنس مکھ انسان
ہمیشہ اپنی مسکراہٹ کی تہ میں سنجیدگی اور غمی کا طوفان موجزن دیکھے گا۔ اگر اس کا یہ روحانی نمبر سنجیدگی
کے مطابق ہو۔

زندہ دل حمید احمد منوّر ہمیشہ اپنی محفل کی زندگی بننے کی کوشش میں رہے گا۔ اور باوجود انتہائی کوشش
کے وہ مسکرانے میں ناکام رہے گا۔ اب ذرا اس کا روحانی نمبر دیکھئے۔

روحانی نمبر دیکھنے کے لئے نام کے ابتدائی حروف لیجئے۔ حمید، احمد، منوّر کے نام کے ابتدائی حروف
ح - ا - م - ہیں۔ جس کا مطلب ہے ۸ + ۱ + ۴ = ۱۳ مفرد کرنے سے ۳ + ۱ = ۴ ہوا۔ چنانچہ حمید کا مونوگرام
نمبر یا روحانی نمبر ۴ ہوا۔ آگے پیش کر دیئے ہوئے خاکے کے مطابق حمید احمد منوّر کا نمبر اس کے مطابق نہیں
چنانچہ اسے چاہیئے کہ وہ اپنا تخلص منوّر رکھنے کے بجائے جابر رکھ لے۔ اب اس کا مونوگرام ہوا ح - ا - ج
نمبر ہوئے ۸ + ۱ + ۳ = ۱۲ = ۳ یہ اس کے لئے موافق نمبر ہے۔ اور اس نمبر کے تحت وہ حقیقی طور پر مسرور
زندگی بسر کرے گا۔ وہ لوگ جو غمگین زندگی رکھتے ہیں وہ ان کے نام کا اثر ہوتا ہے۔

روحانی نمبروں کا خاکہ

۱ یہ نمبر ان کے لئے موزوں ہے جو فطرتاً ہنگامی زندگی کے حق میں ہوں گے۔ یہ آدمی جھوٹے ہنگاموں
اور واقعات کے قائل نہیں ہوں گے بلکہ حقیقی طور پر ایسے ہوں گے۔ یہ کبھی اس بات کی پرواہ نہیں کریں گے کہ
ہنگامہ پرور زندگی کو دنیا کس نگاہ سے دیکھے گی۔ بلکہ کسی بات کی پرواہ کئے بغیر اپنے مقصدِ حیات کی طرف
بڑھتے چلے جائیں گے۔

۲ یہ نمبر اپنے حامل کے "معتقد" ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اس نمبر کا آدمی کبھی کوئی بات اندھا دھند
نہیں کرے گا۔ اور نہ ہی وہ بات کرے گا جو اس کے ذہن میں آئے۔ وہ دوسروں کی بات سنے گا۔ اور اگر وہ
درست ہوئی تو اس پر پورا اعتقاد رکھے گا اور جو مخالف ہوئی اس کے برخلاف اپنی رائے دے گا۔ لیکن عمل
اسی بات پر کرے گا جو اس کے لئے فائدہ مند ہو۔

۳ یہ نمبر مستقل مزاجی اور خوش اعتمادی پر دلالت کرتا ہے۔ اس کا حامل اپنے دل کی بات دوسروں کو سنائے
گا اور دوسروں کی بات مستقل مزاجی سے سنے گا۔ یہ نمبر اس انسان کے لئے موزوں نہیں ہے۔ جس کا خوش ہونا محض
دولت اور سامانِ عیش پر موقوف ہو۔ اس کی زندگی میں کئی قسم کی دلچسپیاں ہوں گی اور وہ کئی دلچسپیوں کو خود ساخت
کر سکتا ہے۔

۴ یہ نمبر اس انسان کے لئے موزوں ہے۔ جو محنتی اور جفاکش ہو۔ جو اپنی خوشی کو بے کار وقت
ضائع کرنے میں نہ سمجھے۔ بلکہ انتھک کام کرنے ہی خیال کرے۔ یہ اپنی جفاکشی اور محنت پر مغرور ہوں گے
اور زندگی میں بڑی سے بڑی ناکامی پر بھی مایوس نہ ہوں گے۔ ان کا مقولہ ہو گا کہ "ہمت مرداں۔ مددِ خدا"۔ یہ نمبر مستقل

مزاجی کا حامل ہے۔ متلون مزاجی کا نہیں۔

۵ یہ نمبر اس کے لئے موزوں ہے جو اپنی مرضی کے مطابق ہر کام کرے۔ جو کسی کی نکتہ چینی کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے جو قدم اٹھائے اپنی مرضی کے مطابق اٹھائے۔ یہ نمبر اس کے لئے موزوں نہیں جو حفاظت اور ذہنی سکون کو مدِنظر رکھے اور انہیں ہر بات پر ترجیح دے۔ یہ نمبر اس کے لئے موزوں ہے جو من مانی کرے۔ چاہے اسے اس میں نقصان ہو یا نفع۔ لازماً اس نمبر کے زیرِ اثر انسان بہت کم موقعوں پر فائدہ میں رہے گا۔

۶ یہ نمبر انسان کے خاموش اور امن پسند شہری ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ جو قوم کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے پر دریغ نہیں کرے گا۔ سوائے اپنے بھائیوں کے فلاح و بہبود کے اور کچھ نہ سوچ سکے گا۔ وہ کبھی جھوٹی تعریف اور اشتہار بازی کا قائل نہ ہو گا۔ بلکہ وہ بات کرے گا جس کا پھل مدتوں کے بعد ظاہر ہو اور قوم کے لئے سود مند ہو۔ وہ ذاتی مفاد کو کبھی پیشِ نظر نہ رکھے گا۔

۷ یہ نمبر ان کا ہے۔ جو زندگی کی ہر بات میں کامل ہونے پر اعتقاد رکھتے ہیں۔ یہ لوگ مستقل مزاج ہوں گے اور ثابت قدم۔ یہ کبھی اس بات کو تسلیم نہ کریں گے جو نامکمل ہو۔ یہ لوگ ساتھ ہی ساتھ بہت سوچنا اور غور و فکر کے عادی ہوں گے اور تنہائی پسند۔ یہ نمبر ان کے لئے بالکل غیر موزوں ہے جو تیز طبیعت اور متلون مزاج ہوں۔

۸ یہ نمبر ان کا ہے جو تخیلاتی چیزوں کے ساتھ ساتھ عمل کے بھی قائل ہوں۔ یہ ان کو مدد دیتا ہے۔ جو زندگی کا ایک مدعا ڈھونڈ لیتے ہیں اور بلا تکان اس کی طرف بڑھنا شروع کر دیتے ہیں اور بالآخر وہاں تک پہنچ جاتے ہیں۔ ممکن ہے کہ بعض جگہ ان کو اپنے اصول بدلنے کی ضرورت پڑے۔ لیکن آخر وہی ہو گا جو ان کا مقصد ہو۔ یہ نمبر خصوصاً ان کا ہے جو دولت اور کامیابی کی دھن میں مست ہوں۔ اور ان کو حاصل کرنے کے لئے وہ ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہوں۔

۹ یہ نمبر اس شخص کا مددگار رہے گا۔ جو اپنے ساتھیوں میں ممتاز حیثیت کے مالک ہوں اور لیڈر بننے کی اہلیت رکھتے ہوں۔ یہ نمبر اپنے ماتحت انتھک کوششیں اور چٹان کی طرح مضبوط جذبہ رکھتا ہے۔ یہ لوگ اس وقت خوش ہوں گے جب وہ اپنے ساتھیوں کے لئے کچھ آسانی پیدا کریں۔ اور ان کی بہبودی کی ترکیب نکال لیں۔ یہ نمبر ان کے لئے موزوں نہیں جو آدمیوں کا ایک مجمع دیکھ کر گھبرا جائیں اور ان کی زبان میں لکنت آجائے اور وہ اپنے گھر کی پرسکون زندگی کو مجلس نا ہموار پر ترجیح دیں۔ ان لوگوں کو یہ نمبر بیچارگی میں مبتلا کر دیگا۔

خُفیہ نمبر

آپ کے مستقبل کی ایک جھلک

قدیم مصری باشندے پہلے ترقی یافتہ لوگوں میں سے تھے جو نمبروں کی کرامات کے قائل تھے اور یہ مان چکے تھے کہ کس طرح روز مرہ کی زندگی اور مستقبل پر حکومت کرتے تھے۔ وہ کئی فارمولے اور رجاعد ہمارے لئے چھوڑ گئے

ہیں جو کہ محض نمبروں کی ساخت ہیں۔

وہ مذہبی پیشوا جو اہرام مصر کی تخلیق سے بھی سینکڑوں سال پہلے گزرے ہیں وہ نمبروں کی کلید سے مستقبل کی گرہ کھول لیتے تھے۔ یہ خاکہ جو آگے دیا جائے گا۔ یہ انہی وقتوں سے شروع ہے۔ لیکن موجودہ وقت کی زندگی کی تبدیلیوں کو پیشِ نظر رکھ کر مختصر سی تبدیلی کے ساتھ درج کیا جاتا ہے۔ جس سے آپ اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ یوں سمجھ لیں کہ جو کچھ ان نمبروں کی خاصیت لکھی گئی ہے۔ اس سے زندگی کا اہم واسطہ ہے اور وہ ضرور واقع ہو گا۔ نیز ایک مخصوص مشورہ ہے۔ خفیہ نمبر کو حاصل کرنے کے لئے آپ اپنے اصلی نام مونوگرام اور سال پیدائش کے نمبر لیجئے پھر اسے دو سے ضرب دیجئے جیسا کہ مثال سے ظاہر ہے۔ محبوب عالم ۱۹۱۴ء میں پیدا ہوا تھا۔ اس بات کے شروع میں دیئے ہوئے اعداد سے اس کے نمبر شمار کیجئے تو محبوب کے ۴ اور عالم کے ۶ حاصل ہوں گے۔ مفرد کرنے سے یہ نمبر حاصل ہوئے۔ اس کے بعد اس کا مونوگرام نمبر لیجئے م۔ ع، و ۵ ۲ ہوگا۔ اس کے بعد اس کے سال پیدائش کے نمبر لیجئے ۱۹۱۴ء یہ ۶ ہوئے۔ چنانچہ اس کے کل نمبر یہ ہوں گے۔ محبوب۔ عالم۔ م ع۔ ۱۹۱۴ء یہ سب نمبر اکٹھے کئے جائیں گے۔ لیکن مفرد نہ کئے جائیں گے۔ کل میزان ہوئی ۱۸۔ اس کو ۲ سے ضرب دیا جائے تو = ۳۶ اس کا خفیہ نمبر ہے اس کے حالات خاکہ میں مطالعہ کیجئے۔

اگر آپ کا نمبر ۴۸ سے زیادہ ہو تو اسے دو سے ضرب نہ دی جائے گی۔ بلکہ اسی طرح خاکہ دیکھا جائے گا۔

نوٹ:۔ اگر کسی آدمی کے ابتدائی حروف ایک ہی ہوں مثلاً م م تو دو سے ضرب دینے کے بعد ایک جمع کر لینا چاہیئے۔

خفیہ نمبروں کا خاکہ

۸۔ اگر آپ بڑے سے بڑے مرحلے کو قوتِ ارادی کے زور سے حل کریں گے تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ آپ کی خواہش کیا ہے اور اسے فتح کر لیں گے۔ لیکن یہ عہد کر لیجئے کہ کوئی دوسرا آپ کی کوششوں کے طوفان سے نقصان نہ اٹھا بیٹھے۔ آپ دل سے زیادہ دماغ پر زور دیجئے۔

۹۔ آپ کی ترقی کے راستے میں کوئی چیز حائل نہیں ہو سکتی۔ سوائے آپ کے۔ آپ یقین کر لیجئے کہ اگر آپ مستقل مزاج رہیں تو آپ کی قوتِ ارادی آپ کو کبھی دھوکہ نہیں دے گی۔ جو آپ سوچ لیں۔ اس کے متعلق کسی سے مشورہ نہ کریں۔ کیونکہ آپ کا دماغ بہت مضبوط ہے۔ جس سے آپ مشورہ کریں گے۔ اس کا دماغ آپ سے گھٹیا ہو گا۔

۱۰۔ یقین کر لیجئے کہ آپ جو چاہتے ہیں۔ وہ آپ کے لئے حاصل کرنا ممکن ہے۔ لیکن اندھا دھند کسی چیز کے پیچھے پڑنا اور اس کے ہی خواب دیکھتے رہنا۔ آپ کو بہت نقصان دے گا۔ اس کی خواہش کیجئے جو واجب ہو تو آپ کامیاب ہو جائیں گے۔

۱۱۔ آپ کو زندگی میں کئی قسم کی کشمکشوں سے دو چار ہونا پڑے گا۔ یقین کر لیجئے کہ آپ کا مدعا سر زندگی بجا ہے سب جانیں۔ دوسروں کے کہنے پر مت جائیے اور اپنے کام کو ہمت سے کیجئے۔ فتح و کامرانی آجائے

قدم چومنے کو تیار ہے۔

۱۲۔ رنج والم کے کٹھن دور کو مستقل مزاجی اور ہمت سے بسر کیجئے۔ آپ کے راستے میں چند ایک مشکلات حائل ہیں۔ لیکن یہ نہ ہو کہ وہ آپ کی ہمت پست کر دیں اچھے دنوں کا انتظار کیجئے۔

۱۳۔ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے مزید معلومات اور علم حاصل کیجئے۔

۱۴۔ کسی بات میں آپ بہت جلد کامیاب ہو رہے ہیں۔ لیکن محتاط رہیئے۔ آپ کی خوشی عنقریب ہی رنج میں تبدیل ہو جائے گی۔ لیکن بُرے وقت سے ہر وقت خبردار رہیئے۔

۱۵۔ آپ پر عنقریب ہی ایک مشکل وقت آنے والا ہے۔ جو آپ کی شخصیت سے متعلق ہے۔ آپ ایسے وقت میں کسی ایسے شخص سے مشورہ لیں۔ جسے آپ بہترین دوست سمجھتے ہیں۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ اپنے ذہن پر بھی زور دیجئے۔ اپنے تمام راز کسی کو مت سنایئے۔ آپ کی آواز سے زیادہ آپ کی حرکات و سکنات میں زور ہونا چاہئے۔

۱۶۔ یقین کر لیجئے کہ آپ کے مدعائے نظر میں کوئی قابلِ اعتراض بات نہیں ہے اور نہ بے ایمانی۔ دنیا کی آواز پر دھیان نہ دیجئے۔ وہ وقت دور نہیں کہ آپ کی شہرت کافی پھیل جائے اور آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں۔

۱۷۔ آپ کے راستے میں ایسی مشکلات ہیں جو بظاہر آپ پر قابو پا لینے والی معلوم ہوتی ہیں اور آپ کو ایسی پیچیدگیوں سے بھی دو چار ہونا پڑے گا۔ جن کا کوئی حل آپ کو دکھائی نہ دے۔ لیکن آپ چٹان کی طرح اپنے ارادے پر قائم رہیں۔ عنقریب ہی آپ کی حالت بہتر ہو جائے گی اور یاس والم کے بادل چھٹ جائیں گے۔

۱۸۔ آپ کو اپنے ماحول میں رہنے والوں کی طرف سے ایک قربانی دینی پڑے گی۔ جو ممکن ہے آپ کو کٹھن اور ناگوار معلوم ہو۔ لیکن دل ہی دل میں وہ لوگ آپ کے معترف ہونگے۔ ممکن ہے کہ اس سلسلے میں ایک خطا بھی کھائیں لیکن وہ دیرپا نہ ہوگی۔ رفتہ رفتہ آپ کے حالات سدھر جائیں گے۔

۱۹۔ آپ کسی انسان یا واقعہ سے بہت مایوس ہوں گے۔ اس سلسلے میں آپ کا اپنے جذبات پر قابو نہ رہے گا اور آپ کو دوسروں سے قسم قسم کی باتیں سننا پڑیں گی۔ آپ کو اس کے بعد غیر متوقع خوشی نصیب ہوگی۔

۲۰۔ آپ اس اثر اور صحبت سے دور رہیں۔ جو آپ کی ہمت کو گرہن لگا دے۔ آپ پر وہ وقت پڑنے والا ہے کہ آپ کی ہمت آپ کو جواب دے جائے گی۔ اگر آپ اسے روحانی طاقت اور جسمانی طاقت سے روک لیں گے تو آپ بے مثال طریقہ سے کامیاب ہوں گے۔

۲۱۔ آپ کو ایک غیر متوقع جذبہ کے سلسلہ میں پریشانی ہوگی۔ جس کی وجہ خود آپ کو بھی معلوم نہ ہوگی۔ بعض اوقات آپکے جذبات اچانک برانگیختہ ہو جائیں گے اور بعض اوقات آپ کو دل پھٹا ہوا محسوس ہوگا۔ آپ خبردار رہیں۔ آپ کی زندگی بدستور ہمواری سے بسر ہوگی۔

۲۲۔ اگر آپ نے اپنی عادات اور خصائل کو بر وقت نہ سدھار لیا اور اپنے اوضاع و اطوار میں ایک غیر معمولی تبدیلی پیدا نہ کر لی تو بہت جلد آپ مصیبت کے اندھے غار میں منہ کے بل گر پڑیں گے آپ کی موجودہ چال غیر عقلمندانہ اور جھوٹے غرور پر مبنی ہے۔

۲۳۔ اپنے موجودہ تعلیمی ادارے کے سلسلے میں یا کسی ایسے ادارے میں آپ کو بہت بڑی فتح ہونے والی ہے اس فتح کا انحصار آپ کی اس محنت پر ہے جو لگاتار کئی سال سے آپ انتھک طریقے پر کر رہے ہیں۔

۲۴۔ یہ ایک خطرے کی علامت ہے۔ ایک بہت بڑی مصیبت آپ کا راہ دیکھ رہی ہے جو آپ کے ایک قریبی دوست سے پیدا ہوگی۔ یہ دوست وہ ہے۔ جس پر آپ کو کامل اعتماد ہے۔ لیکن فی الحقیقت آپ کا دشمن ہے۔ آپ اس کے خوشامدانہ الفاظ نہ جایئے اور ہر قدم پر احتیاط کیجئے۔

۲۵۔ یہ ایک نہایت سازگار نشانی ہے۔ آپ کے لئے ایک بہت بڑی خوشی پیدا ہونے والی ہے جو محبت کے سلسلے میں ہوگی۔ یقین کیجئے کہ جو کچھ آپ کے گھر ہے وہ آپ کے لئے بہتر ہے۔ دوسروں کے دل کو موہ لینے والے الفاظ پر نہ جایئے۔ اگر آپ اس نصیحت پر کاربند رہے تو آپ کی خوشی دیرپا ہوگی۔

۲۶۔ آپ اس بات سے خبردار رہیئے کہ آپ جلدی سے مطمئن نہ ہو جائیں۔ ورنہ آپ اس الجھن میں پڑ جائیں گے جو آپ کو ختم کر دے گی۔ کوئی بات بھی جو اپنی ذات سے وابستہ سمجھیں اس پر احتیاط سے غور کر لیجئے۔ آپ کے لئے زندگی کا وسیع میدان کھلا ہے۔ عقل و ہوش سے ہر بات کا جائزہ لیں اور کوئی کام کرنے سے پہلے تین بار سوچ لیں۔

۲۷۔ آپ کے لئے سوائے کامیابی کے اور کچھ نہیں۔ آپ دولت شہرت اور مسرت کے مالک بن سکتے ہیں۔ لیکن اس کا انحصار آپ کی وسعت خیال پر ہے اور آپ کے کام میں مستقل مزاجی ہے۔ یقیناً آپ کی خواہش اگر بڑی نہ ہوگی تو آپ بلند باتیں نہ سوچ سکیں گے۔

۲۸۔ آپ کے مستقبل میں کچھ سیاہ بادل لہرا رہے ہیں۔ بغیر خطرے سے آگاہ کئے آپ پر مصیبت آجائے گی۔ اس وقت آپ کے کسی دوست کی مدد آپ کی رہنمائی کرے گی یاد رکھیں۔

۲۹۔ آپ کی خواہشات اور ارادوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے آپ کو ایک ایسے ساتھی کی ضرورت ہوگی جو بہت بڑی طاقت کا مالک ہو۔ آپ کے ہاتھ میں جو کام ہے اس کو شروع کرنے سے پہلے آپ مدد حاصل کر لیجئے۔

۳۰۔ ایک ہستی جو آپ سے مختلف جنس ہے وہ آپ کے مقصد حیات کو پورا کرنے کے لئے ایک خاص اثر رکھتی ہے۔ یہ انسان آپ سے بڑی عمر کا ہے۔ آپ کی اس سے صرف دوستی پیدا ہوگی۔ محبت نہیں۔ جب تک آپ اس اجنبی ہستی سے نہ مل لیں آپ کامیاب نہ ہو سکیں گے۔

۳۱۔ آپ کے خواب و خیال اور آپ کی حالت کے درمیان جو مشکلات حائل ہیں ان کا غلط اندازہ نہ لگایئے آپ ان پر قابو پا سکتے ہیں۔ لیکن انتھک محنت کے بعد کسی کی مدد یا سہارا مت ڈھونڈھیئے۔ ہر بات کا انحصار آپ کے اپنے اوپر ہے۔

۳۲۔ آپ زندگی میں کچھ بھی حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ اپنے دماغ میں بسے ہوئے خیالات کو جو دولت حاصل کرنے کے سلسلے میں ہیں۔ دماغ سے نہ نکال دیجئے۔ ان خیالات میں کچھ نہیں ہے۔ آپ محض اپنا وقت اور طاقت ضائع کر رہے ہیں۔

۳۳ ۔ آپ اپنے موجودہ کاروبار پر جمے رہیں ۔ آپ کے دل میں ایک ایسا خوش قسمت جذبہ بیدار ہوگا جو آپ کے لئے بہت فائدہ مند ہوگا ۔ اس پر آپ پہلے مذاق اڑائیں گے ۔ لیکن اس پر عمل کرنے سے آپ حیران کن طریقے سے کامیاب ہوں گے ۔

۳۴ ۔ آپ اپنے دوستوں اور تجارت سے تعلق رکھنے والوں سے خبردار رہیں ایک مصیبت آپ کے راستے میں حائل ہونے والی ہے جو ممکن ہے کہ آپ کے دوستوں کی وجہ سے نہ ہو ۔ آپ کو ایک بڑے مرحلے سے گزرنا پڑے گا اور آپ کی مالی پوزیشن گر جائے گی ۔

۳۵ ۔ آپ اپنے ارادے پر کاربند رہیں اور اس بات کی پروا نہ کریں کہ کوئی آپ پر ہنستا ہے یا آپ کا حوصلہ پست کرتا ہے ۔ آپ وہ کام کرنے والے ہیں جو کوئی اور نہیں کر سکا ۔ اور جو آپ کے لئے دولت اور مسرت لائیگا اپنے ارادے کسی پر ظاہر نہ کریں ۔ ورنہ نقصان کا احتمال ہے ۔

۳۶ یہ بڑی خوش نصیب نشانی ہے ۔ آپ کسی بات پر نہ گھبرائیں ۔ آپ اس کام پر جمے رہیں جو آپ کے ہاتھ میں ہے ۔ یقیناً اس کا نتیجہ بہت تسلی بخش ہوگا ۔

۳۷ ۔ آپ بہت جلد غصہ چڑھ جانے سے محتاط رہیں ۔ آپ ان باتوں سے احتراز کریں ۔ جو آپ کے غصہ کو بھڑکا دینے والی ہو ۔ اس پر ممکن ہے کہ آپ ایک ایسا موقع ہاتھ سے کھو بیٹھیں ۔ جو آپ کے لئے فائدہ بخش ہو ۔ آپ کی زندگی میں کئی بہترین موقع آئیں گے ۔ جو رفتہ رفتہ آپ کو بلندی پر لے جائیں گے ۔ بشرطیکہ آپ غصے سے اپنے ہاتھ سے نہ کھو دیں ۔ ورنہ اس کا انجام آپ کے لئے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے ۔

۳۸ ۔ جب تک آپ مضبوط ارادوں اور بلند ہمتوں کو اپنے کردار میں شامل نہ کریں گے ۔ آپ ان مرحلوں میں کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ جو آپ کی ہمت کا امتحان لینے والے ہوں ۔ آپ اپنے عزم کو آہنی بنا لیجئے اور کسی مشکل وقت میں نہ گھبرائیں ۔

۳۹ ۔ فی الحال ہر چیز آپ کی کامیابی اور خوشی کے لئے سازگار ہے ۔ طاقت سے زیادہ دماغی محنت آپ کی رکاوٹوں کو دور کر دے گی ۔ جو آپ کی ترقی کے راستے میں حائل ہوں گا ۔

۴۰ ۔ آپ کے سامنے بہت جھگڑے اور تنازعات ہیں ۔ ان میں کچھ عدالتی قسم کے ہیں اور کچھ دل سے تعلق رکھتے ہیں اور ایک ایسا خطرہ بھی درپیش ہے جو شادی کا یا محبت کے ٹوٹنے سے متعلق ہے ۔ لیکن یہ آپ پر منحصر ہے کہ یہ عارضی ہو یا مستقل ۔ آپ کو موجودہ نوکری چھوڑ دینی چاہیئے ۔

۴۱ ۔ آپ کے ذمے ایک بہت بڑی خفیہ ڈیوٹی لگائی جا رہی ہے ۔ جو یا گورنمنٹ سے تعلق رکھتی ہے یا سائنس سے اور یہ آپ پر منحصر ہے کہ یہ کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچے یا نہ ۔ غیر محتاط طریقوں سے احتراز کیجئے ۔

۴۲ ۔ آپ بہت جلد سفر کرنے والے ہیں ۔ ان میں سے ایک سفر بحری ہوگا اور ایک بری ان کا انجام نہایت خوشگوار ہوگا یا انتہائی بھیانک ۔ بحیثیت مجموعی یہ سفر آپ کے موافق ہے ۔ آپ دوستوں اور رشتہ داروں میں مقبول ہوں گے ۔

۴۳ ۔ آپ ایک ذی وقار انسان کے ذریعہ ایک بہت بڑی مدد لینے والے ہیں ۔ جس کی ملاقات آپ سے غیر متوقع طور پر ہوگی اور آپ کی زندگی پر بہت بڑا اثر ڈالے گی ۔ یہ کلی طور پر آپ کے اختیار میں ہے کہ آپ گمنام رہیں یا شہرت اختیار کریں ۔

۴۴ ۔ آپ کے لئے شادی نہایت زبردست اثر رکھتی ہے ۔ جس کے بعد آپ کی زندگی میں نہایت خوشگوار انقلاب آئیگا ۔ جلدی یا بدیر آپ ایک ایسی عورت سے ملیں گے جو نہایت خوبرو ہوگی اور محبت کرنے والی ۔ وہ آپ کو تین نصیحتیں کرے گی ۔ آپ کو دوسری اور تیسری نصیحت پر عمل کرنا چاہیئے ۔ لیکن پہلی پر نہیں ۔ لیکن اسے اس بات کا علم نہ ہو کہ آپ پہلی نصیحت پر عمل نہیں کر رہے ہیں ۔

۴۵ ۔ آپ زندگی میں ناکامی کا منہ دیکھنے والے ہیں ۔ جو آپ کو نسبت کے چھوٹ جانے کی وجہ سے سامنے آئے گی ۔ ممکن ہے کہ یہ بالواسطہ آپ سے تعلق نہ رکھتی ہو ۔ اور نہ ہی بالواسطہ آپ پر اثر انداز ہو ۔ بہر حال آپ کو ایک ادھیڑ عمر کی عورت کی طرف سے خطرہ ہے ۔ آپ اپنے بڑی عمر کے رشتہ داروں سے زیادہ تعلق نہ رکھیں ۔

۴۶ ۔ آپ کی آئندہ زندگی میں بہت سی اداسیاں ہیں اور بے شمار دل ٹوٹنے کے واقعات ۔ آپ ایک ایسی دوستی کھو بیٹھیں گے جو آپ کے خیال میں وفاداری پر استوار کی گئی تھی ۔ لیکن فی الحقیقت وہ دھوکہ بازی کا ایک جال تھا اگر آپ اپنے دوستوں کے انتخاب میں عقل سے کام لیں گے تو آپ مصائب کے جال میں سے بآسانی نکل سکیں گے ۔ آپ کو اس ذریعہ سے مدد ملے گی جس کی طرف آپ کا خیال بھی نہ ہو ۔

۴۷ ۔ آپ کے لئے یہ خطرہ درپیش ہے کہ آپ ایک موقع پر جلد بازی سے کام لیتے ہوئے ایک بہت بڑے واقعہ کو غلط سمجھ لیں گے اور آپ کی تحریمات آپ کو صحیح سوچنے سے باز رکھیں گی ۔

۴۸ ۔ آپ اپنی زندگی ایک ایسی محبت کریں گے جو آپ کی خوشی اور مسرت کی راہیں کھول دے گی ۔ ممکن ہے کہ ابتداء میں اسے آپ معمولی واقعہ خیال کریں ۔ لیکن بالآخر آپ کو اس کی صحیح قدر و قیمت معلوم ہو جائے گی ۔

۴۹ ۔ آپ ایک ننھے بچے کی آنکھ سے صحیح مسرت کا منہ دیکھیں گے اور آپ کی ایک چھوٹی سی مہربانی آپ کو اندازے سے بڑا انعام دے گی آپ کی منہ مانگی مرادیں بر آئیں گی ۔

۵۰ ۔ بہت سی کشمکش اور مایوسیوں کے بعد آپ کو ایک فتح نصیب ہونے والی ہے ۔ دوستوں کی قدر کیجئے جو آپ کے عقدوں کو حل کریں گے ۔

۵۱ ۔ حسد اور بے اعتباری آپ کے ایسے رومان کو تباہ کر سکتی ہے ۔ جس کا انجام شادی میں ہوگا اور آپ کو محتاط رہنے کی ضرورت ہے ۔ محبت کے سلسلے میں آپ کو ایک خطرہ لاحق ہے ۔ آپ اس خطرے کا مضبوط دل سے مقابلہ کیجئے ۔ ورنہ اس رومان کا انجام خطرناک ہوگا ۔

۵۲ ۔ اگر آپ نے بہترین دوستوں کا مذاق اڑایا تو آپ ایک بہت بڑے امتحان سے گزریں گے ۔ آپ دل کے فیصلے سے غلط راہ اختیار کریں گے ۔ جو آپ کے لئے خطرناک ہوگی ۔ کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے

دوبارہ سوچ لیجئے ۔

۵۳ ۔ ایک اجنبی آپ کے روزگار پر نہایت خوشگوار اثر ڈالنے والا ہے ۔ اگر آپ عورت ہیں تو وہ ایک محبت کے سلسلے میں ملاقات ہوگی ۔ مستقل مزاجی سے اس کا ساتھ دیجئے ۔ آپ کی گھریلو زندگی نہایت شاندار بسر ہوگی ۔ اگر آپ نے اس کا خیال نہ کیا تو انجام ناخوشگوار ہوگا ۔ اگر آپ مرد ہیں تو وہ ایک نہایت وفادار دوست ہوگا ۔ بشرطیکہ آپ اس کی ہمدردی کی قدر کریں اور کسی وقت بھی اسے نظر سے نہ گرائیں ۔

۵۴ ۔ یہ آپ کے لئے ایک بے عزتی کا نشان ہے ۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں ۔ تو اپنے محبوب کے انتخاب میں بہت احتیاط سے کام لیجئے ۔ اگر آپ کی شادی ہو چکی ہے تو آپ اپنے رفیق حیات سے تنازعہ وغیرہ نہ کیجئے ورنہ پریشانی ہوگی ۔

۵۵ ۔ ایک شادی ضروری نہیں ہے کہ وہ آپ کی ہو ۔ آپ کے لئے بدنصیبی کا پیغام لائے گی ۔ آپ ایک ایسی عورت سے خطا کھائیں گے جو آپ سے زیادہ عمر کی ہوگی ۔ اس عورت کا آپ تدبیر سے مقابلہ کیجئے ۔

۵۶ ۔ آپ کے پیش خوشگوار گھریلو زندگی بہت سے بچے اور بے شمار وفادار دوست ہیں ۔ ممکن ہے کہ آپ جوانی کے وقت کسی ایک محبوب سے خطا کھائیں ۔ آپ اس کے سامنے ہتھیار نہ ڈالیں ۔ ورنہ اس کا انجام بخیر نہ ہوگا ۔

۵۷ ۔ ان لوگوں سے خبردار رہیں ۔ جو آپ کا مقابلہ کرتے رہتے ہیں ۔ ان میں سے ایک ایسا بھی ہے جو آپ کا بظاہر دوست ہے ۔ لیکن دراصل وہ نقصان پہنچانے کے لئے ہر وقت آمادہ ہے ۔ آپ کے ایسے دشمن بھی ہیں جو آپ کو ہر وقت نیچا دکھانے کا سوچتے رہتے ہیں ۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی آپ کے اس دوست کی طرح خطرناک نہیں ہے ۔

۵۸ ۔ آپ کا مستقبل تاریک ہے اور نامعلوم ایک عورت آپ کے لئے برا وقت لائے گی اس میں آپ کی عزت اور شہرت کو بہت نقصان پہنچے گا ۔ اگر آپ اس عورت کے سلسلے میں کوئی امید لگائے بیٹھے ہیں تو اسے توڑ دیجئے ۔

۵۹ ۔ ایک آدمی جس سے آپ ابھی تک ملے نہیں وہ آپ سے بہت بڑا جھگڑا کرے گا اور نتیجے کے طور پر آپ کا دشمن ہو جائے گا اور اسے آپ کو نقصان پہنچانے میں کوئی چیز نہ روک سکے گی ۔ بہت خبردار رہیئے ۔

۶۰ ۔ آپ کو ایک ایسے دوست کی طرف سے جو آپ کا نزدیکی نہیں ہے ۔ ایک قربانی دینی پڑے گی ۔ آپ چاہیں تو انکار کر سکتے ہیں ۔ لیکن اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ کو ایک غیر متوقع بدنصیبی کا سامنا کرنا پڑے گا ۔ جو کسی اور طرف سے نمودار ہوگی ۔ اگر آپ نے یہ قربانی کی تو عارضی طور پر آپ کے ارادے فیل ہو جائیں گے ۔ لیکن بالآخر آپ کو کامیابی بھی نصیب ہوگی اور آپ ان آدمیوں کے پروگرام فیل کر دیں گے ۔ جو آپ کی تباہی اور بربادی کے خواہاں ہیں ۔

۶۱ ۔ اپنی امید کو بر لانے کے لئے آپ کو بہت بڑا خطرہ مول لینا پڑے گا ۔ اس چیز کا تعلق آپ کی معاشرتی زندگی سے ہے ۔ جس کے آپ دل سے خواہاں ہیں ۔ اگر آپ نے دانائی سے کام لیا تو آپ تمام خطروں کو فتح کر سکیں

گے اور جو چاہتے ہیں مل جائے گا ۔

۶۲ ۔ آپ کے کاروبار کے سلسلے میں آپ کو ایک مصیبت پیش آنے والی ہے ۔ ایک خوفناک رقیب آپ کی قوت برداشت کا امتحان لینے والا ہے ۔ اس کے پنجے سے نکلنے کے لئے آپ کو دانشمندی اور جرأت کی ضرورت ہے ۔

۶۳ ۔ آپ ایک ایسے قانونی نقطے میں پھنسنے والے ہیں جس کی وجہ سے عدالت میں آپ کی یا آپ کے نمائندہ کی حاضری ضروری ہوگی ۔ اگر آپ کمزور دل اور غیر مستقل مزاج ثابت ہوں گے تو نقصان اٹھائیں گے ۔

۶۴ ۔ آپ اپنی حرکات سے محتاط رہیئے اور ان فیصلوں کو سوچ سمجھ کر کیجئے جن کا تعلق آپ سے نزدیک رہنے والوں سے ہے اس بات کا خطرہ ہے کہ آپ ایک ایسا قدم اٹھا بیٹھیں گے ۔ جس کے لئے برسوں پچھتائیں گے ۔ احتیاط رکھئے کہ آپ کا رویہ ایمانداری پر ہو ۔ خود غرضی اور غرور پر نہ ہو ۔ کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا ۔

۶۵ ۔ آپ کے ایک غلط قدم اٹھ جانے سے ایک بہت بڑی ناخوشگوار صورت حال آپ کے راستے میں ہے ۔ اگر آپ نے تساہل سے کام لیا اور فیصلے میں تاخیر کی تو سب کچھ کھو بیٹھیں گے ۔ نامرادی سے بچنے کے لئے اور شکست نہ کھانے کے لئے جو قدم اٹھایئے وہ سوچ سمجھ کر اور بغیر تساہل کے ۔

۶۶ ۔ ایک غیر دانشمندانہ اقدام آپ کے لئے مصیبت لائے گا ۔ ممکن ہے کہ آپ اپنی موجودہ پوزیشن کو کھو بیٹھیں لیکن اگر آپ نے اپنی غلطی کا ارتکاب کرتے ہوئے اپنے آپ کو سنبھال لیا ۔ تو اپنی سابقہ پوزیشن وغیرہ پر بحال ہو جائیں گے اور خوش رہیں گے ۔

۶۷ ۔ آپ عنقریب ہی ایک نقصان اٹھانے والے ہیں ۔ جو آپ کے قانونی پیشے سے تعلق رکھتا ہے ۔ شروع شروع میں آپ کو تکلیف اور کشمکش ہوگی ۔ لیکن بعد میں آپ کا کوئی عزیز آپ کی امداد کرے گا اور آپ کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا ۔ اختتام میں آپ کی شخصیت پہلے سے بڑی ہو جائے گی ۔

۶۸ ۔ آپ کے سر پر بہت بڑا خطرہ منڈلا رہا ہے ۔ جس سے عارضی طور پر آپ کے پروگرام تہ و بالا ہو جائیں گے ۔ اس سلسلے میں ایک پُراسرار دریافت آپ کے امتحانات کا خاتمہ کر دے گی اور آپ کے مسئلے حل ہو جائیں گے ۔ اگر آپ نے اپنا دماغ استعمال کیا تو ہر چیز اپنے آپ راستی پر آ جائے گی ۔

۶۹ ۔ آپ کو بہت جلد کامیابی نصیب نہ ہوگی ۔ بلکہ وقتی طور پر مرحلے اور مایوسیاں آپ کو پیش آئیں گی ان نشیب و فراز میں سب مشکلات آپ کی پیدا کردہ ہوگی ۔ خود اعتباری اور لاپرواہی سے بچ کر رہیئے ورنہ آپ اپنے برے دنوں کے لئے اپنے ہاتھوں سے شاہراہ تیار کر لیں گے ۔

۷۰ ۔ آپ دنیا میں بڑی ترقی کرنے والے ہیں ۔ جس میں بیشتر ہاتھ ایک عورت کا ہوگا ۔ آپ محبت کے دوش بدوش کاروبار نہ کیجئے ۔ محبت اور روپیہ دو الگ الگ چیزیں ہیں ۔

۷۱ ۔ آپ کی کامیابی کا سب سے بڑا سبب وہ ہستی ہوگی ۔ جس کا تعلق سیاسیات یا عالمانہ پیشے سے ہوگا ۔

خیال رکھئے کہ آپ اس کی محبت کو زیادہ طلب سے کھو نہ بیٹھے گا۔

۷۲ - آپ کے لئے زندگی میں بہت سی کٹھن راہیں ہیں۔ جن میں سے بیشتر آپ کے بس سے باہر ہوں گی آپ بڑے شوق سے اپنے دوستوں کی مدد کیجئے۔ لیکن کامیابی کا دارومدار آپ کی اپنی کوششوں پر ہے۔ بہل انگاری اور ڈر کو دل میں جگہ نہ دیجئے۔ اور بڑے سے بڑے موقع پر بھی لوگوں کو مسکرا کر دکھایئے۔ آپ کے غم کا یہی ایک انسداد ہے۔

۷۳ - آپ کو دولت کے ذریعہ ایک غم کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ میں قربانی کا جذبہ زیادہ ہو گا تو آپ اس میں سے باہر نکل سکتے ہیں آپ کو چاہیئے کہ موجودہ نظر کے زاویے بدل کر اپنا دوسرا قائم کیجئے تاکہ آپ امن اور حفاظت میں رہیں۔

۷۴ - آپ ان دوستوں کی بات پر مطلق دھیان نہ دیجئے جو آپ کو یہ کہتے ہیں کہ زندگی کا موجودہ نظام بدل دو۔ اور شہرت اور قسمت پیدا کرنے کے لئے کوئی اور راہ اختیار کر لو۔ لیکن آپ کی کامیابی اور شہرت صرف اسی چیز میں ہے جس راہ پر آپ چل رہے ہیں۔

۷۵ - آپ کا اپنا شخصی کاروبار اب بہت ترقی پر پہنچ گیا ہے۔ آپ بہت دفعہ یہ دیکھ چکے ہیں کہ آپ کے تمام پروگرام خاک میں مل جاتے ہیں۔ لیکن اگر آپ اپنے پروگراموں میں کسی اور آدمی کو شامل کر لیں تو متحدہ کوششوں سے نمایاں طریقے پر کامیاب ہوں گے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کی شادی آپ کو بلند مقام پر پہنچا دے۔

۷۶ - آپ کو سرتوڑ محنت کے سوا کامیابی مشکل ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ دوسرے آدمی تن دہی اور محنت سے کام کرنے کے بغیر ہی کامیاب ہو جاتے ہیں۔ آپ کے لئے یہ ممکن نہیں۔ آپ محنت اور استقلال سے کام کریں گے تو کامیاب ہوں گے۔

۷۷ - سخت کام اور جفاکشی سے آپ مسرت اور دولت جتنی چاہیں پیدا کر سکتے ہیں۔ جو زندگی بھر آپ کا ساتھ دیگی لیکن آپ محبت میں مکمل طور پر کامیاب نہ ہونگے۔

۷۸ - آسانی سے پیدا ہونے والے روپے کو حاصل کرنے سے پرہیز کیجئے۔ یہ جس طرح آپ کے پاس آیا ہے ویسے ہی چلا جاتا ہے۔ روپیہ وہی کام آتا ہے جو محنت سے پیدا کیا گیا ہو۔

۷۹ - آپ کے پاس روپیہ غیر متوقع طریقے سے آ رہا ہے۔ یا کسی موت کی وجہ سے یا کسی وصیت کی وجہ سے اس روپیہ کے آنے کے بعد اور دوستوں کے انتخاب میں بہت محتاط رہیئے۔ اگر آپ نے اس موقع پر عقل سے کام نہ لیا تو یہی روپیہ آپ پر بڑا وقت لا سکتا ہے۔

۸۰ - جو امید ایک مدت سے اپنے دل میں لئے ہوئے ہیں۔ وہ بہت جلد پوری ہونے والی ہے۔ لیکن آپ کو اسے حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کرنی پڑے گی۔ کیونکہ آپ کی راہ میں ایسے بھی دشمن ہیں جن کا مطلقاً آپ کو علم بھی نہیں ہے۔

۸۱ - آپ کو ایک ایسی مصروفیت کی وجہ سے کامیابی نصیب ہونے والی ہے۔ جس کی آپ کو امید بھی نہیں ہے۔ مصروفیت وہ نہیں جو آپ اب لئے ہوئے ہیں۔ بلکہ یہ چنداں اشخاص سے تعلق رکھتی ہے جو آپ سے بہت چھوٹے ہیں۔ کچھ دیر کے بعد آپ اپنی وفاداری کا نیک انجام دیکھ لیں گے۔

۸۲ - بہت سے پُراسرار واقعات کے نتیجے کے طور پر آپ کو خوشی نصیب ہونے والی ہے اگر آپ نے ...رت کو اپنے دل میں جگہ نہ دی تو آپ بہت عقلمند ثابت ہوں گے۔ خوش قسمتی لانے والے عناصر کی ...عیل میں نہ جایئے۔

۸۳ - ہر اس فیصلے سے جو سمندر یا ہوا سے تعلق رکھتا ہے۔ بہت محتاط رہیئے۔ غیر متوقع ...ور پر حادثہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ عقل مند اور مدبر ہیں تو اس کی روک تھام کر سکتے ہیں۔

۸۴ - ایک ایسا پیشہ آپ پر اثر انداز ہونے والا ہے۔ جس میں آپ کبھی بالواسطہ مصروف نہیں ہوئے ...پ اپنے ذہن کو خبردار رکھئے اور انسانی معاملات کے مطالعہ کو وسیع کیجئے۔ یہ علم زندگی میں کسی وقت آپ ...کے بہت کام آئے گا اور آپ کو اس پر عمل کرنے کی ضرورت پڑے گی۔

۸۵ - ایک بہت خوشگوار واقعہ آپ کے پیش آنے والا ہے۔ جو آپ کی ایک مہربانی کا بدلہ ہے۔ جو کبھی آپ ...نے کی۔ اور آپ کو اس کا اب تک احساس نہیں ہے۔ آپ نئے دوست پیدا کریں گے اور ایک غیر متوقع اقتدار ...صل کریں گے۔

۸۶ - آپ کے ہاتھ میں کچھ روپیہ آنے والا ہے۔ لیکن یہ روپیہ چونکہ آپکی ایمانداری کی کمائی نہیں ہے ...لئے کسی کام نہ آئے گا۔ اگر آپ اس میں سے نصف خیرات کر دیں تو بہت اچھا ہو گا۔ اس خیرات سے جو خطرہ ...لا رہا ہے۔ وہ ٹل جائے گا اور آپ مطمئن ہو جائیں گے۔

۸۷ - آپ ایک ایسے اجنبی سے ملیں گے جو آپ کو نصیحت کرے گا۔ اگر آپ نے اس پر عمل کیا تو ...پ ہمت اور عقلمندی کے ایک امتحان سے گزریں گے۔ اگر آپ ثابت قدم رہے تو انجام بڑا ...ا ہو گا۔

۸۸ - آپ کو ایک دور دراز جگہ سے تحفہ آ رہا ہے۔ اگر آپ اسے اپنے عزیزوں میں بانٹ دیں گے ...پ کے لئے فائدہ بہت ہو گا۔

۸۹ - آپ کے پیش نظر جو راستہ ہے۔ وہ سب ناہموار ہے۔ آپ تمام مرحلوں کو دانشمندی سے طے ...ئے اور اپنے دوستوں سے زیادہ مشورہ طلب کیجئے۔

۹۰ - ایک بہت بڑے مدعا تک پہنچنے کے لئے آپ بہت سے اجنبی آدمیوں سے ملنے والے ہیں ...پ آپ کی زندگی کا عروجی نقطہ ہو گا۔ اگر آپ نے دور اندیشی اور تدبر سے کام لیا تو ایک ممتاز حیثیت ...ے مالک ہوں گے۔

امراض اور نمبر

ہندو فلاسفروں کے نقطہ نظر سے مرض اور صحت کا حال معلوم کرنا

سوال کرنے والے سے کہو کہ کسی تین نمبر تک کے ہندسوں کا نام لے۔ ان تین ہندسوں میں سے بائیں ہاتھ کی طرف کا ہندسہ ماضی سے متعلق ہے درمیانی ہندسہ زمانہ حال سے متعلق ہے اور دائیں ہاتھ کی طرف کا ہندسہ زمانہ مستقبل کی خبر دیتا ہے۔ مختلف ستارے مختلف نمبر رکھتے ہیں شمس ۱، قمر ۷، مریخ ۲، عطارد ۴، مشتری ۳، زہرہ ۵، زحل ۶، راس ۸۔

اوپر کے ستاروں کے جو نمبر دیئے گئے ہیں وہ مختلف جانوروں سے منسوب کئے گئے ہیں۔ ایک بحیثیت یونی کے، ایک بحیثیت جانور کے، اور پھر ان نمبروں کو عناصر پر بھی تقسیم کیا گیا ہے۔ جس کا نقشہ حسب ذیل ہے۔

نمبر	ستارہ	یونی	جانور	عناصر
۱	شمس	دواجا	گروڑا	خاکی
۲	مریخ	دھوما	بلی	آتشی
۳	مشتری	شیر	شیر	خاکی
۴	عطارد	کتا	کتا	آکاش
۵	زہرہ	بیل	سانپ	آبی
۶	زحل	گدھا	چوہا	بادی
۷	قمر	ہاتھی	ہاتھی	آبی
۸	راس	کوا	گھوڑا	آکاش

مثلاً ایک شخص نے کسی کی یا اپنی صحت یا مرض کے متعلق سوال کرتے ہوئے نمبر ۳۶۵ کا نام لیا یا تین چھ پانچ کہا۔ تو سائل کے سوچے ہوئے نمبر سے اس کی صحت کے ماضی و حال و مستقبل کا ایک زائچہ تیار کرو جو یہ ہے۔

مستقبل	حال	ماضی
۳	۶	۵
مشتری	زحل	زہرہ
شیر (یونی)	گدھا (یونی)	بیل (یونی)۔
شیر	چوہا	سانپ
خاکی	بادی	آبی

سوال:۔ مرض کس حصہ جسم سے متعلق ہے؟

اصول:۔ بائیں ہاتھ کا ہندسہ گردن سے اوپر کے حصے کے متعلق ہے۔ درمیانی ہندسہ جسم کے اس حصہ سے متعلق ہے جو گردن اور چھاتی کے درمیان ہے۔ آخری ہندسہ جسم کے چھاتی کے نچلے حصے سے متعلق ہے۔

جواب (۱) سوال نمبر ۵۶۳ میں درمیانی ہندسہ گردن سے چھاتی تک متعلق ہے۔ اور نمبر ۶ زحل سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سائل کو امراض کی تکلیف گردن اور سینہ کے درمیانی حصہ میں ہوگی۔

ب:۔ اگر درمیانی اور بائیں ہاتھ کا ہندسہ مندرجہ ذیل جانوروں سے متعلق تو سائل کے لئے نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔

درمیانی ہندسہ:۔ سانپ ہاتھی، چوہا، گھوڑا

دائیں ہاتھ کا ہندسہ:۔ گروڑا، بلی، شیر، کتا۔

مندرجہ بالا امور سائل کے لئے جلدی موت کا اظہار کرتے ہیں۔

ج:۔ اگر درمیانی ہندسہ بلی کی یونی ظاہر کرے تو سائل عارضی طور پر مرض سے تکلیف اٹھائے گا۔

اگر درمیانی ہندسہ کتے کی یونی ظاہر کرے تو احتیاط کی ضرورت ہے کتے کے کاٹنے کا خطرہ ہے

اگر درمیانی ہندسہ کوے کی یونی ظاہر کرے تو چوٹ کا اندیشہ ہے۔

اگر درمیانی ہندسہ گدھے کی یونی ظاہر کرے تو سائل کو چارپایوں سے اندیشہ ہے۔

اگر درمیانی ہندسہ دھوما کی یونی ظاہر کرے تو آگ سے خطرہ ہے۔

مندرجہ بالا تمام وجوہات کی بناء پر ہم خطرہ کا اظہار کر سکتے ہیں۔ لیکن اس سے موت واقع نہ ہوگی۔

د:۔ اسی طرح اگر ستارے درمیانی اور آخری نمبر میں حرکت کر رہے ہیں اور متعلقہ جانور کسی اور دوسری جگہ میں دونوں قدرتی طور پر ایک دوسرے کے حق میں نہیں ہیں۔ اس لئے خطرہ کا اظہار ہے۔ اگر یہ ستارے دوستانہ فضا میں ہوں تو خطرہ واقع نہ ہوگا۔

مثلاً:۔ درمیانی اور آخری ہندسہ خاک و آب سے متعلق ہے تو بہتر ہے آتش و باد اور آکاش خطرہ کا اظہار کرتے ہیں۔ آتش و باد بہتر ہیں مگر آتش و آب مخالف ہیں اس لئے خطرہ کا اظہار کرتے ہیں۔ آب و خاک کی موافقت ہے باد و آتش کی موافقت ہے۔ آب و آتش اور خاک و باد کی مخالفت ہے۔ موافقت سے خطرہ نہیں اور مخالفت کی صورت میں خطرہ ہے۔

مندرجہ بالا ہندسہ کا خاک و باد سے تعلق ہے اس لئے خطرہ موجود ہے۔

سوال:۔ مرض سے صحت ہوگی یا نہیں؟

جواب:۔ بتائے ہوئے نمبر کو ۴۵ سے ضرب دو۔ ۵۶۳×۴۵ = ۲۵۳۳۵ ÷ ۸ کیا باقی، رہا ۷۔ اس کا مطلب ہے سائل صحت یاب ہو جائے گا۔

قاعدہ:۔ بتائے ہوئے نمبر کو ۴۵ سے ضرب دو، اور آٹھ پر تقسیم کرو۔ باقی دیکھو کیا ہے۔ صفر نمبر سے

موت یا زندگی کا خطرہ۔ ۲ سے بچوں کو خطرہ بیماری۔ ۴ سے کسی عزیز کو خطرہ۔ اگر باقی نمبر طاق ہیں جیسے کہ ا یا ۳ یا ۵ یا، ۷
یہ اچھی صحت کی علامت ہے یا بیماری سے شفایابی کی دلیل ہے۔

سوال :۔ میر حال صحت کا کیا ہے اور کیسا رہے گا؟

ا :۔ مندرجہ بالا نقشہ میں ۵ نمبر زہرہ سے متعلق ہے۔ جو ماضی کی اچھی صحت کو ظاہر کرتا ہے۔ ۶ نمبر زحل سے متعلق ہے جو حال کی بیماری سے تکلیف کو ظاہر کرتا ہے، چونکہ درمیانی نمبر (زحل کا) گردن سے چھاتی کے درمیانی حصہ سے متعلق ہے۔ اس لئے ہم مرض کی تکلیف کو اسی حصہ سے متعلق کریں گے۔ آخری نمبر ۳ مشتری سے متعلق ہے جو مستقبل کی سدحالت کو ظاہر کرے گا۔ مندرجہ بالا نمبر ۳ رشتہ داروں اور عزیزوں سے متعلق ہے۔ درمیانی نمبر گردھے یونی کے متعلق ہے جو تکلیفوں کا اظہار کرتا ہے۔

ب ۔ دیگر قاعدہ :۔ اس نمبر کو ۵۶۳ کو ۳۰، ۲۷، ۷، ۱۲، ۹، ۵ پر تقسیم کرتے ہوئے مندرجہ ذیل ایک اور نقشہ تیار کرو۔

۱۔ تیتھی سے شمار کر کے آٹھویں اندھیرے چاند میں آتی ہے (۳۰ پر تقسیم کرنے سے)
۲۔ قمر کی منزل سعود (دھنشٹا) آتی ہے پانچویں شعلہ (مولا) (۲۷ پر تقسیم کرنے سے)
۳۔ ہفتہ سے دن نکالنے سے منگل آتا ہے (سات پر تقسیم کرنے سے)
۴۔ بروج سے دلو آتا ہے (۱۲ پر تقسیم کرنے سے)
۵۔ ستاروں سے زہرہ آتا ہے (۹ پر تقسیم کرنے سے)
۶۔ عنصر سے خاک آتا ہے (۵ پر تقسیم کرنے سے)

اب دیکھیں سوال نمبر سے اخذ کئے ہوئے تاریخ یوم، ماہ وغیرہ کے نمبر پیدائشی اعتبار سے ایسے حالات کو ظاہر کرتے ہیں۔ جو اچھے نہیں۔ مگر مستقبل قریب میں ان کے نتائج بہتر ہوں گے۔ زحل درمیانی نمبر پر حکومت کرتا ہے جو بہت جلد صحت یاب ہونے کی یا اچھی صحت رہنے کی دلیل ہے۔ ماضی قریب میں صحت اچھی تھی حال میں معمولی طور پر صحت کی فکر ہے لیکن تم اس بات کی فکر نہ کرو۔ کیونکہ مشتری دائیں ہاتھ کے آخری نمبر پر حکومت کرتا ہے۔ وہ تمہارے ذہنی تفکرات کو دور کر دے گا۔

سوال :۔ مرض کیا ہے یا کس مرض کا خطرہ ہے۔

سوال کرنے والے شخص کے نمبروں کو جمع کر کے اکائی حاصل کرو۔ اور مندرجہ ذیل تفصیل سے جواب دو۔ یہ جواب صحت اور دکھ کے متعلق ہی ہوں گے۔ شلاً ۵۶۳ کی جمع ۱۴ ہے اور ۴ا کی جمع ۵ ہے یہ اکائی آگئی۔ ۵ نمبر زہرہ سے متعلق ہے اور اسی کی منسوبات اس کا جواب ہوگا۔

شمس

مطلب پورا ہوگا۔ صحت کی دلیل ہے۔ مرض میں سے دل کا دھڑکنا۔ آنکھ کی تکلیف، سر درد، یا زکام

قمر

دماغی طور پر کمزور، ناامیدیاں، خوراک کی فکر۔ اگر سوال چاند کی پہلی سے ۱۴ کے درمیان میں ہو ان کو کامیابی کی دلیل ... امراض سے سینہ، معدہ اور دماغ کے امراض سے متعلق ہے۔

مریخ

خطرات، چوٹ، خطرۂ آگ، سر درد، چوری کا خطرہ۔ اگر حالات درست کرنے کا سوال ہو تو کہو کہ عرصہ ایک ... ل کا لگے گا۔ امراض سے جلدی امراض جسم سے خارج ہونے والے حصص کے امراض مثلاً ناک، منہ پیشاب، ... انہ۔ بواسیر، جریان، سیلان۔ ماہواری آتشک وغیرہ۔

عطارد

بدنی طور پر کمزوری یا صحت کا خطرہ، بخار، موذی جانوروں سے خطرہ، کاروبار میں نقصان، امراض سے پھیپھڑے ... سے کے امراض، تپ دق بلغمی، اعضا شکنی۔ درد ناف، انتڑیوں اور (روحوں) کے امراض۔

مشتری

ہونے سے فائدہ رشتہ داریاں اور دوستیاں بڑھیں گی۔ مذہبی یا روحانی آدمیوں سے نفع، فرخندگی اشیاء سے فائدہ ... ض سے جگر ران، شریانوں اور قوت شامہ امراض، تپ صفرا، فالج، چہرے کی خرابی۔

زہرہ

عورتوں کی طرف رغبت، بیوی یا معشوق سے خوشی، صحت اچھی۔ امراض سے، جنون عشق، امراض رباعی، بیہوشی ... سکم رگے، ناک پھیپھڑے کے امراض، عورتوں کے مرض پستان اور دورۂ بے قاعدگی خون۔

زحل

غلط فہمیاں، عموماً فکر و اندیشہ، امراض سے جوڑوں کے درد، روحانی امراض یا دکھ، بخار چیچک پھوڑے ... سی، دانتوں کے امراض، خارش، داد، خشکی اندام، کانوں کے مرض۔

راس

غلط فہمیاں، زہرہ، خوراتی کا خطرہ، بچھو یا سانپ سے خطرہ، امراض سے آنکھ کو تکلیف، امراض جسمانی۔

باب دوم

دن، ماہ اور سن

آپ کی خوش بختی کا سال کونسا ہے

سب سے پہلے اپنے نام کا نمبر معلوم کریں۔
مثلاً محمد یوسف نام ہے تو اعداد یہ ہوں گے۔ م۔ح۔م۔د۔ی۔د۔س۔ف

۴ ۸ ۴ ۴ ۱ ۶ ۶ ۸

میزان ۴۱ ہوئی۔ ۴۱ کا مفرد نمبر ۱+۴=۵ ہوا۔ پس محمد یوسف کا نمبر ۵ ہے۔
اب تاریخ پیدائش کا مفرد معلوم کریں۔
مثلاً پیدائش ۸۔اپریل ۱۹۵۲ء کی ہے۔ تو اعداد یوں حاصل کریں۔
۸+۴+۲+۵+۹+۱=۲۹ کا مفرد ۹+۲=۱۱

۹+۲=۱۱ کا مفرد ۲ ہوا۔ پس پیدائش کا نمبر ۲ ہے۔ مفرد عدد ایک سے ۹ تک ہوتے ہیں۔ اس لئے جمع ... تک کریں کہ مفرد نمبر رہ جائے۔ اب محمد یوسف کا سالانہ دور تیار کریں۔ اس طرح کہ پیدائش کے نمبر کو نام کے ہر حرف کے نمبروں میں جمع کر کے مفرد نمبر حاصل کریں۔ مثلاً م کا نمبر ۴ ہے۔ ۲ جمع کیا تو ۶ عدد حاصل ہوا۔ گویا ۱۹۵۲ء میں محمد یوسف ۶ کے ماتحت تھا۔ ۱۹۵۳ء میں ایک نمبر کے ماتحت تھا۔ اسی طرح کل حروف ۸ ہیں۔ تو محمد یوسف کی زندگی کا دور ۸ سال کا ہوگا۔ نانویں سال پھر پہلے حرف کا نمبر ۶ کے ماتحت ہوگا۔ اس کا نقشہ میں یوں تیار کرتا ہوں۔

حروف	م	ح	م	د	ی	د	س	ف
اعداد	۴	۸	۴	۴	۱	۶	۶	۸
نمبر پیدائش	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲
دور کا نمبر	۶	۱	۶	۶	۳	۸	۸	۱
سال	۱۹۵۲ ۱۹۶۰ ۱۹۶۸	۱۹۵۳ ۱۹۶۱ ۱۹۶۹	۱۹۵۴ ۱۹۶۲ ۱۹۷۰	۱۹۵۵ ۱۹۶۳ ۱۹۷۱	۱۹۵۶ ۱۹۶۴ ۱۹۷۲	۱۹۵۷ ۱۹۶۵ ۱۹۷۳	۱۹۵۸ ۱۹۶۶ ۱۹۷۴	۱۹۵۹ ۱۹۶۷ ۱۹۷۵

اس سے صاف ظاہر ہے کہ محمد یوسف کی زندگی کے ادوار میں ۶-۱-۳-۸ نمبر اثر رکھتے ہیں اور یہی بار بار آتے ہیں۔ ۶ نمبر زیادہ سالوں میں دہرایا جاتا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوا کہ زندگی ایک ہی نہج میں زد میں جاری رہے گی۔
اس نقشہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آنے والا سال ۱۹۷۵ء نمبر ایک کے ماتحت ہے اب آگے نمبروں کی تفصیل دی جاتی ہے جس سے معلوم ہوگا کہ نمبر سال پر کیا اثر رکھتا ہے۔ نیز اپنی سابقہ زندگی کے نمبروں کو لے کر گزرے ہوئے واقعات سے ان کو جانچا جا سکتا ہے۔ جب متواتر ایک ہی نمبر دو سالوں میں آتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ قریباً پہلے سال جیسا ہی سال گزرے گا۔ اور جب نمبر بدلتا ہے تو نئی صورت حالت کو لاتا ہے اور زندگی بدل جاتی ہے۔

نمبروں کی تفصیل

۱۔ ترقی، کامیابی، عزو وقار میں اضافہ، نئے کام میں کامیابی، نقل و حرکت غیر معمولی ہو، نئی دلچسپیاں اور نیا حلقہ واقفیت پیدا ہوگا۔ خود اعتمادی اور پوزیشن کا پورا اختیار حاصل ہوگا۔

۲۔ مل جل کر کام کرنا۔ انفرادی کارگزاری بہ نسبت مشترکہ کام کے کم ہوگی۔ انعامی سکیموں میں فائدہ ہوگا۔ لیکن اپنے کام میں اعلیٰ ترقی اور کامیابی کی دلیل ہے۔ سکیموں میں ترقی ہوگی۔ دوستوں اور ساتھ کام کرنے والوں کے لئے قربانی کا جذبہ ہوگا۔ سوشل زندگی میں مصروفیت ہوگی۔ فرصت کے اوقات ملیں گے۔

۳۔ مستقبل کا پروگرام بناؤ۔ اپنی تخلیقی قوتوں کو استعمال کرو۔ اپنے پر بھروسہ رکھو۔ روپیہ دفتر کے ذریعے یا دوستوں کے ذریعے ملے گا۔ نئے کاموں کے لئے آرٹسٹک نیچر کے کاموں کا انتخاب کرو۔ یہ سال رومانی واقعات بھی لائے گا اور زندگی میں دلچسپی پیدا کریں گے۔ دستکاری میں کم منافع ہوگا بے چینی تشویش اور اضطراب کا سال ہے۔

۴۔ بہت کم تبدیلی کا امکان ہوگا۔ معقولہ کام میں ہی وقت گزرے گا۔ یہ بالکل ہی ناتسلی بخش سال نہیں۔ لیکن اس میں استحکام ضرور حاصل ہو جائے گا۔ جب کسی نئی سکیم کی طرف توجہ ہوگی تو بہت سا وقت تفصیلات میں ہی گزر جائے گا۔

۵۔ نئے زاویہ پر سوچو۔ تبدیلی لاؤ۔ اپنے آپ کو وسعت دو۔ بہت سی خوش بختی کی صورتیں سامنے آ جائیں گی۔ انوکھا تجربہ ہوگا۔ غیر سوشل دلچسپی ہوگی۔ اور اچھی ترقی حاصل ہوگی۔ اس سال اعلیٰ قوت حاصل رہے گی اور نئی باتیں ظاہر ہوں گی۔ تفریحات اور دلچسپی کے کل سامان حاصل ہوں گے آزادی حاصل ہوگی۔ اظہار کے لئے اعلیٰ طاقت پیدا ہوگی۔

۶۔ ذمہ داریاں بڑھیں گی۔ لیکن معاوضہ میں بہت کم اضافہ ہوگا۔ بہت سا وقت حالات کو بنانے اور جھگڑوں اور اختلافات کو دور کرنے میں صرف ہوگا۔ گھریلو امور میں اہم حالات پیدا ہوں گے اور زیادہ تر حالات گھر کے گرد رہیں گے رشتہ دار اور بچے تمہاری حرکات میں بہت دخل انداز ہوں گے۔ مالی مشکلات اور التوا سے واسطہ پڑے گا۔

۷۔ ایک وجدانی سال ہے۔ حقائق سے واسطہ پڑے گا۔ وجدان کاموں میں مدد دے گا اور بھروسے کے قابل ہوگا۔ قنوطیت، یاس انگیزی اور آزردگی مزاج کے اندر رہے گی۔ بہت زیادہ محتاط پسندی اور لکیر کا فقیر ہونا انعامی سکیموں میں نقصان دے گا۔ نیز اندرونی ملاول مکمی یا باغیانہ پن ظاہرانہ تبدیلیوں کے خلاف جائے گا۔ اس لئے نئی باتوں کو اختیار کرنے میں بہت ہی دقت محسوس ہوگی۔

۸۔ مقابلہ سے واسطہ پڑے گا۔ بے پایاں جانفشانی کرنا پڑے گی اور بلند پروازی کی خواہش پیدا ہوگی۔ حالات اس قسم کے پیدا ہوں گے کہ مالی حالات میں بہت ترقی ہو۔ بہت روپیہ ہاتھ آئے گا۔ اور خرچ ہوگا۔ مشکلات پر قابو پانے کے لئے فیصلے کرنے پڑیں گے۔ قوتِ ارادی اور ہمت سے کام لو گے تو کامیابی ضرور حاصل ہوگی۔ پھر بھی بہت سے مواقعوں پر مقابلہ کرنا پڑے گا۔ بہت سی دشمنیاں اور مخالفتیں سر اٹھائیں گی۔

۹۔ پبلسٹی اور تبادلہ خیالات ان کی مصروفیت میں نمایاں ہوگا۔ ان کی منازل دھندلکے میں رہیں گی رفاہِ عامہ کے کاموں میں وقت گزرے گا۔ جو لوگ ان سے کم درجہ کے ہیں۔ ان کی مدد کرنا بھی ان کی مصروفیت ہوگی۔ مذہبی یا سیاسی مصروفیات بھی رہیں گی۔

دورِ ماہانہ

وقت بلاشبہ اعداد کا مجموعہ ہے اور اس کا اثر آپ کی زندگی پر ہر وقت پڑتا رہتا ہے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جب کوئی کام شروع کریں تو اس لئے مناسب وقت کی تلاش ضرور کر لیا کریں۔ یہ وقت "۹" کے مجموعہ کا مرہونِ منت ہے۔ چنانچہ مناسب وقت کے مطابق کام کرنا چاہیئے۔

ہر سال "۹" حصوں میں بٹا ہوا ہے چنانچہ کوئی منصوبہ بنانے سے پہلے وقت کا خیال ضرور کر لینا چاہیئے مناسب وقت اور اچھا فیصلہ آپ کے حق میں مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

یکم جنوری سے ۹ فروری تک

اس کے ابتدائی ۳۰ دن کاروبار کے لئے مناسب ہیں۔ سال میں نئے منصوبے کا آغاز، نئے دوست بنانا، ترقی کے راستے کا تعین کرنا، نیا کام شروع کرنا۔ اجتماعی بھلائی کے لئے کسی کام آغاز کرنا مفید ہے۔ انہی تیس ایام میں بالخصوص اتوار، پیر، نہایت فائدہ مند ہیں۔ پرانی باتوں کے لئے اور جدت پسندیوں کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ باقی آخری ۱۰ دنوں میں کام کرنے کی نسبت پروگرام اور منصوبہ بندی ہی کرنا زیادہ اچھا ہے۔

۱۰ فروری سے ۲۱ مارچ تک

یہ سارا وقت پہلے چکر کے آخری ۱۰ ایام کی طرح گزارنا چاہیئے۔ ان ایام میں پرانی باتوں کو یاد کرنے، لڑائی جھگڑے ختم کرنے، پرانے دوستوں سے ملنے جلنے، تقریریں سننے، پڑھنے لکھنے، خیرات اور اپنی پالیسی کی وضاحت کرنے کے لئے ٹھیک ہیں۔ ان میں کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ کسی نئے کام کے لئے یہ مناسب وقت نہیں ہے۔ ہاں اگر سخت ضرورت درپیش ہو تو پیر، منگل کے دن بہتر ہیں۔

۲۲ مارچ سے ۳۰ اپریل تک

یہ اپنی ذاتی قابلیت کے بڑھانے کے لئے اچھا وقت ہے۔ جیسا کہ ایکٹنگ، پینٹنگ، تحریر و تقریر وغیرہ اور یہ عرصہ محبت کے لئے بھی عمدہ ہے۔ دولت کمانے کے لئے، نئے دوست بنانے کے لئے، اپنی شخصیت کو با اثر بنانے کے لئے، دوستوں اور تجارتی اور ملنے والوں کو دعوت وغیرہ دینے کے لئے بے حد مناسب ہے۔ منگل اور بدھ بھی خصوصاً فائدہ مند ہیں۔ جو اس عرصہ میں تحفہ تحائف روپیہ پیسہ اکٹھا کرنے کے لئے بے حد مفید ہیں۔

یکم مئی سے ۱۰ جون تک

یہ ایک مثالی وقت ہے۔ اس دوران مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرنا بے حد عمدہ ہے اور اپنے بنائے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے محنت کرنا مفید ہے۔ یہ دن نیا بجٹ بنانے۔ میڈیکل ٹیسٹ، دانتوں کی دیکھ بھال، پرانے معاملات کو سلجھانے کے لئے۔ اور مکانات کی مرمت کے لئے اور کوئی بڑا کام شروع کرنے کے لئے بے حد مفید ہیں۔ بدھ اور جمعرات تجارتی معاملات کے لئے بے حد مفید ہیں۔

۱۱ جون سے ۲۱ جولائی تک

یہ عرصہ نسبت کے لئے، پرانے کاموں کا انعام لینے کے لئے اور خوشنودی حاصل کرنے کے لئے، خیالات کے تبادلے کے لئے، نظریات کی تبدیلی کے لئے، ذاتی رائے کی اصلاح، دوسرے شہر کے لئے سفر نئے مکان میں تبدیل ہونا معلومات کے اضافہ کے لئے، بے حد مناسب ہیں۔ خصوصاً جمعرات اور جمعہ کی خوشیاں حاصل کرنے کے لئے بے حد مفید ہیں۔

۲۲ جولائی سے ۳۱ اگست تک

یہ وقت خاموشی اختیار کرنے کے لئے یا پھر پرانی غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لئے، دوستوں کی مدد کرنے کے لئے، اپنے محبوبوں پر اچھا اثر ڈالنے کے لئے اور اپنی اچھائیوں کو اجاگر کرنے کے لئے اچھا موقع ہے۔ یہ اپنے دوستوں کو دعوت دینے کے لئے بڑا اچھا وقت ہے، قرض سے نجات حاصل کرتے، بچوں کی رہنمائی سماجی کاموں میں حصہ لینے اور شادی کرنے کے لئے بے حد مفید ہیں۔ جمعہ خصوصاً دوسروں سے متعلق مناسب کاروبار کے لئے بے حد مفید ہے۔

یکم ستمبر سے ۱۰ اکتوبر تک

یہ عرصہ روحانی طاقتوں کو جگانے کے لئے، روحانی ریاضت اور عبادت کے لئے اور چلہ کشی کی خاطر

بے حد مفید وقت ہے۔ یہ ایام پرانے خیالات کے لئے مطالعہ کرنے اور روحانی طاقتوں کو حاصل کرنے کیلئے اور ذاتی مشکلات حل کرنے کے لئے، نئے خیالات معلوم کرنے کے لئے بے حد مفید ہیں، تیز بحری سفر کے لئے، مخفی علوم سائنس کے لئے اور علوم روحانی کے لئے بے حد مفید ہے۔ اگر کوئی جرأت مندانہ اقدام اٹھایا جائے۔ تو بے حد مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ خصوصاً ایسے اقدام کے لئے جمعہ اور ہفتہ بے حد مفید ہے۔

۱۱راکتوبر سے ۲۰رنومبر تک

دنیا میں مقبولیت کا مقام حاصل کرنے کے لئے اور فائدہ مند اقدام کے لئے، کاروبار بڑھانے کے لئے روپیہ مناسب جگہ پر خرچ کرنے کے لئے، نئے تصورات کو قبول کرنے کے لئے، نیا کلب کھولنے کے لئے اور اعلیٰ ترین ذمہ داری سنبھالنے کے لئے بے حد مفید ہے، یہ عرصہ پورے سال میں بے حد مفید ہے۔ خصوصاً ہفتہ کا دن، آپ کی ایک دفعہ فیصلہ کی ہوئی بات کا خاطر خواہ نتیجہ نکل سکتا ہے۔

۲۱رنومبر سے ۳۱ردسمبر تک

یہ عرصہ مخلوق خدا کی بھلائی کی خاطر اور بنی نوع انسان کی خاطر عمدہ اور اچھے خیالات کے لئے، یہ دن معلومات کے اضافے کے لئے بے حد مفید ہیں۔ انہی ایام میں امدادی اغراض کے لئے روپیہ دینا، ذاتی ترقی کے لئے ہمت اور بہادری کے لئے۔ دوسرے شہروں سے مواصلات کے ذریعے تعلق قائم کرنا، مستقبل کی منصوبہ بندی بری عادتوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے بے حد مفید ہے اتوار کا دن خصوصاً اختراعی مقاصد کی خاطر بہت عمدہ ہے۔

اَیّام

کس دن کیا کرنا چاہئے؟

کیا کریں کیا نہ کریں۔ یہ فیصلہ دن میں اکثر بار کرنا پڑتا ہے۔ لازمی ہر دن ہر کام کے موافق نہیں ہوتا۔ اس لئے نمبر دن کی امداد سے دن کی موافقت حاصل کرنا اس اصول کے ماتحت ہے کہ صحیح کام صحیح وقت پر کیا جائے۔

▲۱ - سورج کی اس پر عملداری ہے۔ نئے کام کے آغاز کے لئے فائدہ مند ہے تحقیقی کام کرنے کے لئے مناسب ہے اپنے مستقبل یا زمانۂ حیات کے لئے منصوبہ بندی کرنا۔ پبلک سروس میں حصہ لینا۔ کلب کا ممبر بننا فائدہ مند ہے روپیہ قرض لینے کے موافق ہے، بے مقصد تفریح اور فضولیات سے اجتناب کیجئے۔

▲۲ اس پر چاند کی عملداری ہے۔ ہمت اور جرأت کے کاموں کے لئے مناسب ہے۔ ہمدرد ہونے کی وجہ رشتہ داروں کی مدد کرنے کے لئے مناسب ہے۔ گھریلو تعلقات سے دلچسپی، نئی نئی چیزوں کے کھانے اور کراکری خریدنے کے لئے مناسب ہے۔

لیکن ٹوٹی پھوٹی کراکری کے استعمال سے اجتناب کیجئے۔ بے مقصد باتوں پر توجہ نہ دیجئے اور جلد بازی میں کسی سے وعدہ نہ کیجئے۔

▲۳ اس پر مشتری کی حکمرانی ہے۔ ضروری اور اہم کاروباری امور کے لئے فائدہ مند ہے۔ عوامی رجحانات کے متعلق کام کرنے کے لئے سود مند ہے۔ انشورنس پالیسی حاصل کرنے اور قیمتی جیولری خریدنے میں فائدہ ہے۔

آپ آج کے دن کسی وکیل سے مشورہ نہ کریں۔ ٹریفک کے حادثات سے محتاط رہیں۔

▲۴ یورینس کی عملداری ہے۔ آپ کے ذیل کے کام فائدہ مند ہیں۔ کسی پروگرام میں ترقی۔ ہمت افزائی والے کام کرنا۔ تشہیر و تطہیر۔ تحریر و تقریر۔ ٹیلیویژن کی مرمت یا دیکھ بھال کے لئے۔ الیکٹرک کے آلات کے خریدنے کے لئے۔

ذیل کے کاموں سے اجتناب کیجئے۔

تیز رفتار ڈرائیونگ سے، ضروری کاغذات کے معاملے میں تساہلی سے، اور گانے کے لئے معاہدات وغیرہ سے۔

▲۵ اس پر عطارد کی عملداری ہے۔ یہ مندرجہ ذیل امور کے لئے سود مند ہے، سامان خریدنا، کسی دلچسپی کا آغاز کرنا۔ کسی مطالعاتی کورس کے لئے رجسٹریشن کرانا۔ مجمع کے سامنے تقریر کرنا۔ وغیرہ

ان باتوں سے اجتناب کیجئے۔

کتابیں ادھار لینے سے۔ کسی سے ملاقات کرنے سے اور اندھیرے میں چلنے سے۔ وغیرہ۔

▲۶ اس پر زہرہ کی عملداری ہے۔ آپ کے لئے ذیل کی باتیں سود مند ہیں۔ منگنی یا رومان کے لئے۔ دوستانہ ماحول کے لئے، موسیقی سننے کے لئے، فوٹوگرافی اور شادی، عجائب خانے کی سیر کے لئے اور سامان تعیش خریدنے کے لئے وغیرہ۔

مگر ان باتوں سے اجتناب کیجئے۔

بے معنی کاموں سے، احسان مندی سے اور دماغی اختراع سے۔ وغیرہ۔

▲۷ نیپچون کی عملداری میں ہے اور مندرجہ ذیل کے لئے فائدہ مند ہے، خیراتی کاموں کے لئے، دور دراز کے سفر کے لئے، روحانی تشخیص اور تحقیق کے لئے، معلومات حاصل کرنے کے لئے، حیرت انگیز کہانی پڑھنے کے لئے اور قرآن و حدیث کا مطالعہ کرنا۔

ان امور سے اجتناب کیجئے۔

گلی سڑی غذا سے، اور اپنے خود علاج کرنے سے۔

۸ اس پر زحل کی عملداری ہے۔ یہ ان امور کے لئے فائدہ مند ہے، نئے کام کرنا، تیل سے متعلق کاروبار کرنا، سیڑھی کی مرمت کرانا، سرد خانہ کو دھلوانا وغیرہ۔

ان امور سے اجتناب کیجئے۔

سفر، سیر و تفریح۔ اور اپنے گھر کے دروازوں کو بغیر تالا چھوڑنا۔

۹ مریخ کی عملداری میں ہے، مندرجہ ذیل کاموں کے لئے فائدہ مند ہے، کٹڑی کی خرید کے لئے، بلند عمارت کے لئے، دوڑ میں شامل ہونے کے لئے، پرانے سکوں کی خرید و فروخت کے لئے اور سرسری تصویر وغیرہ۔

ان امور سے اجتناب لازمی ہے۔

ماچس سے احتیاط برتیئے۔ اور آگ والے آلات سے۔

آج کا نمبر

اپنے اس نمبر کو جو آج پر حکمران ہے معلوم کرنے کے لئے ذیل کے طریقہ پر عمل کریں۔

اولاً:۔ اپنے نام کے حروف کے اعداد لے کر مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً کاش البرنی کے اعداد ۲۰ ہیں تو مفرد عدد ۲ ہوا۔ یہ عدد مخفی قوتوں کا مظہر ہے، چونکہ صفر کا کوئی عدد نہیں ہوتا۔ اس لئے عدد ۲ ہی ذاتی عدد قرار پائے گا۔

یہ نمبر جو آپ اپنے پورے نام سے حاصل کریں گے۔ یہ غیر متبدل ہوگا۔ اس میں تبدیلی کا امکان نہیں حتیٰ کہ آپ اپنا نام تبدیل نہ کرلیں۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ پورا نام جس سے آپ پکارے جاتے ہیں اور جو خود بھی استعمال کرتے ہیں۔ کے عدد حاصل کرنے چاہئیں۔ پکارا جانے والا نام NICK NAME یا جس بھی صورت میں ہو شامل کرنا لازمی ہے۔

دوم:۔ اب اس دن کا نمبر لیں جس دن آپ کسی اہم امور کو سرانجام دینا چاہتے ہیں۔ مثلاً آپ ۱۰ ستمبر ۱۹۵۲ء کے دن کی قوت اپنے لئے جاننا چاہتے ہیں کہ کیسی ہے؟ تو اس تاریخ کا مفرد عدد حاصل کریں۔ یہ ۹ ہوگا مہینوں کے نمبر جنوری سے شمار کئے جاتے ہیں۔ مثلاً جنوری کا ایک، فروری کے ۲ وغیرہ۔

اب آپ کے پاس دو عدد مفرد ہوگئے۔ ایک اپنے نام کا دوسرا تاریخ مطلوبہ کا۔ مندرجہ ذیل تشریح جو اعداد کی قوتوں کی مظہر ہے۔ اس سے نتیجہ دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نمبر ۲ کے آدمی کے لئے نمبر ۹ کا دن کیسا رہے گا۔ لہٰذا نمبر ۲ کی جدول نکالیں اور اس کے آخر سے نمبر ۹ کی تشریح پڑھ لیں۔ یہی طریقہ سال کے ہر دن کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ ایک مستقل قسم کی تشریح ہے۔

ایام: ۱ نمبر کے شخص کے لئے

۱ ۔آپ اپنی لیڈرانہ صلاحیتوں کو رازداری سے استعمال میں لایئے۔ خرچ کرنے سے ایک اچھا بجٹ بنا لیجئے۔ مناسب ہے کہ آپ اپنا کام پوری قوت اور دلجمعی سے کیجئے۔ جو کچھ سوچا ہے کر ڈالئے۔ یہ آپ کے نظریات کا مثالی ثبوت ہے۔

۲ ایسے فرد کی مدد کیجئے جو پریشان ہو۔ فی الواقع اپنے ماضی کے تجربات کی روشنی میں آپ کو سوچنا چاہیئے کہ کس طرح کس کی مدد کی جائے۔ اپنی گھریلو تبدیلیوں کو ذہن میں رکھ کر نتیجہ اخذ کیجئے اور گھریلو تصادم سے بچیئے۔

۳ زیادہ رقم کمانے کے لئے محنت کرنی چاہیئے۔ جو آپ کے لئے مالی منفعت اور فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ دن مالی معاملات، خط و کتابت کے لئے بے حد موزوں ہے۔ اس دن اپنے ہمسایہ یا دوست کے پاس جایئے۔ جسے آپ نے عرصہ دراز سے نہیں دیکھا ہے۔

۴ اپنے کاروبار اور جائیداد کے معائنے کے لئے بہتر دن ہے۔ جائیداد میں کسی نقصان کے متعلق فوراً پتہ چل جائیگا۔ جس کا پہلے پتہ نہ ہوا ہوگا۔ اپنے خیالات اگر ضرورت ہو تو بلاجھجک پیش کریں۔

۵ کاروبار۔ کسی بھی زبان کے رسائل کی تجدید کے لئے، خرید و فروخت کے لئے اور کسی سے ملاقات کرنے کیلئے اچھا دن ہے۔ آپ کو کام چلانے کے سلیقے کا پتہ چل جائے گا۔ اپنی خواہشات کو وقتی طور پر معاشرے کے مطابق بنا لیجئے۔

۶ کسی طویل کام کو شروع کرنے سے پہلے تفصیل سے ضروری آگاہی حاصل کر لیجئے۔ اس دن اپنے مکان میں کچھ نہ کچھ تجدید یا اضافہ کر سکتے ہیں۔ خوش رہیئے اور اپنے حلقہ میں جہاں آپ کام کرتے ہیں ان سے خوشگوار تعلق بنایئے۔

۷ اپنے تعمیری خیالات کو پھیلایئے۔ اور ہر چیز سے اچھا اور نتیجہ خیز عمل کریں۔ پریشان ہرگز نہ ہوئیے اور نہ ہی ایسے عوامل کے اثرات کو قبول کیجئے جو آپ کے لئے پریشانی کا باعث بن رہے ہوں۔ اس دن خاندان سے تعلقات مضبوط اور فائدہ مند ہوں گے۔

۸ آئندہ کے بڑے منصوبوں کے لئے ابتدا کرنی چاہیئے۔ غلط باتوں کی طرف توجہ نہ دیجئے اور کسی بحث مباحثہ میں مت الجھئے۔ بلکہ محتاط رہیئے۔

۹ اپنے خیالات کو عملی طور پر بروئے کار لایئے۔ اگر کوئی آپ کی مدد یا دوستی کرے تو اسے اپنے ساتھ لے لیجئے۔ مدد شکریے سے قبول کیجئے۔ اور جہاں کہیں سے فائدہ ہونے کا امکان ہو فائدہ اٹھایئے۔

ایام = ۲ نمبر والے افراد کے لئے

۱ - اپنے ارادے پر مضبوطی سے قائم ہو جائے اور اپنے معمولات میں تبدیلی کے لئے تیار ہو جائیے اپنے کام کو بہت آسان بنانے کی کوشش کیجئے۔ محبت اور دوستی آپ کے لئے دلچسپی کا باعث ہو سکتے ہیں۔

۲ جب کسی سے مدد طلب کریں تو عقلمندی کا ثبوت دیں۔ کچھ ایسے حالات پیدا ہو رہے ہیں کہ ضرورت کے وقت کسی مخلص رہبر کی مدد کی ضرورت ہو گی۔ آپ کے طریق کار سے فائدہ ہونے کا امکان ہے۔ جہاں جہاں بھی آپ متعلق ہیں فائدہ اٹھائیں۔

۳ اپنی رائے پر بھروسہ کیجئے۔ جو چیز خریدنا چاہتے ہیں۔ اس کی قیمت اپنے طور پر پہلے طے کر کے معاملہ آگے بڑھائیے۔ کاروباری معاملات میں نقصان کی طرف جھکے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ اپنی حفاظت کیجئے۔

۴ خود نمائی ہرگز نہ کیجئے۔ کسی سے وعدہ مت کیجئے ورنہ اسے پورا نہ کر سکیں گے۔ اپنے معاملات میں دوسروں کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لئے احتیاط برتیئے۔

۵ اپنے نئے معاملات میں کچھ نئی تبدیلیاں کرنی چاہئیں۔ پریشان نہ ہوئیے اور اپنے حالات میں ذاتی طور پر اپنے آپ کو مجبور نہ سمجھئے۔ خط و کتابت کے معاملات میں احتیاط برتیئے۔ جن کے بعد میں جواب دہی کی ذمہ داری ہو اور مخلص اور دوست نواز بنئیے۔

۶ - اپنے اس دوست کو بلائیے جو ہمیشہ آپ کا گرمجوشی سے استقبال کرتا ہے، خرید و فروخت، کپڑے اوڑھنے اور بچھونے کے معاملات میں احتیاط برتیئے۔ یا کوئی اصول مقرر کیجئے۔ اس طرح جو رنگ آپ کو اچھا لگتا ہے اسے منتخب کیجئے۔ مطالعہ سے آپ کی معلومات میں اضافہ کے ساتھ ساتھ لطف اور مزہ بھی ملے گا۔

۷ کسی معاملے کو طول دینے سے اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ چنانچہ اپنے کام میں بلاوجہ کی ردوبدل نہ کیجئے آپ بعض اوقات سستی محسوس کریں گے۔ مگر آپ کی توجہ سے ہی اس کا نتیجہ اچھا اور فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔

۸ اپنی ذمہ داریوں اور جوش و خروش کو محدود رکھیئے۔ جو بھی بڑا کام آپ شروع کرنا چاہیں۔ پہلے اس کے واقعات اور حقائق کی تحقیق کر لیں۔ اچھے کاموں میں بھی غیر متوقع طور پر رکاوٹ پیدا ہونے کا ڈر ہے۔

۹ کسی معاملے میں کسی کا دباؤ قبول نہ کیجئے۔ اسی طرح گفتگو اور تحقیقات، اور معاملات میں قطعاً گمنام رہیئے۔ جو کچھ آپ کرنا چاہتے ہیں بڑی عقلمندی اور ہوشیاری سے کیجئے۔ اچھے نتائج کے لئے ایک وقت میں ایک ہی کام ہاتھ میں لیجئے۔

ایام = ۳ نمبر کے شخص کے لئے

۱ - معمولات کو عقلمندی سے کنٹرول کیجئے۔ اپنا فارغ وقت مشاغل میں گزاریئے۔ فرحت محسوس ہو گی اور نتیجہ خیز باتیں معلوم ہوں گی۔ ضروریات کی چیزیں تو خریدیں۔ مگر فضولیات پر اخراجات سے اجتناب کیجئے۔

۲ جس طریقۂ کار کو آپ نے اختیار کر رکھا ہے وہ یقیناً مایوسی کے اندھیروں میں دھکیل دے گا۔ اور اس طرح جو کسی ذریعے کچھ حاصل ہو گا۔ وہ بے مقصد قسم کی کامیابی ہو گی۔ بے مقصد قسم کی ہدایات اور باتوں کی طرف توجہ دے کر کوئی پیش کش نہ کیجئے اور نہ ہی اتنے نرم ہو جائیے کہ ہر شخص آپ سے بازپرس کرنے لگے۔

۳ - اپنے کاموں میں چاہے ان سے عملی طور پر کوئی فائدہ ہی اٹھایا ہو دوسروں کے لئے مثال بنانے کے معاملے میں بردباری سے کام لیجئے۔ اپنے اخراجات کو محدود کیجئے اور بچت کے بعد ایک قیمتی چیز خریدنے میں فائدہ ہو گا۔ جس کے آپ خواہش مند ہیں۔

۴ رائے طلب کیجئے۔ اپنے معاملات میں ترقی کرنے کے لئے جن پر آپ حاوی ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ کا گھریلو شعور قابلِ تعریف ہے۔ ان خیالات کو بروئے کار لائیے جس کی وجہ سے شہرت مل سکے۔

۵ محدود حلقہ میں آپ کے لئے نئے دوست فائدہ مند اور سودمند ہو سکتے ہیں۔ معمولی الجھنوں کی طرف توجہ نہ دیجئے۔ چنانچہ بے مقصد معاملات اور بلاوجہ کے کاروبار میں مداخلت کر کے اپنی رائے نہ دیجئے۔

۶ اپنی رائے مکمل بھروسے کے ساتھ ظاہر کیجئے۔ ہر ایک کے دوست بنیئے۔ اور ان لوگوں سے بھی دوستانہ مراسم بڑھایئے۔ جن سے آپ کی برائے نام واقفیت ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ بے انتہا ہمدرد لوگ مل جائیں گے۔

۷ پہلا اثر بڑا شمار کیا جاتا ہے۔ چنانچہ آپ اپنا اصول اور سٹینڈرڈ بڑھائیں اور ارد گرد کا مطالعہ کیجئے اور دوسروں پر نگاہ رکھئے کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔

۸ جلد بازی آپ کو ناقابلِ تلافی نقصان سے دوچار کر دے گی۔ آپ کی پیش کش کسی مجبور دوست کے لئے فائدہ مند اور دلی سکون کا باعث ہو گی۔ چنانچہ اپنے کاروبار میں اور دماغی قوتوں میں تبدیلی کا طریقہ اختیار کیجئے۔

۹ کسی کی نقطہ چینیوں سے پریشان نہ ہوئیے۔ مغموم ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسے افراد سے دور رہیئے جو تند خو دکھائی دیں۔ اپنے نیک اور خوش خلق دوست بنایئے۔

ایام = ۴ نمبر کے شخص کے لئے

۱ - اپنے اصولوں پر پابندی سے عمل کیجئے چاہے جس کا نتیجہ بظاہر اچھا نہ ہو۔ ہو سکتا ہے جو مشکل کام آج کریں گے۔ اس کا نتیجہ آپ کے لئے فائدہ مند ہو۔ آپ کے لئے نئے خیالات کامیابی کا باعث ہوں گے۔

۲ آپ کو یقین کرنا چاہیئے جو چیزیں آپ خرید رہے ہیں وہ بڑی قیمت ادا کرنے کے لئے ٹھیک نہیں۔ بہر نوع اسے پریمیم سمجھ کر ادا کر رہے ہیں تو اس کا نعم البدل کافی عرصہ بعد آپ کو ملے گا۔

۳ روپے پیسے کے معاملات میں محتاط رہیئے۔ حالانکہ آپ کی منصوبہ بندیاں ٹھیک ہیں۔ مگر مالی طور پر یہ غیر متوازن قسم کا بوجھ ہے۔ ایسا طریقہ اختیار کریں جس سے لوگوں سے قریب تر تعلقات قائم کرنے میں مدد ملے۔

۴ پریشان خاندان کے معاملات طے ہونے پر کسی جگہ آرام سے رہنے کا بندوبست ہوگا۔ اپنے کاروبار [illegible] میں مصروف ہو جائیں۔ بڑے بوڑھے لوگوں کی نصائح آپ کے لئے سود مند ہونگی۔

۵ اپنی آمدنی کے مطابق اخراجات بنایئے۔ آپ کے پاس ایک اچھا ریکارڈ ہونا چاہیئے جو آپ کو بجٹ کے معاملے میں مدد دے گا۔ آج کے دن آپ کا دماغ معمول سے زیادہ چست اور چالاک ہے چنانچہ مناسب طریقے سے لطف اندوز ہونے کا طریقہ اختیار کریں۔ خوشگوار قسم کے دوست ڈھونڈیئے۔

۶ دوسروں کے لئے اپنے خیالات کی تفصیل ظاہر کرنے کے اچھے دن ہیں۔ آپ کی آرا، رحیمانہ قسم کی ہونی چاہئیں۔ جیسا کہ حالات کا تقاضا ہو۔ آپ کا کام با مقصد ہونا چاہیئے۔ مگر اس کا پروگرام بنانے میں جلدی نہ کیجیئے۔

۷ آج آپ نئے دوست بنانے کی کوشش کیجیئے۔ مگر کسی رنجیدہ قسم کے دوست سے تعلقات نہ بنایئے۔ بے مقصد سستی اور بے پرواہی آپ کے الیکٹرک کے کاروبار میں بھی مداخلت کرے گا۔ چنانچہ روپے پیسے کے معاملے میں احتیاط برتئے۔

۸ آج کے دن کسی دوست کے لئے اچھا کام کیا ہوا آپ کے لئے نتیجہ خیز ہوگا۔ اچھی خبریں مل سکتی ہیں۔ اچھائی اور بھلائی کے لئے خیالات پیدا کیجیئے۔

۹ آپ کا سستی سے کوئی بڑا کام چلنے والا ہے تو جلد ہی ختم ہو جائے گا۔ باہر جانے کی بجائے آرام و آسائش کے لئے اپنے حلقہ میں ٹھہرنا چاہیئے۔

ایام = ۵ نمبر کے شخص کے لئے

۱ - کسی اہم معاملہ میں معلومات یا رائے زنی کرنے کا ٹھیک دن ہے، جلد عمل کرنے سے اس دن اعلیٰ [illegible]لشن متوقع ہے۔ ایٹجلیبٹ اس دن میں کامیابی سے ہم کنار ہو سکتا ہے۔

۲ خواہشوں کے پورا ہونے کا دن ہے کاروباری معاملات میں مالی سوجھ بوجھ کے لئے بہتر دن ہے [illegible]ے اور بڑے خوشیوں کا باعث ہو سکتے ہیں۔

۳ جہاں آپ کام کرتے ہیں - وہاں اور گھر پر فائدہ مند کام اور نتیجہ خیز باتوں سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ [ک]ام کرنے کے لئے چھوٹے اور با مقصد طریقے استعمال میں لایئے۔ آرام دہ اور فائدہ دینے والی تفریحات کا بندوبست کیجیئے۔

۴ خاندانی معاملات کو آپ کی توجہ کی ضرورت ہے۔ حالانکہ آپ اس سے بچنے کی کوشش کریں گے۔ اپنے ماحول کی روشنی میں اسے قبول کیجئے۔ یہ ایسا وقت ہے کہ جن امور سے فائدہ کی توقع ہے ان کو شروع کر دیا جائے۔ یقیناً فائدہ مند ہوگا۔

۵ یہ دن ایسا ہے کہ سابقہ غلطیوں کی درستی کا باعث بنے گا۔ چنانچہ معاملہ طے کرنے میں جلدی کیجئے۔ اپنے آپ پر بھروسہ کیجیئے۔ اور جو بھی آپ سے دریافت کرے اسے اپنی آراء سے واقف کرایئے نتیجہ آپ کی توقع سے زیادہ اچھا ہوگا۔

۶ اپنے دوستوں کی حوصلہ افزائی کیجئے۔ ان کی تعریف کیجئے۔ آپ کا طریقہ سوچ بچار دوسروں کو آپ کے لئے جیت لے گا۔ اپنے قول و فعل میں صادق اور پر خلوص رہیئے۔

۷ تفریح اور کھیل نئی نئی ذمہ داریاں پیدا کر دے گا۔ اپنے اس پروگرام کو شروع رکھیئے۔ جو آپ نے پہلے پہل شروع کئے تھے۔ کوئی نئی چیز شروع نہ کیجیئے۔ یا وہ کام جس کے متعلق آپ کو کوئی تجربہ نہیں ہے۔

۸ اپنے مقاصد کے لئے قوت اور ہمت کو بروئے کار لایئے۔ لیکن طریقہ کار میں لچک ہونا چاہیئے اپنے پروگرام بنانے کے لئے احتیاط سے پروگرام بنایئے۔ کچھ چیزیں جن کو آپ نے جلد بازی سے شروع کیا ہے۔ ہو سکتا ہے بے ترتیب ہو جائیں۔ یا وہ کام جس کو آپ نے جلدی میں ختم یا شروع کیا ہو۔

۹ اپنی قابلیت کی بنا پر اپنے مالی معاملات میں اچھی رائے رکھنے کے سبب آپ کو کامیاب ہونا چاہیئے اس طرح کاروبار یا پھر جہاں آپ روپیہ لگا رہے ہیں۔ وہاں بھی یہی اصول کام دے گا۔ کاروباری لحاظ سے سفر فائدہ مند ہوگا۔ آپ اپنی تحریرات سے بھی گرفت میں آسکتے ہیں۔

ایام = ۶ نمبر کے شخص کے لئے

۱ ۔ رُکے ہوئے کام کو مکمل کرنے کے لئے شروع کیجئے ۔ کوشش کریں کہ بیکار لوگوں سے مدد مل سکے آج کے دن میں رومانس اور محبت کے معاملے آپ کی توجہ اپنی طرف منعطف کرائیں گے ۔

۲ لڑائی جھگڑے سے بچئے ۔ اپنی عقل و فراست سے لوگوں کو دوست بنا سکتے ہیں ۔ آپ کے لئے آج کا دن بڑا اچھا ہے ۔ بغیر کسی خرچ کے اپنے گھر کے ماحول کو ٹھیک کر سکتے ہیں ۔

۳ کوئی سابقہ کام جو التوا میں پڑا ہوا ہے ۔ دردسری کا باعث بن سکتا ہے ۔ اپنے ایسے دوستوں کے ساتھ جو آپ کے خیالات سے متعلق ہوں ، سیر و تفریح کے لئے نکل جایئے ۔ زندگی کو موضوع گفتگو رکھئے ۔

۴ اپنی قوتِ عمل سے پیدا شدہ چیزوں کو شمار کریں ۔ دوسروں کی طرف سے یا اعانت سے ملی ہوئی چیزیں نہیں ۔ ان کی حقیقت کو تسلیم کیجئے ۔ آپ کا سخت محنت سے ممکن حد تک چلتا ہوا کام رک بھی سکتا ہے ۔ چنانچہ شکست خوردگی کے احساس سے مایوس نہ ہوئیے ۔

۵ بے مقصد چیزیں حاصل کرنے سے اجتناب کیجئے ۔ بردبار بنیئے اور دلجوئی اور لطف اندوزی کے اصول سے واقفیت حاصل کیجئے ۔ اپنی قریبی چیزوں کے دیکھنے کے لئے گہرے مطالعے کے پابند رہیے غیر ضروری اخراجات سے بچیئے ۔

۶ کامیابی اور شہرت قوت بانفس سے پیدا ہو سکتی ہے ۔ آپ دوستوں کے حلقے میں ، محبت اور رومانس کے ماحول میں گھر جائیں گے ۔ چنانچہ ان افراد سے سرگرم رہیئے جو آپ سے محبت کرتے ہیں ۔ اپنی فراست کو خوبصورتی کی توصیف میں استعمال کیجئے ۔

۷ ہوشیار رہیئے ایسی چیزوں سے جو اصل رنگ میں موجود نہیں یا جو نتیجہ خیز نہیں ہو سکتیں ۔ آپ کے لئے نئے خیالات اور آلات کی آزمائش کے لئے بڑا اچھا دن ہے ۔ لیکن تسلی کر لیجئے کہ چیز جذباتی ہے یا حقیقی آپ کو خوشی اور ہمت افزائی کے اسباب معلوم کرنے چاہئیں ۔

۸ مالی معاملات میں عقلمندانہ اور سلجھا ہوا طریقہ ایک اچھے اور فائدہ مند نتیجے سے ہمکنار کرے گا ۔ آج کے دن مالی معاملات بڑی عمدگی سے چلائے جا سکتے ہیں ۔ کوئی مناسب طریقہ کار معلوم کیجئے ، جو فائدہ پہنچا سکے ۔ جو معمول کے علاوہ ہو ۔

۹ آپ نے جن کام کو شروع کر رکھا ہے ۔ انہیں ختم کر دیجئے ۔ یہ صورت ماضی کے تلخ واقعات اور تضیع اوقات سے بچائے گی ۔ اپنی چیزوں پر نگاہ رکھئے ۔ تاکہ نقصان اور تکلیف سے بچ سکیں ۔

ایام = ۷ نمبر کے شخص کے لئے

۱ منافع بخش اور فائدہ کے لئے ایک موقع موجود ہے ۔ کوئی کام ہو ۔ اسے نہایت بردباری اور احتیاط سے کرنا چاہیئے ۔ یہ دن متفق اور مل جل کر کسی معاملہ میں عمل کرنے کے لئے فائدہ مند ہے ۔

۲ چھوٹے معاملات آپ کو تنگ کر سکتے ہیں ۔ لیکن ایسے تاثرات سے گھبرانا نہیں چاہیئے ۔ گھریلو الجھنوں کا آپ شکار ہو سکتے ہیں ۔ جن پر آپ کا کوئی کنٹرول نہیں ہے ۔ اس سے آپ کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہو سکتا ہے ۔

۳ دوست آپ کی بھلائی اور اچھائی کے لئے مصروف عمل ہیں ۔ آپ کے مالی معاملات کسی نئے معاہدے کے سبب بہتر ہو جائیں گے ۔

۴ اپنی صحت کی از سر نو دیکھ بھال کیجئے ۔ نئے کاروبار کی کوشش نہ کیجئے ۔ کیونکہ نقصان میں رہیں گے ۔ اپنی تمام قوت کو بروئے کار لایئے ۔ آپ کا فائدہ آپ کے تجربے پر منحصر ہے ۔

۵ ایک سوچا سمجھا منصوبہ آپ کے لئے فائدہ مند ہو سکتا ہے ۔ مگر اپنے حلقہ اثر میں موجود افراد کو اپنے قرب سے دور نہ کیجئے ۔ اپنی خوبیوں کی بنا پر اچھے اور فائدہ مند حالات کی امید رکھیئے ۔ بے مقصد ذمہ داری قبول کرنے کے متعلق سوچ کر وقت ضائع نہ کیجئے ۔

۶ آپ کا ذہن اچھے اور فائدہ مند خیالات سے بھرا ہوا ہے ۔ جو ضائع بھی کر دیتا ہے ۔ ایسے معاملات منتخب کیجئے جو آرٹ کے لحاظ سے فائدہ پہنچا سکیں ۔ آج کے دن کوئی بھی پروگرام ، کاروبار یا گھر سے متعلق ہے سامنے کر ڈالیئے ۔

۷ جو کام التوا میں ڈال رکھے ہیں ۔ وہ فائدہ مند اور نتیجہ خیز ثابت ہو سکتے ہیں ۔ اپنا طریقہ کار متعین کر کے عمل شروع کیجئے ۔ اور ضروری ہو تو کچھ رد و بدل کر کے اپنے کام کو شروع کیجئے اور بہتر یہ ہے کہ پرانے رکے ہوئے کاموں کو نئے نام سے شروع کر دیجئے ۔

۸ آپ جن چیزوں کو ناپسند کرتے ہیں اُن کے بیرونی اثرات سے کافی دبے ہوتے ہیں ۔ آپ کی قوت ان اثرات کو دور ہو سکتی ہے ۔ چالاکی آپ کے معاملات سلجھا سکتی ہے ۔ برعکس اس کے کم عقلی اقدام کریں ۔

۹ غصہ یا کچھ غیر متوازن حالات کی وجہ سے دن اچھا نہ گزرے گا ۔ اس دوران میں کوئی نیا کام شروع نہ کیجئے ۔ مگر جو کام ختم کرنا چاہتے ہیں ۔ وہ یقیناً فائدہ مند ہوں گے ۔ جو غیر متوقع بھی ہو سکتا ہے ۔

ایام ۸ نمبر کے شخص کے لئے

▲ ١ - بڑی قوت اور رد عمل سے دن شروع ہوگا۔ اپنے آپ کو مصروف عمل رکھیے جو تندہی بہ ہو کسی دوسرے کو اپنے کاروبار میں مداخلت کی اجازت نہ دیجئے۔ اپنے خیالات اور خوبیاں رازداری سے استعمال میں لائیے۔

▲ ٢ عقلمندی سے دن کا آغاز کیجئے۔ احتیاط سے قدم اٹھائیے اور روپے پیسے کے معاملے میں جلدی کی کوشش مت کیجئے سے مالی پوزیشن بہتر ہو سکتی ہے۔ جوا بازی اور دوسرے اسی قسم کے کاموں سے بچئے۔

▲ ٣ جائیداد کے متعلق اپنے احساسات کو استعمال میں لائیے۔ لکھنا پڑھنا، بولنا اور مطالعہ میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ آج کے دن عوامی مجالس میں شمولیت کیجئے۔

▲ ۴ مشکلات سے بچنے کے لئے احتیاط کو استعمال میں لائیے۔ اپنے کاروبار سے توجہ مت ہٹائیے۔ یہ دن خیالات تبدیل کرنے کا نہیں ہے۔

▲ ۵ آپ جو کچھ کر رہے ہیں اس پر مکمل توجہ دیجئے۔ آج آپ کو نسبت یا شادی کے متعلق کوئی خوش خبری ملے گی۔ آج کا دن نئے کام کرنے کے لئے زیادہ بہتر ہے۔ برعکس پرانے کاموں کے دہرانے کے۔

▲ ٦ دوستوں کے پاس جائیے یا انہیں اپنے پاس مدعو کیجئے۔ آج کا دن آپ کی محنتوں کا صحیح پھل دینے کا ہے۔ روپے اور پیسے کے معاملے میں آج اچھے رہیں گے۔ آج قیمتی اور بامقصد منصوبوں پر عمل کرنے کا دن ہے۔ آج کے دن آپ کسی کی مدد کرنے میں خوشی محسوس کریں گے۔

▲ ٧ آج کے دن ایسے کاروبار یا شخص سے بچئے۔ جو محض آپ کے لئے سوالات کا باعث بنا رہے۔ آج وقت نکال کر اس چیز کے متعلق ضرور سوچئے۔ جو آپ خریدنا چاہ رہے ہیں۔ جلد بازی بڑا نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کیجئے۔

▲ ٨ اچانک ضروریات کے لئے اپنے پاس کافی روپیہ رکھیے۔ جو فی الفور ضروریات کے لئے ہو۔ اور اخراجات پر کنٹرول رکھئے۔ دوسروں کو دیکھئے اور مطالعہ کیجئے کہ دوسرے کیا کر رہے ہیں۔ اپنے آپ کو وضع کیجئے۔ آپ کی تعریف کی جائے گی۔

▲ ٩ نئی اور جدید زمانے کی ضروریات کے پیش نظر اپنی خواہشات پر کنٹرول کیجئے۔ بے مقصد خیالات سے نجات حاصل کیجئے۔ بامقصد اور تعمیری کوششیں جاری رکھئے۔ اور معقول آمدنی کے ذرائع پیدا کیجئے۔

ایام ۹ نمبر کے شخص کے لئے

١ - آج کا دن فیصلہ کرنے کا عمدہ اور بہترین موقع ہے۔ جو مستقبل کے متعلق ہو سکتا ہے۔ ایسے آلات خرید یئے، جو کثیر الاستعمال ہوں۔ اور جس خیال پر آپ نے عمل شروع کیا ہے۔ وہ بارآور ہو سکتا ہے۔

٢ اپنی ہمدردیوں کی بغیر کسی لالچ کے پیش کش کیجئے۔ یہ وہ دن ہے کہ دوسرے اپنی پریشانیوں میں الجھے ہوئے ہونگے۔ مگر آپ کے لئے یہ دن ان سے مختلف ثابت ہو گا۔ آپ کو اپنے معاملات پر توجہ دینی چاہیئے۔

٣ ایسے کاموں کی طرف جلد توجہ دیجئے۔ جن کو آپ کی توجہ کی فوری ضرورت ہے۔ تب آپ کا مستقبل شاندار ہو سکتا ہے۔ اپنے خیالات کو بروئے کار لائیے۔ بلکہ توجہ مبذول کیجئے۔ اپنی خوبیوں کے پیش نظر اپنی بڑھتی ہوئی ضرورت کا احترام کیجئے۔

۴ ابتداء سے ہی کام سوچ سمجھ کر کیجئے۔ اگر غلط ہو گیا تو نتیجہ اچھا ثابت نہ ہو گا۔ مالی کاروبار کے لئے توجہ کی ضرورت ہے۔ کوئی بھی چیز اتفاقات پر نہ چھوڑیئے۔

۵ آپ کے خیالات سونے سے زیادہ قیمتی ہیں چنانچہ ان کو ضائع نہ کیجئے۔ گفتگو اور مطالعہ اور دوستوں سے تعلقات آپ کی شخصیت کے لئے فائدہ مند ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ غور سے اور توجہ سے بات سنا کیجئے۔

٦ گھریلو معاملات آپ کے ہنر مندانہ اور فراست کے باعث اچھے خوشگوار ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ آج کے دن خوش و خرم رہیئے۔ یہی طریقہ بہتر دن گزارنے کے لئے ٹھیک ہے۔

٧ قوت ارادی اور ہمت سے قدم اٹھانا۔ آپ کے لئے فائدہ مند اور نتیجہ خیز ہو سکتا ہے چنانچہ گفتگو اور تفصیل سے معلومات حاصل کیجئے۔ سوسائٹی میں دوستوں کا سامان حرل آپ کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔

٨ اپنے خیالات کو تعمیری اور نتیجہ خیز معاملات میں استعمال کیجئے۔ قابل توجہ آدمی کی بات غور سے سنیئے۔ آج کے دن مل کر کام کیجئے۔ وہ اچھا اور فائدہ مند رہے گا۔

٩ - جوابات، کاغذات، نامکمل کاموں کی تکمیل اور نقصانات کو پورا کرنے کا وقت ہے۔ ہر معاملے کا مقابلہ مکمل بھروسے سے کریں۔ اپنی قوت اور ہمت کے تحت خوشیوں کے ساتھ رہیئے۔ اپنے مستقبل کا اندیشہ پیش نظر رکھیے۔

تیسرا باب

زائچہ اعداد

تاریخ پیدائش کے اعداد کے اثرات

ینا ممکن ہے کہ اس چھوٹے سے باب میں ستاروں کے ایک دوسرے کے مابین اثرات کا مکمل بند سر تحریر کیا جائے جو اثرات اور طبع کے لحاظ سے ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہوں مگر ہم صرف دو قسم کے ستاروں کے خصوصیات اور اثرات کے متعلق تحریر کریں گے اور یہ حقیقت ہے کہ ہم کو تفصیل سے ہر ایک ستارے کا حال لکھنا چاہیئے تاکہ ہر فرد ان ہر قسم خصوصیات سے واقف ہو سکے۔ چنانچہ جو ستارہ کسی کی تاریخ پیدائش کے وقت حاکم ہوتا ہے اسی کے تحت "زائچہ دار" تاریخ پیدائش مرتب کر لیا جاتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے طریقے سے معلوم ہوگا کہ کس طرح یہ نقشہ بنانا چاہیئے۔ ہر شخص کا کوئی نہ کوئی ایک مخصوص ستارہ ہوتا ہے جو اس مرد یا عورت کی زندگی پر ہمیشہ حاوی اور حکمران رہتا ہے اور یہ میں نے اس علم کو پایۂ تکمیل کو پہنچایا ہے کہ آپ کلام الٰہی کا بغور مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ اس میں ستاروں کی ہمہ گیر قوت کا ذکر موجود ہے لہٰذا یہی وجہ میرے وثوق اور اعتمادی ہے اور جب ہم زندگی کے ستارے کا حتمی پتہ چلا سکتے ہیں جو بعد میں ان کے اثرات کے تحت زندگی کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں جسے ہم "زندگی کا نگران یا زندگی کا نمبر" کہہ سکتے ہیں۔ آیئے ہم آپ کو چند مثالیں پیش کریں کہ کس طرح تاریخ پیدائش کے ستاروں سے متعلق معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں مثلاً "قائد اعظم محمد علی جناح" جو ۱۸۷۶-۱۲-۲۵ کو پیدا ہوا تھا اس کا حل یوں ہوگا۔ ۶+۷+۸+۱+۲+۱+۵+۲ = ۳۲ = ۵ نمبر ہوا۔ اس سے معلوم ہوا کہ شمس ان کی زندگی کا اہم ستارہ ہے جو ہمہ وقت زندگی پر اثرات مرتب کرتا رہتا ہے۔ اسی طرح مسٹر گاندھی ۱۸۶۹-۱۰-۲ کو پیدا ہوئے تھے تو ان کا نمبر ۹+۶+۸+۱+۰+۱+۲ = ۲۷ = نمبر ۹ ہوا (مشتری)۔ اسی طرح مسٹر جارج برنارڈ شا کی پیدائش ۱۸۵۶-۷-۲۶ جن کا مجموعہ ۳۵ اور نمبر ۸ ہوا جس کا تعلق مریخ سے ہے۔ اسی طرح جواہر لال نہرو جو ۱۸۸۹-۱۱-۱۴ کو پیدا ہوئے تھے ان کا مجموعہ ۳۳ اور نمبر ۶ (جو عطارد سے متعلق ہے) نپولین بوناپارٹ جو ۱۷۶۹-۸-۱۵ کو پیدا ہوا تھا جس کا مجموعہ دس اور نمبر ۱ ہوا۔ ونسٹن چرچل جو ۱۸۷۴-۱۱-۳۰ کو پیدا ہوا تھا اس کا مجموعہ ۲۶

اور نمبر ۸ ہے جو مریخ سے تعلق رکھتا ہے۔ ایڈلف ہٹلر جو ۱۸۸۹-۴-۲۰ کو پیدا ہوا تھا اس کا مجموعہ ۳۲ اور نمبر ۵ ہوتا ہے۔ سورج کا نمبر ہے۔

تاریخ پیدائش سے زندگی کا حاکم ستارہ معلوم کرنا

ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں کہ کس طرح زندگی کا حاکم ستارہ معلوم کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ یہ ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ زندگی کا ستارہ تمام تاریخ پیدائش کے مجموعہ سے حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص اپنی تاریخ پیدائش کے متعلق قطعی نہیں جانتا یا سوائے اس کے کہ سال کا اسے علم ہے تو صرف اس سے اندازہ کر سکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ اسے یکم جولائی کو اپنا مہینہ سمجھنا چاہیئے اور اگر سال بھی معلوم نہیں تو تمام ایام کے کا مجموعہ لینا چاہیئے چنانچہ تاریخ پیدائش اور ستارہ معلوم کرنے کے لئے یہ نقشہ آپ کو اچھی مدد دے سکتا ہے ان میں ستاروں کے نمبر وہ ہیں جن بروج کے وہ حاکم ہیں مثلاً اسد شمس کا گھر ہے اور اسد ستارہ بروج میں پانچواں گھر ہے لہٰذا اس کا نمبر ۵ ہے۔

جب تاریخ پیدائش کے ایام کا مجموعہ اگر یہ ہو تو	زندگی کا ستارہ اور نمبر*
۱۴، ۲۳، ۳۲، ۴۱	شمس نمبر ۵
۱۳، ۲۲، ۳۱، ۴۹	قمر نمبر ۲
۱۷، ۲۶، ۲۹، ۳۵، ۴۴، ۴۷، ۵۳	مریخ ۱ یا ۸
۱۲، ۱۵، ۲۱، ۲۴، ۳۳، ۳۹، ۴۲، ۴۸، ۵۱	عطارد ۳ تا ۶
۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴	مشتری ۹
۱۱، ۲۰، ۲۵، ۳۴، ۳۸، ۴۳، ۵۲	زہرہ ۲ یا ۷
۱۰، ۱۹، ۲۰، ۲۸، ۳۰، ۳۷، ۴۰، ۴۶، ۵۰، ۵۵	زحل .... (صفر)

ہم نے مندرجہ بالا اندراج اس طرح دیا ہے کہ جیسے مریخ کا نمبر ۲+۹ = (۱۱) ہوتا ہے اور نمبر ۲ بنے گا۔ مگر آپ اس کو ایک ہی تسلیم کریں۔ ہاں خصوصی حالات میں اس کو ۲ بھی مان سکتے ہیں اسی طرح یہ بھی یاد رکھئے کہ ۱۹۔ جو تعلق بنائے گا وہ صفر (۰) ہی ہے گا۔ حالانکہ اس کا مجموعہ ۹+۱ = ۱۰ ہوتا ہے لیکن ہم صفر کو لیں گے۔

* یہ نمبر صرف اسی باب سے متعلق ہیں

نقشۂ تقدیر

تاریخ پیدائش کے ہمہ گیر اثرات

کئی عالموں کا حتمی فیصلہ ہے کہ انسانوں کی زندگی پر تاریخ پیدائش کا یقینی اور فیصلہ کن اثر پڑتا ہے اور ہم اس خیال سے متفق ہیں لیکن ہم ایسے قابل قبول اور بااثر اثرات چاہتے ہیں جو زندگی کے متعلق مصدقہ حالات فراہم کر سکیں۔ ہمارے نظریے میں مکمل تاریخ پیدائش بالکل بامقصد اور بااثر زندگی پر مخصوص قسم کے ہمہ گیر اثرات مرتب کرتی رہتی ہے اور اس سے ہماری زندگی مکمل طور پر متاثر ہوتی ہے۔ ہماری زندگی منجملہ پیدائش کے اعداد کے زیر اثر فی الواقع اثرات اور نتائج کا مجموعہ ہوتی ہے اور اس طرح ہم بالکلیہ یہ تسلیم کر لیتے ہیں کہ دراصل کسی ستارے کی رفتار سے زندگی مرتب اور متاثر ہوتی ہے۔

نقشہ تقدیر

اگر زندگی کا ستارہ معلوم کر لیا ہے تو اب نقشہ تقدیر مرتب کرنا چاہیئے۔ جس سے تمام قسم کے ستاروں کی گردش ان کے متعلق نمبر اور تاریخ پیدائش کا تعلق آسانی سے سمجھ میں آ سکے۔ آئیے ہم کسی کی اندازاً تاریخ پیدائش لے کر تجربہ کرتے ہیں جیسے ۱۸۸۱-۶-۱۸ ہے۔ پہلے ہم زندگی کے نمبر کا پتہ چلائیں جو ۶ بنتا ہے۔ اس کا ستارہ "عطارد" ہوا چنانچہ اس مفروضہ سے فرد کی زندگی کا ستارہ "عطارد" اور نمبر "۶" ہوا۔

نقشہ نمبر ۱
تاریخ پیدائش ۱۸ ۶/۱۸۸۱

۶ عطارد

۱ مریخ	مریخ ۸
۶ عطارد	مریخ ۱
۸ مریخ	مریخ ۸

۱- مریخ

ہم نے جو نقشہ مرتب کیا ہے وہ تین حصوں میں تقسیم ہے جس کے تین یا چار حصے دکھائے گئے ہیں اور زندگی سے متعلق ستارہ چوٹی پر دکھایا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ستارہ "عطارد" اور نمبر "۶" مکمل تاریخ پیدائش سے متعلق ہیں۔ اب ہم تاریخ

پیدائش کا مطالعہ کریں تو ہماری نظر نمبر ۱ پر پڑتی ہے جو مریخ کے ساتھ ہے چنانچہ اس کو پہلی لائن پر لاتے ہیں۔ اسی طرح پھر ہمارا سلسلہ اس کے ساتھ واقع "مریخ" سے ہوتا ہے جس کا نمبر "۸" ہوتا ہے۔ چنانچہ ہم اس کو اسی لکیر کے دوسرے سرے پر لکھتے ہیں تاکہ مریخ نمبر ۱ کے مقابل ہو جائے۔ اب پہلی لائن مکمل ہو گئی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ مریخ دوبارہ ۸ نمبر کے ساتھ سامنے موجود ہے۔ چنانچہ ہم اس کو دوبارہ وقوع پذیر ہونے والا ستارہ شمار کرتے ہیں۔ دوسرا ستارہ "عطارد" ہے جو نمبر "۶" کے ساتھ دوبارہ واقع ہو رہا ہے۔ اس طرح دوبارہ پھر مریخ ستارہ نمبر ۱ کے ساتھ موجود ہے۔ اور بعینہٖ اسی طرح مریخ نمبر ۸ کے ساتھ دوبارہ موجود ہے جو فی الواقع مریخ ۱ نمبر سے مقابلہ کر رہا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس تاریخ پیدائش کا تعلق یا تقدیر کا اثر دو ستاروں کے گرد گھوم رہا ہے کیونکہ پہلا دوبارہ اپنا اثر آخری مقابلہ میں پھر ظاہر کر رہا ہے۔ گویا یہ زائچہ صرف عطارد اور مریخ کے ماتحت ہے اور اس شخص کی زندگی میں یہی دو ستارے جوہر کردار ادا کر رہے ہیں۔ دوسری مثال ۶-۱۹۰۴-۲۳ جس کا نمبر "۷" ہوا چنانچہ اس کا نقشہ یوں ہوگا

نقشہ نمبر ۲

۷ زہرہ

۲ زہرہ	عطارد ۳
۴ قمر	مریخ ۱
۹ مشتری	زحل ۰

عطارد ۶

یہاں پر غالب نمبر "۷" ہے جسے ہم نے زائچہ کی چوٹی پر دکھایا ہے۔ دوسرا ستارہ زہرہ ہے "۲" ہے مقابل پر نمبر ۳ ہے۔ اس کے بعد قمر کا مقابلہ ہے جس کا نمبر (۴) ہے۔ مریخ نمبر ۱ ہے جسے دوسری لائن پر لایا گیا جہاں ہمارے سامنے مشتری "۹" اور زحل صفر (۰) اور آخری ستارہ عطارد ہے جس کا نمبر ۶ ہے جسے ہم نے آخری جگہ زہرہ کے مقابل میں پیش کیا ہے چنانچہ ہمارے اس زائچہ میں زہرہ، عطارد، قمر، مریخ، مشتری اور زحل موجود ہیں شمس نہیں ہے۔

فصل اوّل

حاکم ستارہ

ہم نے سابقہ صفحات پر نمبروں کی خصوصیات اور حقائق کے متعلق معلومات بہم پہنچائی ہیں۔ آئیے ہم ہر ستارے اور اس کے ساتھ تعلق رکھنے والے نمبروں کی خاصیتیں اور حقیقتیں معلوم کریں۔

مشتری ۔ حاکم عدد ۹

مشتری جو ۹ نمبر پر تسلط رکھتا ہے۔ یہ سب سے عظیم تر اور بڑی طاقت والا حاکم ستارہ ہے جو اِلدار اور ایماندارانہ خصائص کے ساتھ ساتھ ہر اچھی چیز پر تسلط رکھتا ہے اور دولت مند لوگوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر کسی شخص کی تاریخ پیدائش کا یہی ستارہ تعلق دار ہو یا پھر اس کے زندگی پر اثر رکھنے والا یہی نمبر ہو تو یہ ایک خوشگوار اور اچھی زندگی کا پتہ دیتا ہے یہ لوگ آہستہ آہستہ ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے کامیابی کے اعلیٰ مدارج پر ایک دن پہنچ جاتے ہیں۔ ۹ نمبر سے متعلق افراد نیک، اچھے خصائص کے مالک، امن پسندی اعلیٰ خیالات، عمدہ شخصیت اور خوبیوں کا مالک ہوتے ہیں۔ وہ دلچسپ اور متاثرکن شخصیت کے مالک ہونے کے ساتھ ساتھ وسیع القلب اور سلجھے ہوئے خیالات کے مالک ہوتے ہیں۔

جمہوریت نواز، رحم دل، غریب پرور، عمدہ خیالات رکھتے ہیں۔ مذہب سے متعلق کلیدی عہدے رکھتے ہیں۔ اور اپنے سے محبت کرتے ہیں۔ فوج۔ قانون، عدالت، پبلک باڈیز، میونسپل ایڈمنسٹریشن، گورنمنٹ کے عہدے، خیراتی ادارے اور سماجی ادارے اسی سے متعلق ہیں۔

نمبر ۹ کے افراد اپنے خیالات کو بخوبی ظاہر کر سکتے ہیں اور ان کو عملی جامہ پہنا سکتے ہیں۔ وہ اپنی زندگی کا خوب آغاز بھی کر سکتے ہیں مگر ستاروں کے آغاز کے تحت ان کی زندگی کا اختتام خوشی اور اطمینان پر ختم ہوتا ہے۔ وہ اصول اور تقاضے کے حد سے زیادہ پابند ہوتے ہیں۔ یہ لوگ ذرا کانوں کے کچے ہوتے ہیں، غصہ ور ہوتے ہیں۔ فی الفور طیش میں آ جاتے ہیں۔ وہ خود پسند اور حاکمانہ ذہنیت کی بناء پر فی الفور حالات پر غالب آ جاتے ہیں۔ اس لئے ان کی زندگی کی مشکلات آسانی سے مغلوب ہو جاتی ہیں۔ ان کے پوشیدہ دشمن بھی ہوتے ہیں جو ان کی مقبولیت کے دشمن ہوتے ہیں۔

نمبر ۹ کے ستارے اگر مریخ کے ساتھ یا ۸ ان کی تقدیر کی تحریر میں یا پیدائش کے زائچہ میں دخل انداز ہوں یا اسی طرح ایک ستارہ دوبارہ جلوہ گر ہو رہا ہو تو ایسے افراد کی زندگی خصوصاً گھریلو طور پر خوش کن نہیں ہوتی اور یہ لوگ ہمیشہ اپنے رشتہ داروں اور حصہ داروں سے لڑائی جھگڑے میں مصروف رہتے ہیں اور جلد باز اور زیادہ گو ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ دوسروں کو مغلوب کرنے اور اپنے آپ کو قابض کرنے کی قوت کے عادی ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ کسی محکمہ کے انچارج کی حیثیت سے بے حد کامیاب ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ کسی قسم کی مداخلت کرنا گویا اپنے لئے مشکلات پیدا کرنا ہوتا ہے یہ لوگ انسانیت کے لئے بڑے ہمدرد اور رحم کرنے والے ثابت ہوتے ہیں۔

یہ لوگ بڑے مددگار ہونے کے ساتھ ایسے اداروں سے منسلک ہوتے ہیں جیسے جج، وکلاء، راجہ، بادشاہ، حاکم میونسپل کارپوریٹر، پروفیسر، سالیسٹر، میڈیکل ایڈوائزر، بیرسٹر، جگر ز، دولت مند، ڈاکٹر آف لاء، اعزاز یافتہ کسی کام کے اعلیٰ ماہر، ڈگری یافتہ، سیارہ شناس، نجوم سے متعلق علوم میں ماہر، بک سیلرز، پبلشرز، مرچنٹ (جو سمندری جہاز کے ذریعہ دوسرے ممالک سے کاروبار کرنے والے ہوتے ہیں۔ سیاحی سفر کرنے والے (جو بیرونی ممالک کے متعلق ہو) جغرافیہ دان، شپنگ ایجنٹ، سرمایہ دار، منشی، خزانچی، جانوروں کے تاجر، گھوڑے رکھنے والے، ایجوکیشن آفیسر، سول سرونٹ، کھلاڑی اور شکاری یہ سب لوگ ۹ نمبر کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

خوش قسمتی کا رنگ = سنہلی، زرد، بسنتی

خوش بختی کا پتھر = زمرد، نیلم، سرخ پتھر۔

خوش قسمتی کی تاریخیں = ۹، ۱۸، ۲۷

خوش بختی کے مہینے ۔ ستمبر

خوش قسمتی کا سال = جس سال کا مجموعہ ۹ بنتا ہو جیسے (۱۹۴۴) اس طرح ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴ وغیرہ وغیرہ۔

خدوخال اور کردار:۔

اونچا ماتھا، اکثر ترچھا، اچھے نقوش، لمبا سر اور کھلا چہرہ۔ طاقتور جسم اور اعضا بعض حالات میں جھکا ہوا اور پُرگوشت جسم۔

اعلیٰ دماغی کیفیت، بلند خیالی، مذہبی رجحان، دیانت دار، ہمدرد، دوست نواز، مخلص اور پر امید دوست

فطرت:۔ ارفع خیالات

امراض:۔ جگر کی بیماریاں، پھیپھڑے، کولھے۔ اور اطراف امراض خون۔ اگزیما، لاغرپن، دمہ

مشہور شخصیتیں جو اس کے زیر اثر پیدا ہوئیں۔

مہاتما گاندھی ۔ ۲-۱۰-۱۸۶۹ (۲۷ = ۹)

مہاراجہ آف میسور ۔ ۱۸-۷-۱۹۱۹ (۳۶ = ۹)

سر ہنری اروِنگ ۵-۲-۱۸۳۸ (۲۷ = ۹)

ڈاکٹر راجندر پرشاد پریذیڈنٹ آف انڈیا ۳-۱۲-۱۸۸۴ (۲۷ = ۹)

پنڈت موتی لال نہرو (والد جواہر لال نہرو) ۶-۵-۱۸۶۱ (۲۷ = ۹)

شمس

حاکم عدد ۵

شمس اچھا یا برا دو اثرات مرتب کرتا رہتا ہے۔ وہ افراد جو اس کے زیر اثر پیدا ہوئے ہیں وہ اپنی زندگی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ شمس دوسرے سیاروں پر حاکم ہے اور زندگی کے ہر پہلو کو متاثر کرتا رہتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ تمام دنیا میں مشہور ہو جاتا ہے جو افراد اس سیارے کے زیر اثر ہوتے ہیں وہ بالعموم دوسروں کی نسبت ایک اہم کردار ادا کر کے شہرت حاصل کرتے ہیں۔ ان میں مضبوط قوتِ ارادی اور جذبۂ ہمت ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اعلیٰ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اپنی ہمت اور شخصیت کے وقار کا بڑا خیال رکھتے ہیں جو ان کے

عزت اور رتبے کا باعث ہو سکتی ہے لہٰذا وہ اپنے کردار اور خوبی پر نازاں ہوتے ہوئے بڑے عمدہ اور عالی خیالات کا مظاہرہ کرتے ہیں جہاں پر ان کا اثر طاری رہتا ہے۔ ہر نوع ان میں اور بھی اعلیٰ خصوصیات ہیں جیسے عمدہ دماغ ہمت افزائی، انسانیت نواز قسم کے خیالات کا اجتماع رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ انسانیت کی بقا کے علمبردار دانا اور صاحب فراست مذہبی اور مصلح ثابت ہوتے ہیں۔

نمبر ۵ کے لوگ درحقیقت بڑے حوصلہ مند ہوتے ہیں، آزاد خیال، مغرور، تعلیم یافتہ، بلند عزائم، انفرادیت پسند اور اچھے ماحول کے شوقین ہوتے ہیں۔ ان میں کمزوریوں کے لحاظ سے غصہ ور، خودسر، حاکمانہ اور ظالمانہ روش، غرور۔ دوسروں کی باتوں پر یقین کر لینا۔ لڑائی پسند ذہنیت کا پایا جانا بھی فطرت ہے۔ بہر حال ہم ایسے آدمی کو حقیقی اور مثالی انفرادیت پسند بھی کہہ سکتے ہیں، مفکر، مصنف، عالم، موجد، مذہبی معاملات کے سربراہ یا اعلیٰ ادارے کے سربراہ لیڈر، سکول ماسٹر یا پروفیسر، قانون دان، صدر، مجسٹریٹ، چیئرمین، وزیر اعظم، حاکم ریاست، وفاداری یا حقوق کا نگران، بزنس مینجر، پبلک آفیسر، ڈائریکٹر آف کمپنیز، سول سرونٹ، کنٹرولر، ماٹیمرز، بلڈرز، فلاسفر، اور سیلز انسپکٹر یہ تمام افراد اس نمبر کے زیر اثر پیدا ہوئے ہیں۔

یہ لوگ اپنے کاروبار میں بے حد کامیاب اور سرخرو ہوتے ہیں اور اپنی کامیابی کا کوئی نہ کوئی نشان اپنے پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔ یہ لوگ اچھے شرط باز ہوتے ہیں۔ اسی لئے ان میں قوت برداشت اتنی ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے ہار جیت کے پہلو کو اہمیت نہیں دیتے۔ یہ لوگ اپنے دوستوں کو کھونے کا غم بھی نہیں کرتے بلکہ انہیں نظر انداز کر دینا ان کے لئے معمولی بات ہوتی ہے یہ اپنی تمام قابلیت کو بعض اوقات بلاوجہ پریشان ہونے کی وجہ سے بھلا بیٹھتے ہیں

خوش قسمتی کا رنگ = بھورا یا نیلا یا ہلکا رنگ۔

خوش قسمتی کا پتھر = نیلم ہلکا یا کالا۔

موافق دن = اتوار

موافق تاریخیں = ۵۔ ۱۴۔ ۲۳۔

موافق مہینہ = مئی

موافق سال = جس کا مجموعہ ۵ ۔ ۱۴۰۰ ۔ ۲۳۰۰ ، ۳۲ ، ۱۴۱ بنتا ہو۔

عام خدوخال اور کیریکٹر:۔ مضبوط اور چوڑا جسم بڑے کھلے اور چوڑے جوڑ، تیکھے نقوش، کالے بال، خوبصورت ابرو، گہری ٹھوڑی، مسکراتا انداز فکر کا مظہر ماتھا، سہما ہوا سا انداز زندگی، مغموم اور اداس انداز اور شرمسارانہ عادات،

بیماریاں:۔ دل کے امراض، تشنجی کیفیت، آنکھیں خراب ہونا، گلے کی بیماریاں، دوران خون کا فساد، حادثہ، سرطان، ہائی بلڈ پریشر۔

فطرت:۔ آزاد منش، تنہائی پسندانہ۔

دماغی حالت:۔ پابند وقت، خاموشی پسندی کی عادات، ترقی پسند، حوصلہ افزا، ترقی اور شاندار

مستقبل کی تمنا۔

یہ اعلیٰ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں جو شمس کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں اور ان کا نمبرہ ہوتا ہے۔

مشہور شخصیتیں

مکانیا رگھو معارا مک = ۱۸۵۷۔ ۷۔ ۲۳ = ۳۲ = ۵

ایم۔ اے جناح (قائداعظم) = ۱۸۷۶۔ ۱۲۔ ۲۵ = ۳۲ = ۵

ایڈلف ہٹلر = ۱۸۸۹۔ ۴۔ ۲۰ = ۳۲ = ۵

زحل

حاکم عدد نمبر ۱۰

فلک کا تیسرا ستارہ جو مشتری کے ساتھ تعلق رکھنے کے ساتھ ساتھ نمبر ۱ پر حکمرانی کرتا ہے یا یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ فلک کا ۱۰ نمبر بھی ہو سکتا ہے۔ زحل تباہی اور بربادی کا حاکم ہے یا بالعموم جنگ و جدل، فتنہ و فساد ہی کو پیدا کرتا ہے۔ یہ بالخصوص اس فرد کی زندگی پر زیادہ حاوی رہتا ہے جس کی تاریخ پیدائش پر بھی اس کا اثر ہو۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ کسی کے کردار اور اعمال سے ہی اس سیارے کا اثر معلوم ہو سکتا ہے۔ اس سیارے کے بڑے اثرات جرم، تباہی، تنزلی، وبائی امراض، پریشان حالی، غربت اور فتنہ و فساد وغیرہ ہیں چنانچہ جو شخص بھی اس کے زیر اثر پیدا ہو گا وہ تندخو اور بے مروت ہو گا۔ اس کا دماغ اونچا ہوتا ہے اور اس کا مقصد زندگی ترقی اور کامیابی ہی ہوتا ہے۔ اس کی زندگی رد و بدل اور اکھاڑ پچھاڑ کا نمونہ بنی رہتی ہے۔ اس لئے کہ یہ اپنی فطرت کی روش سے متاثر ہوتے ہیں۔ اور یہ ان کی ساری زندگی پر اثر انگیزی کرتی رہتی ہے۔ چونکہ یہ دو اعداد کے امتزاج سے دس بنتا ہے یعنی نمبر صفر (۰) کی کیفیت بھی فی الحقیقت اس میں بے انتہا پائی جاتی ہیں جیسے یہ افراد بالعموم پابند وقت، پابند وضع اور خواہشات کا شکار ہوتے ہیں۔ تنہائی اور کاروباری انداز فکر کے مالک ہونے کے ساتھ ساتھ مطلب پرست، دھوکہ باز، مکار، چغل خور، خودسر اور خودکشی کرنے کی عادات کے مالک تیز جھگڑالو ہوتے ہیں، غرضیکہ دنیا جہان کے تمام عیوب اور افعال بد کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بے ایمان، ناقابل بھروسہ، جھوٹے اور صنف مخالف سے زیادہ رغبت رکھنے والے ہوتے ہیں۔ جو لوگ اس سیارے کے زیر اثر ہوتے ہیں وہ غیر یقینی صورتحال کا ساری زندگی شکار رہتے ہیں۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ وہ زندگی کا اکثر حصہ تنہائی میں گزارتے ہیں۔ یہ لوگ خاموش اور بے حس بھی ہوتے ہیں مگر موقع ملتے ہی فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ لوگوں پر جلد اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا گورنمنٹ کے ممتاز عہدوں پر فائز ہوتے ہیں۔ لیڈر، جج، پولیس آفیسرز اور وہ افراد جو زندگی میں اہم پوزیشن رکھتے ہیں وہ اس ستارے کے زیر اثر پیدا ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ لوگ جن کی تاریخ پیدائش کا مجموعہ صفر (۰) بنتا ہے وہ ساری زندگی پریشانیوں اور تکالیف کا شکار رہتے ہیں۔ اور اگر ایسے افراد کی زندگی پر کسی دوسرے سیارے کا بھی اثر ہو تو وہ لوگ درحقیقت فلاسفر بن جاتے ہیں اور اپنی زندگی کو اعلیٰ اور کامیاب مقاصد میں کامیاب پاتے ہیں۔ اسی ستارے

کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد سربراہوں سے متعلق ہوتے ہیں۔ جیسے ٹاؤن کونسلر یا میونسپل کونسلر، منیجر، ڈائریکٹر، سول سرونٹ۔ بڑی بڑی فرموں کے چلانے والے، کانوں کے مالک، ڈاکو، کسی گروہ کے سربراہ، خفیہ تنظیموں کے انچارج جن افراد کی پیدائش پر اس سیارے کے اثرات ہوتے ہیں۔ وہ زندگی میں ہمیشہ منفی قدم کی طرف مائل رہتے ہیں۔ ان کی موت کے بعد مثبت اثرات کا نتیجہ نکلتا ہے۔

خوش قسمتی کا رنگ ۔ گہرا، کالا، نیلا اور بھورا۔

خوش قسمتی کا پتھر ۔ نیلم

خوش بختی کی تاریخیں ۔ ۱۰، ۱۹، ۲۰، ۲۸، ۳۰

موافق دن ۔ ہفتہ

موافق مہینہ ۔ اکتوبر

موافق سال ۔ جس کا مجموعہ مفرد ۵) بنتا ہو۔ جیسے ۱۰، ۱۹، ۲۸، ۲۰، ۳۰، ۳۷، ۴۰، ۴۶، ۵۵،

خدوخال اور کیریکٹر :۔ لمبا جسم، گول بڑا سا چہرہ، اور ترچھی اور متاثر کن آنکھیں، جذبات سے پر نیچی نظر، چوڑی چھاتی اور کندھے، اندر دھنسی ہوئی آنکھیں۔

امراض :۔ درد جوڑ، لاغرپن، گنٹھیا، سرطان، گیس کی بیماریاں، درد گردہ، خون اور پیشاب کی بیماریاں، کمزوری بصارت، عضلات کی شکایت، اندھا پن اور بہرہ پن۔

فطرت :۔ محدود زندگی، بے حد سادگی۔

اس سیارے کے زیر اثر پیدا ہونے والی شخصیات۔

نپولین بونا پارٹ ۔ ۱۵-۸-۱۷۶۹ = ۱۵ = ۲۷-۱۰ = ۵

اکبر اعظم = 23-11-1542 = ۱۹ = ۱۰ = ۵

ہنری کارل مارکس = ۵-۵-۱۸۱۸ = ۲۸ = ۱۰ = ۵

مارشل جنرل سٹالن = ۲-۱-۱۸۸۰ = ۲۰ = ۵ = ۵

سر ولیم سکاٹ = ۱۵-۸-۱۷۷۱ = ۳۰ = ۵

قمر
حاکم عدد ۲

چاند ایک شمالی سیارہ ہے جس کا ہر سیارے سے تعلق ہے۔ جن افراد کی زندگی پر قمر کے اثرات ہیں۔ وہ زندگی میں اہم کارنامے سرانجام دیتے ہیں۔ یہ کسی دھات کے کاروبار میں شاذ ہی کامیاب ہوتے ہیں جیسے دوسرے سیاروں کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد کامیاب ہوتے ہیں۔ عدد ۲ کے افراد روپے پیسے کے معاملے میں خوش قسمت ہوتے ہیں مگر اس کو سنبھالنے کے معاملے میں بے حد سست اور لاپرواہ ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بڑے ذمہ دار، خواہشات کے آئینہ دار

چست اور ترقی پسند، بدلنے والے، گھر سے محبت کرنے والے، پابند وضع، ڈرپوک، وضع پسند اور فی الفور کسی چیز کے اثرات قبول کرنے والے ہوتے ہیں، ہمیشہ بر عکس کارکردگی کے حامل ہوتے ہیں۔ آئینی اصول کے خلاف باغیانہ جدوجہد کے خواہاں ہوتے ہیں اور اپنے خیالات کی ترقی و ترویج کی تمنا رکھتے ہیں۔

۲ نمبر کے افراد غصہ ور ہوتے ہیں، خواہشات کا شکار، تعمیری مقاصد کی بجائے شدت اظہار کے مالک ہوتے ہیں، اسی طرح جنگجویانہ اور بد اندیشانہ، تنگ مزاج کا مالک ہوتے ہوئے مطالعہ کا شوقین، دماغی صلاحیتوں کا مظہر ہوتے ہیں خود غرض، خود پرست اور خود ستائی کے عادی، جلد باز، بے سمجھ، دکھاوے کے شائق، بے پرواہ لیکن تو غصہ کے مالک ہوتے اس نمبر کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد خواہشات کا شکار ہوتے ہیں۔ اپنے خیالات کو عملی زندگی میں مظاہرہ کر کے دکھاتے ہیں۔ اگر یہ لوگ مشتری اور زہرہ کے زیر اثر ہوں تو اپنی زندگی میں کامیاب ہونے والے ہوتے ہیں لیکن زحل یعنی صفر کے زیر اثر بھی آجاتے ہیں۔ مریخ (۱ یا آٹھ) کے زیر اثر پاگل پن یا چڑچڑاپن اختلاج میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ بچوں کے معاملات سے تعلق رکھنے والے افراد، علم نجوم اور ہیئت کے طالب علم، سائنس کے طالب علم، خفیہ علوم، شاعر، ایڈیٹر، مصنف، ناول نگار، ملاح، ہوٹل کے کاروبار کرنے والے، کمرشل ٹریولر، ٹیچر، غسل خانے کا بندوبست کرنے والے، ناشر اس سیارے کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

موافق رنگ ۔ سفید

موافق پتھر ۔ چاند کی رنگت کا پتھر۔ حجر القمر (مون سٹون)

موافق دن ۔ سوموار۔

موافق ایام ۔ ۴، ۱۳، ۲۲، ۳۱۔

موافق مہینہ ۔ اپریل

موافق سال ۔ جن کا مجموعہ ۲ بنتا ہو جیسے ۴، ۱۳، ۲۲، ۳۱۔

خدوخال اور کیریکٹر :۔ گول چہرہ، زرد رنگت، چھوٹے بازو۔ چھوٹا سر اور ٹانگیں، خوش لباس ۔ دوست پسند، کمزور نگاہی کا شکار۔

امراض :۔ قولنج، موٹاپا، گنٹھیا، امراض معدہ، پھوڑا، اندھا پن، جوڑوں کا درد، عورتوں میں رحم کی امراض اور کلیجی کی تکالیف، قوت انہضام میں فتور، معدے کی تکالیف اور پھیپھڑے کی تکالیف اور جلدی امراض، ہسٹریا وغیرہ۔

فطرت :۔ شخصیت پسندی۔

دماغی حالت :۔ امن پسند، سیماب فطرت اور بدل کا مالک۔ چاک و چوبند مگر غیر یقینی صورت حال کا شکار۔

اس سیارے کے زیر اثر پیدا ہونے والی شخصیات :۔

وارن ہسٹنگز (گورنر آف انڈیا) ۶-۱۲-۱۷۳۲ = ۲۲ = ۴۔

سبھاش چندر بوس (ہندوستانی لیڈر) ۲۳-۱-۱۸۹۷ = ۳۱ = ۴

مسز سروجنی نائیڈو (شاعرہ اور سیاسی لیڈر) ۱۳-۲-۱۸۷۹ = ۳۱ = ۴

مریخ

حاکم عدد ۱ اور ۸

فلکی اجرام میں یہ سیارہ عملی طور پر بے حد ظالم اور سفاک اعمال اور افعال کا مالک ہے جس کی قوت کارکردگی محض دکھ اور درد دینا ہوتا ہے۔ اس کا تاثر ہی ایسے اعمال و افعال کی نشاندہی کرتا ہے جو افراد اس سیارے کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ وہ بڑے مضبوط شخصیت کے مالک ہونے کے علاوہ بعض اوقات بے ضبطی کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ بالعموم ایسے کلیدی عہدوں کے خواہشمند ہوتے ہیں جو عوام سے قریب تر ہوں۔ لہٰذا اسی خواہش کے زیر اثر عام طور پر اعلیٰ عہدوں پر پہنچ جاتے ہیں۔ عملی طور پر ہمت اور قوتِ حوصلہ کے مالک ہوتے ہیں۔ مضبوط صحت کے ساتھ ظالمانہ اندازِ فکر اور اعمال کی فطرت رکھتے ہیں۔ نمبر ۱ اور ۸ کے افراد بالخصوص مغرور، خود غرض، غصہ ور، چالباز، آوارہ منش ظالم، بعض حالات میں خود پسند، کھیلوں کے شوقین ہونے کے ساتھ جنس مخالف (یعنی عورتوں) کے والہ و شیدا ہوتے ہیں۔ غیر متوازن، ڈرپوک، چکربازاور خونی بھی ہوتے ہیں۔

کامیاب انجینئرز، مکینک، الیکٹریشن، ڈاکٹر، کیمسٹ، سپاہی، چوکیدار یا پہرہ دینے والا، سرجن، دینٹسٹ، مذاہمت پسند، پیشہ ور، ایتھلیٹ، موجد، ستارہ شناش، ماہر نجوم، مصنّف ہوتے ہیں۔ مشینوں سے متعلقہ کام کرنے والے، دوائیاں اور سائنس سے متعلقہ آلات سے متعلقہ افراد بھی اس سیارے کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن جن افراد کی تاریخ پیدائش میں زحل سیارے کا دخل ہے وہ زحل سے متاثر ہیں جو صفر (۵) ہے۔ یہ ان کی زندگی پر بڑے ہمہ گیر اثرات رکھتا ہے۔ حادثات اور وبائی امراض کا شکار اس سیارے کی وجہ سے ہوگا اور یہ گھریلو امور میں متعدد قسم کی مشکلات پیدا کرے گا۔ اس سیارے کے کامیاب امور جیسے سفر یا بیرون ملکوں کے سفر کے لئے تحقیق اور دوسرے کامیاب قسم کے ادارے وغیرہ سے متعلق ہیں۔

اس کے خوش قسمتی کے رنگ = ترمزی رنگ، لال گلابی۔ زرد یا گہرا۔

موافق پتھر = لال یا بلڈ سٹون، بادامی رنگ کا پتھر، عقیق سرخ۔

موافق دن = منگل

موافق تاریخیں = ۱، ۸، ۱۷، ۲۶، ۲۹۔

موافق مہینے = جنوری اور اگست۔

موافق سال = جن کا مجموعہ ۱ جیسے ۲۹ یا پھر ۱۷، ۲۶، ۲۹، ۳۵، ۴۴، ۵۳۔

علامات اور خدوخال:۔ گرم مزاج، مضبوط اعصاب، عمدہ خدوخال، ورزشی جسم، درمیانہ قد، تیز اور چمکدار آنکھیں، گھنگھریالے بال۔

عادات:۔ بہادرانہ تاثرات۔

امراض:۔ بخار، چیچک، زخم اور پھوڑے، کسی تیز دھار آلے سے کٹ جانا، بندوق سے زخمی ہونا یا مر جانا، پیچش، امراضِ آنت، ہرنیا، دل کی امراض، قوت سماعت میں فتور۔

فطرت:۔ طاقت۔

دماغی کیفیات:۔ بہادر، ہمت ور، مضبوط قوتِ ارادی، قابل بھروسہ، غصہ ور، تنوع پسند، استاد شناس ...ل کے زیر اثر رہنے والی خصوصیات کا آئینہ دار، لڑائی اور جنگ کی فطرت، کسی حادثے میں مجروح ہونے کی علامات

مشہور شخصیات:۔ (۱ اور ۸) مریخ

ونسٹن چرچل = ۳۰-۱۱-۱۸۷۵ = ۲۶ = ۸

شاہِ جاپان ہیروہیٹو = ۲۹-۴-۱۹۰۱ = ۲۶ - ۸

برنارڈ شا = ۲۶-۷-۱۸۵۶ = ۳۵ = ۸

سرجان ہرشل (علوم نجوم کا ماہر) = ۷-۳-۱۷۹۲ = ۲۹-۱

جان کیپلر (" " ") = ۲۷-۱۲-۱۵۷۱ = ۲۶ = ۸

مہاراجہ آف بروڈا = ۲۹-۶-۱۹۰۸ = ۳۵ = ۸

آنریبل مسٹر جی گوکھل (لیڈر) = ۹-۵-۱۸۶۶ = ۳۵ = ۸

پنڈت مدن موہن مالویہ (لیڈر) = ۲۵-۱۲-۱۸۶۱ = ۲۶ = ۸

جمال عبدالناصر صدر مصر = ۱۴-۴-۱۸۷۴ = ۲۹ = ۱

عطارد

حاکم ۳ اور ۶

ایک اور ستارہ عطارد جو ۳ اور ۶ پر حکمرانی کرتا ہے۔ ایک مثالی ستارہ ہے۔ یہ دماغ پر اثر رکھتا ہے اور اعصاب پر حکمران ہے۔ ایک اچھی شخصیت کا مالک ہے اور دنیا کی عظیم شخصیتوں کا ستارہ ہے۔ جس فرد کی تاریخ پیدائش اسی نمبر کے تحت ہو تو وہ دنیا کی عظیم ترین شخصیتوں میں گنا جائے گا اور دنیا میں بہترین و کامیاب وقت گزارتا ہے، پروفیسر، ٹیچر، ڈکٹیٹر، رائٹرز، مصنف، زبان میں ماہر یا ماہر لسانیات، مقرر، تبلیغ کرنے والا، ادبی کارکن، بک سیلرز، پرنٹرز، بوکسرز یا کمہ باز، لائبریرین، خفیہ کلرک، ٹائپسٹ، بس ڈرائیور، یادہ گو، کنڈکٹر، پیغام رساں، ڈرافسمین، حساب دان، سائنسدان، ایڈورٹائزر اور سیلزمین اور دوسرے وہ افراد جو ایسے پیشوں سے تعلق رکھتے ہیں وہ درحقیقت اس سیارے کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ کچھ افراد قوت مقناطیسی کے حامل ہوتے ہیں۔ وہ دوسروں پر فی الفور اثرانداز ہوتے ہیں اور وہ لوگ جو ان کے زیر اثر کام کرتے ہیں وہ ان کی بڑی خوشی سے تابعداری قبول کرتے ہیں۔ یہ لوگ خوبصورت چیزوں سے محبت کرتے ہیں۔ موسیقی اور خوبصورت رنگوں کے دلدادہ ہوتے ہیں — بڑی ہمت سے مشکلات کا مقابلہ کرتے ہیں، بالعموم محنت پسند، مصروف اور روپے کے دلدادہ ہوتے ہیں، جھگڑالو، تند خو اور قابلیت پر نازاں ہوتے ہیں۔ مضبوط قوتِ اظہار اور خوشیوں کے متقاضی ہونے کے ساتھ ساتھ دہرے قسم کے خیالات، دولت کا بھوکا، خود شناس، طعن آمیز، جبر کرنے کی عادت، تنقیدی عادات:۔ اختراع کرنے والے، جھگڑالو، ضدی، پابند اور تند خو ہوتا ہے۔

موافق رنگ = تمام ہلکے قسم کے رنگ۔

موافق پتھر = پکھراج/تیز سرخ پتھر/سنگ سلیمانی، عقیق۔

موافق دن = بدھ۔

موافق تاریخیں = ۳، ۶، ۱۲، ۲۱، ۲۴۔

موافق مہینے = مارچ، جون اور دسمبر۔

موافق سال = جن کا مجموعہ ۶ یا ۳ ہوتا ہو جیسے ۱۲، ۲۱-۲۴، ۳۳، ۴۲، ۵۱۔

خدوخال اور کیریکٹر:۔ لمبا تڑنگا، سیدھا جسم، دبلے مگر چست اعضاء تمام متناسب اعضا اور جاذب نظر خدوخال، باریک ہونٹ، لمبی خوب صورت انگلیاں اور بازو۔

امراض:۔ دماغی تمام امراض، جیسے پاگل پن، زبان کی لکنت، حافظہ کی کمزوری، ہاتھوں اور پاؤں کی امراض۔ پھیپھڑے اور شانے کی تکلیف۔

فطرت:۔ نارمل عادات، متوسط عادات۔

دماغی حالت:۔ علوم سے دلچسپی، جیسے سائنس سے متعلقہ امور، قانون اور طبیعیات، لکھنے میں ماہر ایسے امور میں مہارت جو کاغذی کاروائی یا لکھنے پڑھنے سے متعلق ہوں

اس سیارے کی مشہور شخصیتیں

پنڈت جواہر لال نہرو (وزیر اعظم انڈیا) ۱۴-۱۱-۱۸۸۹ = ۳۳ = ۶

ایچ جی ویل (مصنف) ۱۸-۶-۱۸۸۱ = ۳۳ = ۶

اولیور گولڈ سمتھ (برٹش مصنف) ۱۰-۱۱-۱۷۲۸ = ۲۱ = ۳

ڈیوک آف ونڈسر ۲۳-۶-۱۸۹۴ = ۲۴ = ۶

جیولیوس (بوکس) ۱۳-۵-۱۹۱۲ = ۲۴ = ۶

ڈاکٹر رادھا کرشنن وائس پریزیڈنٹ آف انڈیا ۵-۹-۱۸۸۸ = ۳۹ = ۱۲ = ۳

البرٹ آئن سٹائن ۱۴-۳-۱۸۷۹ = ۳۳ = ۶

چیرو کاؤنٹ لوئس ہامان ۱-۱۱-۱۸۶۶ = ۲۴ = ۶

پریزیڈنٹ آئزن ہاور (امریکہ) ۱۴-۱۰-۱۸۹۰ = ۲۴ = ۶

سابق قیصر ولیم ہیلم ۲۷-۱-۱۸۵۹ = ۳۳ = ۶

ولیم ہرشیل (ماہر نجوم) = ۱۱-۱۳-۱۷۳۷ = ۲۴ = ۶

زہرہ

(۲ اور ۷ کا حاکم)

زہرہ ایک ایسا سیارہ ہے جو ا شمات میں دوسرے نمبر پر ہے۔ یہ اس چیز کی نشان دہی کرتا ہے جو بالکل ارفع و اعلیٰ ہو۔ یہ اعلیٰ اور اونچی جگہوں سے متعلق ہے۔ جہاں انسانوں کا کافی زیادہ تعلق ہو جیسے محل، سینما، تھیٹر، اعلیٰ شخصیت، اعلیٰ افراد، وہ لوگ اس ستارے کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ وہ کامیاب تاجر ہوتے ہیں، زمیندار ... زاز، قرض دینے والے یعنی ساہو کار، ایکٹر یا ایکٹریس، سنار اور وہ لوگ جو زندگی میں اعلیٰ حیثیت کی پوزیشن رکھتے ہیں ... لوگ جو ۲ اور ۷ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہمیشہ مدد کرنے والے اور مدعو کرنے والے ہوتے ہیں۔ یہ لوگ امن پسند، انسانیت ... ز، ہمدرد اور اچھی شہرت کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بالخصوص خوبصورت چیزوں سے محبت کرتے ہیں اور ... لئے اعلیٰ اور عمدہ گھر بنا کر رہتے ہیں۔ یہ اپنے دوستوں کی بڑی خاطر مدارات کرتے ہیں اور ہر شخص کو اپنے قریب ... کر خوش ہوتے ہیں۔ یہ کسی حاسدانہ جذبہ کی تاب نہیں لا سکتے۔ مثالی ہوتے ہیں، اعلیٰ اور پاکیزہ خیالات، فیاضانہ ... صائص، فائدہ مند عادات اور معاشی منفعت کے ماہر مگر ڈرپوک، رومانی، موسیقی نواز، سنجیدہ، مقبول عام، خود پر ... دوسرا رکھنے والے، خود بین، اعلیٰ قدروں کے قدردان، کھیلوں کے شوقین اور خوش بختی کے خواہاں ہوتے ہیں۔ ... آرٹسٹ، شاعر، موسیقار، ڈریس میکر، ڈیزائنر، ڈیکوریٹر، آرکیٹکٹ، فوٹوگرافر اور وہ اشخاص جو اچھی خوبیوں ... کے مالک ہوتے ہیں جو خصوصاً عوام کی زندگی سے متعلق ہوتی ہیں۔ یہ اس ستارے اور نمبر سے متعلق ہوتے ہیں۔ یہ ستارہ ... اور نمبر حق میں ثابت ہوں تو کسی بھی انسان کو دولتمند بنانے میں کافی مدد دیتے ہیں۔

موافق رنگ = تیز یا ہلکے نیلے۔ گلابی رنگ۔

موافق پتھر = ہیرا، سفید پتھر۔

موافق دن = پیر اور جمعہ

موافق تاریخیں = ۲، ۷، ۲۰، ۲۲، ۱۶، ۲۵۔

موافق مہینے = فروری اور جولائی

موافق سال = جن کا مجموعہ ۲، ۷ ہوتا ہو جیسے = ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۳۴، ۴۳، ۵۲۔

عام خدوخال:۔ مسکراتا ہوا چہرہ، اچھی عادات، کئی خوبیاں، اچھے اور طرح دار قسم کے دوست ... صاف ستھرا لباس۔

امراض:۔ گلے کی خرابی، تمام رگوں کی امراض اور پیشاب سے تعلق رکھنے والی بیماریاں، سانس پھولنا، ہاضمہ اور ... آنتوں کی تکلیف، کھانسی، گردے کی تکلیف، بے ہوشی کی بیماریاں، اختلاج قلب، ذیابیطس وغیرہ، اگزیما، قبض، ... نے کی تکالیف، شریانیں، دوران خون وغیرہ۔

فطرت:۔ محبت۔

دماغی کیفیت:۔ ہنس مکھ، خیرات کرنے والے سلجھے ہوئے، جذباتی، مثالی خیالات کا مالک،

اور اگر ناموافق طور پر اثر انداز ہو تو نتیجہ ذہنی اختلاج، بے اطمینانی اور پریشانی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ خاص شخصیات جو اس ستارے کے زیر اثر پیدا ہوئیں۔ زہرہ نمبر ۲ اور ۷ کی یہ ہیں۔

مسولینی	۱۸۸۳-۷-۲۹ =	۱۱ =	۲
سر اسحاق نیوٹن	۱۶۴۲-۱۲-۲۵ =	۲۵ =	۷
کاش البرٹی	۱۹۱۱-۶-۲۵ =	۲۵ =	۷

فصل دوم

ستاروں کے باہمی تعلقات

آیئے ہم یہ دیکھیں کہ سیارے ایک دوسرے پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں جو تاریخ پیدائش پر اثر انداز ہو کر مختلف اثرات کی تخلیق کرتے ہیں۔ زندگی کے حاکم نمبر کو ہمیشہ اوپر سیدھ میں رکھا جاتا ہے۔ اس لئے یہ تمام سیدھ سے وقوع پذیر ہونے والے نمبروں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ حاکم ستارے سے مخالف سمت میں واقع ہونے والے ستارے دوسرے ستاروں کی نسبت زندگی پر بالعموم زیادہ گہرے اثرات ڈالتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہم یہ بتاتے ہیں کہ جو ستارے دوسرے ستاروں پر اثر انداز ہوتے ہیں وہ زحل ہے (۵) اور مریخ (۱ اور ۸) ہیں۔ چنانچہ جب یہ دو ستارے زندگی کی لائن کے ساتھ ہوں تو یقیناً اپنے اثرات سے دوسرے ستاروں کو متاثر یا مغلوب کرتے رہتے ہیں۔ زحل یا مریخ اس لئے نحس ستارے ہیں کہ دوسرے ستاروں پر فی الفور اثر انگیز ہوتے ہیں حالانکہ دوسرے ستارے سعد ہوتے ہیں۔ چنانچہ ذیل میں ایک نقشہ دیا جا رہا ہے اسے غور سے دیکھئے۔

زحل	عطارد
مریخ	زہرہ
زحل	قمر

یہاں عطارد، زہرہ اور قمر یہ نحس اثرات سے مغلوب ہو جائیں گے۔ وجہ یہ کہ زحل و مریخ ان پر نحس اثر ڈال رہے ہیں۔

۱:۔ سعد اثرات والے ستارے تمام نحس اثرات سے مغلوب ہو جائیں گے اگر اسی لائن پر نحس اثرات والے ستارے بھی موجود ہوں۔ تاہم یہ بھی ٹھیک ہے کہ ان کے اپنے اثرات اثر پذیر ہوں گے۔ گویا نحس ستارے کے اثر سے سعد ستارہ کی سعد خوبیاں دب جائیں گی اور اس میں بھی ان کے برعکس عادات پیدا ہو جائیں گی۔

۲:۔ وہ ستارے جو دوبارہ اس لائن پر مقابل میں آتے ہیں وہ بے انتہا کوشش کرتے ہیں کہ اپنے اثرات کو غالب کر لیں اور نحس ستاروں کے اثرات کا غلبہ ختم ہو جائے لیکن ایسے اثرات غیر یقینی ہوتے ہیں اور یہ ردِ عمل اچھے ستاروں کی طرف سے ہوتا ہے اور بالفرض وہ نحس ستاروں کے اثرات سے مغلوب نہیں ہوئے ہوتے تو ان کے نتائج اور اثرات بے انتہا مفید ثابت ہوتے ہیں۔

۳:۔ ستاروں کے اثرات بنیادی نمبر کے ساتھ جو اسی لائن پر واقع ہوں ہمیشہ اچھے ہوتے ہیں۔

۴:۔ آیئے ہم مطالعہ کریں کہ کس طرح متعدد ستارے کام کرتے ہیں جب ان کا تعلق ایک دوسرے سے ہو جائے ان صفحات پر ہم ستاروں کے اجتماعی اثرات کے متعلق بحث کریں گے۔

یہ بھی یاد رکھیں کہ اگر کوئی شخص اپنے اجتماعات کے خلاف کام کرتا ہے تو وہ بھی ناکام رہے گا اس لئے ستاروں کے کاموں کی تفصیل دینے کا یہ بھی فائدہ ہے کہ اپنی قسمت سے متعلقہ کام اختیار کر کے زندگی کو کامیاب بنایا جائے۔

تعلقات مشتری

شمس ۵ / ۹ مشتری

اگر کسی کی تاریخ پیدائش مندرجہ بالا "مشتری" اور "شمس" کی تعلقات کے زیر اثر ہو تو وہ بالعموم اچھے نتائج کی نشاندہی کرتی ہے۔ جن افراد کی پیدائش کا تعلق ان ستاروں سے ہوتا ہے یا جن کی تاریخ پیدائش کے وقت ان ستاروں کی عملداری تھی وہ زندگی میں اہم مقاصد حاصل کر کے اعلیٰ کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ وہ لیڈر، ڈکٹیٹر، پیشوائے مذہب، صدر مملکت، سرکاری وکلاء اور جماعت کے سربراہ ہوتے ہیں اور اگر ان کی پیدائش میں ان ستاروں کے ساتھ ساتھ حاکم زندگی زحل (صفر) ہو تو وہ کسی بڑے ادارے کے سربراہ، کسی بڑی فرم کے مالک، فیکٹری کے مالک، کان کے مالک ہوتے ہیں۔ ایسے افراد بڑی عمدہ اور خوش کن زندگی گزارتے ہیں۔ نیک اطوار اور ہمیشہ خیرات دینے والے ہوتے ہیں۔ جن افراد کی تاریخ پیدائش ان ستاروں کے زیر اثر ہوتی ہے۔ وہ ایماندار، نیک، سخی اور اپنے عزائم کے پکے ہوتے ہیں۔ اور اگر بالفرض اگر کسی کی تاریخ پیدائش پر حاکم یا مریخ یا زحل ہوں تو پھر وہ وقت ضائع کرنے والا، فضول خرچ، خود پسند، ریاکارانہ عادات کا مالک ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ ہمیشہ تنگدستی کا شکار رہتے ہیں۔ مالی مشکلات کے ساتھ ساتھ کسی قانونی سرزنش میں الجھ کر مزید پریشانیوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔

ضروری باتیں:۔ یہ لوگ زندگی میں اعلیٰ کامیابیوں کے خواہشمند ہوتے ہیں اور یہ بالعموم ایک ایسی چیز کی بنیاد ڈالتے ہیں جو ان کے مرنے کے بعد بھی ان کا نام زندہ رکھتی ہے۔

قمر ۴ / ۹ مشتری

یہ بھی سعد ستاروں کا اجتماع ہے۔ جن افراد کی پیدائش کے وقت ان ستاروں کا دور تھا۔ وہ زندگی میں اعلیٰ مقام حاصل کرتے ہیں۔ چاہے وہ سروس میں ہوں یا کاروبار میں۔ ایسے افراد بڑے حساس اور زود قلم کے ماہر

ہوتے ہیں اور وہ اپنی قوتِ تحریر سے انسانیت کی اچھی خدمت کرتے ہیں۔ بڑے نیک اور ہمدرد ہوتے ہیں اور ہر وقت ضرورت مند کی مدد کرنے کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ اپنی کوشش سے دولت جمع کرتے ہیں خیراتی ادارے، فری ریڈنگ روم، پبلک پارک، ہسپتال، سینی ٹوریم ایسے افراد ہی جاری کرتے ہیں۔

یہ لوگ بڑے ایماندار، نیک، رحم دل اور ہمدرد، بڑی خوشگوار گھریلو زندگی گزارنے والے ہوتے ہیں اور اگر بے پرواہ ثابت ہوں تو خود غرض اور ریاکارانہ عادات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ان کی دولت بے ایمانی اور غلط اقدام کی وجہ سے ہمیشہ ضائع ہوتی رہتی ہے۔

ضروری بات :۔ یہ لوگ ہمیشہ محبوب اور سنجیدہ ہوتے ہیں لیکن اپنی فطرت کے زیر اثر اعلیٰ مراتب حاصل کر لیتے ہیں۔ اپنی نیک نیتی، خلوص کاری اور قابلیت کی وجہ سے دور و نزدیک مشہور ہو جاتے ہیں۔

مریخ ۱ تا ۸ ——/—— ۹ مشتری

یہ لوگ، فوجی جرنیل، ڈکیٹر، سیاسی جماعتوں کے سربراہ اور وہ تمام افراد جو ایک کثیر التعداد افراد کی سربراہی کریں وہ انہی ستاروں کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں، سائنسدان، انجینئر، مزدور طبقہ کے اجتماعات کے سربراہ بجلی اور دوائیوں سے متعلقہ افراد، ڈاکٹر، کیمسٹ، سیاح، کسی تحریک کے سربراہ، پائلٹ اور بحری جہازوں کے کپتان، تحقیق و تدقیق کرنے والے۔ ریاستوں کے حکمران یہ سب انہی ستاروں کے اثرات کے ماتحت ہوتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے اگر کوئی زحل (۰) یا مریخ ا یا ۸ کا شکار ہوتے ہیں یعنی ان کا حاکم ستارہ زحل یا مریخ ہو یا پھر زحل ہی ان کی زندگی میں دخل رکھتا ہے۔ تو وہ مرد ہو یا عورت، بڑی پریشان کن گھریلو زندگی گزارتے ہیں۔ یہ لوگ یا تو کنوارے رہ جاتے ہیں۔ یا پھر اپنے ساتھی سے جدا ہو جانے کے بعد کسی محبت کے سکینڈل کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس اجتماع کا اطلاق ان افراد پر ہوتا ہے۔ جو دوسروں پر حاکم بن کر رہتے ہیں اور ان کے الفاظ ایک قانون کی حیثیت اختیار کر جاتے ہیں۔ جن افراد کی زندگی کا حاکم زہرہ (۲ یا ۷) ہو اور یہ اجتماعی اثرات بھی اس پر ہوں تو وہ ہمیشہ ایک خوبصورت بیوی کے شوہر بنتے ہیں اور اعلیٰ پرسکون گھریلو زندگی گزارتے ہیں وہ شادی کے بعد ہی ترقی کرتے ہیں۔

حرف آخر :۔ یہ لوگ اپنی خداداد اور اندرونی خوبیوں کے باعث ترقی کے مدراج طے کرتے ہیں۔ ان میں بڑی انفرادی قوت موجود ہوتی ہے اور وہ اپنی تحریر سے خیالات کی کھل کر ترجمانی کر سکتے ہیں۔

عطارد ۳، ۶ ——/—— ۹ مشتری

جن افراد کی پیدائش پر ان ستاروں کا اثر ہوتا ہے وہ لوگ زندگی میں ایک فعال کامیابی کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنی تحریری قابلیت کی بناء پر بڑی قسمت کے مالک بن جاتے ہیں۔ صاحب جائداد ہوتے ہیں اور خوش آئند گھریلو زندگی گزارتے ہیں۔ یہ لوگ بیرسٹر، اعلیٰ سرکاری افسر، بڑی بڑی فرموں کے سربراہ، لوکل باڈیز کے صدر، بزنس منیجر، ایڈیٹر، اعلیٰ اور قابل سرمایہ کار، سائنسٹس، تحقیقاتی افراد، منفرد مصنف، پبلک سپیکر، مذہبی

عالم دین وغیرہ اس کے تحت پیدا ہوتے ہیں۔ ان کی گھریلو زندگی بڑی خوش آئند ہوتی ہے اور ان کی اولاد بڑی تعلیمافتہ ہوتی ہے۔

حرف آخر :۔ یہ لوگ تعلیم کے میدان میں اعلیٰ رتبہ حاصل کرتے ہیں یہ اپنی زود اثر تحریر سے عوامی رجحانات کا بڑی عمدگی سے اظہار کر سکتے ہیں۔

زہرہ ۲۔۷ ——/—— ۹ مشتری

بادشاہ، بڑے آدمی یا دانا آدمی، امیر، وزراء، بڑی بڑی جائدادوں کے مالک ان ستاروں کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ ڈراما آرٹسٹ، سینما ایکٹر یا ایکٹرس، ڈانسر، جادوگر، شعبدہ باز، بیکرز، سرمایہ دار اور وہ افراد جن کا ان امور سے تعلق ہوتا ہے جو عوام سے قریب تر ہوتے ہیں۔ وہ ان اجتماعی اثرات کے تحت پیدا ہوتے ہیں۔ یہ افراد ریس کورس، پبلک پارٹیز اور پبلک اجتماعات میں بکثرت ملتے ہیں۔ کاروبار میں ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں۔ اور اس طرح سروس میں بھی۔ اسی طرح یہ لوگ بینک کے اعلیٰ افسر، مذہبی رہنما وغیرہ، جیولرز، ڈریس میکرز، فیشن بنانے والے، خورد و نوش کی تمام اشیا فروخت کرنے والے، عورتوں کے بناؤ سنگھار کی چیزیں بیچنے والے سب اس گروہ سے متعلق ہوتے ہیں۔ یہ عوامی اور مددگار قسم کے خیالات رکھنے والا صاحب حیا اور پاکیزہ خیالات کا مالک ہوتا ہے مگر حسن پرست ہوتا ہے اور اگر اس کی زندگی پر زحل کے اثرات ہوں تو یہ پھر مکار فطرت، آوارہ منش اور مغرور ہوتا ہے اور اپنی دولت کو تعیش اور عورتوں کے چکر میں اور ملبوسات و زیبائش پر ضائع کر دیتا ہے۔

حرفِ آخر :۔ یہ لوگ اپنے فن اور ہنر کی بدولت زندگی میں اعلیٰ مقام حاصل کر لیتے ہیں۔ بڑی خوش خوش اور اچھی زندگی گزارتے ہیں۔ ان کی شادی خوب صورت عورت اور بعض اوقات امیر گھرانے میں ہوتی ہے۔ یہ اپنی بنیادی خوبیوں کے باعث خوش قسمت ثابت ہوتے ہیں۔

زحل ۰ ——/—— ۹ مشتری

جن افراد کی پیدائش پر ان ستاروں کے اجتماعی اثرات موجود ہوتے ہیں وہ لوگ اپنی ذاتی کوششوں کی بناء پر زندگی میں ایک اہم مقام حاصل کرتے ہیں۔ مشتری کا تعلق زحل سے پیدا ہو رہا ہے جس کی وجہ سے ایسے افراد سماج میں اچھی نگاہ سے نہیں دیکھے جاتے۔ یہ لوگ بلیک مارکیٹر، بدقماش اور ناجائز کاروبار کرنے والے ہوتے ہیں۔ یہ لوگ قرض دینے والے یا بنئے، سود خور، اسی طرح، کنٹریکٹر، بروکر اور جو غیر قانونی اور ناجائز قسم کے کاروبار کرنے والے افراد ہوتے ہیں۔ یہ جب کسی اعلیٰ عہدے پر پہنچ جاتے ہیں تو بے جا بدعنوانیاں کر کے دولت اور سرمایہ اکٹھا کر لیتے ہیں مگر بالعموم پکڑے جاتے ہیں اور سزا پاتے ہیں تاہم یہ اچھی سوچ بچار، عملی اقدام اور مستعد اور ہوشیار قسم کے ہوتے ہیں۔ جائداد کے لئے کافی دولت جمع کرنے والے ہوتے ہیں اور اگر دوسرے نحس اثرات سے بھی مغلوب ہوں تو غلط نتائج بھی ہو سکتے ہیں اور یہ لوگ غلط اقدام کی وجہ سے دولت اور جائداد سے محروم بھی ہو جاتے ہیں۔

حرف آخر :۔ یہ مستقل مزاج اور صاحب اقبال ہوتے ہیں۔ غیر محتاط اور غیر ذمہ دارانہ زندگی گزارتے ہیں۔ ہمیشہ مقدموں میں ماخوذ رہتے ہیں اور فوراً ہی اپنے کیفر کردار کو پہنچ جاتے ہیں۔

تعلقات شمس

قمر ۲ ـــــ/ـــــ ۵ شمس

جو لوگ ان ستاروں کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں وہ بڑی دلچسپ زندگی گزارتے ہیں جو اکثر متمول خاندان
خاندان میں پیدا ہوتے ہیں کیونکہ قمر و شمس امیر خاندان سے متعلق ہے۔ شاعر، سکول ٹیچر، حکومت کے اعلیٰ عہدوں
کے سربراہ، جوہری، سیاسی لیڈر، مصنف، مختلف زبانیں اور امور کا عالم، سربراہ پبلک سکول۔ انشورنش کمپنیز
سے متعلقہ لوگ، ٹرانسپورٹ اور مینوفیکچرنگ سے تعلق رکھنے والے ان ستاروں کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ یہ
لوگ بے حد عمدہ دیگر عقلمند ہوتے ہیں اور اگر بالفرض ان کی پیدائش کا حاکم زحل ہو تو ایسے افراد کی زندگی کا
خاتمہ یا تو پاگل پن، سودائی، خبطی، مجذوب اسں یا پھر محتاج خانہ میں ہوتا ہے۔

حرفِ آخر: یہ لوگ نیک بین ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی زندگی میں بڑے جدت پسند ہوتے ہیں۔ یہ لوگ
مخفی سائنس کے بڑے قائل ہوتے ہیں اور کوئی نیا نکتہ یا خیال پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مریخ ۱ تا ۸ ـــــ/ـــــ ۵ شمس

یہ پیدائش عظیم اجتماعی اثرات کو ظاہر کرتی ہے۔ ایسے افراد بڑی انفرادی زندگی رکھتے ہیں۔ عوامی زندگی
میں ایک معقول رتبہ حاصل کر لیتے ہیں۔ خوبصورت چیزوں کے بنانے والے ہوتے ہیں۔ الیکٹریکل انجینئرز کیکٹ
کمپنی پروموٹرز، تحقیقاتی کارکن، ڈاکٹر، میرین انجینئر، ہوا باز، ریلوے ڈرائیور، اوپریٹر، کان کن، فوجی
سپاہی، باکسر، ریسلر، ایڈورٹائزر، سائنسی لٹریچر کا ایڈیٹر، بحری جہازوں کی کمپنی کے مینجر، کیمسٹ، ڈرگسٹ
درآمد اور برآمد کنندگان، ملٹری جنرل، جنگی مواصلات میں مدد کرنے والا، انسپکٹر آف پولیس، مجسٹریٹ
وائرلیس اوپریٹر، ٹیلیگرافسٹ اور ٹیلیفون آپریٹرز۔ یہ سب ان ستاروں کے اجتماعی اثرات کے زیر اثر پیدا
ہوتے ہیں۔

یہ لوگ بے حد ضدی ہوتے ہیں، خود سر اور مغرور ہونے کی وجہ سے اپنے خیالات دوسرے افراد پر
ٹھونسنا چاہتے ہیں اور اگر ان کی زندگی کا متعلقہ ستارہ زحل ہو تو یا اس کے اثرات شامل ہوں یا پھر مریخ کے
اثرات دوبارہ حائلِ راہ ہو رہے ہوں تو ایسے افراد کی گھریلو زندگی بھی پریشان کن ہوتی ہے۔ یہ اپنی شادی
کے فوراً بعد اپنی بیوی سے محروم ہو جاتے ہیں۔ عموماً حادثے کا شکار ہو جاتے ہیں۔ بعض عادات کی وجہ سے اپنے
کافی دشمن پیدا کر لیتے ہیں۔ یہ لوگ بالعموم اپنے آپکو اعلیٰ عہدے پر لے جانے کی کوشش کرتے ہیں اور اکثر اپنی
کوششوں میں کسی حد تک کامیاب بھی ہو جاتے ہیں۔ یہ اجتماع شاک ایکس چینج کے لئے بے حد سود مند ہوتا
ہے۔ یہ لوگ ہوشیار، باہمت، خود پر بھروسہ کرنے والے، حوصلہ مند اور سمجھدار ہوتے ہیں اور اعلیٰ سرکاری
عہدوں پر پہنچ جاتے ہیں۔ یہ کسی کیس میں بھی پھنس سکتے ہیں اور اگر دوسرے ستاروں سے متاثر ہوں تو پھر حاسد
مکارانہ عادات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ شادی کرنے کے بعد عورت کی وجہ سے بڑی مشکلات میں گھر

جاتے ہیں۔

حرفِ آخر: یہ لوگ جذباتی اور ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرنے کے خواہشمند ہوتے ہیں اور اپنی کوشش سے
اچھی پوزیشن حاصل کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں اس لئے پبلک یا عام زندگی میں بڑی اچھی حیثیت کے مالک
بھی بن جاتے ہیں اور اگر ان کا پیدائشی نمبر مغلوب ہو تو بے حد پریشان گھریلو زندگی گزارتے ہیں۔

عطارد ۳ یا ۶ ـــــ/ـــــ ۵ شمس

جو لوگ ان ستاروں کے اجتماعی اثرات کے تحت پیدا ہوتے ہیں وہ اعلیٰ پایہ کے عالم ہوتے ہیں۔ تعلیم
کی اعلیٰ ڈگری حاصل کرتے ہیں۔ ماہر ریاضی، سائنسدان، مقلد، عوامی ترجمان، پارٹی لیڈر، وزیر اعظم، دیوان
پرنسپل آف کالج یا سکولز، مصنف، پبلشر، سنگ تراش اور جہاز ساز ہوتے ہیں۔ اعلیٰ پائے کے تاجر ہوتے
ہیں جو دنیا کے گوشے گوشے میں تجارت پھیلاتے ہیں۔ یہ لوگ بڑے رحمدل اور مہربان قسم کے ہوتے ہیں۔
بالخصوص اس حالت میں تو زیادہ اثر قبول کرتے ہیں جب یہ خود کسی غربت کے ماحول میں پل کر بڑھے ہوں۔ یہ
کثیر خیرات دینے والے ہوتے ہیں اور ایسے ادارے جن کو امداد دی جاتی ہے سر فہرست ان کا نام ہوتا ہے۔
پاکیزہ اور عمدہ خیالات رکھتے ہیں ان کی گھریلو زندگی بڑی پرامن اور سکون بخش ہوتی ہے۔

حرفِ آخر: یہ لوگ معلومات کا وسیع ذخیرہ رکھنے کے باعث زندگی میں اعلیٰ مقام حاصل کر لیتے ہیں۔ جو
محض قابلیت کی بنا پر ہوتا ہے، اعلیٰ پائے کے ماہر لسانیات ہونے کی وجہ سے دور و نزدیک کے سفر کر کے
اپنی زندگی کی کامیابیوں کو حاصل کرتے ہیں۔

شمس و مشتری کے تعلقات کو فصل اوّل میں دیکھیں

زہرہ ۲ یا ۷ ـــــ/ـــــ ۵ شمس

یہ ایک اچھا اجتماع ہے جو افراد اس کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں وہ ہمیشہ خوش قسمت ہوتے ہیں، نامور
موسیقار، گلوکار، ساز ندے، سینماؤں کے مالک اور ڈرامہ گھروں کے مالک، بینکرز، قیمتی پتھروں کے تاجر
عالمی سیاح، ڈانسلر، باکسر، سیلر، تیراک اور ایسے افراد جو لوگوں کو دلچسپ کھیلوں سے محفوظ کر سکتے ہیں۔
وہ اس اجتماع کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ ایسے افراد اچھی قسمت کے مالک ہوتے ہیں جو ان کی کامیابی میں اعلیٰ
خصائص کا ذریعہ ہوتا ہے۔ خوشی سے شادی کرتے ہیں اور خوبصورت تعلیم یافتہ بچوں کے باپ ہوتے ہیں۔ ایسے
افراد امیر گھرانوں میں پیدا ہوتے ہیں یا پھر اپنی قابلیت سے جائداد اور کافی دولت پیدا کر لیتے ہیں اور اگر ان کی
زندگی کا حاکم مریخ یا زحل ہو تو بڑی پریشان زندگی گزارتے ہیں۔

زحل ۰ ـــــ/ـــــ ۵ شمس

یہ طے شدہ حقیقت ہے اس کے اجتماع کے بے حد خراب اثرات ہوتے ہیں۔ یہ غربت، افلاس، تنگدستی
پیدا کرتا ہے۔ یہ والدین اور عزیز و اقارب سے جدائی پیدا کرتا ہے، زندگی میں ناکامیاں، اداسیاں اور کاروبار

میں نقصان دینے والا سیارہ ہے، جرائم، مقدمہ بازی، قید و سزا اور تعلقات کے خراب ہونے کی خبر دیتا ہے۔ ایسے افراد غیر ذمہ دار ہونے کے ساتھ ساتھ بڑی بُری حالت سے کاروبار چلاتے ہیں۔ یہ ہمیشہ اپنی زندگی میں ناکامیوں کا شکار رہتے ہیں۔ اگر ان کی زندگی پر مریخ ۱-۸ یا زحل (۵) حاکم پیدائش ہو تو ایسے افراد غیر قانونی کاموں میں الجھے رہتے ہیں۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ جرائم پیشہ اور فلاکت زدہ ذہن کا شکار ہوتے ہیں اور پھر وہ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ ان کے ساتھی بھی بُرے ہوتے ہیں جو بالعموم ان کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

حرفِ آخر:۔ یہ لوگ مجہول ذہنیت اور پیچیدہ خیالی کا شکار ہوتے ہیں جن کو آسانی سے نہیں سمجھا جا سکتا۔ ابتدائی ایام میں بڑی کٹھن زندگی کا شکار ہو کر آخری ایام میں سماجی طور بڑے مقام کے مالک بن جاتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے ہی اعمال کی بناء پر اپنے آپ کو نا ختم ہونے والی مشکلات میں گھیر لیتے ہیں اور اپنے ماحول کی خاطر لڑتے ہوئے ہی مر جاتے ہیں۔

تعلقات زحل

شمس و زحل کے تعلقات فصل دوم میں دیکھیں

قمر ۴ ——/—— (۵) زحل

یہ نحس اجتماع کا مظہر ہے اگر کسی فرد کا اس سے تعلق ہو تو وہ بھی بُرے اثرات کا شکار ہو جاتا ہے اگر زحل کسی زندگی کا حاکم ہے یا پھر کسی دوسرے سیارے کے ساتھ اثر پذیری کر رہا ہے تو ایسے افراد کی زندگی پاگل پن میں ختم ہوتی ہے۔ یہ لوگ بے حد رد کھے۔ اکھڑ اور الجھے ہوئے دماغ کے مالک ہوتے ہیں جن افراد کی زندگی پر یہ سیارے اثر انداز ہوتے ہیں وہ محض تخیلات کی دنیا میں بسنے والے ہوتے ہیں اور ان کی زندگی بعض ایک معمہ سی ہوتی ہے۔ یہ لوگ خفیہ مشن اور روحانی مقاصد کی خاطر بڑے کامیاب ہوتے ہیں۔ شاعر زیر گیت گانے والے سٹیج ایکٹر یا ایکٹریس، عوامی ترجمان بھی اسی اجتماع کے لوگ ہوتے ہیں۔ جن افراد کی زندگی کا حاکم زحل ہے اور پھر یہ اجتماع بھی رکھتے ہیں وہ دھوکہ دہی، جعل سازی کے مقدمے میں قید کاٹتے ہیں۔ اکثر بدنام قسم کے کاروبار اور بلیک میلنگ سے اپنی زندگی گزارتے ہیں۔ چنانچہ ان کی غیر قانونی حرکات ان کو جرم کی پاداش میں سزا اور قید و بند کی صعوبتوں میں گرفتار کر دیتی ہے۔ جن افراد کا حاکم سیارۂ زندگی مریخ ہو تو یہ لوگ آخری عمر پاگل پن اور تنگ دستی یا بلکا پن میں گزارتے ہیں ان کی گھریلو زندگی ہمیشہ غیر مطمئن ہوتی ہے۔ بچوں کے اغوا کرنے والے، قاتل، جلاد، غلاموں کی تجارت کرنے والے اور جو بڑے بڑے افعال میں گرفتار ہوتے ہیں وہ ان سیاروں کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

حرفِ آخر:۔ یہ کج روی کی بنا پر بُرے گروہ میں شمولیت اختیار کر کے بُرے خیالات کے مالک بن جاتے ہیں۔ دماغی فتور، روکھا پن ان کو تباہی اور تنزلی کی طرف لے جاتا ہے۔

مریخ ۱ یا ۸ ——/—— (۵) زحل

ان سیاروں کے اجتماعی اثرات متعلقہ افراد کے لئے مصائب و آلام، پریشانیاں، دکھ، درد، مقدمہ بازی، قید و بند، جگہ کی بار بار تبدیلی، گھریلو پریشانیاں، اچھے کاروبار میں ناکامیاں پیدا کرتے رہتے ہیں۔ ان اثرات کے مغلوب افراد جرائم پیشہ ہوتے ہیں، دل شکن، پریشان کن۔ ظالمانہ طریقے اختیار کر لیتے ہیں۔ ایسے اجتماعی اثرات رکھنے والوں کا حاکم زندگی زحل (۵) یا مریخ ۱ یا ۸ ہے تو وہ اپنی ازدواجی زندگی میں طلاق کی مصیبت سے دوچار ہو گا یا پھر قتل، قانون شکنی کے جرم کی وجہ سے اپنی زندگی کو پریشانی میں گزارنے پر مجبور ہوتا ہے۔ یا پھر ایسی تکالیف وہ بیماریوں میں مبتلا ہوتا ہے کہ وہ کبھی بھی ان سے نجات نہیں پا سکتا۔ یہ لوگ تنہائی پسند ہوتے کے ساتھ ساتھ بعض اوقات اچھے اور نیک خیالات کے مالک بھی ہوتے ہیں۔

حرفِ آخر:۔ جو افراد ان اثرات کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں وہ اپنے دشمنوں کے چنگل سے پھنس کر مشکلات اور تکالیف میں مبتلا رہتے ہیں۔

عطارد ۳ یا ۶ ——/—— (۵) زحل

جن افراد کا تعلق ایسے اثرات سے ہوتا ہے وہ بڑے ہوشیار ہوتے ہیں مگر ان کا علم نامکمل ہوتا ہے اور ان کا دماغ ہمیشہ ذاتی مفاد اور خود غرضی کے لئے تیار رہتا ہے۔ مگر اپنے نادیدہ افعال کی بناء پر اور اپنی تحریر کی خامیوں کی وجہ سے بڑی مشکلات میں گھرا رہتا ہے۔ اگر ان کا حاکم زندگی زحل (۵) ہو تو ایسے افراد ہمیشہ عدالت کے چکر میں الجھے رہتے ہیں۔ ان کو کسی کلیدی عہدے پر موقع مل جائے تو یہ کسی راز کو غیر ذمہ داری کی وجہ سے انکشاف کرنے کی پاداش میں نوکری سے نکال دیئے جاتے ہیں۔

:۔ یہ لوگ مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اپنے لیڈرانہ خیالات کا بڑی عمدگی سے اظہار کر سکتے ہیں۔ اپنی قوتِ تحریر کے اثر سے بعض اوقات پوری دنیا میں مقبول ہوتے ہیں۔

تعلقات زحل اور مشتری کو فصل اوّل میں دیکھیں

زہرہ ۲ یا ۷ ——/—— (۵) زحل

یہ سعد اثر رکھنے والے اجتماعی ستارے ہیں۔ وہ افراد جو کسی کاروبار میں معروف ہیں خصوصاً ایسے کام جو عوام کی دلچسپی سے متعلق ہیں۔ ان میں ان کو بے حد فائدہ ہے۔ ایکٹر یا ایکٹریس، گلوکار، ڈرامہ نویس سرکس کے آدمی یہ افراد انہی ستاروں کے زیر اثر ہوتے ہیں۔ ان کی مالی حالت ہمیشہ اچھی ہوتی ہے۔ مگر یہ لوگ پریشانیوں اور عیاشیوں کا شکار ہوتے ہیں اگر ان کے حاکم ستارے شمس یا زحل یا مریخ ہوں تو بے قدری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جن افراد کی پیدائش پر ان تینوں میں سے کسی کے حاکمانہ اثرات ہیں وہ عجیب و غریب گھریلو حالات سے دوچار ہوں گے۔ ان افراد کے ساتھی ان سے ہمیشہ دور ہو جاتے ہیں اور یہ تنہائی کی زندگی گزارتے

ہیں یا مطلقہ ہو جاتے ہیں۔ زہرہ زحل کا اجتماع ناجائز محبت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ایسے افراد اپنی دولت تباہ کر لیتے ہیں اور بڑی خواری کی زندگی گزارتے ہیں۔

حرفِ آخر:۔ یہ لوگ اپنے متعلقہ کاموں میں بڑے عقلمند ہوتے ہیں۔ کسی کی محبت میں گھر کر افسانوی بدنامی یا شہرت حاصل کر لیتے ہیں۔ اکثر دولت بھی ناجائز ذرائع سے جمع کرتے ہیں۔

تعلقاتِ قمر

(شمس و قمر کو فصل دوم میں دیکھئے)

مریخ ۹ یا ۸ —/— ۴ قمر

یہ اجتماع دماغی اختلاج اور مالی مشکلات کے پیدا کرنے سے ہوتا ہے۔ ایسے افراد اپنے والدین کے خلاف بغاوت کر کے ان سے علیحدگی اختیار کر لیتے ہیں۔ وہ اپنے نظریات کے لحاظ سے فلاسفرانہ خیالات رکھتے ہیں۔ اپنے دشمنوں کا مذہبی خیالات سے مقابلہ کر کے بڑی فراست سے ان کو دبا کر اور مشکلات سے گزر کر اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ جن افراد کا تعلق حاکم زندگی زحل ہے تو وہ رواکے۔ دشمنی کی بنیاد ڈالنے والے ہوتے ہیں ٹکٹ جاری کرنے والے۔ کلکٹر، ٹرام کنڈکٹر۔ بینک کلرک، ڈرائیورز، شال کیپر، ذرعین، منیجر، مزدور طبقہ کے لوگ، مالکان مل، ڈکیٹرز، فوجی جرنیل۔ صدرِ جمہوریہ یا آرگنائزیشن، حاکم ریاست کیمسٹ، جج، ڈاکٹر، ایڈیٹر، مجسٹریٹ۔ بحری جہازوں کے کپتان ہوتے ہیں اور جو افراد بھی ان تمام اداروں سے متعلق ہیں وہ بھی اس سے متعلق ہیں۔ یہ لوگ گھریلو زندگی میں غیر مطمئن ہوتے ہیں۔ وہ کنوارا رہنا قابل ترجیح سمجھتے ہیں اور اگر ان کی شادی ہو جائے تو ان کی گھریلو زندگی مشکلات میں گھری رہتی ہے۔

حرفِ آخر:۔ یہ لوگ اپنی کوششوں سے زندگی میں اپنا مقام پیدا کر لیتے ہیں۔ کافی ناکام افراد جو اپنے مقاصد میں ناکام ہو چکے ہوں۔ ان کو بے فکر بنا دیتی ہے۔ یہ لوگ بڑے قابل دماغ کے مالک ہونے کے باوجود اعلیٰ خیالات رکھتے ہوئے بھی اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہو پاتے بلکہ بُری طرح ناکام ہوتے ہیں۔

عطارد ۳ یا ۶ —/— ۴ قمر

جو لوگ اس اجتماع کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ بڑے عالم اور اعلیٰ تعلیمیافتہ ہوتے ہیں۔ بہترین عوامی ترجمان اور مصنف ہوتے ہیں۔ ایڈیٹر۔ پارٹی لیڈر۔ سیلزمین، ہیئر ڈریسر، بیکرز، ہوٹل منیجرز، تیراکی کے نگہبان، جیکی، آرٹسٹ، شاعر، ریجرز۔ یہ سب اسی اجتماع کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

حرفِ آخر:۔ قابل آدمی لیکن ناکام، تعلیمیافتہ مگر خیالات کی ترجمانی میں ناکام، عوامی اجتماعات یا خیالات کا ڈٹ کر مقابلے کرنے والا ہوتا ہے۔ خوش گوار گھریلو ماحول حاصل ہوتا ہے۔ ایسا نام موت کے بعد بھی یاد رہتا ہے۔

(تعلقات مشتری اور قمر کو فصل اول میں دیکھیں)

زہرہ ۲ یا ۷ + ۴ قمر

اس اجتماع کے افراد خوش قسمت ہوتے ہیں۔ بالعموم کاروباری اور تاجر ہوتے ہیں، سینما ہاؤس تھیٹر، بینکنگ، تیراکی اور دوسرے کھیل، رنگ ریس ٹریک، موسیقار اور موسیقی نواز، کلر پرنٹنگ کرنے والے، آرٹ اور تیوز سے متعلقہ، باغبانی، ایکٹر اور ایکٹریس، کھلاڑی، بوکسر، ریسلر اور افزائش حسن کی مصنوعات تیار کرنے والے اور ایسے ادارے بھی جن میں یہ لوگ پائے جاتے ہیں۔ وہ اس اجتماع کے تحت پیدا ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اعلیٰ قسم کے خفیہ علوم اور خفیہ سائنس کے طالب علم ہوتے ہیں۔ یہ خوش لباس اور اچھے گھر کو پسند کرتے ہیں، زیورات، عیش پسندی ان کی دلچسپ عادات ہوتی ہیں۔ یہ لوگ امیر ہو جاتے ہیں۔ اور عیش و عشرت کی زندگی گزارتے ہیں۔ اپنے گھریلو ماحول میں بڑے خوش قسمت اور صاحب نصیب ہوتے ہیں اور اگر ان کی زندگی کا حاکم زحل ہو تو یہ اپنی زندگی میں دو تین دفعہ تنزلی کی طرف لے جاتے ہیں اور ان کی زندگی کس مپرسی میں ختم ہوتی ہے۔

حرفِ آخر:۔ منتشر دماغ، مگر اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک، محتاط اور سنجیدہ مزاج، اپنی ناکامیوں سے ہراساں، سوسائٹی کے بیزار اداس اور مغموم زندگی کے مالک۔

(تعلقات زحل و قمر کو باب سوم میں دیکھیں)

تعلقاتِ مریخ

شمس ۵ —— مریخ ۹ یا ۸

(تعلقات شمس اور مریخ فصل دوم میں دیکھیں)

(تعلقات قمر و مریخ کو فصل چہارم میں دیکھیں)

عطارد ۳ یا ۶ —/— مریخ ۹ یا ۸

اس اجتماع کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد بڑے جذباتی ہوتے ہیں۔ اپنی قوت اور ہمت سے دولت کماتے ہیں، بالعموم غصہ ور ہوتے ہیں اس لئے اپنے کافی دشمن پیدا کر لیتے ہیں۔ اپنے وعدے کے جھوٹے اور غیر یقینی ہوتے ہیں۔ ایسے افراد کی گھریلو زندگی بڑی پریشان کن ہوتی ہے۔ اپنی شادی طلاق پر ختم کر کے بڑے سے بڑے سکینڈل کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اپنے آرٹ اور علم پر بڑے مغرور ہوتے ہیں۔ اس لئے شاذ و نادر ہی دوسرے افراد سے مل پاتے ہیں۔ یہ اجتماع اس امر کی طرف کی بھی رہنمائی کرتا ہے کہ یہ افراد سفر اور خود مختاری کے ادارے چلانے میں ماہر ہوتے ہیں۔ ان میں خداداد قسم کی قابلیت موجود ہوتی ہے۔

جس کی وجہ سے اچھے موسیقار، اچھے گلوکار، سازندے بھی ہوتے ہیں، اعلیٰ مصنف، حیرت انگیز قسم کی کہانیاں لکھنے میں ماہر، ماہر حیاتیات، لیباریٹری اسسٹنٹ، پبلک پراسیکیوٹر، بیرسٹر، اڈپلومیٹ، منیر خارجہ یا کمشنر یا پروفیسر، سائنسدان، عالم تحقیقات، مینیجر، ڈیکوریٹر، فراڈ کرنے والے افراد، کورٹ کے مقدمات کرنے والے اس اجتماع کے زیراثر پیدا ہوتے ہیں۔

حرفِ آخر:۔ ہر فن مولا، ہوشیار، علم دوست، سلجھا ہوا، طاقت ور اور سکون پذیر ذہنیت کا مالک ہوتا ہے، جذباتی، محبت اور سفر و حضر سے دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔

(تعلقات مشتری اور مریخ فصل اوّل میں دیکھیں)

زہرہ ۲ یا ۷ ــــ/ــــ مریخ ۱ یا ۸

یہ ایک اچھا اجتماع ہے۔ جن افراد کا یہ اجتماع ہے وہ ہر میدان میں کامیاب اور سرفرو ہونے والے ہوتے ہیں، اچھے لیڈر ہوتے ہیں اور بالعموم قابلِ عزت اور عوام کے سربراہ تصور کئے جاتے ہیں۔ گلوکار، ایکٹر، ڈرامہ باز، سرائے کا محافظ، ڈرائنگ ماسٹر، مشین بنانے والا، ہیئر ڈریسر، جیولرز، مذہبی عقیدہ کا مالک، منتظم، فلم کا مقبول آدمی، تیراکی کے حوضوں کا مالک، انجینئروں کے ادارے کا سربراہ، دواساز اداروں کا سربراہ، سرکاری عہدہ دار، سونے کی کان سے متعلق اور تھیٹر کا مالک۔ یہ تمام سب اسی اجتماع کے زیراثر پیدا ہوتے ہیں۔ ان کی گھریلو زندگی بڑی اچھی ہوتی ہے بشرطیکہ ان کی زندگی پر مریخ یا زہرہ کا اثر نہ ہو۔

حرفِ آخر:۔ سلجھے ہوئے اور سلیقہ مند ہوتے ہیں، عیش پسندی اور آرائش و زیبائش کے دلدادہ۔ قانون کی قدردانی کرنے والے ہوتے ہیں۔

(تعلقات زحل اور مریخ کو فصل سوم میں دیکھیں)

تعلقاتِ عطارد

(تعلقات شمس و عطارد کو فصل دوم میں دیکھیں)
(تعلقات قمر و عطارد کو فصل چہارم میں دیکھیں)
(تعلقات مشتری و عطارد کو فصل اول میں دیکھیں)

زہرہ ۲ یا ۷ ــ/ــ عطارد ۳ یا ۶

اس اجتماع کے زیراثر پیدا ہونے والے افراد خوش قسمت ہوتے ہیں، تعلیمیافتہ اور خوشگوار ازدواجی زندگی گزارتے ہیں۔ اپنے خاندان کے سربراہ بنتے ہیں، کمپنی کے مالک، ہیروں کے تاجر، جیولرز مینوفیکچرز، بیوٹی پارلر، دلکش کرنے والے، سینماؤں کے مالک، ایکٹر، ایکٹریس، کردار نگار، ڈرامہ کے گیت لکھنے والے

سازندے، ڈانسر، پرندے رکھنے والا، لباس بنانے والا، کان کھودنے والا، ڈاکٹر، سٹور کیپر، بک سیلرز، زچہ خانہ کے انچارج، زنانہ حصہ کا جیلر، آفیسر اور مل مینیجر، ٹیلیفون آپریٹر، آرٹسٹ، ماڈل بنانے والے، ملکہ حسن اور سیلز گرلز، یہ تمام افراد اس اجتماع کے زیراثر پیدا ہوتے ہیں۔

حرفِ آخر:۔ یہ لوگ تعلیم یافتہ، عیش پسند اور بااصول ہوتے ہیں۔ بڑے بڑے اداروں کے مالک، اداروں کے نگہبان ہوتے ہیں۔ اچھی قسمت کے مالک ہوتے ہیں اور اگر ان کا حاکم زحل سے ہو جائے تو تمام کاروبار اور ادارے تباہ و برباد ہو جانے کا امکان ہوتا ہے۔

(تعلقات زہرہ و عطارد کو فصل سوم میں دیکھیں)

تعلقاتِ زہرہ

(تعلقات شمس و زہرہ کو فصل دوم میں دیکھیں)
(تعلقات قمر و زہرہ فصل چہارم میں دیکھیں)
(تعلقات مریخ و زہرہ کو فصل پنجم میں دیکھیں)
(تعلقاتِ عطارد و زہرہ فصل ششم میں دیکھیں)
(تعلقات مشتری و زہرہ کو فصل اول میں دیکھیں)
(تعلقات زحل اور زہرہ کو فصل سوم میں دیکھیں)

فصل سوم

سعد اور نحس اجتماعات کے اثرات

آیئے ہم مطالعہ کریں کہ کس طرح یہ مختلف قسم کے اجتماعات کسی کی تاریخ پیدائش پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ مثلاً" ایڈلف ہٹلر کی تاریخ پیدائش لے کر پیدائش کا نقشہ تیار کرتے ہیں۔ تاریخ پیدائش ۲۰-۴-۱۸۸۹۔ چنانچہ زندگی کا حاکم (۵ = ۳۲) ۵ ہوا۔

شمس ۵

زحل ۵	۲ زہرہ
مریخ ۱	۴ قمر
مشتری ۹	۸ مریخ

اب ہم کو مندرجہ ذیل اجتماعات ملے !

زہرہ (۲) ، ، زحل (۵) ، قمر (۴) ، مریخ (۱) ،

مریخ (۸) ، مشتری (۹) ،

شمس حاکم ہے جبکہ مریخ تین دفعہ اپنے اثرات غائب کر رہا ہے۔ دوبارہ وارد ہونے والا ۸ نمبر ہم نہیں لیں گے۔ چنانچہ ان اجتماعات کے اثرات کے لئے متوقع اور مقرر شدہ کو دیکھیں اور ان کو نوٹ کریں جو ترتیب وار ہیں :۔

سعد اثرات

فصل اول مشتری ، شمس ، قمر ، مریخ ، عطارد ، زہرہ ، اور زحل حسب دستور

فصل دوم شمس = قمر ، مریخ ، عطارد اور زہرہ اور اسی طرح متعلقہ

فصل سوم زحل ، عطارد اور زہرہ کے تعلقات ۔

فصل چہارم قمر = عطارد اور زہرہ کے تعلقات ۔

فصل پنجم مریخ = عطارد اور زہرہ کے تعلقات ۔

فصل ششم عطارد = زہرہ اور زحل کے تعلقات ۔

فصل ھفتم زہرہ = تمام سیارے ۔

اور کوئی دو نمبر اسی لائن پر دوبار

نحس اثرات

زحل = شمس ۔ قمر ۔ مریخ یا ان کے تعلقات ۔

مریخ = قمر کے تعلقات ۔

چنانچہ اندازہ کرتے وقت مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھنا چاہیئے جب کسی کی تاریخ پیدائش سے حالات معلوم کرنا مقصود ہو تو ـــــ

۱ = زندگی کا حاکم

۲ = سعد سیاروں کے اجتماعات ۔

۳ = نحس سیاروں کے اثرات ۔

۴ = مکمل اثرات سیاروں کے ۔

۵ = دوبارہ آنے والے سیاروں کے اثرات ۔

ذیل کی ہدایات کو بھی یاد رکھئے :۔

(الف) :۔ دو اجتماعات کے اثرات اسی طرح اثر انداز ہوں گے جیسے (عطارد ، زہرہ) دقمر ، زہرہ)

(ب) :۔ ان دو ستاروں کے اجتماعات بالعموم اچھے ہوتے ہیں (مشتری اور شمس) اور اسی طرح

مشتری اور عطارد کے اثرات بھی عمدہ ہوتے ہیں ۔

(ج) دوبارہ اثرات کسی سیارے پر اثر انداز نہیں ہوتے جو یاد رکھنے والی بات ہے ۔

(د) :۔ زحل اور مریخ کا اجتماع یا دوسرے سیاروں کے ساتھ اجتماع بالعموم خطرناک ہوتا ہے :

(ہ) :۔ دوبارہ اثرات زحل مریخ اور قمر کے ساعت پیدائش یا زائچہ پیدائش پر بھی اچھے نہیں ہوتے ۔

(و) :۔ اگر حاکم زندگی ستارہ اکیلا ہو اور چوٹی پر ہو اور دوسرے ستاروں سے کوئی تعلق نہ ہو تو وہ اپنے اثرات ڈالتا ہے چنانچہ دونوں کے اثرات کا تاریخ پیدائش پر اثر انداز ہونا۔ غور سے مطالعہ کرنا چاہیئے۔ چنانچہ انہی اثرات کے پیش نظر نقشہ کھینچنا چاہیئے اور سیارے کے اثرات کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے ۔

ستاروں کی گردش

آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ ستاروں کے اجتماعات کس طرح کام کرتے ہیں اور کس طرح ایک دوسرے سے تعلقات قائم کر لیتے ہیں ۔ آیئے ہم یہ دیکھیں کہ کس وقت کوئی سیارہ سعد یا نحس اثرات لاتا ہے ۔ ہر ستارے کا ایک ذاتی دور ہوتا ہے جو پوری قوت کے ساتھ اثر انداز ہوتا ہے اور اس طرح اس راستے میں آنے والے دوسرے سیارے اس کی گردش کا شکار ہو جاتے ہیں ۔ مثال کے طور پر شمس (۵) اپنی گردش پانچ سال میں مکمل کرتا ہے ۔ چنانچہ اس کا اثر ہر پانچویں سے زیادہ قوی ہوگا ۔ چنانچہ پانچ دور میں وہ پوری قوت کے ساتھ اثر انداز ہوتا ہے ۔ اس لحاظ سے اگر کوئی شخص ۱۹۴۳-۱-۵ کو پیدا ہوا ہو تو ہم اندازہ کر سکتے ہیں کہ مجموعہ ۲۳ = ۵ ہوگا چنانچہ ایسا شخص اپنی زندگی میں ۱۹۴۳ + ۲۵ = ۱۹۶۸ میں ترقی حاصل کرے گا ۔ اسی طرح یہی سیارہ ۸ چکر میں برعکس اثرات پیدا کرے گا جسے ۴۰ سال کی عمر میں ۔ چنانچہ تمام اہم حالات ۵ نمبر کی زندگی کے ہر پانچ سال کے بعد ظاہر ہوں گے ۔ ہمارے اس ماحول کے مطابق نتیجہ یوں ہوگا ۔ ۱۹۴۸ ، ۱۹۵۳ ، ۱۹۵۸ ، ۱۹۶۳ ، ۱۹۶۸ ، ۱۹۷۳ ، ۱۹۷۸ ، ۱۹۸۳ ، ۱۹۸۸ اور اسی طرح آگے بھی ۔

ذیل کے نقشہ سے ستاروں کے اثرات کا پتہ چل سکتا ہے کہ وہ کس سال میں کس وقت اثرات کی طاقت کو استعمال کریں گے ۔

ستاروں کی گردش

نام ستارہ	گردشی سال	کتنی عمر میں گردش اثر انگیز ہوگی		کس عمر میں زندگی کو نقصان پہنچائیں گے		
		دور	عمر سال	گردش	عمر سال	
شمس	۵	۵ واں	۲۵	چوتھا	۲۰	
		۷ واں	۳۵	اٹھواں	۴۰	
		۹ واں	۴۵	دسواں	۵۰	

نام ستارہ	گردشی سال	کتنی عمر میں گردش اثر انگیز ہوگی		کس عمر میں زندگی کو نقصان پہنچائیں گے	
		دور	عمر سال	گردش	عمر سال
قمر	۴	چھٹا	۲۴	آٹھواں	۳۲
		نواں	۳۶	دسواں	۴۰
		بارھواں	۴۸	پندرھواں	۶۰
مریخ	۸	تیسرا	۲۴	پانچواں	۴۰
		چوتھا	۳۲	ساتواں	۵۶
		چھٹا	۴۸	نواں	۷۲
عطارد	۶ اور ۳	تیسرا	۱۸	چوتھا	۲۴
		چھٹا	۳۶	دسواں	۳۰
		نواں	۵۴	آٹھواں	۴۸
		گیارھواں	۶۶	دسواں	۶۰
مشتری	۹	تیسرا	۲۷	چوتھا	۳۶
		پانچواں	۴۵	چھٹا	۵۴
		ساتواں	۶۳	آٹھواں	۷۲
زہرہ	۷ اور ۲	دوسرا	۱۴	تیسرا	۲۱
		پانچواں	۳۵	چوتھا	۲۸
		ساتواں	۴۹	آٹھواں	۵۶
		نواں	۶۳	دسواں	۷۰
زحل	۱۰	پہلا	۱۰	چوتھا	۴۰
		دوسرا	۲۰	پانچواں	۵۰
		تیسرا	۳۰	چھٹا	۶۰
		ساتواں	۷۰		

جب حاکم زندگی اپنے پہلے دور پر پہنچتا ہے تو طاقت ور ہو جاتا ہے اور جب پہلی گردش پر پہنچتا ہے تو اس

کے اثرات بُرے ہو جاتے ہیں جس میں کئی مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں جو کسی کی ترقی میں حارج ہو سکتی ہیں۔ مثلاً کوئی شخص اگر اپنا حاکم زندگی سیارہ مشتری رکھتا ہے تو وہ اپنے آپ کو آہستہ آہستہ ترقی کرنے والا پائے گا جو ۲۷ سال کی عمر سے ترقی کرنا شروع کرتا ہے۔ یعنی جب سیارہ تیسرے چکر پر پہنچتا ہے اور جب ۳۶ سال کی عمر ہو جاتی ہے تو اپنی عام زندگی میں مشکلات کو حائل پاتا ہے۔ اسی طرح وہ اپنی ۴۵ سال کی عمر میں ترقی کرنا شروع کرتا ہے۔ جب ان کا سیارہ پانچویں دور سے نکل جاتا ہے تو اس کی زندگی ۵۴ سال کی عمر میں مشکلات میں گھر جاتی ہے۔ یہ چھٹا دور گردش کا ہوگا۔

کس طرح سعد یا نحس سال معلوم کیا جا سکتا ہے؟

آپ کو ستاروں کے سعد اور نحس ادوار کا پتہ چل چکا ہے۔ زندگی میں حاکم زندگی ستارہ اہم کردار ادا کرتا ہے وہ زندگی میں تعمیر و ترقی میں مدد دیتا ہے اور دوسرے سیارے جو پیدائش کے وقت اثر انداز ہو رہے تھے وہ علیحدہ علیحدہ اپنے اثرات چھوڑتے رہتے ہیں جو فی الحقیقت زندگی کے حاکم کے ساتھ منسلک رہتے ہیں۔ حاکم زندگی۔ زندگی کی بنیاد رکھتا ہے اور دوسرے سیارے اپنے اثرات بار بار جب اپنے ادوار میں پہنچتے ہیں چھوڑتے رہتے ہیں۔ آیئے اب ہم اب معلوم کریں کہ اچھا یا بُرا سال کس طرح معلوم کیا جانا چاہیئے۔ مثلاً کوئی تاریخ لے لیتے ہیں جیسے ۱۹۳۴-۱۱-۲۹ جن کا مجموعہ ۳۰ ہوتا ہے حاکم (۵) زحل بنتا ہے چنانچہ ہم مندرجہ ذیل طریقے سے پیدائش کے وقت کا نقشہ تیار کرتے ہیں۔

زحل (۵)

مشتری ۹ (۲ دفعہ)	زہرہ ۲
عطارد ۳	مریخ ۱ (۳ دفعہ)

قمر ۴

ہمارے پاس یہ ستارے ہیں۔ زحل حاکم زندگی۔ زہرہ کی ایک طاقت۔ مشتری کی دوہری قوت ہے۔ مریخ تگنی طاقت کے اثرات کے ساتھ ہے۔ عطارد اور قمر ایک ایک بار اثرات لا رہے ہیں۔ چنانچہ ادوار کے نقشہ کے مطابق سعد و نحس سالوں کی گردش کا پتہ اس نقشہ سے ہو جائے گا۔

آپ اپنے سعد اور نحس سالوں کا نقشہ بنائیں اور پھر ستاروں کے اچھے اور بُرے اثرات کا اندازہ کریں۔ اسی طرح فائدہ مند سالوں کے کاموں کو کر ڈالیئے اور جو سال بُرے اثرات والے ہوں ان کے کاموں اور اثرات کو ملتوی کر دیں۔ اچھا سال اور خوش قسمتی کا سال وہ ہے جس کا مجموعہ تاریخ پیدائش کے مجموعہ کے برابر ہو۔ جیسے پیدائش ۱۹۳۴ = اس کا مجموعہ ۱۷ = ۸ ہوتا ہے۔ چنانچہ اچھے اور نتیجہ خیز سال آپ کے لئے ۱۹۵۲ = ۱۷، ۸ = ۱۹۶۱ = ۱۷ = ۸، ۱۹۷۰ = ۱۷ = ۸، ۱۹۸۸ = ۲۶ = ۸، ۱۹۹۷ = ۲۶ = ۸، ۲۰۰۶ = ۸۔ یاد رکھیں

ہم نے سال لیا ہے۔ اس کے نمبر سے اچھے سال کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ تاریخ پیدائش نہیں لی۔ ہماری رائے میں زندگی کا آخری چند سہ جو پیدائش سے تعلق رکھتا ہے وہ حاکم زندگی سے زیادہ اہم ہے۔ جب دو ستاروں کا مقابلہ ہو تو اثرات ان کے اجتماعی ہی ہوں گے۔ اوپر کی مثال میں ۱۹۶۴ زحل کا ۱-۲ سال ہے۔ نحس سالوں میں عطارد کا ۱۹۵۸ ہے لیکن ۱۹۵۸ قمر کے تحت سعد سال ہے لہٰذا یہ سال عطارد کی منسوبات کے لئے نحس اور قمر کی منسوبات سعد ہو گا اور مجموعی اثرات کے لحاظ سے ملے جلے اثرات کا حامل ہو گا۔ جب کوئی نیا کام یا نوکری یا کاروبار کرنا مقصود ہو تو پہلے اپنے حاکم زندگی کے اچھے برے اثرات کے لئے اپنی پیدائش کے چارٹ کا مطالعہ کر لیا جائے کہ کونسے اچھے ستارے گزر رہے ہیں۔ پھر اسے کیا جائے تو کبھی ناکامی نہیں ہوتی۔

سال پیدائش ۱۹۳۴ء

سیارے ۔ زحل، زہرہ۔ مریخ۔ عطارد۔ قمر۔ مشتری۔

ستارے	سعد سال	نحس سال
زحل	۱۹۹۴، ۱۹۶۴، ۱۹۵۴، ۱۹۴۴۔	۱۹۸۴ و ۱۹۷۴
زہرہ	۱۹۹۷، ۱۹۸۳، ۱۹۶۹، ۱۹۴۸	۲۰۰۴، ۱۹۹۰، ۱۹۶۲-۱۹۵۵
مریخ	۱۹۸۲، ۱۹۶۶، ۱۹۵۸	۲۰۰۶، ۱۹۹۰، ۱۹۷۴
عطارد	۲۰۰۰، ۱۹۸۸، ۱۹۷۰، ۱۹۵۲	۱۹۹۴، ۱۹۸۲، ۱۹۶۴، ۱۹۵۸
قمر	۱۹۸۲، ۱۹۷۰، ۱۹۵۸	۱۹۹۴، ۱۹۷۴، ۱۹۵۶
مشتری	۱۹۹۷، ۱۹۸۹، ۱۹۶۱	۲۰۰۶، ۱۹۸۸، ۱۹۷۰

موافق اور مخالف

ستاروں کا نمبروں سے تعلق !

جیسا کہ پہلے آپ کو بتایا جا چکا ہے کہ انسان کی زندگی میں حاکم زندگی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پیدائش کا نمبر آسانی سے معلوم کر کے اس کے اثرات کا اندازہ کیا جا سکتا ہے جو ہر آن اور ہر گھڑی سے تعلق رکھتا ہے جو افراد علم روحانی یا علوم سیارگان سے واقفیت نہیں رکھتے وہ اس آسان طریقے سے اپنی زندگی اور اس کے طریقۂ کار کے نتائج دیکھ سکتے ہیں۔ پیدائش کا حاکم نمبر آپ کی زندگی کی صحیح رہنمائی کر کے آپ کے لئے طریقۂ کار کی آسانی پیدا کرتا ہے چنانچہ یہ طریقہ اپنانے سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیئے کہ آیا تاریخ پیدائش کا تعین ٹھیک اور صحیح ہے یا نہیں اور اسے بھی یاد رکھیئے کہ وہ نمبر منتخب کیجئے جس کا تعلق پیدائش کے نمبر سے ہم آہنگی والا ہو

کرتا ہے تاکہ اس کے اثرات ٹھیک اور صحیح معلوم ہو سکیں۔ چنانچہ اس احوال تعلقداری کے تحت یہ تسلیم کیا جا رہا ہے کہ ہر ایک نمبر دوسرے سے کچھ نہ کچھ تعلق رکھتا ہے اور اس کا نتیجہ اچھا نکلتا ہے۔ جیسے ایک شخص ۵ نمبر کے تحت پیدا ہوا ہے وہ نمبر ۸ سے کبھی متفق نہ ہو گا یا اس سے تعلقداری قائم نہیں رکھ سکے گا مگر وہی نمبر ۶ اور ۷ کے ساتھ متفق ہو گا۔ ذیل میں دی گئی تفصیل سے آپ کو معلوم ہو گا کہ نمبروں کا باہمی تعلق کیسے ہوتا ہے۔

نمبر	موافق نمبر	مخالف نمبر
۵	۹، ۳، ۶، ۲، ۷، ۴،	۱۰۰، ۸
۴	۲، ۷، ۵، ۹، ۳، ۶،	۰، ۱، ۸
۱ یا ۸	۵، ۹، ۳، ۴، ۲، ۷،	۰، ۴
۳ یا ۶	۵، ۹، ۲، ۷، ۴، ۰،	۱، ۸
۹	۵، ۲، ۷، ۰، ۱، ۸، ۳، ۶، ۴، ۰،	×
۲ یا ۷	۹، ۰، ۶، ۵، ۳، ۰، ۱، ۸، ۴،	×
(۰) صفر	۹، ۲، ۷، ۳، ۰	۴، ۱، ۸، ۵

مندرجہ بالا نمبر موافق اور مخالف صورتوں کی ایک دوسرے سے نشاندہی کرتے ہیں چنانچہ جب آپ کوئی نیا کام، نیا سلسلہ، شادی، دوستی یا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو فوراً اس کے نمبر کے ساتھ اپنے نمبر کا موازنہ کیجئے اگر اس کا نمبر موافق ہے تو ٹھیک ورنہ نقصان دہ ہو گا۔ جب کوئی شخص کسی سے لڑنے یا جھگڑا کرنے کے درپے ہوتا ہے یا کوئی فتنہ سر اٹھا رہا ہوتا ہے تو یقیناً معلوم کرنا چاہیئے کہ اس کا نمبر فریق ثانی کے نمبروں کے مخالف ہو گا۔ ورنہ ایسا ممکن نہیں ہو سکتا۔ اس علم کے طلباء کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ ایسی ہدایات پر پابندی سے عمل کریں اور نمبروں کی مناسبت اور غیر مناسبت ٹھیک سے معلوم کر لیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ حالات اور تجربات سے یہ بات واضح اور پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے گی کہ اس باب میں درج شدہ باتیں خالی از حکمت نہیں تھیں۔ چنانچہ اس ہدایت پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنے زندگی کے مقاصد کو احسن طریقے سے باعمل اور نتیجہ خیز بنا سکتے ہیں جو آپ کی فراست کی نشاندہی کر سکتا ہے۔ چنانچہ وہ ایسے طریقے کو جانچنے کے لئے مجبور ہوں گے کہ وہ سال ان کے لئے فائدہ مند ہو سکتا ہے جس کا مجموعہ اس کے تاریخ پیدائش کے نمبر کے برابر ہو سکتا ہے یا پھر موافق نمبروں کے حق میں ہو گا۔

حاکم زندگی یا زندگی کا ستارہ

نام اور تخلص سے زائچہ بنانا

یہاں یہ بھی سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب کسی کی تاریخ پیدائش ٹھیک سے معلوم نہ ہو تو حاکم زندگی کس طرح معلوم کیا جانا چاہیئے چنانچہ ہم ایک طریقہ درج کرتے ہیں جس کی روشنی میں وہ کوئی حتمی طریقہ کار منتخب کر سکتے ہیں اور نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں۔ آسان طریقہ یہ ہے کہ ابجد کے لحاظ سے نام مع تخلص کے نمبر نکالے جائیں اور ان کو مفرد کیا جائے۔ اگر تخلص یا پکارنے کا نام یا مشہور نام نہ ہو تو صرف نام کے اعداد لئے جائیں۔

حروف	نمبر	
ا، ی، ق، غ۔	۱	A, I, J, Q, Y
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ۔	۲	B, K, R
ج، چ، ل، ش۔	۳	C, G, S, L
د، م، ت، ٹ،	۴	D, M, T
ہ، ن، ث	۵	E, N, X, H
و، س، خ	۶	U, V, W
ز، ع، ذ	۷	O, Z
ح، ف، ص،	۸	F, P
ط، ض، ظ	۹	

آپ اپنے حاکم زندگی ستارہ یا نمبر کو معلوم کرنے کے لئے اپنے اصل نام مع تخلص کے حروف کے اعداد کا مجموعہ لیں اور پھر اس کا مفرد عدد حاصل کریں۔ یہی حاکم زندگی ہوگا۔ مثلاً

نام = اسداللہ خاں ۔ عدد ۳۵ = ۸
تخلص ۔ غالب ۔ عدد ۷

چنانچہ ان دونوں کا مجموعہ ۸+۷ = ۱۵ اکا عدد مفرد ۶ ہوا ۔ یہ نمبر زندگی کا عامل نمبر ہے۔ یہ عطارد ہے۔ اسے کلیدی نمبر قرار دے کر حالات بیان کئے جائیں گے۔ اگر ستاروں یا اور نمبروں کے اجتماع کو معلوم کرنا ہو جو حاکم زندگی کے علاوہ کام کرتے ہیں تو تمام نام کے علیحدہ علیحدہ اعداد لے کر نقشہ یا زائچہ تیار کریں اور بالکل اسی طرح جس طرح تاریخ پیدائش سے کیا تھا۔ مثالی نام کا زائچہ یہ ہوگا۔

ا س د ا ل ل ہ خ ا ن غ ا ل ب
۱ ۶ ۴ ۱ ۳ ۳ ۵ ۶ ۱ ۵ ۱ ۱ ۳ ۲

ان میں سے ۱-۶-۴-۵-۳-۲ نمبر ہی نکلے ۔ باقی سب دو دو بار ہیں۔ جن کو نکال دیا گیا۔ اب ۶ نمبر حاکم ستارہ ہے۔ جس کے مقابل کوئی نہیں ۔ عطارد ۶

عطارد ۶	مریخ ۱
عطارد ۳	قمر ۲
زہرہ ۲	شمس ۵

ان کے زندگی کے ادوار نکالنے کے لئے دور عطارد کو لیں گے چونکہ سال پیدائش کا علم نہیں اس لئے کسی بھی کامیاب اور سعد سال یا خراب اور نحس سال لے کر اگلے پچھلے سالوں کا تعین کیا جا سکتا ہے۔

نتیجہ

یہ مکمل طریقہ ہے جس سے ہم زندگی کے حاکم کے متعلق معلوم کر سکتے ہیں جو علم الاعداد سے دلچسپی رکھنے والے طلباء کے لئے پیش کیا گیا ہے۔ ہم وثوق سے کہہ رہے ہیں کہ ایک ایسا طریقہ ظاہر کر رہے ہیں۔ جسے موجودہ عصر کے ماہر مکمل طور پر تسلیم کرتے ہیں۔ علم الاعداد کے طلباء کو چاہیئے کہ وہ فی الفور اس طریقہ کو آزمانے کے بجائے کچھ عرصہ تحقیقات میں صرف کریں جب حتمی فیصلہ پر غور ہو جائے تو اقدام کرنا چاہیئے۔ میری خواہش یہ ہے کہ تمام قواعد کے تحت اصول پر کاربند رہنے کے بعد تمام نتائج اس کتاب سے دیکھیں جیسا کہ درج کر دیئے ہیں۔ وہ لوگ جو روحانی علوم کا وسیع علم نہیں رکھتے مگر ان چیزوں سے دلچسپی اور یقین کی وابستگی رکھتے ہیں۔ ان کو یہ کتاب بڑی کارآمد اور فائدہ مند ثابت ہوگی اور وہ لوگ اپنی زندگی میں کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔ تحقیقات اور غور و خوض سے اس علم کی ہمہ گیر حقیقت اور قوتِ لافانی کے قائل ہو کر نئے نئے تجربات سے روشناس ہو سکتے ہیں جب آپ کو اعداد کی قوت کا علم ہو جائے تو یہ بھی اندازہ کریں گے کہ تاریخ پیدائش کے مجموعہ کے برابر نمبر کے اثرات موافق اور ناموافق کن حالات میں ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس کی روشنی میں اپنے لئے کوئی اچھا طریقہ کار منتخب کر سکیں گے۔ ایک دفعہ اس طریقہ کو یاد کر لیا گیا تو یہ کہیں بھی آپ کی زندگی میں کام دے سکتا ہے۔

اکثر افراد ایسے نمبر کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں جن کی تاریخ پیدائش کا مجموعہ صفر اور زحل ہوتا ہے ۔ معدودے چند ایسے افراد ہیں جو مشتری (۹) کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔ وہ لوگ بلاشبہ خوش قسمت ہیں جو شمس (۵) کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں اور قمر (۲) کے۔ البتہ زحل کی موجودگی پیدائش کے نقشہ میں ہونا ہمیشہ برا نتیجہ لاتی ہے۔ جن افراد کا تعلق مشتری (۹) سے ہے جو دوبارہ پیدائش کے نقشے میں اثر انداز ہوا ہو وہ بلاشبہ خوش نصیب ہوتے ہیں اور ترقی کے اوج پر پہنچتے ہیں عزت پاتے ہیں۔ مریخ کی موجودگی (۱ یا ۸) جو زحل کے اثرات سے دور ہو وہ بھی اچھا ہے۔ عطارد (۳ یا ۶) اور زہرہ (۲ یا ۷) یہ نحس ستاروں سے متاثر نہیں ہوتے جو بالکل خوشگوار اور اچھی زندگی کا بتہ دیتے ہیں۔

چوتھا باب

نمبروں سے تعلقات

اس علم کی ابتدا نمبروں سے ہوئی ہے۔ میں اس بات میں نمبروں کی تعلقداری کا ذکر کروں گا کہ ہم کس طرح محبت، شادی، پریشانی، صحت، خوش قسمتی وغیرہ کے اثرات کا شکار رہتے ہیں دراصل یہ نمبروں کا ہی کرشمہ ہے۔

درحقیقت یہ علم، وقت پیدائش کی ضرورت کے بغیر ہی عرب اور اہل فارس استعمال میں لاتے تھے اور اب اسے کوئی بھی فرد استعمال کر سکتا ہے۔ جس کو تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو۔

یہ اکثریت کی رائے اور خیال ہے کہ یہ طریقہ جو نمبروں سے متعلق ہے درحقیقت ایک زندہ جادو اور طلسمی حیثیت رکھتا ہے جس کا تعلق وقت سے ہے اور قوت ستاروں کے اثرات سے بنتی ہے اور یہی قوت قسمت کہلاتی ہے۔

اکثر مغربی ماہر علم الاعداد اس طریقہ کو استعمال میں نہیں لاتے۔ حالانکہ چند اعداد فی الواقع مدافعانہ قوتوں کا سرچشمہ ہیں اور وہ اس حقیقت سے بے خبر ہونے کی بنا پر اس طریقہ کو استعمال میں لانا ہی نہیں جانتے۔ حالانکہ انہیں قدرتی اور فطری قوتوں کا بیش خیمہ تصور کیا جاتا ہے۔ مشرق میں ایسے لوگ موجود ہیں جو نمبروں کی جزوی فوقیت تسلیم کر کے استعمال میں بھی لاتے ہیں۔ دوسرے علم اور فنون کی طرح علم سیارگان اور علم الاعداد کے بھی بڑے بڑے ماہر موجود ہیں۔ لیکن اپنے علم کو سربستہ رکھنا چاہتے ہیں۔

چند ایک نے کتابیں لکھیں جن میں ستاروں کے متعلق ذکر درج ہے اور ان میں یہ بھی تفصیل درج ہے کہ ایک نمبر کی بیرونی اور اندرونی خاصیت اور قوت کیا ہے جو ناموں کی ترتیب میں اس طرح چھپے ہوئے ہیں۔ جن کو جاننے کے لئے علم اور عقل کی ضرورت ہے چنانچہ یہ علم تفصیل مانگتا ہے۔ میں خود اس حقیقت کو تسلیم کرتا ہوں کہ ناموں کا انحصار حروف کی وجہ سے ہے اور حروف اعداد کا مجموعہ ہیں اور یہی اعداد نا گہ پیدائش بناتے ہیں جس سے کسی کی قوت ایجاد بیرونی اور اندرونی قوتیں، قوت عمل اور قوت مدافعت کا با آسانی پتہ چلایا جا سکتا ہے اور اعداد کے اثرات بھی کم کئے جا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ بتلائے ہوئے طریقہ سے تدبیر کو اختیار کیا جائے۔

نمبر اور موافقت

آپ نے کبھی نمبر کے متعلق کچھ سوچا ——— ؟ چند لوگ ہی ایسا کرتے ہیں اور اکثر افراد یہ ہی نہیں جانتے ہیں کہ نمبر ہماری زندگی پر دوبارہ سہ بارہ اثرات مرتب کرتے رہتے ہیں ——— اعداد کے ...

علوم کے مطابق ہر مرد، عورت اپنا خاص نمبر رکھتا ہے۔ چنانچہ آپ کس طرح اس کو معلوم کر سکتے ہیں۔!

آپ اپنے نام کے تمام حروف کے اعداد بالترتیب اکٹھے کرتے جائیں۔ تا آنکہ آپ کو ایک واحد نمبر حاصل ہو۔ مثلاً آپ کے نام کے نمبر ۳ حاصل ہوتے ہیں جو چیزیں بھی نمبر ۳ سے متعلق ہوں گی وہ ایسے فرد کے لئے سودمند ہوں گی جن کا نمبر ۳ ہوگا اور اگر کسی چیز کے اعداد کو نام کے اعداد سے ملائیں گے تو ایسا ہم آہنگ نمبر پیدا ہو جائے گا۔ جس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ شخص اس چیز سے خوش قسمتی اور فائدہ مندی کے ساتھ ساتھ کامیابی سے ہمکنار ہونے والا ہے۔

جیسا کہ ۳ سے ۸ کا جوڑ بنتا ہے اس طرح یہ بالتفصیل معلوم ہو گیا کہ ۳ سے ۸ کا تعلق خوش قسمتی کا تعلق ہے چنانچہ اس طرح نیچے ہم آہنگ نمبر اور ناموافق نمبر دیئے گئے ہیں جس سے آپ اپنے لئے اچھے اور برے نمبروں کا انتخاب کر سکتے ہیں

جدول مسابقت

نمبر	ہم آہنگ نمبر	ناموافق نمبر
۱	۶	۲
۲	۷	۱
۳	۸	۴
۴	۹	۳
۵	تمام نمبر	کوئی نمبر نہیں
۶	۱	۷
۷	۲	۶
۸	۳	۹
۹	۴	۸

اپنا نمبر معلوم کیجئے۔ اپنی مطلوبہ چیز کا نمبر معلوم کیجئے۔ اگر وہ آپ کے ہم آہنگ ہے تو ٹھیک ہے۔ ورنہ نہیں اور اگر دونوں میں ہم آہنگی نہیں ہے تو آپ کو صبر اور بردباری کی ضرورت ہے ہر نمبر مختلف کرداروں پر حاوی ہوتا ہے۔ میں آپ کو نمبروں کی خاصیت اور قوت کارکردگی کا علم دوں گا کہ کس طرح یہ بیک وقت کئی نمبروں پر حاوی ہوتا ہے۔

نمبر ۱ کے اثرات

دو افراد کا مشترکہ موافق نمبر معلوم کرنا۔ ابن الوقت اور ڈھلوان ذہنیت کے مالک ہوتے ہیں اور وہ گروپ بندی کر کے ایک جھونکے یا جھٹکے سے آگے نکل جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

ایک نمبر کی لڑکی رازدار ہوتی ہے مگر وہ موقعہ محل پر کبھی ڈالتی ہے وہ اپنی قابلیت کی طرح بڑی دل کش

شخصیت رکھتی ہے ۔ اس کا مرکب قابل جوڑ نمبر ۴ ہے جو اکیلا ہی اسے کنٹرول کر سکتا ہے ۔ اس لئے کہ وہ اپنی خواہشات اور تمناؤں کی مالک ہوتی ہے ۔ وہ اپنی زندگی میں کوئی مستقل ساتھی چاہتی ہے اور وہ اکیلے میں کام کرنا ہی نہیں چاہتی ۔ گھریلو زندگی میں وہ مکمل اور سکون بخش فضا پیدا کرنے کی ماہر ہوتی ہے کیونکہ یہ اس کا فطری جذبہ اور خواہش کے عین مطابق ہوتا ہے ۔

ایک نمبر کے مرد کی عادت یہ ہے کہ وہ محض ایک ہی کام پر قناعت کر لیتا ہے اور جب تک اسے کوئی مدد کرنے والا نہ ملے اس وقت تک وہ اپنے آپ کی کسی صلاحیت کو بروئے کار نہیں لا سکتا ہے ۔

ایک نمبر کے افراد اپنی زندگی میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں ۔ وہ اچھے مددگار اور ساتھی کے خواہشمند ہوتے ہیں مگر دشمنی کے معاملے میں بھی بے حد خطرناک ہوتے ہیں یہ لوگ اپنی جائے پیدائش سے شمال کی طرف اگر رہیں تو اچھے پھلتے پھولتے ہیں یہ لوگ مائعات کے کاروبار میں فائدہ اٹھاتے ہیں اور ان کے لئے زرد رنگ خوش قسمتی کا نمبر ہوتا ہے ۔ ان کے لئے اچھا دن جو ستارے کے تحت ہوتا ہے وہ اتوار ہے اور ان کی خوشبو چنبیلی ہے جس سے یہ لوگ دلچسپی رکھتے ہیں ۔ ہفتہ کا پہلا دن ان کے لئے فائدہ مند ہوتا ہے اس طرح چھٹا دن جمعہ وہ بھی فائدہ مند ہوتا ہے جو اس کا ہم آہنگ ہے بعض مشرقی ممالک میں کوئی لڑکی اپنے لئے ایسا اہم کام انجام نہیں دے سکتی ۔ تاوقتیکہ کوئی پہلا کام وہ سرانجام نہ دے ۔ چاہے ستارے یا نمبر کے مخالف ہوں یا طرف دار ۔ یہ بھی اکثر طور پر ہوتا ہے ۔ جیسے کوئی اہمیت نہیں دی جاتی ہے ۔

مثال کے طور پر مرزا احسن بیگ نے کسی لڑکی سے کہا کہ وہ جمعرات کو اس کے ساتھ کہیں چلے ۔ جن کا نام مجیدہ نور ہے اور اس کا نمبر ۳ ہے ۔

مرزا احسن بیگ کے نام کے اعداد = ۱۱ بنتے ہیں ۱ا + ۱ سے ۲ بنا لیا گیا ۔ لڑکی کا نام ۳ ہے ۔ چنانچہ ۲ + ۳ = ۵ یہ ایک ایسا نمبر ہے جو ہر ایک نمبر کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکتا ہے ۔ جیسا کہ آپ نے پہلے نقشہ میں دیکھ لیا ہے جو بالکل اچھا ہے مگر ہم اس کی تفصیل میں جانا چاہتے ہیں ۔ جمعرات ہفتہ کا ۵ دن ہے ۔ چنانچہ اس جوڑے کے لئے ۵ نمبر مفید ہے ہم اس کی تفصیل یوں بھی دیکھ سکتے ہیں ۔

مجیدہ نور = ۳

مرزا احسن بیگ = ۲

۵

جمعرات = ۵

۱۰ : ۱

انہیں کہاں جانا چاہئے ۔ ؟ جب کوئی چیز اس میں جمع کر دی گئی تو ا ان کا جواب ہے ۱ یا ۱۰ جو ان کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے ۔ سیر کے اعداد ۹ ہیں ۔ فلم کے اعداد ۶ ہیں ۔

چنانچہ ان کے لئے سب سے عمدہ طریقہ جو سیر و تفریح کے لئے باہر جانا ہے وہ فلم ہی کے لئے جانا چاہئے ۔ یہی کہنا بس کافی ہے کہ کوئی فرد اپنا نام حسب منشا نمبروں کی روشنی میں تبدیل کر سکتا ہے مثلاً جس لڑکی کو اس نے پسند کیا ہے

یا جو چیز اس کی زندگی میں اہم مطلب رکھتی ہے اس کے مطابق بدل ڈالے ۔ یہ طریقہ دنیا کے تمام لوگ تسلیم کرتے ہیں ۔

دوسری مثال میں احمد علی چاہتا ہے کہ اکبر علی سے مل کر کام کرے ۔ سوال کیا کہ ہم کہاں کام کریں کہ ترقی اور کامیابی ہو ۔ احمد علی کا نمبر ۱ ہے ۔ اکبر علی کا نمبر ۹ ہے ۹ + ۱ = ۱۰ = ۱ ہوا ۔ تو ان دونوں کو مشترکہ کاروبار نمبر ایک کے موافق نمبر کے شہر میں کرنا چاہئے ۔ ایک کا موافق نمبر ۴ ہے ۔ لہٰذا انہیں راولپنڈی میں کاروبار کرنا چاہئے ۔ چونکہ دونوں کے ناموں کا حرف اول کا عدد ایک ہے ۔ اس لئے اتوار کے دن شروع کریں ۔ اگر وقت کا تعین کرنا ہو تو ایک بجے دن کے کریں ۔ بس یہی قانون ہے شادی ۔ کاروبار ۔ سفر ۔ صحت ۔ اولاد ۔ روپیہ ۔ دوست ۔ سکیمیں ۔ مقام ۔ پیشہ سب کے لئے یہی طریقہ ہے ۔

شراکت میں کامیابی

اب ایسی صورت ہے جس میں شراکت کے اعداد موافق نہیں یا وہ شہر جو اعداد کے ذریعہ نکلتا ہے ۔ کام کرنے کامیاب نہیں رکھتا تو ان تمام کمزوریوں کو دور کرنے کے لئے ایک طریقہ ہے کہ ایسا تعویذ تیار کر کے دیا جائے جو دونوں رکھیں تاکہ شرکت کے ناموافق نمبر یا ناموافق جگہ نقصان کا باعث نہ ہو ۔

اس امر کے لئے دونوں کے ناموں کے اعداد جمع کریں ۔ وہ دو اسمائے الٰہی لیں جو دونوں کے مفرد عدد کے برابر مفرد عدد رکھتے ہوں ۔ مثلاً احمد علی کا نمبر ۱ ہے ۔ اللہ کا نام جلیل لیں اس کا نمبر ۱ ہے ۔ اکبر علی کے عدد مفرد ۹ ہیں ۔ اسم الٰہی باسط کے عدد ۹ ہیں ۔ ان چاروں اسما کے اعداد لیں ۔ احمد علی ۔ جلیل ۔ اکبر علی ۔ باسط ۔ میزان ۴۱۴ ہوئی
۱۹۲ + ۷۳ + ۳۲۳ + ۷۲
اس کا مربع نقش عدد ۲ پر کریں ۔ یعنی کل اعداد سے ۳۰ عدد تفریق کر کے باقی کو ۴ پر تقسیم کریں اور حاصل کو خانہ اول میں رکھ کر دو دو عدد کے اضافہ سے نقش پُر کریں

اگر تقسیم کرنے سے ایک باقی رہے تو خانہ ۱۲ میں مزید ایک کا اضافہ کر دیں ۔ ۲ باقی رہیں تو خانہ ۹ میں ۔ ۳ باقی رہیں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کر دیں ۔ نقش پُر ہو جائے گا ۔ یہ نقش اس وقت تیار ہو گا ۔ جب عدد کا ستارہ قران میں ہو ۔ نقش کے چاروں طرف ہر دو اسمائے الٰہی لکھیں اور ایک ایک نقش دونوں کو دیں کہ وہ پاس رکھیں اور بے خطر کام کرتے چلے جائیں ۔

اختار مربع

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نمبر ۲ کے اثرات

محبت اور کشش کا موافق نمبر

مختلف نمبروں کی مختلف قوتیں ہوتی ہیں ۔ ۲ نمبر تمام نمبروں سے زیادہ مقناطیسی قوت رکھتا ہے یہ رومان کا نمبر ہے ۔ زمانہ قدیم میں یہ نمبر عورتوں کے معاملات اور محبت سے متعلق سمجھا جاتا تھا ۔ علم نجوم میں خانہ نمبر ۲

زہرہ کا ہے جو عشق و محبت کا ستارہ ہے۔ اس لئے نمبر ۲ محبت، رومان اور کورٹ شپ کے اثرات رکھتا ہے یہ تمام مؤنث امور یا مؤنث کے متعلقہ امور سے بھی متعلق ہے۔ یعنی قیمتی اشیاء عطریات، زیورات، قیمتی کپڑے اور ان تمام منسوبات سے متعلق ہے جو زہرہ سے وابستہ ہیں۔

سب سے پہلے یہ معلوم کریں کہ کیا آپ کا نمبر ۲ ہے؟ یعنی کشش محبت کی مقناطیسی قوت رکھتا ہے یا نہیں اس امر کے لئے آپ اپنے نام کا غیبی عدد معلوم کریں۔ مثلاً کسی شخص کا نام محمد اختر ہے تو اس کے اعداد کی میزان ۴۲ ہوگی اور ۴۲ کا مفرد عدد ۴ + ۲ = ۶ ہے یہی عدد محمد اختر کا غیبی عدد ہے۔

اگر محمد اختر یہ چاہتا ہے کہ اس کی ذات دوسروں کے لئے باعث کشش ہو تو اس کے دو ہی طریقے ہیں یا تو آپ نام میں مناسب تبدیلی کریں یا اپنے پاس از قسم لوح ایسی چیز رکھیں جو یہ قوت دے۔ جس طرح نام آپ کے جسم کے ساتھ وابستہ ہے۔ اسی طرح لوح بھی وابستہ ہوگی۔ اگر نام میں تبدیلی کرنا مقصود ہو تو اپنے نام کے ساتھ کوئی تخلص یا اسم ایسے نمبر کا ملا لیں جس کو جوڑنے سے کل ۲ نمبر ہو جائیں۔ مثلاً محمد اختر ناصر اور اگر کسی کے نام کی عرفیت ۲ نمبر کی ہو تو اس عرفیت کو ہی عام کر دینا بہتر ہوگا۔ اگر کسی کے نام کا مخفف حرف ۲ نمبر کا ہو جائے تو اسے اس مخفف نام کو اختیار کر لینا چاہیئے۔ مثلاً محمد اختر کے لئے م۔ اہے۔ اس کے عدد ۵ ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس کا مخفف نام رومانی نہیں ہو سکتا۔

دنوں میں سے دوسرا دن نمبر ۲ کے ماتحت ہے یہ سوموار ہے اور قمر سے متعلق ہے چونکہ قمر زہرہ کے برج ثور میں دائرۃ البروج کا دوسرا برج ہے شرف حاصل ہوتا ہے اس لئے سوموار کا دن ۲ نمبر والوں کے لئے بہت خوش قسمتی لاتا ہے۔ حروف ابجد میں یہ ب سے متعلق ہے جو ابجد کا دوسرا حرف ہے۔ علاوہ ازیں نمبر ۲ تمام زوج چیزوں پر حکمران ہے مثلاً بازو۔ ٹانگیں، آنکھیں، کان وغیرہ اور محبت بھی تو نہیں کی جا سکتی جب تک دو نہ ہوں اس لئے اصول یہ ہے کہ شادی۔ محبت اور ۲ نمبر کی تمام چیزوں کو حاصل کرنے یا فروخت کرنے کے لئے یا ۲ نمبر سے متعلقہ لوگوں سے فائدہ اٹھانے کے لئے سوموار کا دن انتخاب کیا جائے تاکہ وہ خوش قسمتی جو زہرہ کے خاص حصہ میں آئی ہے۔ ہمیشہ قدم چومے اگر وقت کا لحاظ رکھنا چاہیں تو دن کے ۲ بجے ہونے چاہئیں اور اگر کوئی ایسی صورت ہو کہ اس کام کو یا معاہدہ کو یا بات چیت کو ب سے شروع کر سکیں۔ مثلاً بسم اللہ الرحمن الرحیم سے، تو کامیابی کے امکانات کو آپ نے مکمل طور پر اپنا لیا اور مشرقی علوم کی رو سے ہندسہ کی جملہ غیبی قوتوں کی مدد آپ نے حاصل کر لی۔ لہٰذا ناکامی کا سوال ہی نہ رہے گا۔

علمائے مغرب میں سے ایک عالم کے پاس میں نے اس عدد کی لوح دیکھی۔ جسے وہ لوح تسخیر کہتے تھے اس لوح پر ۲ نمبر کی قوتیں دی گئی تھیں جو حب و تسخیر کا عدد ہے۔ اس لوح کو چاندی کی پلیٹ پر بنایا جاتا ہے۔ کاغذ پر بھی اتارا جا سکتا ہے پھر اسے چمڑے میں بند کروا لیتے ہیں۔ اس لوح کے عین وسط میں ایک دائرہ کے اندر ۲ کا عدد تھا۔ اس کے نیچے حامل لوح کا نام تھا اور اوپر ایک چھوٹا سا ہلال بنا ہوا تھا اس کے دوسری جانب حرف ب تھا اور اوپر لفظ "بدوح" لکھا ہوا تھا۔ بدوح کے اول حرف ب ہے اور عدد مفرد ۲ ہیں اگر اس لوح کا بنانے والا سات نمبر کا ہو تو

تاثیر فوری ظاہر ہوتی ہے اور اگر بدوح کی بجائے نمبر سات کے اسم الٰہی کو لکھا جائے جو موافق ہو۔ تب بھی درست تاثیر واقع ہوتی ہے۔

میں نے عامل کامل حصہ دوم کے فصل نہم کے تحت خاتم سلیمانی کا باب دیا ہے اگر یہ اپنے نام کی تیار کی جائے جس کے مرکز میں ۲ عدد آ جائے تو یہ بھی لوح تسخیر کا کام دے گی۔ میرا طریق کار اس کتاب سے واضح ہوتا ہے یہ یاد رکھیں کہ یہ انگشتری چاندی کی دھات سے سوموار کے دن بنواؤ اور سوموار کے دن ۲ بجے اس پر نقش کندہ کرو اور دوسری انگلی میں پہن لو۔ مثلاً میرے نام کے عدد ۴۱۶ ہیں۔ عدد ۱۱ ہوا۔ مفرد ۲ ہوا۔ انگشتری کا نقشہ یہ ہوگا۔

آپ اپنے نام کا غیبی عدد معلوم کر کے فیصلہ کریں کہ دوسروں کے لئے کشش رکھتے ہیں یا نہیں؟ وہ لوگ جن کے نام کا غیبی عدد ۲ ہے ان میں مندرجہ ذیل صفات ہوں گی۔ خوش قسمتی سے میرے نام کا ش البرق کا عدد ۲ ہے۔ میرے نام کا حرف اول ک ہے جس کے عدد ۲ ہیں۔

نمبر ۲ والے باشعور۔ پاک دامن اپنی قابلیت کو بیان کرنے والے، سلیقہ مند اور تفصیلات میں جانا پسند کرتا ہے ان لوگوں میں اظہار استعداد کی قوتیں بہت وسیع ہوتی ہیں۔ خصوصاً ذاتی وجاہت، کپڑے، بیش قیمت پتھر انگشتری میں رکھتے ہیں ان کے مزاج میں استحکام پایا جاتا ہے۔ ان کی زندگی اتفاقیہ واقعات سے پُر ہوتی ہے یہ لوگ غیر ممالک سے متعلقہ تجارت سے اور شراکت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہیں اپنی جائے پیدائش سے جنوب مشرق کی طرف سے مالی کامیابی ہوتی ہے۔ روپیہ ان کو اس وقت ملتا ہے جب یہ اپنی جائے پیدائش کو چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جاتے ہیں۔ یہ لوگ دماغی بل بوتے پر اپنا مقام پیدا کر لیتے ہیں۔ نئی جگہ پر لوگوں سے متعارف ہونے کے لئے اپنی صلاحیتوں کو کام میں لاتے ہیں۔ چیز کے انتخاب کا مسئلہ ہو تو نمبر ۷ کو انتخاب کریں۔ لیکن نمبر ۱ نمبر ۲ سے مسابقت نہیں رکھتا کیونکہ اس نمبر کی چیزیں یا افراد بے وقعتی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

۲ نمبر والوں میں باطنی دانش کی وہ حس ہوتی ہے۔ جس سے وہ دوسروں کے خیالات آسانی سے پڑھ سکتے ہیں ان کا موافق نمبر ۷ ہوتا ہے اور ناموافق ۸ کا ہوتا ہے۔ ۳۔۵۔۷۔۹ عدد والے ان پر غالب رہتے ہیں اور ۴۔۶۔۸ والے ان سے مغلوب رہتے ہیں۔ اس لئے ان اعداد کے نمبر کا مکان، زمین، ٹکٹ یا اور چیزیں خریدنا باعث نفع ثابت نہیں ہوتیں۔ نمبر ایک کے کاموں سے نقصان اور پریشانیاں پیش آتی ہیں۔ تجربہ کے لئے میں یہ بتاؤں کہ میرے نام کا نمبر ۲ ہے میری تاریخ پیدائش کا نمبر ۷ ہے۔ روحانی دنیا کا نمبر ۷ ہے اور میری اہلیہ کے نام کا نمبر ۷ ہے یہ امور میرے حق میں موافقت ظاہر کرتے ہیں۔

نمبر ۲ کے لئے موافق دھات چاندی ہے۔ رنگ سفید۔ پتھر زبرجد یا زمرد ہے۔ خوشبو چنبیلی کی موزوں ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ چاندی کی انگوٹھی میں زمرد کا نگینہ لگوا کر پہننا مفید ہے اور چنبیلی کا عطر لگانا دوسروں کے لئے جاذب ہو سکتا ہے

اپنے ضروری کام نئے چاند میں شروع کریں تو کامیاب رہیں گے۔ زوال پذیر چاند میں اہم معاملات کو ملتوی کر دینا بہتر ہوگا۔ نمبر ۷ کی موافقت کی وجہ سے ہفتہ کے دن کے متعلقہ امور سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نمبر ۲ بعض اوقات سوال کا جواب دینے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے سائل کو کہیں کہ سوال کی مختصر سطر لکھے۔ اس سطر کے اعداد نکال کر ۲ نمبر اور ملا دیں۔ اب مفرد عدد حاصل کریں اگر یہ عدد طاق ہو تو جواب "ہاں" ہوگا۔ اگر جفت ہو تو "نہ" ہوگا۔ ایک امر کے سوال کے لئے ایک ہی دفعہ دیکھنا مناسب ہے۔ عبارت بدل کر دوسری دفعہ جواب حاصل کرنے سے فائدہ نہ ہوگا۔ جواب بہرحال پہلے سوال کا برقرار رہے گا۔

اگر سوال سوموار کے دن ۲ بجے دن کو کئے جائیں تو جواب صحیح برآمد ہوتے ہیں اور اگر مسئول نمبر ۷ کا ہو تو جواب یقینی ہوگا۔ ۲ نمبر والے کے جوابات بھی صحیح ہوتے ہیں۔

نمبر ۳ کے اثرات

شادی کا موافق نمبر

نمبر ۳ شادی اور ان تمام امور پر حکمران ہے جو گھر سے متعلق ہوتے ہیں۔

اگر آپ کے نام کا نمبر ۳ ہو تو کنوارے رہنے سے بہتر ہے شادی کرلیں۔ قسمت کھل جائے گی۔ وہ شخص جو شادی کرنے کا خواہاں ہے اور اسے یہ خواہش ہے کہ معلوم کرے کہ اس کا شریک زندگی کونسا ہونا چاہیئے؟ تو اسے اپنا شادی نمبر معلوم کرنا چاہیئے۔ اس امر کے لئے نام کے حروف، تاریخ پیدائش کا نمبر اور ۳ عدد ملانے سے مقصد حاصل ہوگا حاصل نمبر شادی پر حکمران تصور کیا جائے گا۔

مثلاً ایک شخص کا نام احمد ہے۔ اس کی تاریخ پیدائش ۳۰ جون ۱۹۳۵ء ہے اس کا شادی نمبر کیا ہے۔

نام کے حروف = ۴

تاریخ پیدائش کا نمبر = ۳۰+۶+۱۹۳۵ = ۲۷ کا عدد مفرد = ۹

نمبر متعلقہ = ۳۔

شادی نمبر ہوگا۔ ۴+۹+۳ = ۱۶ اور مفرد عدد ۷ ہوا۔ پس احمد کا شادی نمبر ۷ ہوا۔

اب جدول مطابقت کے مطابق کام لیں تو معلوم ہوگا کہ ۷ نمبر کی موافقت نمبر ۲ سے ہے اور ناموافقت نمبر ۹ سے ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ احمد جس عورت سے شادی کرے۔ اس کا شادی نمبر ۲ ہونا چاہیئے۔ مندرجہ بالا حسابی طریقے سے ہی عورت کا شادی نمبر بھی معلوم کیا جا سکتا ہے۔ یعنی نام کے حروف، تاریخ پیدائش اور نمبر ۳ کے مجموعے سے اگر احمد کی شادی نمبر ۹ کی عورت سے ہوگی تو کامیاب نہ رہے گی۔

اگر آپ اولاد کی تعداد معلوم کرنا چاہیں تو ۷ نمبر بچوں کا منسوب نمبر ہے ہر دو میاں بیوی کا شادی نمبر جمع کرکے اس میں سے ۷ نمبر خارج کر دیں اگر تفریق منفی میں آئے تو جواب مثبت میں سمجھیں۔ بہرحال یہ کلیہ قاعدہ نہیں۔ تاہم ہر جگہ درست ثابت ہے۔

مثلاً ایک آدمی کا شادی نمبر ۱ ہے۔ اس کی عورت کا نمبر ۵ ہے تو شادی نمبر کی میزان ۶ ہوگئی۔ اس سے ۷ تفریق

کیا تو منفی ایک رہا۔ جس کا مطلب یہ ہوگا کہ ان کے ایک بچہ ہوگا۔

۳ نمبر مضبوط قوت ارادی کا مالک ہوتا ہے بااعتماد ہوتا ہے مگر جنگجو۔ وہ سرخ رنگ کے اثرات کے ماتحت ہوتا ہے ان کو خوش قسمتی اور کامیابی تب آتی ہے جب یہ کوئی فیصلہ یا کوئی کام منگل کے دن کریں۔ ان کا ستارہ مریخ ہوتا ہے۔

۳ نمبر کے آدمی خوش قسمتی کے لئے سرخ رنگ کے نگ استعمال کر سکتے ہیں یہ لوگ اگر مقام پیدائش سے مغرب کی طرف جا کر روزگار یا کاروبار تلاش کریں تو بہت مالی فائدہ اٹھاتے ہیں اگر بااختیار ہوں تو لوگوں میں مقبولیت حاصل کرتے ہیں۔ لوگ ان کی بات توجہ سے سنتے ہیں۔ بدقسمتی سے وہ اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ ان کو دوسروں کی مدد کی ضرورت نہیں ہوتی۔

جب یہ دھاتوں کے متعلقہ کاروبار کریں تو کامیاب رہتے ہیں۔ مثلاً لوہے اور سٹیل کا کاروبار۔ انجنیئر، مکینک اور مشین مین وغیرہ کامیاب رہتے ہیں اگر یہ لوگ سفر مغربی سمتوں کا اختیار کریں تو ان کے کام فوراً ہو جاتے ہیں۔

نمبر ۳ سے اگر کوئی معاملہ پڑے تو چاہیے یہ کہ متحمل اور معاملہ فہمی سے کام لیں۔ ادھوری باتیں انہیں پسند نہیں ہوتیں نہ وہ ہیر پھیر ہی پسند کرتے ہیں۔ وہ مختصر جواب چاہتے ہیں۔ چاپلوسی اور خوشامد کو قطعی پسند نہیں کرتے نمبر ۳ کی عورت اپنا مستقبل خود بناتی ہے وہ اپنی بہنوں کی نسبت بہتر منتظمہ ہوتی ہے۔ نمبر ۳ کا آدمی موسیقی کو پسند کرتا ہے۔ اسے چاہیئے کہ خوشامد پسندوں سے دور رہے۔

نمبر ۴ کے اثرات

مالی امور پر حکمران نمبر

تمام افراد کی زندگی میں روپیہ سب سے اہم پارٹ ادا کرتا ہے۔ ماسوا ان فقرا اور بندگان خدا کے جنہوں نے اپنی زندگیاں اللہ کے لئے وقف کر دی ہوں ہر ایک کے لئے قاضی الحاجات کا درجہ اسے حاصل ہے اگر یہ کہیں کہ دنیا مال کے گرد گھوم رہی ہے تو بجا ہوگا۔

نمبر ۴ وہ نمبر ہے جو آپ کے روپے، اس کی آمد اور نقصان سے تعلق ہے۔ یہ نمبر روپے پر حکمران ہے یہ حرکت اور تبدیلیوں سے بھی تعلق رکھتا ہے اور وہ دن جو خصوصاً تمام مالی سکیموں کے لئے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ بدھ ہے یعنی ہفتہ کا چوتھا دن!

وہ نقوش یا لوحیں جو روپیہ کو کشش کرتی ہیں اور آمدن کے اسباب پیدا کرتی ہیں وہ نمبر ۴ کے عجیب و غریب پیچیدہ حساب پر مبنی ہوتی ہیں۔ اس کا تعلق نقش مربع ہے جس کے چاروں طرف چار چار خانے ہوتے ہیں۔ اس نقش میں اس شخص کے نام کے اعداد اور آیت یُغْنِیَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ کے عدد ۲۱۸۶ کے اعداد ملا کر پر کئے جاتے ہیں۔ اس کے چاروں دور کو چار مختلف رنگوں سے لکھا جاتا ہے۔ یعنی چار خانے لکھ کر رنگ بدل دیتے ہیں۔ مثلاً اندرونی دور کو سرخ رنگ سے لکھتے ہیں اور نقش کے اندر اعداد چوتھے دور میں پر کرتے ہیں۔ تیاری

کے بعد نقش کی چار تہیں کرتے ہیں اور پھر اسے بدھ کے دن پہنتے ہیں۔ صاحبِ حیثیت لوگ اس کی لوح چار دھاتوں سے بنواتے ہیں جو سکہ، چاندی، تانبا اور ٹن سے مرکب ہوتی ہے تاکہ بیزی مال و سعتوں کو جذب کرنے میں اعلیٰ قوت رکھے اور سریع التاثیر ہو۔

مثلاً ایک شخص حسن علی بن رابعہ یہ چاہتا ہے کہ جو کاروبار میں کر رہا ہوں۔ اس میں زیادہ سے زیادہ نفع ملے تو وہ ذیل کے طریقہ سے نقش کاغذ پر پُر کرے۔

اعداد طالب = حسن علی رابعہ = ۵۰۶

عدد آیت = ۲۱۸۶

میزان = ۲۶۹۲

اب قانون یہ ہے کہ کل اعداد میں سے ۲۱ عدد تفریق کرو اور ان اعداد کو نقش کے خانہ نمبر ۱۳ میں رکھ کر ۱۳ - ۱۴ - ۱۵ - ۱۶ خانے ایک ایک بڑھا کر پُر کرو اور باقی نقش ایک سے ۱۲ نمبر تک ویسے ہی رہنے دو۔ نقش پر ہو جائے گا۔

یہ ضروری ہے کہ نقش نمبر ایک سے شروع کر کے ترتیب وار ۱۲ عدد تک پُر کرو۔ جس خانہ میں جو عدد ہو وہ لکھو۔ تیرھویں خانہ سے وہ عدد لکھنا شروع کرو جو اسلہ کا ۲۱ تفریق کرنے کے بعد ہے۔ مجوزہ مثال میں ۲۶۹۲ سے ۲۱ تفریق کئے تو باقی ۲۶۷۱ رہے اسے خانہ ۱۳ میں لکھا۔ خانہ ۱۴ میں ۲۶۷۲۔ خانہ ۱۵ میں ۲۶۷۳۔ خانہ ۱۶ میں ۲۶۷۴ لکھا۔ اب یہ نقش پُر ہو گیا۔ اس کی میزان چاروں طرف سے ۲۶۹۲ آئے گی۔ نقش مربع کی چال اور مثالی نقش حسب ذیل ہے۔

چال نقش مربع

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۲۶۹۲ کا نقش

۸۰	۱۱	۲۶۷۲	۱
۲۶۷۱	۲	۷	۱۲
۳	۲۶۷۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۶۷۳

اسی طریقہ سے کام لے کر آپ اپنی اس کمی کو پورا کر سکتے ہیں جو مالی بدقسمتی کی کسی نہ کسی صورت میں آپ کی قسمت کا حصّہ بن گئی ہے اور آپ اس کے شاکی ہیں۔

اب اور سنیئے۔ ابجد کا چوتھا حرف د ہے۔ انگریزی میں D ہے۔ اس کے چار نمبر ہوتے ہیں۔ لہٰذا د کا حرف روپیہ کے ساتھ خاص تعلق رکھتا ہے۔ دولت جو مالی وسعتوں کا بھرپور لفظ ہے۔ اس کے شروع میں د ہے اس کا آخری حرف ت ابجد کے سیکڑوں کے درجہ پر فائز ہے جس کے مفرد عدد ۴ ہیں۔ میں نے بعض ممالک کے امرا کے گھروں کے دروازہ پر D لکھا ہوا پایا ہے جس سے مقصد تحفظ مال و فراوانی مال ہوتا ہے۔ ہمارے

ہاں بھی دیکھا دیکھی گھوڑے کی نعل دروازہ کے باہر اسی مقصد کے لئے لگاتے ہیں وہ د کی شکل کی ہوتی ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ اس کے اندر چار سوراخ ہوں۔ نہ کم نہ زیادہ د اور D پر کوئی خاص فرق نہیں سوائے اس کے کہ ڈی کے دونوں سرے ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ بعض لوگ اپنے پرس پر حرف D لکھواتے ہیں۔ ریس کے شوقین گھوڑے کی مستعمل نعل کو جو چار سوراخوں والی ہو۔ گھر کے دروازے کی چوکھٹ کے اوپر لگوالیں تو ان کی کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

مالی حالات کو جاننے کے لئے عربوں کی تحقیقات کا یہ ایک دلچسپ حسابی نظریہ ہے جو نہ صرف آپ کی دلچسپی اور علم میں اضافہ کرے گا۔ بلکہ کارآمد بھی ہوگا۔

سب سے پہلے اس آدمی کا نام لکھیں جو اپنے مالی حالات کے متعلق کچھ جاننا چاہتا ہے۔ دیکھیں کہ اس کے نام میں کتنے حرف ہیں۔ اسے لکھ لیں پھر سال پیدائش کے مفرد عدد کو بھی لکھ لیں دونو کو جمع کر لیں۔ اب اس شخص کے نام کے حروف کے عدد کا جو موافق نمبر ہے۔ اس سے مقابلہ کریں۔ اگر وہ موافق نمبر ہے تو وہ سال اس کے لئے بیحد خوش بختی کا ہوگا۔ مثلاً

نام　احمد = حرف ۴

سال پیدائش ۱۹۳۶ کا مفرد عدد ایک ہے (۶+۳+۹+۱ = ۱۹ کا مفرد ۱۰، ۱۰ کا مفرد ۱ ہوا)

میزان = ۵۔

اب احمد کے لئے یہ سال نمبر ۵ کا ہے اس میں مالی نمبر ۴ مزید جمع کیا تو ۹ ہوا۔ اس کا مطلب یہ ہے احمد کی زندگی کا دور مالی لحاظ سے ہر نواں سال ہوتا ہے۔ اب اگر جدول موافق ناموافق کی طرف رجوع کریں تو معلوم ہوگا کہ ۹ نمبر کا موافق نمبر ۴ ہے اور ناموافق ۸ ہے لہٰذا کوئی بھی سال جس کا مفرد عدد ۴ ہوگا وہ اس کی زندگی میں اعلیٰ مالی کامیابی کا ہوگا۔ مثلاً احمد کے لئے ۱۹۶۶ء جس کا مفرد عدد ۴ ہے اور اس کی ۹ سالہ دور زندگی کا چوتھا دور ہے اس کے لئے بیحد مالی منفعتوں کا سال ہوگا اور زندگی بنا دے گا اگر اس شخص کو روحانی امداد دینا ہو تاکہ آئندہ خوش قسمت سالوں کے مواقع اسے مزید حاصل ہوں تو ایسے نمبروں کی لوح تیار کی جاتی ہے جو اس کے لئے بیحد موثر ہوتے ہیں اور مال و دولت کے حصول میں اہم کردار کرتے ہیں۔ مثلاً احمد کے لئے مربع نقش اسم باسط کا تجویز ہوگا۔ باسط کے عدد ۷۲ ہوتے ہیں جن کا مفرد عدد ۹ ہوتا ہے۔ چار خانوں کے نقش میں اسے پر کیا جا سکتا ہے یہ اس کے لئے ایک طلسم سے کم نہ ہوگا۔

اب نمبر ۴ کے آدمی کی شخصیت کے متعلق مختصر سنئے۔

نمبر ۴ کے آدمی عطاردی ہوتے ہیں۔ ان تھک ہوتے ہیں اپنی رائے اور نظریات کو تبدیل کرتے رہتے ہیں یا کر دیتے ہیں۔ یہ اچھے دوست اور ساتھی ہوتے ہیں لیکن ان کا نظریہ یہ ہوتا ہے جو کوئی بھی ان سے دوستی اور ملاپ چاہے وہ اسی کے اصولوں کی پیروی کرے یہ کبھی نہیں ہو سکتا کوئی ان کے اصولوں کے مخالف ہو کر یا ان کے نظریہ سے ہٹ کر ان کے پاس جگہ پا سکے۔

نمبر۴ کے لوگوں کے لئے کوئی بھی نقش یا طلسم جو دھات کا بنا ہوا ہو۔ وہ بدھ کے دن ان کی خواہشات کی تکمیل کے سامان پیدا کرے گا۔ یہ لوگ اچھے ڈاکٹر ثابت ہوتے ہیں اور ٹرانسپورٹ، سفر اور ذرائع نقل و حرکت کے کسی بھی شعبہ میں کامیاب زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

نمبر۴ کا آدمی بہتر خاوند ثابت ہوتا ہے۔ بشرطیکہ اسے اپنی ذاتی دلچسپیوں اور مصروفیت یا کام کے لئے مکمل آزادی حاصل ہو۔ نمبر۴ کی عورت سنجیدہ۔ متین۔ مہربان اور پرکشش ہوتی ہے۔ لیکن بہت جلد دوسروں کے ساتھ الجھ پڑتی ہے۔

نمبر۴ والے اپنے موافق لوگوں کے ساتھ بہت اچھے رہتے ہیں یعنی وہ لوگ جن کا نمبر۹ ہو ان کے ساتھ خوب نبھتی ہے۔ لیکن ۳ نمبر والے ان کے موافق نہیں ہوتے۔ یہ اہم باتیں ہیں۔ جنہیں نمبر۴ والوں کو اپنے ذہن میں رکھنا چاہیئے۔ موافق و ناموافق اشیا یا لوگوں میں تبدیلی محض اس وجہ سے ہو سکتی ہے کہ دونوں میں سے کسی ایک کے نام میں مناسب تبدیلی کر دی جائے۔

نمبر ۵ کے اثرات

سفر اور رہائش کا موافق

مشرق کے علم الاعداد کے ماہرین اسے سفر کا نمبر قرار دیتے ہیں۔ لہٰذا وہ جس طرح اس نمبر سے سفر کے متعلق حالات اخذ کرتے تھے۔ اس کا طریقہ دیا جاتا ہے۔

اس کا متعلقہ دن جمعرات ہے یعنی ہفتہ کا پانچواں دن۔ اس کی موافق دھات رانگ اور رنگ نیلا ہے کسی آدمی کو سفر کے حالات اور مصائب سے محفوظ کرنے کے لئے لوح جمعرات کو ساعت مشتری میں بنائی جاتی ہے نقش لکھنا ہو تو سفید کاغذ پر نیلی سیاہی سے لکھا جاتا ہے۔ اس امر کے لئے آدمی کے نام کے حروف کے شمار میں نمبر۵ کا اضافہ کرتے ہیں اور اسے خالص رانگ (قلعی) پر کندہ کرتے ہیں۔

سفر ہوگا یا نہیں: یہ کیسے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کوئی شخص سفر کرے گا یا نہیں؟ اس امر کے لئے سب سے اول سفری نمبر کو معلوم کرنا چاہیئے۔ پہلے نام کے حروف گنیں کتنے ہیں؟ پھر ان میں ۵ عدد جمع کر دیں اور حاصل جمع کا مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً عبدالمجید کے ۹ حروف ہیں اس میں عدد ۵ کا اضافہ کیا تو ۱۴ ہوئے ۱۴ کا مفرد عدد ۴ + ۱ = ۵ ہوا۔ پس عبدالمجید کا سفری عدد ۵ ہے۔ سکندرِ اعظم کا بھی سفری نمبر ۵ تھا۔ دنیا جانتی ہے کہ اس نے کتنے بڑے کامیاب سفر کئے۔ کیونکہ اس کا سفری عدد متعلقہ عدد سفر سے مختلف نہ تھا۔ جن لوگوں کا سفری عدد ۵ ہے ان کو اپنے مقام پر کامیابی نہیں ہوتی۔ بلکہ کسی دوسری جگہ جانے سے زندگی بنتی ہے۔

کہاں رہنا مفید ہے: مثلاً کوئی شخص جاپان جانا چاہتا ہے اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ جاپان جانا اس کے لئے کیسا رہے گا تو سائل کے نام کے نمبر اور شہر متعلقہ کے نام کے حروف کے نمبر جمع کر کے ان کا مفرد عدد حاصل کریں۔ فرض کریں کہ سائل کا نام علی میر ہے اس کے عدد ۶ ہیں اور جاپان کے عدد ۵ ہیں۔ دونوں کا مجموعہ ۱۱ ہوا مفرد

عدد ۲ ہوا۔ اصول یہ ہے کہ اگر طاق عدد ہوں تو جانا مفید ہے۔ جفت عدد ہوں تو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ لہٰذا علی میر کو جاپان جانا مفید نہ ہوگا۔ (ان اعداد میں ماہ و سن کا عدد بھی ملائیں)۔

سفر کب ہوگا: اگر کوئی شخص یہ معلوم کرنا چاہے کہ بیرونی ممالک کا سفر کب ہوگا تو اس کے نام کے حروف کے نمبر میں اس کے والدین کے حروف کے نمبر بھی ملا دیں۔ اب ان کا مفرد عدد لیں تو یہ عدد اتنے مہینوں یا سالوں کا ہوگا اور وقت سوال سے اتنے عرصہ بعد سفر واقع ہوگا اور ارادوں کو پورا کرنے کے اسباب پیدا ہوں گے (اعداد مفرد میں تاریخ سوال کا مفرد عدد ملائیں)

سفر مالی لحاظ سے مفید ہوگا یا نہ: پہلے بتایا جا چکا ہے کہ مالی نمبر۴ ہے۔ اب وہ مکمل تاریخ لیں جب کہ روانہ ہونا ہے۔ مثلاً ۱۹۶۳ - ۷ - ۴ اپنے پورے نام کے حرفی نمبر اور نمبر۴ کو اس میں جمع کر دیں اور پھر ان کا مفرد عدد حاصل کر لیں۔ اگر مفرد عدد طاق ہو تو مالی مفاد حاصل ہوگا اگر جفت ہے تو توقع سے کم مفاد حاصل ہوگا۔ مثلاً

تاریخ پیدائش کا نمبر = ۱۹۶۳ - ۷ - ۴ کا عدد = ۳۰

نام کا نمبر = ۵

مالی عدد = ۴ جمع کل ۳۹۔

عدد مفرد = ۹ + ۳ = ۱۲ - ۱۲ کا مفرد ۳ ہوا۔ پس حاصل مفرد عدد ۳ طاق ہے

اس لئے سائل کو مفاد حاصل ہوگا۔

فلاں جگہ نفع ہے یا نقصان: سائل کے نام کے حرفی نمبر اور وہ ملک جہاں جانا ہے جمع کریں۔ اس میں سے وقت سوال کے عدد کو تفریق کر دیں۔ اگر باقی عدد ۵ سے کم ہے تو سوال کا جواب ہاں میں ہوگا۔ لیکن اگر نمبر ۵ سے زیادہ ہوں تو وہاں نقصان کا اندیشہ ہے۔ عرب، ایران اور ترکی میں زمانہ قدیم میں یہی طریقہ رائج تھا۔

مفید امور: وہ شخص جس کے نام کا حرفی عدد ۵ ہوگا۔ اسے ان تمام کاموں میں کامیابی ہوگی جو وہ جمعرات کو کرے گا۔ یہ ہفتہ کا پانچواں دن ہے۔ اسے بطور تعویذ کے گہری نیلی چیز پہننی چاہیئے۔ اس کی سو شل کامیابی لوگوں کے پیچھے دوڑنے میں ہوتی ہے اس میں استقلال اور تحمل کی کمی ہوتی ہے وہ جو کام شروع کرے گا۔ اسے تکمیل تک نہیں پہنچا سکے گا۔

یہ بطور خاوند راحت دینے والا فراخ حوصلہ اور اولوالعزم ہوتا ہے۔ ایک دوسرے کے (میاں بیوی) کے فرائض سرانجام دینے کی خوبی اور صلاحیت رکھتا ہے نمبر۵ کی عورت پرامن۔ خاموش اور اپنے خاوند کے کیرکٹر بنانے میں اپنے سے زیادہ دلچسپی لینے والی ہوتی ہے اور ایک بہترین مثالی ماں ثابت ہوتی ہے

کامیابی: نمبر۵ والوں کو کامیابی مقام پیدائش سے شمال مغرب کی طرف جانے سے ملتی ہے زراعت و پرچون تجارت میں مال و دولت حاصل کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو بیرونی کھیلوں سے دلچسپی ہوتی ہے۔

اگر وہ ملازمت کرے تو آسان سی ملازمت کا خواہاں ہوتا ہے وہ ضبط و نظم سے گھبراتا ہے لیکن وہ اس کا معاوضہ ادا کرنے کے بہت سے بہتر مواقع اپنے افسران کو دیتا ہے۔

نمبر۵ والوں کی اعلیٰ خوش قسمتی انفرادی طور پر ان کے ذاتی نمبر سے آتی ہے اور سعد نمبر۴ اسے بھی۔ البتہ حروف

چند آدمی ہوتے ہیں جنہیں دہرے نمبر سے مغلوط ہوتا ہے۔

نمبر ۵ والے تمام نمبروں سے موافق رہتے ہیں۔ وہ غیر متوقع ایسے موقع پاتے ہیں جو ان کی مدد کرتے والے اور ان کی طویل عرصہ کی خواہشات کو پورا کرنے والے ہوتے ہیں۔

اگر وہ اپنے اقدام جمعرات کے دن نہ کریں تو وہ اپنے مخالف سے کبھی پورا نہیں اتر سکتے۔ لہٰذا انہیں اپنی کامیابی اور مقبولیت کے لئے جمعرات کے دن قدم اٹھانا چاہیئے۔

نمبر ۶ کے اثرات

صحت و تندرستی کا مخصوص نمبر

نمبر ۶ صحت کا نمبر ہے زائچہ میں چھٹا خانہ بیت المرض ہوتا ہے یہ خوبصورتی اور اس نقطہ نظر سے متعلق ہوتا ہے کہ لوگ اس کو کس نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں جوں جوں کسی شخص کی صحت بہتر ہوتی جاتی ہے اس میں جاذبیت اور حسن پیدا ہوتا جاتا ہے اس لئے یہ نمبر خوبصورتی پر بھی دلالت کرتا ہے۔

اس کی متعلقہ لوح مسدس ہوتی ہے جس کے ہر طرف سے چھ خانے ہیں۔ اس کا متعلقہ دن جمعہ ہے کیونکہ چھٹا دن ہے۔ ستارہ زہرہ ہے۔ جمعہ کے دن کا مالک اور خوبصورتی سے متعلق ہے اس کا رنگ سبز ہے کسی کو تسخیر کرنا چاہیں تو اسے ایک مربع سفید رومال دیں جس پر جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں مسدس سبز رنگ سے لکھی گئی ہو تو اس کے دل میں محبت و انس پیدا ہو جائے گا اگر اس مسدس کو تانبے پر اسی وقت کندہ کر کے اپنے پاس رکھا جائے تو ایسی جاذبیت پیدا ہوتی ہے کہ عورتیں متوجہ ہو جاتی ہیں۔ تسخیر مستوراتِ معظمہ کے لئے یہی لوح تسخیر ہے۔

عرب ممالک میں بہت سی عورتیں یہ عقیدہ رکھتی ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ صبا کو جو تحفہ بھیجا وہ ایک سبز رنگ کا رومال تھا جس پر ۶ کا عدد لکھا ہوا تھا اس پر وہ مسخر ہو کر آ گئیں نیز وہاں چھ خوبصورت بہنوں کی کہانی بھی مشہور ہے کہ جب ان میں سے ایک فوت ہو گئی تو چھ کا نمبر ٹوٹ گیا اور تمام بہنوں کی خوبصورتی اور جاذبیت ختم ہو گئی۔

اگر کوئی عورت بیمار رہتی ہو تو چھٹے بچے کی پیدائش پر وہ تندرست ہو جاتی ہے اس لئے کہ اس نے ۶ کی قوت کو جنم دے دیا اسی طرح اگر کسی عورت کے چہرے پر داغ ہوں یا وہ اپنی دل کشی کھو چکی ہو تو چھٹے بچے کی پیدائش کے بعد اس کا چہرہ صاف ہو جائے گا اور چہرے پر دلکشی آ جائے گا۔

صحت کے لئے چھ ورزشیں مفید ہوتی ہیں۔ قوت جسمانی کے لئے نمبر ۶ اور اس کی عددی حساب ہے عرب عورتوں میں یہ عقیدہ ہے کہ ۶ یا ۶۰ یا ۶۰۰ گنا اس عورت کی صحت بڑھتی ہے جو نمبر ۶ کا صحیح استعمال جانتی ہے اس نمبر کی متعلقہ لوح پاس رکھنے والی عورت کو امراض نہیں ستاتیں اور صحت و بدن ایسی ہوتی جاتی ہے جو دوسرے کے لئے باعث کشش ہو اگر کوئی عورت جس پر ۶ عدد لباس یا لباس مع زیور پہنے تو اس کے رنگ اور جاذبیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ مرض کو

دور کرنے کے لئے خوراکیں چھ چھ کے حساب سے ہوں تو جلد صحت ہو جاتی ہے اور اگر کوئی دوا چھ دن میں فائدہ نہ کرے تو اسے بدل دینا بہتر ہے۔

اگر کسی شخص کے نام کے حرف چھ ہیں تو دوسرے لوگوں کی نسبت وہ صحت مند ہوگا اور وہ مرض کے حملہ سے جلد نجات پا جایا کرے گا وہ بچے جو اکثر بیمار رہتے ہیں ان کے نام بدل دیں جن کے حرف ۶ ہوں یا ۶ عدد مفرد ہوں تو ان کی صحت خود بخود بہتر ہونا شروع ہو جائے گی۔

نمبر ۶ کو اور بھی طریقوں سے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً

(۱) اگر کوئی شخص یہ جاننا چاہے کہ وہ قوت کے مقابلہ (کشتی۔ دوڑ وغیرہ) میں مدمقابل سے کامیاب رہے گا یا نہیں؟ تو اسے چاہیئے کہ اپنے نام کے حروف گن کر ان میں ۶ عدد کا اضافہ کرے اور مفرد عدد نکالے اب دونوں اعداد کو دیکھو جو عدد بڑا ہوگا وہ کامیاب رہے گا اگر دونوں میں سے کسی کا نمبر ۶ ہے تو وہ لازمی جیتے گا۔ غالب و مغلوب جاننے کے لئے یہ طریقہ بہت انسب ہے (۲) بالکل یہی طریقہ کسی عزیز کی قوت جاننے کے لئے بھی کار آمد ہے جس سے کسی گھریلو دنیوی کام کے سلسلہ میں مقابلہ ہو یا کسی رشتہ دار سے کوئی بات طے کرنے اور منوانے کے لئے بھی گھر میں سے ایسے فرد کا انتخاب کرو جس کا عدد مفرد ان پر غالب ہو جن کے پاس جانا ہے وجہ یہ ہے کہ ۶ جتنا فزیکل امور سے متعلق ہے اتنا ہی عام امور کے متعلق بھی قوت کا اظہار کرتا ہے (۳) جس آدمی کے نام کے حرف ۶ ہوں۔ وہ اگر اپنی قوت سے دوسروں کو متاثر کرنا چاہے تو اسے ہمیشہ کامیابی ہوتی ہے اور اس کی کوشش اس کا کام بنا دیتی ہے۔

(۴) اگر کسی شخص کو خوراک کی کسی قسم کی تکلیف ہو کہ وہ معدہ میں خرابی پیدا کرتی ہے یا جزو بدن نہیں بنتی اور باوجود ہزار دواؤں کے صحت حاصل نہ ہوتی ہو تو اسے مسدس کی لوح بنوا کر پہننی چاہیئے۔

نمبر ۶ کی عورت اپنے مدمقابل یا شریک زندگی پر ہمیشہ غالب رہتی ہے وہ اپنی قوتوں سے خوب آگاہ ہوتی ہے اور اکثر اوقات آپے سے باہر ہو جاتی ہے وہ بہت خوبصورت ہوتی ہے یا بہت صحت مند اگر کسی عورت میں یہ دونوں صفات نہ ہوں تو لازمی اس کے اندر ایسی جذب و کشش کی قوت ضرور ہوتی ہے جس سے دوسرے لوگ اس کے گرویدہ رہتے ہیں۔

اگر کسی شخص کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۶ ہو تو اس کو جمعہ کے دن اہم کاموں کو سرانجام دینے میں کامیابی ہوتی ہے اس کو خوش قسمتی کے حصول کے لئے سبز رنگ کا استعمال کرنا ضروری ہے یہ ایک اصول ہے کہ وہ لوگ جو اپنے نمبر کا استعمال کر دیتے ہیں۔ انہیں جس وقت اس نمبر کی موافقت شروع ہو جاتی ہے تو ڈرامائی انداز میں ایسی بہتر تبدیلیاں لاتی ہے جس سے زندگی بن جاتی ہے۔

نمبر ۶ کو چاہیئے کہ وہ اپنے ساتھ تانبے کا ٹکڑا رکھا کرے اور اہم امور کو دن کے چھ گھنٹہ میں سرانجام دیا کرے اگر وہ صرف چھ گھنٹہ سوئے تو ہمیشہ صحت مند رہے گا۔

نمبر ۶ تام ہے میدان جنگ میں کامیابی لاتا ہے چونکہ زہرہ کو زمانہ قدیم سے امن کی دیوی کہتے ہیں اس لئے نمبر ۶ سلامتی کا کہا جاتا ہے۔ قوت حیات کے تحفظ کے ساتھ اس کا رشتہ وابستہ ہوتا ہے اس لئے ناکامی

ان کا خوش قسمتی کا دن ہفتہ ہے جو کہ ہفتہ کا ساتواں دن ہے ان کو تمام گہرے رنگ کامیابی دلانے میں مدد کرتے ہیں ۔

آپ کو اپنا نمبر معلوم کرنے کے لئے نام کے تمام حروف کی تعداد معلوم کرنی چاہیئے ۔ مثلاً حامد علی کے سات حروف ہیں ۔

مشرقی ممالک میں سات نمبر بچوں کے لئے تحفظ کا گنا جاتا ہے اس نمبر کو سفید روشنائی سے سیاہ کپڑے پر لکھتے ہیں اس کو مخروطی شکل میں (گاؤدم) لکھتے ہیں اور گردن کے گرد ڈالتے ہیں عورتیں یہ یقین رکھتی ہیں کہ اس سے بچہ کو نظر نہیں لگتی حاسد نظریں اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتیں اور وہ بہت سی آفات سے محفوظ رہتا ہے ۔

یہ عجیب سی بات ہے کہ اس پر اسرار نمبر کی شکل اکثر زبانوں میں ایک ہی طرز پر ہے ذرا اٹ سیدھ کا فرق ہے مثلاً اردو میں ۷ ، عربی میں ۷ اور انگریزی میں 7 یوں ہے ۔

بچے کا کمزور بدن آسرا چاہتا ہے اس لئے سات نمبر سے اس کا تحفظ کیا جاتا ہے اور اس کا تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالتے ہیں اگر نقش ہفت در ہفت کو ہفتہ کے دن ساعت اوّل میں لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو وہ جملہ آفات بلیات سے محفوظ رہتا ہے ۔

بچے کی عمر کا ساتواں اور چودھواں سال بہت اہم ہوتا ہے اوائل عمری کے یہ اہم موڑ ہیں کیونکہ اس وقت اس کی حرکات اہمیت رکھتی ہیں ۔ یعنی وہ کیا کہتا ہے کیا کرتا ہے کیا سوچتا ہے اور کیا کرنا چاہتا ہے ۔ انہی سالوں کے درمیان والدین احتیاط کے ساتھ اپنے بچوں کی حرکات کا مطالعہ کرتے ہیں اور انہی حرکات کو مدنظر رکھ کر ان کے مستقبل کا پروگرام مرتب کرتے ہیں ۔

جو والدین یہ معلوم کرنا چاہیں کہ ان کا بچہ سزا دینے کے لئے ہے یا نہیں ۔ یعنی اسے سزا دینی چاہیئے یا نہ ؟ اور وہ بدنی اور فطری طور پر سزا کو قبول کرنے والا ہے یا نہیں ؟ تو اس کا نام لکھیں اور سزا کا لفظ لکھیں اگر ان کا مجموعہ سات ہو یا مفرد عدد سات ہو تو ایسے بچوں کو سزا نہ دینی چاہیئے اگر کوئی اور نمبر ہے تو اس میں سات نمبر جمع کریں اور پھر موافق و ناموافق کی جدول دیکھیں اگر حاصلہ عدد ان کے نمبر کے موافق ہے یا وہ عدد سات نمبر کے موافق ہے تو ان کو بھی سزا نہ دینی چاہیئے ایسی صورت میں سزا ان کے کیرکٹر اور عادت کو بگاڑ دے گی ۔ مثلاً سات نمبر کا موافق ۲ نمبر ہے اور اگر ۲ بھی عدد حاصل ہو جائے تو اسے سزا نہ دینا چاہیئے ۔

بچے کے نام کے جو حروف لیں اس میں اصل نام کے ساتھ وہ نام بھی شامل کرنا چاہیئے جسے پیار سے پکارتے ہیں

نمبر سات کے لوگ کس شخصیت کے مالک ہوتے ہیں ۔

سات نمبر کے لوگ مالیات کے کاموں میں بہت دلچسپ رہتے ہیں اور ایسے ہی کاموں میں کامیاب رہتے ہیں ۔ بہت سے سات نمبر والے گورنمنٹ سروس میں کامیاب رہتے ہیں جو لوگ انہیں پسند کرتے ہیں وہ ان کی خوشامد کرتے ہیں ان سے بہت متاثر ہوتے ہیں ایک جذباتی آدمی کی طرح سات نمبر کا آدمی بھی اپنے دوستوں لمد

اور ناگہانی اموات سے بچاتا ہے اب میں وہ طریقہ بتاتا ہوں جس طرح اس نمبر سے کام لیا جاتا ہے اور مختصر فوائد بھی دیتا ہوں تاکہ ضرورت مند فائدہ اٹھا سکیں ۔

لوح مسدس کے طبعی عدد ۱۱۱ ہیں خواہ کسی طرف سے جمع کریں یہ عدد قوت کے ہیں اسم الٰہی میں کافی سے متعلق ہے حروف ابجد میں الف ملفوظی کے اعداد ہیں الفاظ میں وسیلہ کے عدد ہیں خوبصورت اسماء میں سمیع کے عدد ہیں ۔ مراتب روحانی میں قطب کے اور مراتب دنیوی میں اعلیٰ کے اعداد ہیں لہٰذا یہ جان لیں کہ اس لوح کے فوائد بے شمار ہیں چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے ۔

۱۲	۱۹	۳۰	۳۱	۱۸	۱
۱۳	۳۳	۱۱	۲	۲۸	۲۴
۲۹	۳	۱۴	۲۳	۱۰	۳۲
۴	۲۷	۱۵	۲۲	۳۴	۹
۱۷	۸	۳۵	۲۶	۵	۳۰
۳۶	۲۱	۶	۷	۱۶	۲۵

(الف) اگر اس لوح کو اس وقت لکھے جب شمس برج حمل کے دسویں درجہ پر آئے تو جسم میں کسی بھی جگہ درد ہو وہاں باندھنے سے فوراً آرام ہوگا

(ب) اگر اس وقت لوح مس پر کندہ کرے وجع المفاصل والے کو دے فوراً جادو اثر دیکھے ۔

(ج) جب شرف مریخ ہو تو لوح نقرہ پر لکھ کر پاس رکھے تو کوئی غالب نہ آسکے ۔ قوت و شجاعت اور فصاحت و بلاغت میں تمام لوگوں پر غالب آئے کوئی شخص اس سے کسی کام کا معاوضہ طلب نہ کرے بلا منت لوگ اس کا کام کرنا فخر جانیں ۔

(د) اگر مندرجہ بالا پوست شیر پر لکھ کر کمر میں باندھے تو وقت مجامعت میں اثر عظیم دیکھے ۔

(ہ) اگر مسدس اس وقت لکھے جب کہ قمر کو زہرہ یا مشتری سے قرآن ہو تو ہر بلا سے ہمہ وقت محفوظ رہے نہ کوئی مرض مزید لگے نہ کسی حادثہ سے دوچار ہو نہ موذی جانور گزند پہنچائے ۔

تسخیر عام اور صحت جسمانی کے حصول کے لئے جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں تانبے پر کندہ کرو اور سبز رنگ کا دھاگہ ڈال کر گلے میں آویزاں کر لو جمعہ کا دن سعد ہو ۔ تقویم سے ان کی حالت معلوم کرو اور قمر زائد النور ہو ۔

نمبر ۷ کے اثرات

بچوں کا پر اسرار تحفظ لانے والا نمبر

یہ ایک پر اسرار نمبر ہے یہ ۱۶ سال سے کم عمر کے ہر بچہ کے لئے خوش بختی کا عدد ہے اگر کسی شخص کے نام کے حروف سات ہوں یا مفرد عدد سات ہوں تو وہ بچوں میں بہت مقبول ہوتا ہے لوگوں کی حمایت کرنے کا جذبہ ان کے اندر بہت ہوتا ہے نیز انہیں دنیا کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے نت نئے تجربات پیش آتے رہتے ہیں ان کو ان لوگوں سے مدد ملتی رہتی ہے جو ان کی عمر سے بڑے ہوں ۔

اور ساتھیوں کے لئے ایسی ترغیب کا سبب بنتا ہے پھر بھی ان سے احتیاط رکھنی چاہیئے کہ وہ وقت کی سیاست کو مد نظر رکھ کر کیا کہتا ہے!۔

سات نمبر کی عورت بہت مقبول ہوتی ہے وہ بہت سادہ لوح اور صاف باطن ہوتی ہے اور اپنے تمام کاموں کی سرانجام دہی کے لئے بہت محنت کا اظہار کرتی ہے لہٰذا اپنے اعزا اور واقفوں سے تحسین حاصل کرتی رہتی ہے کھانا پکانے میں بہت ماہر ہوتی ہے۔

ان لوگوں کو بشاش رہنے اور مسکراتے رہنے سے بہت مقبولیت حاصل ہوتی ہے یہی فطرت ان کی ترقی کا راز ہے وہ ان مواقع کو خود کھو دیتے ہیں جہاں قابلیت یا حقوق کی بنا پر مقابلہ میں شرکت کرنا پڑے اگر ان کی خواہش ہمیشہ کامیابی کی ہو تو انہیں چاہیئے کہ ہفتہ کے دن اپنے کام سرانجام دینے کا فیصلہ کیا کریں تو ساتویں گھنٹہ میں کامیابی خاص وقت ہوتا ہے۔ ساتویں گھنٹے سے مراد یہ ہے کہ جب وہ بیدار ہو۔ اس وقت سے گھنٹے شمار کئے جائیں۔ طلوع سے نہیں۔ نیز ان کی امیدوں کی کامیابیاں گہرے رنگوں سے مع سیاہ رنگ کے وابستہ ہوتی ہیں سات نمبر کو ۹ نمبر کے ساتھ موافقت نہیں ہوتی اس کا مطلب یہ ہے کہ سات نمبر والوں کو جمعہ کا دن موافق نہیں ہوتا یا اس دن روزمرہ کی ڈیوٹی انجام دینا ہی مناسب ہوتا ہے یہ لوگ اپنے دوستوں کے متعلق اچھا خیال رکھتے ہیں اور موافقت اور عزت دل میں رکھتے ہیں۔

نمبر ۸ کے اثرات

آپ کے چھپے ہوئے اوصاف کا راز

نمبر ۸ دماغی استعداد اور قابلیت کا اظہار کرتا ہے شاید آپ ایسے لوگوں کو جانتے ہوں جنہوں نے اپنی قابلیت و ہنرمندی سے کسی نئے کام میں ایسی کامیابی حاصل کی کہ صف اول کے لوگوں میں ان کا شمار ہونے لگا۔ حالانکہ وہ پہلے ناکام قسم کے لوگوں میں سے تھے۔

اکثر وجوہات کی بنا پر صرف چند لوگ ہیں جو کام پیشہ یا ملازمت تبدیل کر سکنے کی ہمت رکھتے ہیں ورنہ بیشتر لوگ لکیر کے فقیر ہو کر رہ جاتے ہیں اور ایک ہی کام کرتے چلے جاتے ہیں خواہ نتیجہ کچھ ہی کیوں نہ ہو حالانکہ ان کے لئے قابلیت اور استعداد کے اظہار کی میدان کوئی گنجائش نہیں ہوتی لہٰذا غیر متوقع اور مخفی مشکلات اور مخالفتوں سے حفاظت اور بچاؤ کا کوئی طریقہ ان کے پاس نہیں ہوتا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان میں کمیٔ ہمت پیدا ہو جاتی ہے۔

علمی طریقوں میں سے علم الاعداد میں بھی ایسا طریقہ ہے جس سے کسی شخص کی مخفی صلاحیتوں کا علم ہو سکتا ہے۔

فرض کریں آپ ایک کلرک ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ فلم سٹار بن جائیں آپ کے دوستوں نے بارہا کہا ہوگا کہ آپ کی آواز مسحور کن ہے اور آپ کے اعزا میں سے اکثر نے کہا ہوگا کہ ہمارے ہاں کے فلم سٹاروں سے اس کے نقش کہیں اچھے ہیں۔ لیکن فیصلہ کس طرح ہو؟ یہ سوال آپ کے ذہن میں پیدا ہوتا ہوگا تو اس امر کا صحیح فیصلہ اب نمبر ہی کر سکتے ہیں کہ آپ کو کیا ہونا چاہیئے؟

نمبر ۸ حکمران ہے ہر قسم کی ذہنی استعداد، جوہر، قابلیت اور ہنرمندی یعنی ہماری چھپی ہوئی ہر قسم کی خوبیوں پر حکمران ہے۔ ہم مخصوص حسابی طریقہ سے یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ ہمیں اپنا کیریئر بدلنا چاہیئے یا نہ!

سب سے پہلے اپنے نام کے نمبر لیں۔ یعنی نام کے اندر کتنے حروف ہیں۔ وہی نمبر ہوگا ان ہی سے ۸ عدد تفریق کریں نتیجہ جمع یا تفریق کا جو کوئی پیدا نہیں ہمیں اس نمبر کی ضرورت ہے جتنا اس کا ۸ سے فرق ہے اگر وہ نمبر ۳ ہے تو لازم ہے کہ اپنے کام کو تبدیل کر دو اور اس ملازمت یا پیشہ کو اختیار کرو۔ جس کی خواہش ہے اور جو اپنے لئے موزوں سمجھتے ہیں۔

اگر وہ نمبر ۲ نہیں ہے تو پھر ہم ایک اور عمل کریں گے اور اس ملازمت یا پیشہ کا نمبر اس میں ملا دیں گے جو اختیار کرنے کا ارادہ ہے مثلاً

آپ کا نام حسن علی ہے تو نمبر ۱۰ ہوا ۱ سے ۸ کم کریں تو باقی ۲ رہ ہے اب اس میں مطلوبہ ملازمت یا پیشہ کا نمبر ملائیں فرض کریں آپ بیرسٹر بننا چاہتے ہیں اس کے نمبر ۹ ہیں (چونکہ لفظ انگریزی کا ہے اس لئے انگریزی زبان میں ہی لفظ کے نمبر لیں گے) ۲ میں ۹ جمع کیا تو ۱۱ ہو گئے جس کا مفرد عدد ۱+۱ = ۲ ہے تو جواب یہ ہوا کہ یہ ہمیشہ مفید نہیں ہے اگر جرنلسٹ بننا چاہے تو ۲ میں ۱۰ جمع کئے تو کل ۱۲ ہو گئے جس کا مفرد عدد ۳ ہے پس جرنلسٹ بننا موافق ہے اور جرنلسٹ بننے کے جوہر موجود ہیں وجہ یہ ہے کہ ۸ نمبر کا موافق نمبر ۳ ہے اگر جواب ۹ نکلے تو آپ قطعی طور پر اس کام کے قابل نہیں کیونکہ نمبر ۹، نمبر ۸ کے ناموافق ہے اگر جواب ۸ یا ۹ یا ۳ میں سے کوئی بھی نہیں تو پھر آپ ایک اور طریقہ اختیار کریں وہ یہ کہ تاریخ پیدائش کا نمبر لیں۔ مثلاً ۱۹۴۲ء ۶ مئی کا مفرد نمبر ۴ ہے اس میں اپنے نام کا نمبر ملائیں مثلاً اگر نام کا نمبر ۳ ہو تو میزان ۷ ہو گئی تو یہ نمبر ۸ یا ۹ یا ۳ میں سے کوئی بھی نہیں تو اس کا مطلب ہوا کہ آپ میں خاص جوہر و قابلیت کا فقدان ہے۔

کوئی قابلیت کس نمبر سے ظاہر ہوتی ہے اس امر کے جاننے کے لئے طاق نمبروں (نام کے مفرد عدد) اگر ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آپ اپنا کام خود بہتر طور پر سرانجام دے سکتے ہیں نیز آرٹسٹک، اور لٹریری قابلیت رکھتے ہیں اور اگر نام کا مفرد عدد جفت ہو تو شراکت ملازمت یا گورنمنٹ سروس بہتر رہتی ہے یعنی آپ دوسرے کا کام بہتر طور پر سرانجام دے سکتے ہیں مثلاً کاشف ابرانی کے نام کے حروف ۹ ہیں یہ طاق عدد ہے لہٰذا ذاتی کام فائدہ دے گا۔ ملازمت نہیں

اگر نام کا نمبر اور پیدائش کا نمبر ایک ہی ہے تو آپ کو کامرس اور انڈسٹری میں کامیابی ہو گی اگر نام کا نمبر تاریخ پیدائش کے نمبر سے بڑا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ زندگی میں بڑے آدمیوں سے میل جول ہوگی اور رفاہی کام یا کاروبار ہونے کا احتمال ہوتا ہے اگر تاریخ پیدائش کا نمبر نام کے نمبر سے بڑا ہے تو مستحکم اور جانا ہوا کام ہو تو اس میں کوشش کرنا چاہیئے۔ جس میں درجہ بدرجہ ترقی ہو۔ مثلاً گورنمنٹ سروس یا اور بہتر فرموں میں ملازمت۔

اگر باپ کے نام اور لڑکے یا لڑکی کے نام کے نمبر برابر ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ بچے اور باپ کی قابلیت میں فرق نہیں۔ وہ بچہ باپ کے نقش قدم پر چلے گا۔ اگر لڑکے یا لڑکی کے نمبر ماں کے نام کے نمبروں کے برابر ہوں تو کہا جائے گا کہ اس میں ماں کی صلاحیتیں موجود ہیں۔

فائینینسر، روپیہ لگانے والے، اکاؤنٹنٹ اور قانون دان جن کا نمبر ۳ یا ۶ یا ۹ ہو یا فوجی آدمی انجینئر اور دھاتوں یا مشینری کا کوئی بھی کام کرنے والے ہیں جن کا نمبر ۲ یا ۴ یا ۶ یا ۸ ہو یا سفری کاموں سے متعلقہ لوگ مثلاً گارڈ، چیکر، ڈرائیور ایجنٹ یا ایسی ملازمت رکھنے والے لوگ جو بار بار وقفہ سے تبدیل کر کے یا ترقی کر کے فائدہ اٹھانے والے ہوتے ہیں جن کے نام کا نمبر ۴ یا ۸ ہوتا ہے وہ اپنے پیشہ کے لحاظ سے موزوں اور کامیاب لوگ ہوتے ہیں۔

اکثر و بیشتر ایسی عورت جس کا کیریئر شادی ہونے کی وجہ سے ختم ہو جاتا ہے یعنی وہ بجائے کام جاری رکھنے کے گھریلو ہو جاتی ہے تو اس کے نام کا نمبر شادی کے نئے نام کی وجہ سے بدل جائے گا۔ بشرطیکہ نیا نام اختیار کیا ہو۔ ورنہ تاریخ پیدائش کا نمبر ہی اس پر اثر انداز ہوگا۔

۸ نمبر کے لوگ (جن کے نام کے حروف کا مفرد عدد ۸ ہو) ان تھک کام کرنے والے ہوتے ہیں ان کے اندر عمدہ جوہر اور قابلیتیں ہوتی ہیں۔ جیسا کہ سابق پیراگراف میں یہ بتایا گیا ہے کہ ۸ نمبر انجینئر قسم کے لوگوں کا ہوتا ہے اور ان لوگوں کا جو تبدیلی پیشہ کی وجہ سے نفع حاصل کرتے ہیں یہ نمبر ۸ کے متعلقہ مخصوص لوگ ہیں کیونکہ ان کی استعداد قابلیت انہیں اس قابل بناتی ہے کہ وہ ہر کام میں اپنا ہاتھ ڈال سکتے ہیں۔

بلحاظ دوست ۸ نمبر والے خیر خواہ ہوتے ہیں لیکن کسی موافقت کے حصول کے لئے انہیں اکسانا پڑتا ہے یا لالچ دلانا پڑتا ہے بلحاظ خاوند یا بیوی یہ لوگ گھر کے ساتھ بندھے نہیں رہ سکتے۔ کام اور کاروبار میں اس کی قابلیت ساتھ کام کرنے والوں کو ہمیشہ اتنا ہی نفع پہنچاتی ہے جتنا کہ خود ان کو پہنچتا ہے اور کاروبار میں ہی الجھا رہنا پسند کرتے ہیں۔

نمبر ۸ والوں کا موافق دن اتوار ہے یہ لوگ اعلیٰ سکیم اور پلان بنانے والے ہوتے ہیں۔ زمانہ قدیم کی کتابیں بتاتی ہیں کہ صندل کی لکڑی کی لوح پر ہشت در ہشت کا مربع لکھ کر پاس رکھا جائے تو کاموں میں کامیابی دیتا ہے اور متعلقہ کام کی قابلیت اور استعداد پیدا کرتا ہے یہاں تک کہ آدمی کامیاب ہو کر اپنی زندگی بنا لیتا ہے۔

یوں سمجھیں کہ اگر کسی شخص میں کسی کام کرنے کی اہلیت، لیاقت اور استعداد نہ ہو اور وہ اس کام کو چھوڑ نہ سکتا ہو تو اسے ۸ در ۸ کا نقش لکھ کر پاس رکھنا چاہیئے اس نقش کی روحانیت اس کمی کو پورا کر دے گی۔ مثلاً کسی شخص نے وکالت پاس کر لی ہے مگر اس میں کامیاب وکیل کے جوہر نہیں ہیں اسے خود بھی اس کا احساس ہے تو اسے لوح ثمن بنا کر پاس رکھنی چاہیئے۔

ثمن نقش مشتری سے متعلق ہوتا ہے اسے حصول خوش قسمتی اور مالی فراوانی کے لئے تیار کرتے ہیں یہ مالی نقصانات سے تحفظ کا کام بھی کرتا ہے کمرشل کام کرنے والے قانونی معاملات سے وابستہ لوگ مذہبی امورات سے متعلقہ افراد اور سفری کاموں سے یا غیر ممالک کا سفر اختیار کرنے والوں کے لئے یہ لوح خوش بختی لاتی ہے

مقبولیت اور حصول مال کے لئے لوح مشتری

وہ لوگ جو فراخی رزق زائد آمدن یا غیر متوقع ذرائع سے زر و مال کی خواہش رکھتے ہوں اور نظام قدرت

سے خوش بختی توقع کرتے ہیں اور ایسی جگہ روپیہ لگا چکے ہوں یا لگانے کا ارادہ رکھتے ہوں مثلاً انعامی بانڈ، شیئرز، لاٹری۔ ریس وغیرہ ذرائع رکھتے ہوں تو عروج ماہ میں اتوار کے دن جب کہ مشتری و زہرہ میں نظر تثلیث یا تسدیس ہو ساعت مشتری میں اس لوح کو تیار کریں۔ شرف یا اوج مشتری میں تیار کریں تو تھوڑے ہی عرصہ میں دولت مند ہو جائیں۔ تجارت پیشہ اور ملازم لوگ بھی اسے پاس رکھ سکتے ہیں اور اسباب آمدن اختیار کر سکتے ہیں یقیناً عظیم نفع حاصل کریں گے۔ یہ آٹھ خانوں کا نقش جو اس سلسلہ میں لکھا جاتا ہے عامل کامل حصہ دوم کا منبع النقش ہے اس کی چال روشن قدسی موخر ہے یہاں چال اور نقش دونوں دیئے جاتے ہیں تاکہ تیار کرنے والوں کی آسانی رہے اور وہ یہ ہے۔

چال روشن قدسی موخر

۲۸	۳۹	۵۸	۵	۳۲	۳۵	۶۲	۱
۵۷	۶	۲۷	۴۰	۶۱	۲	۳۱	۳۶
۷	۶۰	۳۷	۲۶	۳	۶۴	۳۳	۳۰
۳۸	۲۵	۸	۵۹	۳۴	۲۹	۴	۶۳
۲۰	۴۷	۵۰	۱۳	۲۴	۴۳	۵۴	۹
۴۹	۱۴	۱۹	۴۸	۵۳	۱۰	۲۳	۴۴
۱۵	۵۲	۴۵	۱۸	۱۱	۵۶	۴۱	۲۲
۴۶	۱۷	۱۶	۵۱	۴۲	۲۱	۱۲	۵۵

لوح سعادت مشتری

ع	۸۱	۴۵۴	۳۴	۷۴	۷۷	۴۵۸	ل
۴۵۳	۲۵	۶۹	۸۲	۴۵۷	۳۱	۷۳	۷۸
۳۶	۴۵۶	۷۹	۶۸	۳۲	۴۶۰	۷۵	۷۲
۸۰	۶۷	۳۷	۴۵۵	۷۶	۷۱	۳۳	۴۵۹
۶۲	۸۹	۴۴۶	۴۲	۶۶	۸۵	۴۵۰	۳۸
۴۴۵	۴۳	۶۱	۹۰	۴۴۹	۳۹	۶۵	۸۶
۴۴	۴۴۸	۸۷	۶۰	۴۰	۴۵۲	۸۳	۶۴
۸۸	۵۹	۴۵	۴۴۷	۸۴	۶۳	۴۱	۴۵۱

صاف و پاک جگہ پر معطر کپڑے پہن کر کندہ کریں اور حب الغار کا بخور جلائیں تیار ہونے کے بعد اسے محفوظ کریں اور سات راتوں میں مشتری کے سامنے رکھ چھوڑا کریں۔ صبح پوشیدہ کر لیا کریں اس کے بعد ریشمی ڈور ڈال کر گلے میں لٹکائیں یا جیب میں رکھیں۔ روپیہ مختلف بہانوں سے آئے گا۔ انعامات حاصل ہوں گے روزی بے حد فراخ ہوگی۔ کسی مالی سکیم میں حصہ لیں گے تو کامیاب رہیں گے جلد ہی قسمت کھل جائے گی۔ اگر کہیں روپیہ لگا ہوا ہے مگر اس کا انعام نہیں نکلتا تو اس سے مدد لیں اللہ جلد غنی کر دے گا۔

یہ یاد رہے کہ مندرجہ بالا لوح کے آٹھ عدد ہیں ان میں تین جگہ ہندسوں کی تبدیلی ہے (ل) اور ۲ وو ۳۰ مل ہے شروع ہو کر ۵۴ پر جا کر ختم ہوتا ہے (ب) ۳، ۴، ۵، ۶ کے چار عدد بالترتیب ۵۹ سے شروع ہو کر ۹۰ پر ختم ہوتے ہیں۔ (ج) ساتواں و آٹھواں عدد ۴۴۵ سے شروع ہو کر ۴۶۰ پر ختم ہوگا یہ تفصیل آسانی کے لئے دی گئی ہے۔ اس نقش کو ہر نمبر والا پاس رکھ کر فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

نمبر ۹ کے اثرات

دوستوں کے جیتنے والا خفیہ نمبر

نمبر ۹ کے لوگ وہ ہوتے ہیں جن کے نام کے اعداد میں تاریخ پیدائش کے نمبر جمع کر کے ۹ حاصل کئے جائیں مثال کے طور پر ایک شخص کی پیدائش ۱۹۳۱-۱-۹ کو ہوئی تھی تو اس کے اعداد کا مجموعہ ۲۴=۹+۱+۱+۹+۳+۱ ہوا جسے دوبارہ جمع کیا تو ۲+۴=۶ ہوئے۔ یہی مثال کے طور پر کسی کے نام کے نمبر ۳ بنتے ہیں تو تاریخ پیدائش اور نام کے نمبروں کو جمع کرنے سے جو نمبر حاصل ہوگا۔ وہ دوستوں کو جیتنے کا اثر رکھتا ہے جیسے مثال کے طور پر

تاریخ پیدائش کا نمبر ۶

نام کا نمبر ۳
۹

مثال کے طور پر ایک شخص جس کے نام کے نمبر ۳ ہیں کسی دوسرے فرد کو اپنا دوست بنانا چاہتا ہے چنانچہ اس کے سابقہ نام اور موجودہ نام آپس میں جمع کر لئے جاتے ہیں۔ مثلاً اس طرح اسے ۵ نمبر حاصل ہوتے ہیں۔ اب دوستی کا ۹ نمبر لے لیجئے۔ بڑے نمبر سے چھوٹے نمبر کو گھٹا دیجئے اس طرح ہم کو ۴ حاصل ہو سکتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ چاند کا ۴ جو تعاون ہے۔ چنانچہ اس شخص کو دوست بنانے کے لئے نئے چاند کے چوتھے دن رابطہ قائم کرنے سے نتیجہ ٹھیک رہے گا۔ مثلاً اس کے اور دوسرے شخص کے نمبر ایک جیسے ہیں تو پھر جس دن وہ اپنے دوست سے ملنا چاہتا ہے اس کے نمبر اس میں جمع کر دیئے جائیں پھر وہ ایک اور نمبر ہے جس کے جمع کرنے سے ۹ عدد بن جائے۔ یہ نمبر جس سے ۹ بنا، وہ دن ملاقات کے لئے بہتر ہوگا۔ یہ اس لئے ہے کہ نمبر ۹ مقناطیس کا ہے جو قطب کی مخصوص قوت کا پتہ دیتا ہے اگر کوئی بر بر عورت کسی اپنے دل پسند مرد پر اثر انداز ہونا چاہتی ہے تو اس کے نام کے اعداد حاصل کرتی ہے اور انہیں اپنے نام کے اعداد میں جمع کرے گی اور نصف گھنٹہ روزانہ یکسوئی سے توجہ اس نام پر منعطف کرے گی جو آہستہ آہستہ کہے گی کہ تو مجھ سے محبت کرتا ہے تو آئے گا۔ تو آئے گا مگر یہ اس دن سے کرے گی جس دن کے اعداد ۹ کے فرق سے نکلیں گے یہ عمل روزانہ رات کو کیا جائے گا یہ یقین کیا جاتا ہے کہ یہ طریقہ کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ اگر مرد محسوس کرے کہ وہ کھچا چلا جا رہا ہے مگر وہ پسند نہ کرے اور اس اثر سے اگر وہ بچنا چاہے گا تو اسے پاس چاندی کی زنجیر اپنے پاس رکھنی پڑے گی جس کی ۹ کڑیاں ہوں گی۔ اس عورت کا مسمریزم اس پر موثر نہ ہو سکے گا۔

اس طریقے میں اور دوسرے طریقہ میں معمولی سا فرق ہے کہ نمبروں کو دوبارہ جمع کر کے واحد نمبر حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ چاند کے ۲۸ دن شمار کئے جاتے ہیں جو پہلی تاریخ سے پورے چاند تک اور پورے چاند سے آخری منزل یا گھٹنے تک ہے یہ سلسلہ ۲۸ دن لیتا ہے۔ چنانچہ اوپر والی مثال کی روشنی میں ۲۸ نقطے لے لئے جاتے ہیں باقی چھوڑ دیئے جاتے ہیں مگر ان کا بھی مخصوص نتیجہ ہے جس کے متعلق میں ابھی بتاؤں گا۔

مثلاً ایک لڑکی کے نام کے الفاظ ۱۶ بنتے ہیں۔

لڑکے کے نام کے الفاظ ۱۸ " "

ان دونوں کے ناموں کے حروف کا مجموعہ ۳۴ بنتا ہے۔

اب ۲۸ سے ۳۴ حروف کا فرق ۶ ہے یعنی ہم ۳۴ میں ۲۸ تفریق کریں گے باقی ۶ بچیں گے۔

ان ۶ کو کیا کیا جائے گا جو ہم نے بچا ڈالے ہیں۔ ان کی بھی خاصی اہمیت ہے یہ وقت کا جادوئی اثر گھنٹہ قرار پائے گا۔ یعنی جس وقت مندرجہ بالا عمل کیا جائے گا یہ اس کا وقت شمار کیا جائے گا ۶ سے مراد یہ ہوگا چاند نکلنے سے ۶ گھنٹے بعد یہ عمل کیا جائے گا۔

نمبر ۹ کی شخصیت

نمبر ۹ کی شخصیت بالکل پیچیدہ ہے اس کی طبع محض موڈ پر منحصر ہے تاوقتیکہ آپ اس کا مکمل مطالعہ نہ کریں آپ کو اس کے موڈ کا قطعاً پتہ نہیں چل سکے گا کہ اس وقت یہ اچھے موڈ میں ہے یا خراب میں ہے یہ ان کے جاننے کے لئے ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ یہ لوگ زیادہ گرم ہوتے ہیں۔ مدلل دماغ رکھتے ہیں اور جب ان کو کوئی چیز پیش کی جاتی ہے تو بڑی سرد مہری کا ثبوت دیتے ہیں لیکن یہ لوگ بے صبرے قسم کے لوگوں سے تعلق نہیں رکھتے۔

ان میں قوت ادراک کافی موجود ہوتی ہے اور یہ قبل از وقت کسی چیز کے متعلق اچھا یا بُرا نتیجہ بھی نکال لیتے ہیں یا پھر لوگوں کو اس معاملے میں مشورہ بھی دیتے ہیں جو مشکلات میں پھنسے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہ [illegible] گر، جج، کلرک سفر کرنے والے، بزنس کی نمائندگی کرنے کی قابلیت رکھتے ہیں۔

اگر آپ کا نمبر ۹ ہے تو آپ کو صبر کا یارا رکھنا چاہئے اور آپ کو اصول بنا لینا چاہیئے کہ آپ کسی معاملہ کی چھان بین کو نظر انداز نہ کریں گے۔ آپ کے ذہن میں ہزاروں خیالات موجود ہیں۔ ایک پروگرام کو مکمل کرنے سے پہلے دوسرے کی طرف توجہ مت دیجئے۔ آپ میں بہترین قوت فیصلہ موجود ہے اور کسی بھی معاملے میں خاطر خواہ فیصلہ کر کے اپنی شخصیت کو با اثر اور باوقار بنا سکتے ہیں۔ اگر آپ ۹ نمبر ہے تو خوش قسمتی کی دھات چاندی ہے اور دن اتوار کا ہے۔ منگل بھی اچھا ہے۔ آپ کے لئے عمل نمبر ۹ اور ۳ ہیں اور یہ گھنٹے بھی ہیں جن میں آپ کو خاطر خواہ کامیابی نصیب ہو سکتی ہے۔ یاد رکھئے کہ یہ گھنٹے دن میں آپ کس طرح شمار کریں گے۔ جس وقت آپ سو کر اٹھیں گے اس وقت سے یہ وقت شمار ہوگا۔ سورج نکلنے سے یہ وقت شمار نہیں کیا جائے گا۔

پانچواں باب

منصوبوں کا طریق کار

نمبر خیالات اور پروگراموں کی دلالت کرتے ہیں

جن لوگوں کو علم الاعداد کی سائنس کا علم ہے وہ کسی منصوبے میں کامیابی کا نتیجہ نمبروں کی مدد سے قبل از وقت چلا سکتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے نام اور تاریخ پیدائش آپ کی خوش قسمتی کا نمبر ہے اور جو منصوبے آپ کے دماغ میں ہیں ان سے کچھ نہ کچھ ان کا تعلق ہوتا ہے یہ تعلق نمبروں کے توسط سے قائم ہوتا ہے۔

اپنے نام کے حروف جمع کیجئے مگر اس میں حروف علت ا۔ و۔ ی دانگریزی میں (A, E, I, O, U, Y) کو شمار نہ کیجئے اور پھر آپ کے ذہن میں جو کچھ موجود ہے اس کے نمبر اس میں جمع کر کے اپنی تاریخ پیدائش کے نمبر بھی جمع کر دیجئے پھر ان کا مفرد عدد حاصل کیجئے۔ یہ وہ نمبر ہوگا جس سے آپ دوسروں کو اپنے خیالات سے آگاہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور آپ کے خیالات کامیابی سے ہم کنار ہو سکتے ہیں موجودہ کے یہی نمبر ہوتے ہیں اگر پیدائش کا نمبر منصوبہ کے نمبر سے بڑا ہے تو آپ دوسروں کے خیالات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اگر آپ کا نمبر پیدائش منصوبہ سے چھوٹا ہے تو پھر اپنے منصوبے کے متعلق اور تفصیل سے سوچئے۔

مثال کے طور پر آپ نے کوئی خیال سوچ رکھا ہے اور آپ یہ جاننے کی فکر میں ہیں کہ آیا یہ کامیاب ہو سکتا ہے یا نہیں۔ آپ اپنے منصوبے کا نمبر لیجئے اور پھر منصوبے کے حروف کی تعداد میں جمع کر دیجئے لیکن حروف علت پہلے نکال دیجئے۔ دو پر تقسیم کرنے سے اگر کچھ نہیں بچتا تو جواب نفی میں ہے اور اگر جواب طاق میں ہے تو کامیابی ہے منصوبہ بندی کے متعلق خیال آرائی ایک دلچسپ مشغلہ ہے۔ خصوصاً اس وقت جب آپ کے پاس کوئی کام نہ ہو اور ایسا ہوتا ہی آیا ہے کہ انسان فرصت کے وقت اچھے منصوبے سوچا کرتا ہے یہ ایک ایسا مشغلہ ہے جسے پرانے علوم کی کتابوں کے طلباء انہیں جمع کرتے رہتے ہیں۔ کیونکہ خیالات اور منصوبہ بندی بھی ایک کتاب کی مانند ہیں۔ چنانچہ اس سے کوئی شخص اپنے خیالات کے نمبر اور نتائج حاصل کر سکتا ہے اگر کوئی پوچھے کہ فلاں معاملہ میں کیا کروں تو کوئی ایک کتاب لے لیجئے اسے کھولیے اور بائیں صفحہ پر ایک ایک لفظ دیکھئے حتیٰ کہ آپ ایک ایسے لفظ پر یقیناً پہنچیں گے۔ جس کے نمبر آپ کے خیالات کے نمبر کے برابر ہیں۔ یہی لفظ اس کا جواب ہے اور یہی اس پر اثر انداز ہوتا ہے۔ چنانچہ سائل کو اس لفظ کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔

میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں۔ میرے خیال کا نمبر ۱۲ ہے میں نے اس کا واحد ۲+۱= ۳ حاصل کیا۔ اس کا

مطلب یہ ہوا کہ میرے منصوبے کا نمبر ۳ ہے اب میں نے اپنے شیلف سے ایک کتاب اٹھائی۔ اتفاق سے یہ لغت ہے جو بنی میں نے اس کو کھولا تو حسب قاعدہ بائیں ہاتھ کے صفحے پر پہلے لفظ سے تیسرے لفظ میں سعی لکھا ہوا ملا۔ یہ میرے سوال کا جواب ہے۔ کیونکہ میرے سوال کا نمبر ۳ ہے لہٰذا دو الفاظ چھوڑ کر تیسرے کو اپنا جواب جانا اور آپ کو تسلیم کرنا چاہیئے کہ یہ طریقہ آزمانے کے لئے آپ کے ذہن میں کچھ نہ کچھ خیال تو موجود ہوگا ہی چنانچہ اس کا جواب یہی ہے یہ ایک دلچسپ اور صحیح طریقہ ہے جس سے آپ کو یقیناً ٹھیک اور درست جواب ملے گا۔

اگر آپ نے کوئی منصوبہ بنایا ہوا ہے اور اس پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو اس طریقہ کو استعمال کر کے ہدایت حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے پروگرام کو ٹھیک کر سکتے ہیں اور اس طریقہ کو دس دفعہ استعمال میں لا سکتے ہیں۔ کیونکہ دس براہ راست پروگراموں اور منصوبوں سے تعلق رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر آپ کے ذہن میں کوئی منصوبہ نہیں ہے اپنے خیال کا نمبر ڈھونڈھیئے اور پھر اس طرح کتاب کھول لئے اس کا جواب الفاظوں میں دیکھئے اور جو لفظ آپ کے نمبر کے مطابق مل جائے وہی منصوبہ ہو بہ عمل دیئے۔ لیکن یہ یاد رکھئے کہ اپنے نام سے حروف علت خارج کر دیجئے۔ لیکن منصوبہ کے حروف کے اعداد سے خارج نہ کیجئے۔ اسی طرح آپ کو اپنا جواب مل جائے گا جیسا کہ میں نے ابھی ابھی اوپر یہ طریقہ اختیار کیا ہے اسے دس دفعہ دہرائیے۔ ہر دفعہ وہ الفاظ نیچے لکھتے جائیے جو آپ کو ملے ہیں۔ اس کے بعد ان کا مطالعہ کیجئے دیکھئے کیا آپ کے کسی پروگرام یا منصوبے کے متعلق کچھ تاثر ملتا ہے۔ اگر ایسا ہے تو اسے اپنائیے۔

میرا ایک واقف ہے جس نے کئی سال پہلے یہ طریقہ اختیار کیا تھا اور اس نے اس مقصد کے لئے جو کتاب استعمال کی تھی وہ ایک سستا سا ناول تھا۔ اسے اس سے معلوم ہوا کہ مشرق کا سفر کیجئے، چائے کا کاروبار شروع کیجئے۔ شراکت سے بچیئے۔ یہ تمام ٹھیک ثابت ہوئے۔ اس وقت وہ بالکل غریب تھا۔ اس کے پاس کچھ نہیں تھا جو اسے نقصان کا اندیشہ ہوتا۔ چنانچہ اس نے مشرق کا سفر شروع کرنے کا بندوبست کیا۔ اس کو کسی جہاز پر جگہ مل گئی۔ وہ قاہرہ چلا گیا۔ وہاں سے اس نے چائے خرید کر یورپ بھیجنا شروع کر دی۔ مصر میں چائے پیدا نہیں ہوتی مگر یہ بات حیرت ناک ہے کہ اس نے وہاں سے اتنا کاروبار پیدا کر لیا جو کامیابی کا باعث ہو سکے۔ لیکن وہ اپنا کام شراکت میں کر بیٹھا۔ اس نے سوچا کر چلو چائے کے کاروبار میں کچھ آسانی ہوگی۔ حالانکہ اسے شراکت سے روکا گیا تھا۔ چنانچہ اس نے اس حصہ دار کی وجہ سے بے حد نقصان اٹھایا پھر بھی آج کل وہ ایک بڑا چائے کا تاجر تسلیم کیا جاتا ہے۔

ترقی، تبدیلی اور کامیابی کے راز

کب ترقی ہوگی آپ نمبر کے ذریعے اپنی عمر کے پروگراموں کے متعلق معلوم کر سکتے ہیں یہ ایک دلچسپ طریقہ ہے اگر بالفرض آپ اپنا پورا نام لیں تو ان میں حروف علت ختم کر ڈالیے اور انہیں اپنے کاروبار سے ملائیے آپ کو معلوم ہوگا کہ آیا آپ ایک مقررہ عرصہ کے اندر اندر ترقی حاصل کر لیں گے یا نہیں۔ یہاں ایک مثال پیش کی جاتی ہے پورا نام نذر علی صابری کے الفاظ کی تعداد ۱۱ ہے اور پیشہ کے الفاظ کی تعداد ۶ ہے۔ چنانچہ ۱۱ – ۶ = ۵ باقی بچا۔ نمبر ۵ یہ بتاتا ہے کہ سوال پوچھنے سے ۵ ماہ بعد ترقی کے امکانات ہیں اور اگر دونوں نمبر ایک جیسے ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوگا۔

کہ کوئی امکان نہیں۔

یہ طریقہ استعمال کرتے ہوئے آپ کو پہلے سوال کے متعلق غور کر لینا چاہیئے۔ نمبر معلوم کرنے سے پہلے اسے خوب سوچ لیجئے۔ ورنہ اہل مشرق کے ماہرین علم الاعداد کا خیال ہے کہ آپ کو جواب ٹھیک نہیں ملے گا۔

نام تبدیل کرنا: جو بھی آپ طرز زندگی اختیار کرنا چاہیں۔ ان پیشوں کے متعلق ایک فہرست بنا لیجئے جن کے متعلق آپ کا خیال ہے کہ یہ ٹھیک رہیں گے پھر تو انہیں دیکھئے جو منصوبے آپ نے لکھے ہیں کیا ان میں بھی حرف علت ہیں۔؟

اب آپ اپنے نام کے ہم آہنگ الفاظ لے لیجئے۔ انہیں جمع کر لیجئے اور وہ تاریخ جمع کیجئے جس دن سے آپ نے سروس کا آغاز کیا تھا۔ آپ اپنے اعداد کا واحد نمبر حاصل کریں جن کی حد بس ۹ تک ہی ہے اگر آپ کا جواب ۶ ہے آپ کو اپنا کاروبار مناسب رہے گا اور اگر نتیجہ ۶ سے زیادہ ہے تو آپ کو اس سال کا انتظار کرنا چاہیئے۔ جس سال کے اعداد کا مجموعہ آپ کے جواب کے برابر ہوتا ہو اور اگر ۶ سے نصف ہے تو مہینوں کے اندر موقعہ ملنے کا قوی امکان ہے چنانچہ اگر آپ اپنا پیشہ تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو توقع سے پہلے تبدیل کر ڈالیے۔

یہ ایک ضروری امر ہے کہ آپ کے نام اور سروس کے درمیان ہم آہنگی ہونی چاہیئے چنانچہ آپ اس طرح عمدہ طریقہ سے ترقی کر سکیں گے۔

مثال کے طور پر آپ کا نام نذر علی صابری ہے اور آپ ایک ٹیچر ہیں آپ کا نام ہم آہنگ عدد ڈھونڈھنے کے لئے بے حد لمبا ہے چنانچہ آپ کو ن، ع صابری کہلوانا چاہیئے یا پھر صرف صابری۔ یہ بھی حقیقت ہے کوئی بھی ہمیں ہمارے مکمل نام سے نہیں پکارتا جیسا کہ ہم خواہش کرتے ہیں۔ لیکن جس نام سے آپ دستخط کرتے ہیں یہ مختصر طریقہ بھی آپ کے نام کے لئے ٹھیک ہوگا۔

تاریخ پیدائش

تاریخ پیدائش آئندہ زندگی کے نتائج مرتب کرنے کے لئے بے حد ضروری ہے جو لوگ یکم سے تین تاریخ کے درمیان پیدا ہوئے ہیں وہ زمین۔ کان بلڈنگ اور اس طرح دوسری ان سے متعلقہ چیزوں میں کامیاب رہتے ہیں اور ۴ تاریخ سے ۶ تاریخ تک کے درمیان پیدا ہونے والے مواصلات کے لئے بہترین ہو سکتے ہیں ۷، ۸۔ اسکے درمیان پیدا ہونے والے خرید و فروخت میں کامیاب ہو سکتے ہیں جو لوگ ۱۱ اور ۱۳ کے درمیان پیدا ہوئے ہوں۔ وہ عوام کی نگاہوں میں مقبول ہو سکتے ہیں اور جو لوگ ۱۴ تاریخ سے ۱۶ تاریخ تک کے درمیان پیدا ہوئے ہوں۔ وہ تحریر و تقریر یا مطالعہ و تحقیق، تدریسی امور میں اچھے کامیاب ہو سکتے ہیں۔ یہاں باقی تفصیلات درج ہیں۔

۱۷ سے ۱۹ تمام ملک میں جانوروں سے متعلق امور میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

۲۰ سے ۲۲ میڈیکل ریسرچ اور بڑی بڑی کمپنیوں میں 〃 〃 〃

۲۳ سے ۲۵ معدنیات۔ کاغذات اور لکڑی کے کاموں میں

۲۶ سے ۲۸ دوڑ یا ایتھلیٹ۔ جنگ۔ فن سفارت میں 〃 〃 〃

۲۹ سے مہینے کے آخری دن تک = ناصح اور سیکرٹریٹ کی ملازمت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

موافق ــــ رنگ ــــ جگہ ــــ اور خواہشات

رنگ، نمبر، رہنے کی جگہ۔ خیالات، اجتماعات۔ پوری دنیا میں ہر انسان کے ساتھ متعلق ہیں اس کا ثبوت تاریخ سے بھی ملتا ہے۔ اہل عرب کے اصول کے مطابق تمام حالات اور واقعات کے متعلق ہم آہنگ عددوں کا وجود موجود ہے جو انسانی خواہشات اور زندگیوں سے متعلق ہیں۔ چنانچہ اس خواہشات کی بنا پر نمبروں کی ضرورت پیش آئی اور ان کو تمام دنیا کے لئے انسانوں کی ضروریات کی خواہش کے عین مطابق پایا گیا۔ جلد ہی انسان اپنی ضروریات کی چیزیں معلوم کرے گا۔ جس کی دھن میں دن رات لگا ہوا ہے۔ زندگی میں ہر چند اور خیالات جو کسی منصوبے کے تحت کارفرما ہوتے ہیں کوئی معقول ڈھانچہ رکھتے ہیں۔ اسی طرح کسی کام کو طریقے سے کیا جائے تو اس کا نتیجہ خوشیوں کا باعث بنتا ہے۔

ہر نمبر کسی نہ کسی رنگ سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہو کر اکٹھا استعمال کیا جائے اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہم آہنگی اور جرأت مندی کا نتیجہ ہے۔ اپنے پسندیدہ رنگ کے حروف اپنے نام کے پہلے حرف میں جمع کر دیجئے اور اس نتیجہ سے آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ نمبر آپ کی کامیابی اور فطرت، دماغ اور ترقی کے مدارج کے متعلق پتہ دے گا اور اسی طرح خاندان کی کامیابی کا پتہ دیتا ہے اور جب یہ نمبر آپ کے کسی دوسرے امور میں تبدیل ہو جاتا ہے جیسے گھر یا کسی اور چیز سے متعلق ہو جاتا ہے جس چیز کا نمبر یہی ثابت ہوتا ہے تو وہ بھی ایک کامیابی ہے۔ اگر تمام چیزیں آپ سے متعلق ہوں تو

آپ اب نمبر لکھیئے جو آپ کی انفرادیت پر حاوی ہے اور یہ آپ کی پیدائش کے دن، گھنٹہ، پہلا نام اور جائے پیدائش کے حروف کے اعداد کے مجموعہ سے حاصل ہوگا۔ انہیں ۲ سے تقسیم کر دیجئے یہ انفرادی نمبر آپ کو حروف تہجی سے متعلق اشارہ دے گا جو آپ کی ذاتی کامیابی کا پتہ دیں گے۔ اسی طرح تہجی کو گنیئے جیسے ا کا ایک۔ ب کا ۲ اور باقی اسی طرح آگے بھی ابجد پر پھیلا لیجئے۔ آپ ان الفاظوں سے لوگوں کے تعلقات اور ہم آہنگ حالات معلوم کر لیں گے جو آپ سے متعلق ہوں گے جو نام کے پہلے حرف سے ترتیب پائے گا یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ آپ کو اپنے الفاظوں سے ہم آہنگ ہونا چاہیئے مثلاً دوستی کے معاملے میں آپ کا نام پہلے ہونا مقصود ہے۔

جیسا کہ ہم پہلے بتا چکے ہیں۔ مالی معاملات نمبر ۴ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ۴ نمبر آپ کی زندگی اور تقدیر میں مالی کامیابیوں کا پتہ دیتا ہے آپ کو اپنے گھر کے اعداد معلوم ہوں گے۔ اسی طرح آپ کے نام کے پہلے حرف کے نمبر اور آپ کے پسندیدہ رنگ کے نمبر انہیں جمع کریں اور ان میں ۴ نکال لیں اور پھر اعداد کو ملائیے۔ حتی کہ واحد نمبر حاصل ہو۔ یہ طلسمی نمبر آپ کو کامیابی کی راہ دکھائے گا جو ساری زندگی کے لئے ساتھی بنا رہے گا۔ اس عدد کو ایک کاغذ پر اپنے پسندیدہ رنگ میں لکھ کر تعویذ بنا کر رکھ لیجئے جو ہر وقت آپ کے پاس رہے۔ اس پر آپ کا نام بھی لکھا ہوا ہو

چاہیئے۔ چنانچہ اندازہ ہے کہ اس سے تمام عمر آپ کی خوشیوں میں گزرے گی اور تمام زندگی میں کامیابیاں اور ترقیاں ساتھ ہوں گی جو خوابیدہ خواہشوں کے عین مطابق ہوگا۔

مطابقت کی فہرست میں اپنے نمبر کا ہم آہنگ نمبر دیکھئے۔ اس کا ذکر بہت ہو چکا۔ لیکن جو آپ کے نمبر کے ہم آہنگ نہیں ہے اس کو نوٹ کریں۔ کیونکہ یہی نمبر آپ کو تکلیف پہنچا سکتا ہے جب کہیں آپ ایسے نمبر کو دیکھئے اس سے بچیئے اور اسی طرح کوئی مزدوری کام مت شروع کیجئے جو نمبر آپ کے وطن کے نمبر کے مخالف ہو یا آپ کے نمبر کے مخالف ہو۔

خصوصی اعداد

۱۱ نمبر کے خواص

وہ لوگ جن کی تاریخ پیدائش کا نمبر ۱۱ بنتا ہے جس کا مفرد ۲ عدد ہوتا ہے وہ تمام نمبروں میں خصوصی عدد کے مالک ہوتے ہیں ان کو اپنے اوصاف تو ۲ نمبر کے ماتحت ہی دیکھنے چاہئیں۔ لیکن ان کے ساتھ جو خاص بات ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ زندگی میں جب وہ اعلیٰ پوزیشن حاصل کر لیتے ہیں تو خاص حالتوں سے دوچار ہوتے ہیں اس وقت ان کی سکیموں کی مخالفت شروع ہو جاتی ہے اور دوسرے اطمینان سے کام کرنے نہیں دیتے۔ اس بات سے ڈرنے کی ضرورت نہیں کہ زندگی ڈانواں ڈول ہو جائے گی۔ کیونکہ یہ خاص امور میں خاص مہارت کے مالک ہوتے ہیں۔ تاہم انہیں اپنے آپ میں کچھ تبدیلی کی ضرورت ہوگی۔ اپنی وجدانی قوتوں کو دوسروں کو سمجھنے کا موقع دینا ہوگا۔ بنائے ہوئے پروگراموں میں نفع بہت ہی ملے گا۔ جب دوسروں کو بھی بولنے اور رائے دینے کا موقع دیں گے۔ فلاسفرانہ اور رازدارانہ رجحان زندگی کا راستہ کاٹنے کے لئے غیر متوقع طور پر وارد ہو جایا کرے گا جو خیال اور رائے کو ڈرائے گا۔ حالانکہ فلاسفرانہ فہم ہی زندگی میں کام دے گی۔ لہٰذا اپنے خیال کو وہم کا درجہ نہ دیں۔ بلکہ اسے ایک حقیقت سمجھیں۔

۲۲ نمبر کے خواص

جن لوگوں کی تاریخ پیدائش کا نمبر ۲۲ بنتا ہے جن کا مفرد عدد ۴ ہوتا ہے ان کو اپنے حالات تو ۴ نمبر کے ماتحت ہی دیکھنے چاہئیں تاہم یہ لوگ دوسرے ۴ نمبر والوں سے مختلف شخصیت کے مالک ہوتے ہیں کیونکہ ۲۲ نمبر پیشہ پر خاص اثر ڈالتا ہے۔ ان کا تعمیری پلان بین الاقوامی شہرت حاصل کر سکتا ہے یا ان کی مصنوعات ملک بھر میں مقبول ہو سکتی ہیں۔ ان کو چاہیئے کہ اپنی عام زندگی کے معمولات کو بالائے طاق رکھ دیں۔ وسیع الذہنی سے سوچیں۔ کسی بڑے ادارہ میں کام کریں جو قومی یا بین الاقوامی آرگنائزیشن ہو یا۔ سیاسی ادارہ ہو۔ کلرس ہو یا امن کی سکیمیں ہوں تو یہ ان میں کامیابی سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں یہ لوگ انسانیت سے ہمدردی رکھتے ہیں

نظر انداز کر دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کو ہر اس کام کا خیر مقدم کرنا چاہیئے۔ جہاں اعلیٰ پوزیشن کے لئے بلایا جائے۔ اکثر لوگ جو آرٹ، سائنس اور فلاسفی میں مشہور زمان ہوئے ہیں۔ ان کا یہی ہاسٹر نمبر تھا۔ قائد اعظم کے سن پیدائش ۱۸۷۶ء کا عدد ۲۲ تھا۔

پیدائش کے تین دور

پیدائش میں تین نمبر ہوتے ہیں۔ یہ تینوں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تین دوران کے گنے جاتے ہیں۔ پہلا ماہ کا عدد۔ دوسرا تاریخ کا عدد۔ تیسرا سن کا عدد۔ مثلاً قائد اعظم محمد علی جناح کی پیدائش دسمبر ۲۵-۱۸۷۶ء تھی۔

دسمبر ۳ — ۲۵/۷ — ۱۸۷۶/۴ میزان ۱۴ - عدد ۵

اس میں ۳ نمبر پہلا بنیادی دور ظاہر کرتا ہے ۷ وسطی دور بارآور اور ۴ تیسرا دور آخری کہلاتا ہے ۵ نمبر منزل مقصود کا عدد کہلاتا ہے ۳ نمبر کا تیسرا دور بہت خوش کن اور پسندیدہ مشاغل کا ہوتا ہے جو روحانی طور پر مطمئن رکھتا ہے اب آپ نے یہ معلوم کرنا ہے کہ کونسا نمبر مالی سکیموں میں مدد کرتا ہے تو وہ نمبر ۷ ہے، تعلیمی دور نمبر ۳ کے ماتحت ہے کل دور ۳۰ سال کا ہے۔ جس کے ۵ دور گزرنے کے بعد کارہائے نمایاں انجام دینے کا یا عروج حاصل کا وقت ہوگا۔ گویا ۷۰ سال بعد ۱۸۷۶ میں ۷۰ جمع کریں تو ۱۹۴۶ء بنتے ہیں۔ گویا ۵ دور گزرنے کے بعد ۳ دسمبر ۱۹۴۶ء میں ختم ہو جاتے ہیں۔ ۱۹۴۷ء کو کامیابی، شہرت اور کارہائے نمایاں کا سال قرار دے سکتے ہیں۔ ان میں دور صغیر کی تفصیل بھی نکالی جا سکتی ہے۔

بنیادی دور

یہ ماہ کا عدد ہوتا ہے۔ یہ ابتدائی زندگی کی حالت کو بیان کرتا ہے تعلیم اور سکول کا تعین کرتا ہے۔ خاص ٹریننگ کا اظہار کرتا ہے۔ اس دور کو کامیابی سے طے کرنے کے بعد ہی دوسرے دور میں داخل ہوں گے جو بارآور دور کہلاتا ہے اس وقت آدمی اور عورت سوسائٹی میں اپنے مقام پر پہنچ جاتے ہیں خواہ وہ شہرت پائے یا عام ہو یا ایک محدود جگہ ہو کر گمنام ہو جائے۔

اوائل عمر بچے، سیکھنے، پڑھنے اور دوسرے کی محبت کے زیر سایہ رہنے کی ہوتی ہے۔ اس وقت بچہ کی دماغی صلاحیتیں بڑھتی ہیں۔ اس وقت کا کردار کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ لیکن بعض ایسے بچے بھی ہوتے ہیں جن کو بچپن سے ہی آمدن شروع ہو جاتی ہے۔ مشہور ہو جاتے ہیں یا وہ فنی لحاظ سے پسند کئے جاتے ہیں یا جن کی جدوجہد کی زندگی بلوغت سے قبل شروع ہو جاتی ہے ہر حال اس کا اندازہ ماہ کا نمبر ہی کرتا ہے۔

بارآوری دور

یہ تاریخ پیدائش کا عدد ہے یا زندگی کا وسطی دور ہے یہ اہم دور ہوتا ہے یہ سوسائٹی میں کردار ادا کرنے

کا دور ہوتا ہے۔ کیا کام کیا جائے جو نفع دے۔ اس کا فیصلہ ہی زندگی کی طویل راہ کا تعین کرنا ہے۔ گویا یہ نمبر پیشہ سے متعلق ہے

ایک بات یہ بھی دیکھنے والی ہوتی ہے کہ نمبر کم سے زیادہ کی طرف جا رہا ہے یا زیادہ سے کم کی طرف آ رہا ہے۔ مثلاً جنوری ۷، ۲ کا مطلب ہے۔ پہلا دور نمبر ایک کا ہے۔ دوسرا دور نمبر ۹ کا ہے مطلب یہ ہوا کہ یہ تمام نمبروں کو کود کر آخری نمبر پر جا پہنچا ہے اور وہ اس دوران ہی تمام مراحل طے کر جائے گا۔ نمبر ا زمانہ طفلی کا ہے۔ نمبر ۹ وسطی دور ہے لیکن اسے زندگی کے پہلے دو دوروں میں تمام نمبروں کی خاصیتیں حاصل ہو گئیں۔ لہٰذا ایسے بچے زندگی کے ابتدائی ایام میں ہی شہرت پا جاتے ہیں اور آخر میں وہ کوئی کارہائے نمایاں کر جاتے ہیں۔

پریذیڈنٹ آئزن ہاور کی پیدائش اکتوبر ۱۴ ۱۸۹۰ء تھی۔ پہلا دور نمبر ایک دوسرا ۵ کا تیسرا ۹ کا تھا یہ مسلسل ترقی کا اظہار ہے۔ تیسرا دور نمبر ۹ کا یہ ظاہر کرتا ہے کہ آخری عمر انتہائی شہرت کی ہوگی۔ ۱-۵-۹ کا تسلسل سے کامیابی کا اظہار کرتا ہے۔

پنڈت جواہر لال نہرو بھارتی وزیر اعظم کی پیدائش نومبر ۱۴ ۱۸۸۹ء تھی۔ یعنی ۲-۵-۹ کا دور تھا جو مسلسل ترقی کا اظہار کرتا ہے۔

ترقی سے تنزل کا دور جاننے کے لئے ایک مثال لیں۔ فروری ۴ ۱۹۰۲ء میں ۲-۴-۲ کا دور ہوتا ہے۔ یعنی یہ شخص اپنے تیسرے دور میں اپنی محنتوں کے پھل سے فائدہ حاصل نہ کر سکے گا۔ جناح مرحوم کی زندگی کا دور ۳-۷-۴ کا تھا۔ سات کی ترقی کے بعد چار تھے تو وہ منزل مقصود کو حاصل کرنے کے بعد فوت ہو گئے۔

اس دور کے ہندسے میں یہ دیکھیں کہ طاق ہے یا جفت۔ جفت نمبر شراکت اور ترقی کو ظاہر کرتا ہے طاق نمبر ہو تو مطلب یہ ہے کہ اکیلے ہی کام کریں بہت کامیابی ہوگی۔ جفت نمبر والے اکیلے کام کرنا چاہیں تو وہ کام کریں ان کو زندگی میں اکثر شراکت کی طرف آنا پڑے گا۔ طاق نمبر والے شراکت کریں تو طاق نمبر شراکت کے رکھیں۔ مثلاً تین یا پانچ یا سات یا نو شریک کار ہونے چاہئیں نصف نصف شراکت طاق نمبروں سے نہیں ہو سکتی۔

ماحصل یا نتائج کا دور

آخری عمر میں بعض لوگ ریٹائرڈ ہو جاتے ہیں اور آرام سے گھر میں بیٹھ کر اپنے سرمایہ یا پنشن پر گزارا کرتے ہیں۔ بعض ریٹائرمنٹ کے بعد یا کافی بڑھاپے تک برابر کماتے رہتے ہیں۔ بعض ریٹائرمنٹ کے بعد بھی مزید سروس حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور زیادہ عمر تک کام کرتے رہتے ہیں۔ تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ اکثر لوگ ۷۰ سال کی عمر کے بعد تک کام کرتے رہے اور انہوں نے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہوں۔ راک فیلر ایک عظیم فرم کا مالک تھا۔ لیکن سو سال کی عمر تک کام کرتا رہا۔ فیلڈ مارشل وان ہنڈن برگ نے ۶۸ سال کی عمر تک ملازمت کی۔ وہ پہلی جنگ عظیم کا فوجی لیڈر تھا۔ لیکن جنگ کے بعد ۹۰ سے ۸۰ سال کی عمر کے درمیان وہ بین الاقوامی شہرت پا گیا۔ اس کی پیدائش اکتوبر ۲ ۱۸۴۷ء تھی۔ عورتوں میں بھی ایسی ہوئی ہیں۔ جن کی کافی عمر تھی اور وہ آخر عمر تک کام کرتی رہیں اور آخر عمر میں نام پیدا کیا۔

تاریخ کو نہ دیکھیں۔ اپنے خاندان اور واقفوں یا ملک کے آدمیوں پر نظر دوڑائیں تو بہت سی مثالیں سامنے آجائیں گی جو ۶۵ سال کی عمر کے بعد چاک چوبند نظر آئیں گے صحت مند ہوں گے اور زندگی کی سرگرمیوں میں مصروف ہوں گے۔ اگر آپ کا تیسرا دور عدد ۵ یا ۹ کا ہے تو یاد رکھیں۔ مکمل ریٹائرمنٹ نہ مل سکے گی۔ کچھ نہ کچھ مصروفیت جاری رہے گی۔ جس سے کافی روپیہ ہاتھ میں رہے گا اگر دوسرے دور میں ایک اچھے ادارہ کو قائم کر لیا ہے تو اس وقت کی محنت سے اب مفاد ملتا رہے گا۔ بشرطیکہ اس میں ویسے ہی مصروف رہیں۔

برخلاف اس کے یہ دور صحت کی خرابی، عزلت۔ احتیاج لاتا ہے اور ایسا بھی ممکن ہے کہ آپ کو گھر کے دروازے پر بیٹھا رہا جائے تاکہ کتا اندر نہ آ سکے تو کیوں نہ آپ اپنے دور کا خود سے مطالعہ کریں اور کیوں نہ محتاجی کی حالتوں کا مقابلہ کرنے کے لئے سوچیں تاکہ بڑھاپے کی زندگی کو بہتر بنا سکیں اور اگر آپ نہیں چاہتے کسی پر بوجھ نہ بن سکیں تو یہ اس وقت تک ممکن نہیں۔ جب تک آپ اپنے نمبروں کے ماتحت زندگی نہ گزاریں۔

زندگی کے ادوار کا تعین کرنا

ہم نے زندگی کو تین نمبروں کے ماتحت کیا ہے ہر نمبر کا دور اندازاً ۲۵ سال کا گنا جائے گا۔ لیکن آپ کو وہ طریقہ بھی آنا چاہئے۔ جس سے زندگی کے صحیح دور کا تعین کیا جا سکے کہ دوسرا دور کب شروع ہوگا اور تیسرا دور کب شروع ہوگا۔

مثلاً ایک نوجوان جس کی عمر ۲۵ سال کی ہے۔ اس کا بنیادی پہلا دور ختم ہو کر کمانے کے دور دوسرا شروع ہو رہا ہے۔ اب وہ اپنا پیشہ اختیار کرنا چاہتا ہے یا گریجویشن کے بعد لا کالج میں داخلہ لینا چاہتا ہے یا کسی دوسرے انسٹی ٹیوٹ میں داخل ہونا چاہتا ہے تو اب اسے معلوم کرنا چاہئے کہ فطرت نے اس کی کس پیشہ میں کامیابی لکھی ہے اس کو سال کے نمبر سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً یہ سات نمبر ہے اور ۲۵ ویں سال گرہ ہے تو اس کو کہا جائے گا کہ اس کا وسطی دور ابھی دو سال بعد شروع ہوگا یعنی اس کا وسطی دور ۲۷ سال کی عمر سے شروع ہوگا۔

اگر کوئی لڑکی ۲۵ سال کی ہے وہ صحیح وقت پر اپنی شادی کی تمنا رکھتی ہے۔ اس کے سال کا نمبر ۲ ہے تو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ دو سال قبل ہی یعنی ۲۳ سال کی عمر میں ہی اپنے اس دور میں داخل ہو چکی ہے جس میں وہ شادی کر سکتی ہے۔

ان مثالوں سے آپ نے دیکھا کہ عین ۲۵ سال کی عمر میں دور تبدیل نہیں ہوتا۔ بلکہ اس میں کمی بیشی ہوتی ہے۔ لیکن ان سالوں کے نزدیک تبدیلی ۹ سے ایک عدد کی ہوگی۔ یاد رکھیں۔ نیا دور ہمیشہ اس وقت شروع ہوگا۔ جب کہ نمبر ا ذاتی سال ہوگا۔

اب اپنی ۲۵ ویں سال گرہ کے ارد گرد دیکھیں کہ کب نمبر ا ذاتی سال واقع ہوتا ہے یہی سال آپ کے دوسرے

دور کی ابتدا ہے جب کہ کمانے کا اور زندگی بنانے کا دور شروع ہوگا۔

میری پیدائش کا سنہ ۱۹۱۱ء ہے میری ۲۵ سال کی عمر ۱۹۳۶ء میں ہوئی۔ جس کا نمبر ایک ہے لہٰذا میری زندگی کا اہم دوسرا دور جو کمانے کا ہے۔ ۱۹۳۶ء سے شروع ہوا۔

کمانے کے دور کے اعداد کی قوت

یہ عدد تاریخ سے متعین کیا جاتا ہے یہ ایک سے ۹ ہوتے ہیں ان کے مختلف رنگ ہوتے ہیں مثلاً سبز رنگ بجائے خود بھی ہے لیکن وہ زرد اور نیلے سے مل کر بنتا ہے۔ یہی اسی طرح نمبروں کا بنیادی نمبر ا سے ۹ تک ہوگا حالانکہ نمبر دوسرے نمبروں سے مل کر بنتے ہیں مثلاً بنیادی نمبر ایک ہے۔ لیکن وہ مختلف نمبروں کا مفرد ہوتا ہے یا مختلف بڑے نمبروں کا عطر ہوتا ہے دوسروں میں یہ ۱۰-۱۹-۲۸ کا نمبر بھی ہوتا ہے لیکن دراصل بنیادی نمبر ایک ہی ان میں اثرپذیر رہتا ہے۔

۱۹ میں یعنی ایک سے ۹ تک تمام نمبر رہ گئے۔ لہٰذا ۱۹ اسے مفرد ایک اعلیٰ قوت رکھے گا۔ بہ نسبت صرف ایک کے۔ احکام لگاتے وقت اس امر کا خاص خیال رکھیں۔

۲ نمبر اسباب کا ہو تو یہ بھی مختلف نمبروں کا مفرد ہوگا یا یوں سمجھیں کہ اور بھی بہت سے ۲ نمبر ہوں گے جو قوت میں زیادہ موثر ہوں گے۔ مثلاً ۲۰-۲۹ تاریخیں ۲ سے ۲۰ زیادہ طاقتور ہوگا۔ ۲۰ سے ۲۹ زیادہ موثر ہوگا بس یہی قانون ہے جو تمام اعداد میں کام کرے گا۔

جن تاریخوں میں صفر آتا ہے۔ مثلاً ۱۰-۲۰-۳۰ ظاہر ہے کہ ۱۰ نمبر ایک سے زیادہ طاقتور ہے ۲ نمبر سے ۲۰ زیادہ موثر ہے اسی طرح ۳ نمبر سے ۳۰ زیادہ موثر ہے اگر کسی کی تاریخ پیدائش ۳۰ ہے تو اس کو ذاتی وجاہت اور اظہار کو نظرانداز کرنا چاہیئے۔ پیشہ اور ذریعہ آمدن تو دوسرے درجہ پر آ جائیں گے۔

۱۱ اور ۲۲ نمبر کا مفرد ۲ و ۴ ہے۔ لیکن زندگی کے یہ سال خاص اہمیت کے ہوں گے۔ عقلمند لوگ انہی نمبروں کے ماتحت پیدا ہوتے ہیں۔ یعنی ۱۱ اور ۲۲ کے ۲ و ۴ کے نہیں۔ اور جب یہ ماسٹر نمبر سالگرہ میں آتے ہیں تو بھی اہم ہوتے ہیں۔ اگر یہ دونو نمبر کسی کے دوسرے دور میں واقع ہوں گے تو نفع دیں گے اور جب یہ تیسرے دور میں واقع ہوں گے تو بھی فائدہ دیں گے اور یہ مفاد ان لوگوں کو وزنی ملے گا۔ جن کی تاریخ پیدائش ۱۱ یا ۲۲ ہو یا سن کا عدد ۱۱ یا ۲۲ کا ہو۔ مثلاً ۱۸۶۷ء کا عدد ۲۲ ہے جارج برناڈ شا کا سن پیدائش ۱۸۶۵ تھا جس کا عدد ۱۱ ہے۔ ۲۹ تاریخ کا عدد بھی ۱۱ کے اثرات رکھے گا۔

مندرجہ بالا تجزیہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ آزادی رائے کا حق آپ کو ضرور حاصل ہے مگر انتخاب کا مسئلہ آزادانہ طور پر غلط ہے۔ بلکہ نمبروں کے ماتحت ہے نمبر یہ نہیں بتاتے کہ آپ آرٹ نہ سیکھیں۔ بلکہ یہ بتائیں گے کہ آرٹ کا شعبہ لیں تو کونسا۔ بس اور وہ یہ بتائیں گے کہ کسی مخصوص کردار کے ادا کرنے کے

لئے یا کس کام کیلئے کس قسم کی قابلیت اور استعداد کی ضرورت ہے۔ مثلاً ۴ و ۸ نمبر ذہنی قابلیت یا فراست کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ ۷ نمبر والا اچھا سیلزمین نہیں ہوتا۔ ۵ نمبر والا ان تھک آدمی جا نسز پر روپیہ لگاتا ہے اور دوسروں سے بہتر اندازہ لگانے والا ہوتا ہے۔

اعداد صرف راستہ دکھاتے ہیں۔ مجبور نہیں کرتے۔ اس لئے کہ آپ اپنی زندگی طے کرنے میں خود مختار ہیں۔ اعداد اور مخفی علوم سے کام نہ لیں تو بھی مختار ہیں۔ کام لیں تو بھی مختار ہیں۔ ہاں عقلمند آدمی وہ ہے جو زندگی ان تمام مشوروں سے گزارتا ہے جو اسے علم دیتا ہے۔

نوٹ :- میں نے اس کتاب میں مختلف علمائے اعداد کے ذاتی طریقوں کا اظہار کیا ہے۔ جن کی تقسیم اپنی اپنی ہے۔ آپ کو بعض ابواب کے مطالعے سے اس کا علم ہوگا۔ اس لئے جس باب میں اعداد و کواکب کے حق تعلقات کا حوالہ ہو۔ دیکھ لیں۔

کاشف البرنی

الساعات

ہفتہ واری ساعتوں کے اوقات ہمیشہ کے لئے دئے گئے ہیں۔ اور ساعات کے اثرات، سوالوں کا جواب نکالنا۔ اعداد علم الساعات کا تعلق۔ ریس صحت ضمیر اور صدقات کی مکمل تفصیل موجود ہے
تصنیف۔ حضرت کاش البرنی
قیمت ۳۵/

عددوں کی حکومت

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد نام کے نادر دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے۔
تصنیف۔ حضرت کاش البرنی
قیمت ۴۵/

رجوعِ ہمزاد

ہر انسان کے ساتھ ہمزاد پیدا ہوتا ہے اس کو مستعد کرنے اور اس سے دنیاوی کاموں میں مدد لینے کے طریقے اور ریاضتیں لکھی ہیں۔ وہ دراز کی چیزیں منگوانا۔ مخفی و پوشیدہ چیزوں کا معلوم کرنا امراض یا گمشدہ چیزوں کا پتا لگانا واقعات حاصل کرنا عامل کے لئے معمولی باتیں ہوتی ہے۔
تصنیف۔ حضرت کاش البرنی
قیمت ۱۰/

رموز الجعفر

علم جعفر کی آثار کے متعلق مشہور کتاب ہے۔ اس میں حُب تسخیر زبان بندی بغض اور شرفات کواکب کے مؤثر عملیات دئے گئے ہیں ان اعمال کے لئے کسی جگہ کی ضرورت نہیں۔
تصنیف۔ حضرت کاش البرنی
قیمت ۲۵/

قواعد عملیات

یہ کتاب ان لوگوں کے لئے بیش قیمت تحفہ ہے جو عملیات کے شائق ہیں۔ اس کتاب میں تمام ضروری قواعد اور تفصیل درج ہیں۔ برسوں کی محنت سے وہ نقات نہ ملیں گے جو اسمیں درج ہیں
تصنیف۔ حضرت کاش البرنی
قیمت ۲۰/

کرشمۂ قدرت

اس کتاب میں تاثیرات و افعال و خواص جمادات، فیروزہ، عقیق، یاقوت، نیلم، ہیرا پکھراج، دہانۂ فرنگ، سنگِ سلیمانی، زبرجد، سونا، چاندی، تانبہ، سنگریزہ وغیرہ کا تذکرہ ہے۔
تصنیف۔ ہمایوں لکھنوی
قیمت ۴۵/

کتب خانہ صدیقیہ ۱۹۰۳ کوچہ چیلان دہلی ۲